سلمان سلیم
قیمت فی شمارہ/50 روپے
باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں
201
ماہنامہ عبقری ® لاہور
فروری 2023ء رجب 1444 ہجری
گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل
شیخ الوظائف کی کراچی آمد
12 مارچ 2023ء
بروز اتوار صبح 10 بجے ہوگی | مزید تفصیلات صفحہ نمبر 41
شیخ الوظائف کی کوئٹہ آمد
روحانی محفل، دم اور شفائیہ دعا
17 مارچ 2023ء بروز جمعۃ المبارک دوپہر 2 بجے
مزید تفصیلات صفحہ نمبر 27 پر
ساتواں لاہوتی نقش
مارچ 2023ء میں شائع کیا جائے گا
مقدر جگانے، نصیب چمکانے اور بھاگ بھری رات
15 شعبان المعظم
کی رات تسبیح خانہ میں گزاریئے، مرادیں پایئے!
مزید تفصیلات اسی شمارہ کے اندرونی صفحات پر ملاحظہ فرمائیے!
عبقری ®
خوبصورت معیاری پیکنگ
سوہن حلوہ
خالص دیسی گھی اور ڈرائی فروٹ سے تیار کردہ
ذائقہ اور صحت کا حسین امتزاج
خوش خوراک افراد کی پہلی پسند
جسمانی، دماغی، اعصابی کمزوری کے حامل افراد کیلئے خاص تحفہ
کبھی گنے کا رس پیا، نہیں پیا تو میرے مشورے سے پئیں!
خرگوش اتنے ذہین اور تیز کیسے؟ اس کا راز گاجر سے پوچھیے
درزی نے قرآن کے غلاف بنانا شروع کیے اور امیر ہوگیا
تسبیح خانہ میں موجود اعمال کا نور، شیطانی جن جل کر راکھ
گرما گرم دودھ میں ڈوبی جلیبی کے شفائیہ کارنامے
نافرمان اولاد کے آگے گھٹنے ٹیکنے والے متوجہ ہوں!
ہندو نے اسم اعظم کا روحانی دم کروایا، شفاء یاب ہوا
رحم کی رسولیاں ختم! بس ناف پر انگلی رکھ کر یہ پڑھیے!
موٹر سائیکل سے گرنے والے کو یہ ٹانک پلا دیجئے!
آل محمد سلام اللہ علیہ سے بانجھ پن ختم کرنے کا لذیذ نسخہ لیجئے!
ضدی بچوں کو میٹھا کم کھلائیں! کمال دیکھیں!
ناحق طلاق دینے والا عبرت کا نشان کیسے بنا؟
عبقری گروپ آف میڈیا
★ ماہنامہ عبقری ★ عبقری ویب چینل ★ اخبار عبقری کرائم پوسٹ
+92 332 755 2382, +92 321 434 3500
ubqari
ubqariofficial1
ubqari
UbqariTasbeehKhana
www.ubqari.org
یوٹیوب چینل سبسکرائب کرنے کیلئے یوٹیوب QR Code سکین کریں
شیخ الوظائف کے نام پر رقم لینے والوں سے محفوظ رہیں اطلاع کریں بیشمار کیساتھ دھوکہ ہوچکا اگر کسی نے آپکے ساتھ رابطہ کیا ہے تو ہمیں فوراً اس نمبر پر واٹس ایپ یا ایس ایم ایس کیجئے 0343-8710009

عبقری حِسَانٍ ۝ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ

بیاد: حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوبؒ، جناب حکیم محمد رمضان چغتائیؒ

(ایڈیٹر) شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ (پی ایچ ڈی امریکہ)

مرکز روحانیت وامن کا ترجمان ☆ فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

ماہنامہ عبقری لاہور فروری 2023ء

شمارہ نمبر 08 | جلد نمبر 17 | فروری 2023ء رجب 1444 ہجری

قیمت فی شمارہ -/50 روپے | سالانہ ممبر شپ 1260 روپے (ڈاک خرچ سمیت) | بیرون ملک سالانہ $64US

فہرست مضامین

ایڈیٹر کا مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

پیرومرشد حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی پی ایچ ڈی (امریکہ)

امن ایوارڈ امریکہ	سرپرست اعلیٰ	ایڈیٹر انچیف
عالمی امن ایوارڈ امریکہ نیویارک 2013	عبقری مراقبہ سینٹر ‖ عبقری میوزیم	عبقری ٹی وی یوٹیوب چینل، ماہنامہ عبقری گھریلو الجھنیں میگزین، روزنامہ عبقری کرائم پوسٹ، عبقری ویب چینل، عبقری سوشل میڈیا
خدمت گزار	صدر	خلیفہ مجاز
تسبیح خانہ (لاہور) / تسبیح خانہ (برمنگھم، انگلینڈ)	تحفظ نظریہ پاکستان عبقری اکیڈمی	قطب الاقطاب حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ "خانقاہ قادری ہجویری"
درود محل (سگیاں روڈ لاہور) / روحانی منزل (بھوربن، مری)	مصنف ومؤلف	مزید 25 درویشوں سے خلافتیں: قادری۔ چشتی۔ سہروردی۔ شاذلی۔ نقشبندی
گلشن آل عباسؓ (لاہور) / دارالتوبہ (لاہور)	291 سے زائد کتب، دنیا کی کئی زبانوں میں تراجم	صدارتی ایوارڈ
قرآن محل (جی ٹی روڈ لاہور) / ہجویری محل (فیروزپور روڈ لاہور)	فاضل طب والجراحت (اسلام آباد)	1991ء میتھڈ آف ٹریٹمنٹ
عبقری حویلی (احمد پور شرقیہ) / گوشہ درود وسلام (ایکسپریس ہائی وے، ڈی)	یوٹیوب سبسکرائبرز: 20 لاکھ سے زائد (دن بدن تعداد بڑھ رہی)	پی۔ ایچ۔ ڈی
نمبردار: چک L-22	فیس بک فالورز: 67 لاکھ سے زائد (ماہانہ ریچ کروڑوں میں)	ہربل ہیلتھ امریکہ
اوقات ملاقات: پیر سے جمعرات نماز فجر کے بعد	گولڈن بٹن: یوٹیوب کی طرف سے گولڈن بٹن	نگران: عالمی مرکز روحانیت وامن
ملاقات سے پہلے وقت صرف اس نمبر پر لیں 0322-4688313	سلور بٹن: یوٹیوب کی طرف سے 2 سلور بٹن	چیئرمین: عبقری ٹرسٹ (رجسٹرڈ)
		ممبر: چیمبر آف کامرس

F. T. J (Islamabad)

شیخ الوظائف سے ملاقات کے ٹوکن کیلئے 0322-4688313

تجاویز وشکایات کے لیے 0343-8710009

گھر بیٹھے عبقری کتب وادویات منگوانے کیلئے 0332-4091206 / 0332-7552382

عبقری آفیشل واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے +92-332-7552382 / +92-321-4343500

شیخ الوظائف کے اسسٹنٹ سے طبی وروحانی مشاورت کیلئے 042-37597605-37552384-37425801-3

اکابر پر اعتماد (عبقری وظائف کے مستند حوالہ جات جانیے) واٹس ایپ گروپ جوائن کریں +92-332-7552382 +92-321-4343500

فون کے اوقات: پاکستانی وقت کے مطابق صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

سیلاب زدگان اور عبقری ٹرسٹ

عبقری ٹرسٹ نہایت خاموشی کیساتھ معاشرے کے ایسے لوگوں تک ان کی ضروریات پہنچا رہا ہے جو سفید پوش ہیں' خصوصاً حالیہ سیلاب سے متاثرہ افراد کو راشن اور سینکڑوں سلے ہوئے کپڑے اور نقد رقم (کروڑوں میں) اُن تک پہنچائی گئی اور ان کی مستقل بحالی کیلئے حتی الامکان کوشش کی جارہی ہے۔ اسی طرح غریب و بے سہارا بچیوں کی شادیوں کا احسن طریقے سے انتظام کیا جارہا ہے۔ عبقری ٹرسٹ کی طرف سے متاثرہ افراد کیلئے ادویات فراہم کی جارہی ہیں۔ اب دیر کیسی؟ آپ بھی خیر میں شامل ہوں!

ابھی واٹس ایپ یا میسج کریں۔ 03438710009

خط وکتابت کا پتہ "عبقری" عالمی مرکز روحانیت وامن عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ چوک مزنگ چونگی لاہور عبقری اسٹریٹ کے آخر میں عبقری کا دفتر ہے۔ (عبقری دفتر اتوار کو بند ہوتا ہے)

گوگل میپ پر Ubqari Dawakhana لکھیں

محمد طارق محمود ناشر نے اظہار سنز ریٹی گن روڈ لاہور سے چھپوا کر مزنگ لاہور سے شائع کیا

اے عائشہؓ! کسی مسکین کو اپنے دروازے سے خالی ہرگز نہ جانے دینا!

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دعا فرمائی: ''اے اللہ! مجھ کو مسکین بنا کر زندہ رکھ مسکین ہی کی حالت میں مجھے موت دے اور مسکینوں کے زمرے میں میرا حشر فرما'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ (نے حضور ﷺ کو یہ دعا فرماتے ہوئے سنا تو) کہنے لگیں: ''یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ ایسی دعا کیوں فرماتے ہیں؟ تو حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس لیے کہ مساکین مال داروں سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے اے عائشہ! کسی مسکین کو اپنے دروازے سے ناامید نہ جانے دینا۔ اگرچہ اس کو دینے کیلئے تمہارے پاس کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ عائشہ! (اپنے دل میں) مسکینوں سے محبت رکھو ان کو اپنی قربت سے نوازو (یعنی ان کو حقیر و کمتر جان کر اپنے یہاں آنے جانے سے مت روکو) اگر تم ایسا کرو گی تو اللہ تعالیٰ تمہیں قیامت کے دن اپنی قربت سے نوازے گا۔'' (ترمذی، بیہقی، ابن ماجہ)

اے لوگو! جھوٹ سے بچو ایمان بچاؤ

حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ''اے لوگو! جھوٹ سے بچو' کیونکہ جھوٹ ایمان کو دور کر دیتا ہے۔ پڑوسی سے جھگڑا مت کرو: حضرت سیدنا عبدالرحمن رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک بار حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: ''اپنے پڑوسی سے جھگڑا مت کرو' کیونکہ یہ تو یہیں رہے گا لیکن جو لوگ تمہاری لڑائی کو دیکھیں گے وہ یہاں سے چلے جائیں گے اور مختلف قسم کی باتیں بنائیں گے۔'' (کنزالعمال' کتاب الصحبہ)

ہر مشکل کا حل، ہر مرض سے شفاء، تنگدستی سے خلاصی

علامہ ابن المشتہر کا کہنا ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ میں اللہ تعالیٰ کی ایسی حمد کروں جو سب سے افضل ہو اور اب تک مخلوق میں سے کسی نے ایسی حمد نہ کی ہو اولین اور آخرین اور ملائکہ مقربین آسمان والوں اور زمین والوں سے افضل ہو تو اسے یہ درود پاک پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَهْلُهٗ فَاِنَّكَ اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ○

نسلیں پھول ہیں! انہیں وقت دیں

پھول جس پودے پر لگتا ہے اس کی بہت دیکھ بھال کی جاتی ہے' تراش خراش اور دیکھ بھال کے نام پر اسے وقت دیا جاتا ہے چاہے اس پودے پر کانٹے ہی کیوں نہ ہوں چونکہ اس پر پھول لگتے ہیں اس کی قدردانی کی جاتی ہے اور اس کو وقت دیا جاتا ہے لیکن کبھی جھاڑی کو نہ وقت دیا جاتا ہے نہ اس کی تراش خراش کی جاتی ہے' نہ اس کی قدردانی کی جاتی ہے۔

نسلیں پھول ہیں' ان کو وقت دیا جائے' اپنے خاندانی حالات' بڑوں کے حالات' ان کی اچھی صفات اور ان کے اچھے واقعات اپنی نسلوں تک پہنچائے جائیں اور انہیں بتائے جائیں۔

کتنے ظلم کی بات ہے کہ میں بعض اوقات استخارہ کیلئے والدہ کا نام پوچھتا ہوں' دادی اور نانی کا نام پوچھتا ہوں تو بے شمار لوگوں کو پتہ ہی نہیں ہوتا۔ مجھے حیرت ہوتی ہے۔

آج کی نسلوں کو کوئی خبر نہیں!

خاندان کے بڑے کہاں سے آئے تھے؟ کس جگہ سے ہجرت کی تھی؟ ان کے نام کیا تھے؟ ان کی زندگی میں انہوں نے اچھے کام کیا کیے تھے؟ آج کی نسلوں کو کوئی خبر نہیں۔ گھر میں والدہ نے زندگی کیسے گزاری؟ دادا نے زندگی کے دن رات کیسے گزارے؟ پڑدادا' والد' خواتین کوئی خبر نہیں؟ حیرت کی بات ہے کہ ہمارے پاس اپنی نسلوں کو دینے کے لیے نہیں تو صرف وقت نہیں' نسلیں لاعلم ہیں۔ انہیں پھر موجودہ دنیا کی گندی دنیا بہت وقت دیتی ہے' انہیں متاثر کرتی ہے' پھر وہ دن رات اسی لت میں پڑ جاتے ہیں پھر انہیں علتیں لگ جاتی ہیں اور یہ علتیں آخر کار انہیں ذلتوں کی طرف لے جاتی ہیں اور قصور ماں باپ کا ہے۔

باپ صبح گیا شام کو آیا' پردیسی مسافر باپ' پردیسی مسافر ماں (اگر ماں جاب کرتی ہے تو) ایک صاحب اس وقت ساٹھ سال کے قریب ہے' مجھ سے کہنے لگے میں نوجوانی میں ایک مرتبہ ماں کے سامنے سے گزر رہا تھا ماں نے کہا ہائے بیٹا! تیری تو مونچھیں نکل رہی ہیں میں صبح سویرے گھر سے نکلتا تھا اور شام کو گھر آتا تھا' بس! میرے والد نے ایک سبق دیا تھا کمانا ہے' کام کرنا ہے' ماں نے بیٹے کا چہرہ نہیں دیکھا اور بڑے عرصہ کے بعد بیٹے کا چہرہ دیکھا تو پتہ چلا بیٹا تو بالغ ہو گیا ہے۔

نسلوں کے ساتھ ظلم اور زیادتی

کیا نسلوں کے ساتھ ظلم اور زیادتی ہے؟ ان کو سامنے نہیں بٹھایا جاتا' والدین کی چھاؤں' محبت' بڑوں کی باتیں' اولاد کی دل جوئی' ان کو تسلی' ان کے ساتھ خیرخواہی کے جذبات' ان کی غلطیوں سے درگزر اور غلطیوں کی اصلاح ہے تو بہت محبت پیار سے' ڈانٹ ڈپٹ نہیں' بالکل نہیں' ہر وقت نہیں بلکہ اس کی جگہ محبت' پیار' کوئی چھوٹا سا ہدیہ' کوئی میٹھے بول' کوئی تحسین و تعریف' مگر یہاں کچھ بھی نہیں۔ میں بے شمار لوگوں سے ان کے احوال پوچھتا رہا' بس وہ اپنی ماں کو جانتا یا باپ کو اور اس کے علاوہ کچھ نہیں جانتا۔ ہاں اگر جانتا ہے تو سارے جہاں کی انٹرنیٹ کی دنیا کو جانتا ہے' دوسرے لفظوں میں اپنے جہاں سے بے خبر' سارے جہاں کی خبر۔

مجھے اپنے ''والد'' اور ''والدہ'' یاد آتے ہیں!

مجھے اپنے والد رحمۃ اللہ علیہ یاد آتے ہیں والدہ رحمۃ اللہ علیہا یاد آتی ہیں' گھنٹوں بیٹھ کر وقت دیتے تھے' احوال سناتے تھے' کتب پر وقت دیتے تھے' اپنی زمینوں باغات کے قصے کہانیاں' بڑوں کے واقعات' دادا رحمۃ اللہ علیہ' پڑدادا رحمۃ اللہ علیہ ان کے والد رحمۃ اللہ علیہ کس نے احسان کیا' کس نے زیادتی کی' کہاں سفر کیسا ہوا؟ ایسی محبت اور دلچسپ انداز سے کہ ہمیں انتظار رہتا تھا۔ میری درخواست اور منت ہے' اپنی نسلوں کو لاعلمی اور بے خبری سے نکالیں۔ انہیں وقت دیں' انہیں آپ چاہیے' جس وقت آپ کو وقت کی ضرورت ہوگی پھر وہ آپ کو وقت دیں گے ورنہ یاد رکھیے گا آپ سسکتے رہیں گے' وہ وقت نہیں دیں گے پھر والدین کہتے ہیں کہ اولاد ہماری قدر نہیں کرتی۔

اگر آپ عینک اتارنا چاہتے ہیں تو عینک توڑ ڈراپس سے دوستی کر لیں

عینک توڑ ڈراپس

میری نظر کمزور تھی اور جب بھی کمپیوٹر پر کام کرنے بیٹھتا تھا میرے سر میں درد شروع ہو جاتا۔ میں نے عینک توڑ ڈراپس آنکھوں میں ڈالنا شروع کیا اس سے نظر بھی بہتر ہو گئی اور سر درد ختم ہو گیا۔ (ثاقب ارشد)

پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی گلیوں سے ملا ساڑھ ستی کے جادو کا توڑ

نسلوں میں مال و دولت کی فراوانی! اللہ اپنا وعدہ پورا کر کے دکھائے گا

کالا جادو، بندش، سفلی عمل جب اپنی انتہا پر پہنچ جاتا ہے وہ ساڑھ ستی کہلاتا ہے اور یہ بعض اوقات نسل در نسل بندش کی شکل میں چلتا ہے اور زندگی کا ہر نظام تنگ، مشکلات، مسائل، ناکامیاں پریشانیاں مقدر بن جاتی ہیں۔ آئیے! خود اور اپنی نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کے لیے شیخ الوظائف سے یہ راز جانیے، سمجھیے، ان پر عمل کیجئے اور پرسکون زندگی گزاریئے!

(گزشتہ سے پیوستہ) تمہاری نسلیں ولی اور بڑی بڑی بزرگ ہستیاں بنیں گی۔ اس شخص نے اس بزرگ کو مختلف دلیلیں دیں کہ کسی طرح وہ اپنی دعا جو وہ شیطان کے شر سے حفاظت کے لئے اپنی نسلوں کے لئے مانگتے ہیں واپس لے لیں لیکن وہ شخص جو خود ایک بزرگ کے روپ میں آیا تھا اپنی تمام تر کوششیں کر کے تھک گیا مگر اللہ کے اس نیک بزرگ نے اس شخص کی بات نہ مانی اور اللہ تعالیٰ سے اپنی نسلوں کی حفاظت کے لئے دعا کرتا رہا۔ آخر وہ شخص جو بزرگ کا روپ لے کر آیا تھا اس نے بتایا کہ میں شیطان ہوں اور تمہارے آخری وقت میں تمہیں گمراہ کرنے اور تمہاری یہ دعا واپس لینے آیا تھا۔ اللہ اکبر کبیرا! اس بات کو غور سے سمجھیں کہ جو شخص دعاؤں میں استقامت اختیار کرتا ہے اللہ سے گڑگڑا کر اپنی مرادیں اللہ پاک سے مانگتا رہتا ہے تو کوئی ایسی قبولیت کی گھڑی ہوتی ہے جب وہ دعا مانگتا ہے تو اس کی دعا قبول ہو جاتی ہے اور اس شخص کی نسلوں کے کام بن جاتے ہیں۔

شیطان کی نماز میں معاونت

ایک بہت بڑے درویش تھے، ایک دن وہ نماز ادا کرنے کے لئے گھر سے مسجد کے لئے نکلے تو باہر اس وقت بارش ہو رہی تھی، راستے میں کیچڑ تھا جس وجہ سے پیدل چلتے ہوئے وہ اچانک پھسلے اور کیچڑ کی وجہ سے ان کے کپڑے خراب ہو گئے۔ وہ بزرگ واپس گھر گئے اور کپڑے تبدیل کر کے دوبارہ مسجد کے لئے روانہ ہوئے، راستے میں دوبارہ پھسلے اور ان کے کپڑے پھر خراب ہوئے اور وہ دوبارہ کپڑے تبدیل کر کے گھر سے نکلے، یہ واقعہ ان کے ساتھ مسلسل تین بار ہوا۔ جب چوتھی مرتبہ وہ بزرگ پھسلنے لگے تو ایک شخص آیا اس نے اس بزرگ کو گرنے سے بچا لیا اور مسجد تک لے جانے میں اس بزرگ کی معاونت کی۔ بزرگ نے اس شخص سے پوچھا کہ آپ کون ہو تو اس شخص نے جواب دیا میں شیطان ہوں۔ وہ بزرگ حیران ہوئے اور پوچھنے لگے کہ پھر مجھے مسجد تک پہنچانے میں میری معاونت کیوں کی؟

بزرگ کی استقامت پر شیطان کی پریشانی

اس پر شیطان نے بزرگ سے کہا کہ دراصل جب آپ نماز کے لئے جاتے ہوئے پہلی بار پھسلے تھے تو اللہ پاک نے آپ کی بخشش فرما دی، جب دوسری مرتبہ پھسلے تو آپ نے استقامت اختیار کی اور فیصلہ کیا کہ ناگواریوں کے باوجود ہر حال میں اللہ کو راضی کرنا ہے (کیونکہ ناگواریاں تو ان راہوں کا حصہ ہیں) چنانچہ آپ دوبارہ کپڑے تبدیل کر کے مسجد کی طرف روانہ ہوئے۔ آپ کی اس استقامت پر اللہ تعالیٰ نے آپ کے اہل و عیال کی بخشش فرما دی۔ اس کے بعد تیسری مرتبہ جب آپ گرے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کے پڑوسیوں کی بخشش فرما دی۔ شیطان کہنے لگا: میں یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا، مجھے خطرہ تھا کہ اس بار جب آپ گرے تو آپ کی اس استقامت کی وجہ سے کہیں اللہ تعالیٰ پوری امت کی مغفرت نہ فرما دیں۔ یہی وجہ تھی کہ میں نے آپ کو گرنے سے بچا لیا۔

مال و دولت اور رزق کی فراوانی کا راز

جب انسان کسی خیر کے کام کو مستقل مزاجی سے کرتا رہتا ہے چاہے وہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو تو اللہ پاک اس کی نسلوں کو وہ خیریں اور برکات عطا فرماتے ہیں جس کی میں اکثر مثال دیا کرتا ہوں کہ آج بھی درباروں کے گدی نشینوں کے پاس مال و دولت اور رزق کی فراوانی ہے، اب یہ ان پر منحصر ہے کہ اسے خیر کے کاموں میں خرچ کریں یا شر میں مگر اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ پورا کر کے دکھائے گا جن ہستیوں نے اللہ کی راہ میں استقامت اختیار کی ان کی نسلوں کو سدا برکات سے نوازے گا۔

ساڑھ ستی کی نحوست نسلوں میں منتقل ہوتی ہے

جس طرح خیریں اور برکات نسلوں میں منتقل ہوتی ہیں اسی طرح ساڑھ ستی بھی مشکلات، مصائب اور پریشانیوں کی صورت میں نسلوں میں منتقل ہوتی ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ساڑھ ستی سے خود بھی محفوظ رہیں اور ہماری نسلوں میں بھی یہ منتقل نہ ہو تو اس کا واحد حل کلام الٰہی سے ہی ممکن ہے اور وہ علاج بہت ہی آسان ہے جو ان شاء اللہ میں آگے ضرور بتاؤں گا۔ لیکن ایک بات پر آپ ضرور غور کریں کہ میں نے جو پہلے سات کنوؤں کے پانی بھرنے کی مثال دی ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ آٹھ بھی تو ہو سکتے تھے، آخر سات کنوؤں سے ہی کیوں پانی بھرنے کا حکم ہوا۔ اس ضمن میں کچھ ایسی باتیں ہیں جو عام عقل انسانی میں نہیں سما سکتی بس یقین والا ہی اسے سمجھے گا اور پا لے گا۔ آئندہ اس کی ترتیب اور تفصیل آپ کی خدمت میں ان شاء اللہ عرض کروں گا۔ (جاری ہے)

محفل کی برکت سے بغیر آپریشن کے شفاء مل گئی!

شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری زندگی مختلف مسائل کا شکار تھی۔ ایک عزیز کے ذریعے تسبیح خانہ سے تعارف ہوا۔ میں نے شب جمعہ کی روحانی محفل میں شرکت کی جس کی برکت سے مسنون اعمال میری زندگی کا حصہ بن گئے جس کے بعد میرے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے۔ میں کافی عرصہ سے گلے کے مرض میں مبتلا تھا۔ ادویات کے باوجود افاقہ نہ ہوا اور آخر کار ڈاکٹروں نے آخری حل آپریشن تجویز کیا۔ میں نے روحانی محفل میں موتی مسجد کے بارے میں سنا اور وہاں جا کر اپنی بیماری کی نیت سے نوافل ادا کیے۔ اس کے علاوہ ہر شب جمعہ کو آن لائن روحانی محفل بھی سنتا رہا۔ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بغیر آپریشن کے گلے کے مرض سے شفاء دے دی۔ (صابر حسین، مظفر آباد)

خود کو اور نسلوں کو ساڑھ ستی سے بچانے کیلئے عبقری سوشل میڈیا پر پڑی شیخ الوظائف کی دس اقساط دیکھنا ہرگز نہ بھولیں! ویڈیو دیکھنے کے لیے عبقری یوٹیوب چینل پر جا کر "sarh satti" لکھیں۔

منت مانیں نقد ... حاضری کی ... روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور ... 21 ... شادی شدہ جوڑے ... اور جدائی نہ ہو گی ... جھگڑے ... نسلوں میں کبھی طلاق فاقے ... مرادیں پائیں خوشحال ہو جائیں! (نوٹ: مجبوراً کوئی حاضری نہ ... تو بعد میں پوری کر لیں! ہمیشہ مغرب سے پہلے آئیں، دعا کے بعد جائیں! غیبی مدد اپنی آنکھوں سے دیکھیں) 90 ... (گھر، دفتر، سواری جہاں بھی سہولت ہو) ... روزانہ ایک یا آدھی ... جہاں تسبیح خانہ ... والی محفل چلتی ہیں وہاں جادو، جنات، بندشیں، رزق کی تنگی نہیں ہوتی۔

روحانی بیڈٹی کا عمل: روحانی یا جسمانی بیماری میں مبتلا ہیں اور علاج کروا کر تھک چکے ہیں تو رمضان میں ہونے والے روحانی بیڈٹی کے عمل میں شرکت کریں اور یقینی شفاء پائیں۔

میرے خاندانی حالات (قسط نمبر 3)

نواب آف اودھ کو ولی کامل نے حیران کر دیا

(گزشتہ سے پیوستہ) امرتسر سے ایک اخبار ہفت روزہ ''سلطنت'' نکلتا تھا۔ نواب سلیم اللہ خان صاحب ایڈیٹر، 1907ء کی اشاعت اپریل کا مہینہ ہے۔ ایک واقعہ لکھا ہے جو توجہ سے پڑھیں۔ ''نواب سلیم اللہ خان' نواب آف اودھ کے بہت قریب تھے۔ بہت آنا جانا تھا' نواب اودھ کا مزاج تھا وہ ہمیشہ درویشوں فقیروں' اللہ کے ولیوں کی تلاش میں رہتا تھا جہاں بھی کسی درویش' فقیر' اللہ کے ولی کا تذکرہ سنتا تھا' پہلے اپنے بندے بھیجتا تھا' اس کی تحقیق حال کیلئے کہ کیا وہ واقعی درویش بھی ہے' ایمان دار ہے یا دکاندار ہے۔ کیا واقعی وہ اللہ کا ولی ہے یا ایسے ہی ڈھونگ رچایا ہوا ہے اور نواب اودھ سچائی کو ضرور تلاش کرتا تھا۔ وہ اپنی زندگی میں جیسا بھی تھا لیکن اللہ کے درویشوں' پیروں' فقیروں' ولیوں کا بہت قدردان حتیٰ کہ ہر مذہب کا کوئی اگر بڑا ہوتا اور اس کے بارے میں کوئی چیز مشہور ہوتی تو وہ اس کی تحقیق حال ضرور کرتا اور جب واقعی وہ کوئی ہستی ہوتی تو پھر بھیس بدل کر ان کی خدمت میں ضرور حاضری دیتا۔ سنی سنائی خبر اسے میرے پڑدادا کے والد حاجی ولی محمد رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں ملی کہ وہ بہت بڑے درویش اللہ والے ہیں اور ایک ہی نظر سے لوہے کو کیمیا بنا دیتے ہیں اور ان کی دعاؤں میں بڑی طاقت ہے' تاثیر ہے' اللہ کے خزانوں سے منوا دیتے ہیں' کچھ تعویذ نقش دیتے ہیں کسی کو دم کیا ہوا دھاگہ' کسی کو کوئی دوائی' کسی کو دم' کسی کو پڑھا ہوا پانی' کسی کو تیل' کسی کو نمک۔ لوگوں کو بہت فیض ملتا ہے اور لوگوں کو بہت نفع اور لوگ یہ فیض اور نفع مسلسل لے رہے ہیں۔ یہ باتیں نواب کے کانوں تک ایک تاجر کے ذریعے پہنچیں۔ نواب کو کشمیری شالوں کا بہت شوق تھا اور کشمیری شال' ریشم' چاندی اور حتیٰ کہ سونے کے تاروں سے بھی بنائے جاتے تھے۔ آج بھی پوری دنیا میں کشمیری شال کی ڈیمانڈ ہے اور آخری درجہ کے مہنگے بکتے ہیں۔ ایک شال بیچنے والا تاجر وقتاً فوقتاً نواب کے پاس آتا تھا اور اپنے قیمتی تحائف پیش کرتا اور نواب اسے منہ مانگے دام دے کر خوش کر کے بھیجتا تھا حتیٰ کہ اس کے ساتھ نواب کی بے تکلفی ہوگئی۔ ایک دفعہ نواب نے اس سے سوال کیا کہ تو ہر ریاست میں پھرتا ہے' ہر جگہ جاتا ہے کوئی جگہ ایسی بتا جہاں کوئی درویش ہو' اللہ کا ولی ہو' کوئی پہنچی ہوئی سرکار' کوئی ہستی' اس کی آنکھوں میں چمک آئی اور وہ کہنے لگا ہاں ریاست بہاولپور میں ایک درویش ہیں جن کے بارے میں پہلے تو بہت سنا تھا لیکن پھر میں نے ان سے بارہا ملاقاتیں کیں' گھنٹوں ان کی محفل مجلس میں بیٹھا' بے لوث ہیں' خود رب نے انہیں وسائل دیئے ہیں' بہت خوشحال ہیں' ان کی نظر لوگوں کی جیبوں پر نہیں ہوتی' وہ ہمیشہ مخلوق خدا کو دیتے ہیں' کھلاتے پلاتے ہیں' ان کا لنگر عام ہوتا ہے۔ ہر امیر غریب کیلئے سخی ہیں' لوگوں کو ان کی دعاؤں سے دواؤں سے بہت نفع ملتا ہے۔ پھر اس تاجر نے اپنے بہت سے واقعات سنائے اور اپنے جاننے والوں کے واقعات سنائے کہ میرے کتنے جاننے والے جن کو میں نے ان کے در پر بھیجا۔ انہوں نے کسی کو خالی نہیں لوٹایا' سب ہرے بھرے آئے اور ایک اور سوداگر کا بتایا کہ وہ بھی ان کے در سے خالی نہ آیا حتیٰ کہ نظام حیدرآباد دکن کے ایک قریبی عزیز کا بھی واقعہ سنایا کہ وہ بھی ان کی خدمت میں حاضر ہوئے' بہت قیمتی تحائف لے کر گئے انہوں نے محبت اور مروت سے وہ تحائف واپس کیے اور ان کی مراد پوری ہوئی۔ غرض یہ تاجر نواب اودھ کو واقعات در واقعات سناتا رہا کیونکہ یہ سالہا سال سے حضرت کی خدمت میں حاضر ہو رہا تھا۔ نواب صاحب نے شکوہ کیا تمہیں میرے ذوق کا پتہ تو ہے' اتنی بڑی ہستی اس دنیا میں موجود ہے اور مجھے بتایا نہیں اور پھر خاموش ہوگیا۔ ملاقات جب ختم ہوئی نواب نے اپنے خاص بندے کو فوراً روانہ کیا' یہ حالات ہیں اس نام کے درویش ہیں' فلاں پتہ ہے فوراً پہنچو اور مجھے ان کے حالات لا کر دو۔ تین ہفتے کے بعد ان کے قاصد واپس آئے نواب بہت بے چینی اور شدت سے انتظار کر رہا تھا۔ انہوں نے آ کر جو حالات دیئے وہ کوئی حیرت انگیز تھے اور بہت زیادہ عجیب و غریب۔ (جاری ہے)

بیٹی کی پریشانی کو وہم سمجھ بیٹھا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری بیٹی جس کی عمر نو سال ہے۔ وہ اکثر رات کے وقت ڈر کر اٹھ جاتی تھی اور روتے ہوئے کبھی میرا اور کبھی گھر میں کسی اور فرد کا نام لے کر بتاتی تھی کہ مجھے فلاں نے بہت مارا ہے۔ میں شروع میں تو خواب اور وہم سمجھ کر اس کی بات کو زیادہ اہمیت نہ دیتا تھا مگر یہ مسئلہ بڑھنے لگا اور اس کے جسم پر باقاعدہ زخموں کے نشانات بننا بھی شروع ہونے لگے۔ میں اپنی بیٹی کو لے کر لاہور شیخوپورہ روڈ قلعہ ستار شاہ کے قریب ہجویری محل آستانہ منت مراد میں پہنچ گیا اور وہاں جا کر میں نے خود بھی اور بیٹی کو وہاں موجود روحانی اعمال کروائے جن میں ٹھوٹھیوں والا عمل' لاہوتی رومال' یا قہار' اصحاب کہف کے نام اور اونٹ کی ہڈی والے اعمال کیے اور اس کے علاوہ اسمائے الحسنیٰ کے جلووں والا عمل بھی کیا جس سے مجھے بھی خود بھی بہتر محسوس ہوا۔ اللہ نے کرم کیا اس بات کو تین ماہ ہونے والے ہیں اور ابھی تک میری بیٹی کو دوبارہ ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ (افضل مرزا' سرگودھا)

دو قطرے کان میں ڈالیں اور تکلیف سے نجات پائیں

فوزیہ اسلم' نوشہرہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! جب بھی کسی روحانی یا جسمانی مرض میں مبتلا ہوتی ہوں تو عبقری رسالہ میں چھپے وظائف اور ٹوٹکے استعمال کرتی ہوں۔ اللہ پاک کا ایسا کرم ہوتا ہے کہ اس سے میرے مسائل ختم ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ عبقری کو سدا دکھی لوگوں کا مداوا کرنے والا بنائے رکھے آمین۔ آج سے کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ میرے کان اچانک بند ہو جاتے جس وجہ سے قوت سماعت کافی متاثر ہو جاتی۔ میں سو کر اٹھتی تو کبھی دایاں اور کبھی بایاں کان بند ہوتا۔ اس مرض سے متعلق میں نے جب چیک اپ کروایا تو معلوم ہوا کہ کان کے اندرونی حصہ میں خشکی کی وجہ سے میل جم چکی ہے جس وجہ سے کانوں کا مسئلہ بن رہا ہے۔ میں نے علاج معالجہ کروایا مگر میرا مسئلہ حل نہیں ہو رہا تھا۔ مجھے کسی نے کانوں کے مسائل سے متعلق ایک نسخہ بتایا کہ یہ نسخہ استعمال کرنے کے بعد چند دن میں مسئلہ حل ہو جائے گا۔ میں نے وہ نسخہ استعمال کرنا شروع کیا جس کے بعد چند ہی دنوں میں میرا کانوں کا مسئلہ مکمل طور پر حل ہوگیا۔ میرے کان جو اکثر بند ہو جاتے تھے وہ بھی ٹھیک ہو گئے اس کے علاوہ کان کی تکلیف بھی بالکل ختم ہو گئی۔ وہ نسخہ یہ ہے کہ گائے کا مکھن اور گھی لیں۔ اس میں ایک لہسن جلا کر مکس کر دیں اور اس پیسٹ کو دو دو قطرے صبح و شام کان میں ڈال لیں۔ میرا تجربہ ہے کہ یہ نسخہ استعمال کرنے سے کانوں کے امراض ختم ہو جاتے ہیں اور اس کے علاوہ قوت سماعت بھی تیز ہوتی ہے۔

کولین ڈراپس
بھوک کی کمی | شدید اور دائمی درد | بدہضمی | متلی، الٹی
میرا بیٹا ایک سال کا ہے جو دودھ پینے کے بعد قے کر دیتا اور اکثر اس کے پیٹ میں درد رہتا تھا اور رات بھر روتا رہتا تھا۔ میں نے عبقری کولین ڈراپس استعمال کراوئی، اب میرا بیٹا ٹھیک ہے۔ (عالیہ' حیدرآباد)

ضدی بچوں کو میٹھا کم کھلائیں! کمال دیکھیں!

(پروین شفیق، کراچی)

کچھ ماہرین کے خیال میں حد سے زیادہ شرارتی پن بچوں کی ایک عام نفسیاتی بیماری کے زمرے میں آتا ہے۔ اسے عام زبان میں چلبلا پن کہتے ہیں اور یہ ان بچوں میں ہوتا ہے جو معمول سے زیادہ متحرک ہوں۔ ان بچوں کو ٹھہرایا نہیں جاسکتا اور نہ ہی زبردستی انہیں بہت دیر تک خاموش رکھا جاسکتا ہے۔ بچوں کا یہ لپکنا، جھپکنا خون گرم رکھنے کا بہانہ نہیں ہوتا بلکہ یہ عادت ان بچوں کو کئی خطرات سے دوچار کراسکتی ہے۔ ان کی دوسری خصوصیات یہ ہوتی ہیں کہ وہ اپنی توجہ کسی ایک جانب زیادہ وقت کیلئے مرکوز نہیں کرسکتے۔ اس لیے جب یہ بچے سکول میں داخل ہوتے ہیں تو نہ صرف سبق میں پیچھے ہوتے ہیں بلکہ روزانہ کوئی نہ کوئی نیا زخم یا موچ لے کر آتے ہیں۔ ان کے والدین کی حالت قابل رحم ہوتی ہے کہ ایسے بچوں کو لے کر کہیں مہمان بن کر نہیں جایا جاسکتا۔

تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان بچوں کو پہچان کر سنجیدگی سے اس مسئلے کا حل نکالیں۔ بعض والدین مار پیٹ کر کام لیتے ہیں لیکن اس سے بچہ والدین سے نفرت شروع کردیتا ہے اور مزید ضدی بن جاتا ہے۔

سکول جانے سے قبل بھرپور ناشتہ ضروری ہے

ایسے بچوں کی اصلاح کے لئے ضروری ہے کہ سب سے پہلے بچے کی خوراک کی عادت درست کرنی چاہیے۔ صبح سکول جانے سے قبل بھرپور ناشتہ ضروری ہے۔ کیونکہ دماغ کو بہت زیادہ توانائی کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچے کو سکول میں بہت کچھ نئی باتیں، چیزیں سکھائی جاتی ہیں جن کو سمجھنے اور یاد رکھنے کیلئے توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ بچے کی اس صلاحیت کیلئے ضروری ہے کہ دماغ کو بھرپور توانائی مسلسل ملتی رہے۔ اس سے بچے کو سکول کی کینٹین یا چھابڑی والوں سے الم غلم چیزیں کھانے کو دل نہیں کرے گا۔ اسی طرح بچے میں چڑچڑا پن بھی نہیں پیدا ہوگا۔

میٹھے کی عادت زیادہ نہ ڈالیں

تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ بچے کو میٹھے کی زیادہ عادت نہ ڈلوائیں۔ لیکن اگر جسم کو شکر کی عادت پڑ جائے تو پھر دماغ براہ راست اسی شکر سے گلوکوز حاصل کرتا ہے اس لیے تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد بچے کو کوئی میٹھی چیز کی طلب بے چین کردیتی ہے۔ اب یہ خواہ کسی سوفٹ ڈرنک میں ہو یا چاکلیٹ کی شکل میں۔ جب شکر جسم میں جذب ہوجاتا ہے تو اس کا گلوکوز فوری توانائی فراہم کرتا ہے اس لیے بقیہ خوراک سے توانائی نہیں بنتی بلکہ وہ چربی میں تبدیل ہوجاتی ہے۔

والدین کا صحیح سمت میں راہنمائی کرنا ضروری ہے

فطری طور پر ضدی بچوں کے والدین کو ان کی بہت زیادہ رہنمائی اور اصلاح کرنی پڑتی ہے۔ لیکن اگر آپ ایک مرتبہ اپنے بچے کو اپنے پسندیدہ سانچے میں ڈھالنے کی فکر کیے بغیر اسے قبول کرلیں، تو آپ کی ذہنی پریشانیاں کم ہوسکتی ہیں۔ آپ یہ سمجھ لیں کہ آپ کا بچہ آپ کے نظم وضبط اور اصولوں کا امتحان لینے کے لیے پیدا ہوا ہے اور آپ کا کام صرف صحیح سمت میں اس کی راہنمائی کرتے رہنا ہے۔ آپ کو یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ آپ کا بچہ جان بوجھ کر آپ کی نافرمانی نہیں کر رہا بلکہ وہ اپنے طریقے سے دنیا اور سماج کے اصولوں کو سمجھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس کا یہ رویہ اس کی اسی کوشش کا ایک حصہ ہے۔ اپنے بچے کو سدھارنے کے لیے اس کے مزاج اور اس کی طبیعت کو سمجھنا نہایت اہم ہے۔

خرگوش بلا تنے ذہین اور تیز کیسے؟ اس کا راز گاجر سے پوچھئے

رومی حمد پوری

تجربات رومی قسط نمبر 36

قارئین اسلام علیکم!! یہ بات تو مشہور ہے کہ خرگوش کی پسندیدہ غذا گاجر ہے لیکن اس بات کی وجہ مشہور نہیں، صرف اطباء اور حکماء اس کو خوب جانتے ہیں۔ گاجر بنیادی طور پر جنگل کی ایک جڑی بوٹی ہے جو کہ کثیر استعمال کی وجہ سے کھیتوں میں اگائی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ اب سائنسی طریقے سے اس کی پیداوار بڑھائی جارہی ہے اور روز بروز اس کا استعمال بڑھ رہا ہے۔ گاجر ہمارے عمدہ ترین کھانوں میں شامل ہے۔ سالاد گاجر کے بغیر غیر مکمل ہے۔ کچھ بچے ہوتے ہیں گاجر کو خوب پسند کرتے ہیں۔ اس کے فوائد وخواص پڑھنے سے پہلے یہ بات واضح رہے کہ جنگلی اور سائنسی طریقے سے پیدا ہونے والی گاجر میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے چونکہ طب کی پرانی کتابوں میں گاجر کے فوائد وخواص طبیعت و مزاج درج ہے لہٰذا یہ وہی اصلی گاجر کے فوائد ہیں۔ گاجر گرم مزاج والوں کے لیے زیادہ مقدار میں غیر موافق ہے جبکہ سرد مزاج والے اس کا استعمال کھل کر کرسکتے ہیں۔ بعض افراد کو کچی گاجر کھانے کا چسکا ہوتا ہے اور وہ لوگ بہت نفع میں رہتے ہیں۔ کچی گاجریں کھانے سے پیٹ صاف رہتا ہے۔ جب پیٹ صاف رہے گا تو کوئی بیماری حملہ نہ کرپائے گی کیونکہ اکثریت بیماریوں کا آغاز معدہ سے ہوتا ہے۔ گاجر کو بھون کر پانی میں جوش دے کر گرم کپڑے میں ڈال کر اس زخم کے اوپر رکھیں جس سے بدبو آتی ہو، وہ بدبو آنا بند ہوجاتی ہے۔ جن زخموں پر پیپ پڑ جائے یا الرجی کی وجہ سے بدبو آئے تو گاجر لگانا مفید ہے۔ ایک حیران کن فائدہ گاجر کا جس سے قارئین کو ضرور حیرانگی ہوگی اگر جنگلی گاجریں کھائی جائیں اور زہریلے جانور اس شخص کو کاٹیں تو جانوروں کا زہر اس شخص پر اثر نہ کرے گا۔ گاجر ہاضمہ تیز کرتی ہے۔ کوئی گردے یا مثانے کی پتھری کا مریض گاجروں کو کھائے تو پتھری نکل جاتی ہے۔ گاجروں کا حلوہ نہایت لذیذ ہوتا ہے۔ سردیوں کو مرغوب غذا ہے۔ اس کو کھانے سے خوب طاقت آتی ہے۔ کمزور شخص کھا کر صحت مند ہوتا ہے۔ پنساری اور مربے والے کی دکان پر گاجر کا مربہ موجود ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ بوڑھے پرانے افراد بھی اسے بناتے ہیں۔ راقم نے گاجر کا مربہ اپنی نانی اماں کے ہاتھ کا بنا ہوا کھایا، خوب لذیذ تھا۔ کھانے کے بعد گاجر کا مربہ تھوڑا کھانے سے کھانا ہضم ہوتا ہے۔ بوجھ اور بیماری نہیں بنتا۔ گاجر کا اچار سرکہ میں کھانے سے معدے اور جگر کو قوت ملتی ہے۔ بعض اطباء کہتے ہیں کہ گاجر کو کھانے سے نظر تیز ہوتی ہے۔ گاجر کا نظر تیز کرنے کے معاملے میں بدل زرشک بھی ہے جو کہ شاہین کی غذا ہے۔ گاجر کا رس اینٹی آکسیڈنٹس سے بھرپور ہوتا ہے جن میں سرطان روکنے کی بھرپور صلاحیت ہوتی ہے، ایک مطالعے سے معلوم ہوا ہے کہ گاجر کا رس معدے کے کینسر کو دور رکھنے میں مددگار ہوتا ہے اگر مسلسل گاجریں کھائی جائیں تو معدے کے سرطان کے امکانات 50 فیصد تک کم ہوجاتے ہیں۔ گاجر کے رس کا روزانہ ایک گلاس خواتین کو چھاتی کے سرطان سے بچاتی ہے۔ گاجر کے فوائد وخواص طب کی کتابوں میں بھرے پڑے ہیں۔

نورتن شفاء

بواسیر، الرجی، اٹھرا، خون کی خرابی، دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا

مجھے فسچولا کا مرض تھا، اس کے علاوہ جسم میں گلٹیاں بھی تھیں، میں بے حد پریشان تھا۔ میں نے عبقری رسالہ سے دیکھ کر نورتن شفاء استعمال کی تو ان بیماریوں سے نجات مل گئی۔ (کریم جواد)

درزی نے قرآن کے غلاف بنانا شروع کیے اور امیر ہوگیا

صدام حسین، رحیم یار خان

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ سات سال سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں۔ جب سے اس رسالہ کا مطالعہ شروع کیا ہے قرآن اور مسنون اعمال میری زندگی کا حصہ بن گئے ہیں۔ عبقری رسالہ کی وجہ سے ہی میرا تسبیح خانہ سے تعارف ہوا۔ ایک بار عبقری کے ذریعے رشتوں کی رکاوٹ ختم کرنے کے لئے قرآن پاک کے غلافوں والے عمل کے بارے میں سنا اور پھر میں نے یہ عمل اپنے مختلف مسائل کے لئے آزمایا اور دوسروں کو بھی بتایا۔ اس عمل سے بہت زیادہ فائدہ پایا۔ میرے ایک قریبی دوست تھے جنہوں نے ہمارے علاقے میں ہی درزی کی نئی دکان کھولی۔ میں جب کبھی بھی ان سے ملنے کے لئے جاتا تو وہ اکثر فارغ ہی بیٹھے رہتے اور زیادہ تر موبائل پر ہی مصروف رہتے۔ اس کی وجہ وہ بتاتے کہ سارا دن دکان پر کوئی گاہک نہیں آتا اس لئے دل بہلانے کے لئے موبائل کا استعمال کر رہا ہوں۔ میں نے سوچا کوئی بھی کاروبار شروع کرنے کے ابتدائی ایام میں یہ مسائل ہوتے ہیں۔ لیکن تقریباً دو ماہ گزر گئے اس کے باوجود معاملات جوں کے توں ہی تھے۔ میرے دوست کا کہنا تھا کہ وہ مایوسی کا شکار ہو چکا ہے اور اس نے فیصلہ کیا ہے کہ اب اس دکان کو بند کر کے کسی کے پاس نوکری کر لی جائے۔ وہ یہ بات کرتے ہوئے کافی افسردہ ہو گئے۔ وہ مجھے کہنے لگے کہ آپ عبقری رسالہ پڑھتے ہو اور اکثر دوستوں میں وظائف کا بھی ذکر کرتے ہو میرے بھی اس مسئلہ کے لئے کوئی عمل بتاؤ۔ میں نے انہیں تسلی دی اور انہیں بتایا کہ ایک عمل ہے اگر وہ کر لو ان شاء اللہ تمہاری زندگی سے تمام مایوسیاں اور ناکامیاں ختم ہو جائیں گی۔ میں نے اسے قرآن پاک کے غلاف سلائی کرنے والا عمل بتایا۔ اس نے فوراً حامی بھر لی اور پھر اگلے ہی دن سلائی مشین لی اور ہم دونوں شہر سے دور ایک مسجد میں پہنچ گئے۔ میں نے چند بار اس مسجد میں نماز ادا کی تھی' وہاں الماری میں جو قرآن پاک موجود تھے ان پر غلاف موجود نہ تھا اور مسجد بھی مین روڈ کے قریب تھی جس وجہ سے اکثر وہاں جو قرآن پاک موجود تھے ان پر مٹی لگ جاتی تھی۔ میرے ساتھ دوست جو ٹیلر ماسٹر تھے انہوں نے قرآن پاک کی جلد کے مطابق غلاف سلائی کرنا شروع کیے اور اس دوران اپنے مسائل اور مشکلات کا بھی تصور کرتے رہے۔ جب قرآن پاک کے تمام غلاف سلائی ہو چکے تو میں نے اور میرے دوست نے وہاں موجود تمام قرآن پاک پر غلاف چڑھا دیئے اور پھر قرآن سے ان کے مسائل اور آزمائشوں کو ٹلوانے کی سفارش کرنے کا عرض کیا اور مسجد میں وعدہ کیا کہ دکان کھولنے کے بعد قرآن پاک کی تلاوت روزانہ صبح و شام چاہے چند صفحات ہی پڑھے ضرور پڑھوں گا اور روزانہ قرآن کا دیدار کروں گا۔ پھر ہم گھر واپس آ گئے۔ اس کے بعد میں اپنے کاموں میں مصروف ہو گیا اور تقریباً دو ہفتوں بعد میں اس ٹیلر ماسٹر کی دکان پر گیا تو دیکھ کر حیران رہ گیا اس کے اردگرد کٹے ہوئے کپڑے پڑے تھے اور وہ قرآن پاک کی تلاوت انہماک سے کر رہا تھا' اس نے مجھے نظر اٹھا کر دیکھا' اور دوبارہ نظریں قرآن پاک پر جمالیں' چند منٹ کے بعد اپنی تلاوت مکمل کی' اہتمام سے قرآن پاک کو بوسہ دیا اور غلاف میں لپیٹ کر اوپر شیلف میں رکھ دیا اور پھر میرے ساتھ گرمجوشی سے بغل گیر ہوا۔ اس نے بتایا کہ جب سے قرآن سے دوستی ہوئی ہے اللہ پاک نے میرے لئے اپنی رحمت و برکت کے دروازے کھول دیئے ہیں۔ میرا ڈوبتا ہوا کاروبار چل پڑا ہے اور باقی مسائل بھی حل ہو رہے ہیں۔ میرے پاس اتنے آرڈر آ رہے ہیں کہ رات دیر تک کام کرتا ہوں' مزید باہر لکھ کر لگا دیا ہے کہ "کاریگر کی ضرورت ہے" کیونکہ میں اکیلا اتنے سوٹ تیار نہیں کر سکتا۔ بات صرف یہاں تک ختم نہ ہوئی بلکہ اس وقت وہ شہر کا معروف ٹیلر بن چکا ہے' ہر وقت اس کے پاس کام کی بھر مار رہتی ہے یہاں تک کہ جب کرونا وائرس کی وباء آئی تو اس دوران کافی لوگوں کے کاروبار ختم ہو گئے مگر ان دنوں بھی ان کا کاروبار عروج پر رہا اور آج بھی عروج پر ہے۔

غیر مسلموں سے کشیدگی امیر المومنین ؓ کا تاریخ ساز فیصلہ

قرآنی 174

ابن زبیب بھکاری

اسلام اور رواداری

اسلام کا غیر مسلموں سے رواداری کا پیغام

بحیثیت مسلمان ہم جس با اخلاق نبی ﷺ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے کیا مثالی سلوک تھا، آپ نے سابق اقساط میں پڑھا اب ان کے غلاموں کی روشن زندگی کو پڑھیں۔ سوچیں! فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔

حضرت عثمان ؓ کے دور میں کوفہ سے تقریباً چالیس میل دور مشرق میں نجرانیوں کی ایک دیہاتی بستی آباد ہو چکی تھی جس کا نام نجرانیہ تھا۔ مقامی طور پر مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان کشیدگی پیدا ہو گئی۔ غیر مسلموں کو وہاں سے نکالنے کے لیے مسلمانوں نے حضرت عثمان ؓ سے شکایت کی، دوسری طرف ۲۷ھ میں ایک نجرانی وفد حضرت عثمان ؓ سے ملا اور یہ شکایات پیش کیں: (۱) یہ ماحول ہمارے موافق نہیں ہے، ہمیں ستایا اور ذلیل کیا جاتا ہے۔ (۲) ہمارے ہم وطنوں کے بکھر جانے کی وجہ سے اجتماعی آمدنی کم ہو گئی ہے، اس لیے جزیہ ادا کرنے میں ہمیں دقت ہوتی ہے۔ حضرت عثمان ؓ نے ان کی باتیں پوری توجہ اور ہمدردی سے سنیں اور ولید بن عقبہ ؓ گورنر کوفہ کو یہ فرمان تحریر کیا:

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بندہ خدا عثمان امیر المومنین کی طرف سے ولید بن عقبہ ؓ کو سلام! میں اس معبود کا سپاس گزار ہوں جس کے سوا کوئی دوسرا عبادت کے لائق نہیں۔ واضح ہو کہ اسقف (بشپ، پادری) عاقب اور نجرانیوں کے سردار جو اس وقت عراق میں مقیم ہیں، مجھ سے ملے اور اپنی مشکلات کی شکایت کی اور مجھے عمر ؓ کی وہ تحریر دکھائی جس میں یمن میں متروکہ اراضی کے عوض نجرانیوں کو عراق اور شام میں اراضی دینے کا حکم دیا تھا۔ تم اس بدعنوانی سے بھی واقف ہو جو مسلمانوں نے ان کے ساتھ کی ہے۔ ان سب باتوں کے پیش نظر میں نے ان کے جزیہ میں سے تیس حلے (چھ سو دینار) کی تخفیف کر دی ہے اور میں سفارش کرتا ہوں کہ ان کو وہ اراضی دے دی جائے

(باقی صفحہ نمبر 59)

یہ کتابیں پڑھنا نہ بھولیں!

1 پیغمبر اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک۔ 2 امن اور عبقری۔ 3 اسلام اور رواداری۔ 4 غیر مسلموں کی عبادت گاہیں اور ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں۔ کتاب اردو اور انگلش میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔

زکام اور وبائی امراض سے یقینی نجات

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس نزلہ و زکام اور وبائی امراض سے نجات پانے کے لئے ایک مجرب نسخہ ہے۔ مجھے یقین ہے ان امراض میں مبتلا اگر کوئی شخص یہ نسخہ استعمال کرے گا اسے یقینی طور پر شفاء ملے گی' ان شاء اللہ۔ وہ نسخہ یہ ہے۔ ھوالشافی: بہی دانہ ایک تولہ، عناب ایک تولہ، لسوڑہ (سپستان) ایک تولہ، شربت بنفشہ 5 تولہ، ان تمام اجزاء کو ایک لیٹر پانی میں ابال کر مل چھان لیں اور نیم گرم ہونے پر مریض کو دن میں ایک کپ یہ قہوہ پینے کے لئے دیں۔ اس کے علاوہ قہوہ کے ساتھ ایک سے چار ماشہ معجون برشعشا استعمال کروائیں۔ (اقرار حسین' گوجرہ)

بلڈ پریشر شفاء

فری شوگر

بلڈ پریشر کو لیول پر لاتی ہے۔ خون کو صاف کرتی ہے۔

بلڈ پریشر شفاء نے مجھے نئی زندگی دی ہے۔ چھوٹی چھوٹی بات پر میرا بلڈ پریشر شوٹ کر جاتا تھا۔ میں نے بلڈ پریشر شفاء کچھ عرصہ استعمال کی' اب بلڈ پریشر نارمل رہتا ہے۔ (اجمل اعوان' میانوالی)

آپ کا مسکراتے ہوئے پہلو بدلنا کسی کو صحت مند بنا سکتا ہے

پروفیسر صائمہ قیصر، کراچی

زندگی کی تمام تر خوبصورتی، دلکشی اور معنویت انسانی جذبات واحساسات کے دم سے قائم ہے۔ مثبت جذبے ہی زیست کی قوس قزح میں رنگ بھرتے ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ انسان میں منفی جذبات بھی موجود ہوتے ہیں۔ جو اس پر حاوی ہوجائیں تو زندگی کی تمام خوبصورتیوں کو داغدار کردیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو جہاں معاشرہ ناپسند کرنے لگتا ہے وہیں اس کے برے اثرات ان کی اپنی صحت پر بھی پڑتے ہیں۔ تاہم مثبت جذبوں کو بھی شمار میں لانا تقریباً ناممکن ہے۔ لیکن ہمارا آج کا موضوع ایک بڑا منفی جذبہ ''غصہ'' ہے۔ ہم میں برداشت کی عادت ختم ہوتی جارہی ہے اور غصہ افسوسناک حد تک لوگوں میں بڑھتا جارہا ہے، جس سے گھر اور خاندان کے افراد اور اس کے علاوہ یقینی طور پر معاشرہ بھی متاثر ہورہا ہے لیکن بہرحال سب سے زیادہ نقصان وہی لوگ اٹھاتے ہیں جو اپنے غصے پر قابو پانے میں ناکام رہتے ہیں۔

غصہ کو قابو میں رکھنے کے لئے کچھ ہدایات بتائی جارہی ہیں جن پر عمل کرکے اس پر باآسانی قابو پایا جاسکتا ہے۔

مثبت سوچ اپنائیں

غصے پر قابو پانے کے لیے کوشش کریں کہ کسی بھی چیز کو مثبت ردعمل کے طور پر دیکھیں۔ ٹریفک جام کے دوران پرسکون رہتے ہوئے خود نکلنے کی کوشش ضرور کریں تاہم دوسرے کو بھی نکلنے کا موقع فراہم کریں یہ مثبت سوچ آپ کو غصے سے دور رکھے گی۔

بھلائی میں پہل کریں

اگر آپ کو لگتا ہے کہ کوئی آپ کو نظر انداز کررہا ہے تو کوشش کریں کہ آپ خود اس سے آگے بڑھ کرلیں اس کی خیریت دریافت کریں، اس کے خاندانی مسائل پر بات چیت کریں، صحت کے حوالے سے بات چیت کریں اس طرح سے آپ کی جانب سے بھلائی میں پہل سے کسی کی ناراضگی اور غصہ ختم ہوسکتا ہے۔

اپنا خیال رکھنا

غصے سے دور رہنے اور خود کو پرسکون رکھنے کا ایک آسان طریقہ ''اپنا خیال رکھنا ہے'' جب آپ دیکھیں کہ آپ کے پٹھوں پر تناؤ پیدا ہورہا ہے تو فوراً ہی اس کو ریلیکس کرنے کے لیے اپنا دھیان دوسری جانب لگائیں، غصہ آنے کی صورت میں کھڑے ہیں تو بیٹھ جائیں، کوشش کریں ایک گلاس پانی کا ہی پی لیں۔ آپ کے آفس کی چھٹی کا وقت ہونے والا ہے کہ اچانک ہی باس آپ کو کہہ دیں کہ مجھے یہ رپورٹ فوری طور پر چاہیے تو جھنجھلاہٹ یقینی ہے لیکن آپ کو یہاں بھی اپنا خیال رکھنا ہوگا اور پرسکون رہتے ہوئے کام نمٹانے کی کوشش کرنی ہوگی۔

خود کو پراعتماد بنائیں

ذہن کو مثبت سوچ کا عادی اپنائیں اور اپنے حوالے سے اپنے نظریئے کو مستحکم کریں۔ اگر آپ احساس کمتری میں مبتلا ہیں تو اس منفی بات کو مثبت بات میں تبدیل کریں۔ اپنے آپ کو پراعتماد بنائیں۔ آپ خود کو وہ کریڈٹ نہیں دے رہے ہیں جس کی آپ کی ذات مستحق ہے۔ اگر آپ احساس برتری کا شکار ہیں تو آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ آپ بھی اس دنیا کی بھیڑ کا حصہ ہیں اس لئے دوسروں کو اپنے سے کم تر نہ سمجھیں۔ آپ اپنے بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں اور خود کو کس درجہ پر پاتے ہیں یہ بات آپ کے غصہ کو قابو پانے میں بہت اہم معاملات میں سے ہے۔

میرے کلینک پر مریض اس دیسی دوا سے ٹھیک ہورہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہوں۔ میرے پاس مختلف امراض میں مبتلا لوگ آتے ہیں جنہیں میں ان کے مرض کی نوعیت کے مطابق ادویات تجویز کرتا ہوں۔ میں ہر ماہ عبقری رسالہ بھی پڑھتا ہوں جس میں دیئے گئے مختلف طبی ٹوٹکے اپنے کلینک پر آنے والے مریضوں کو ادویات کے ساتھ استعمال کرنے کا مشورہ دیتا ہوں جس سے انہیں بہت فائدہ ہوتا ہے۔

ہر سال جب بھی سردی آتی ہے تو میرے پاس روزانہ کوئی نہ کوئی نزلہ، زکام اور چھینکوں سے پریشان مریض علاج کے لئے آتا ہے۔ ایسے مریضوں کو میں کچھ ہومیو پیتھک ادویات کے ساتھ ایلو پیتھک ادویات تجویز کرتا تھا۔ ان ادویات سے مریضوں کو افاقہ تو ہوجاتا تھا مگر اکثر مریض چند دن بعد انہی امراض کے دوبارہ شکار ہوجاتے تھے۔ میں نے گزشتہ سال سردیوں کے موسم میں اپنے کلینک میں آنے والے نزلہ، زکام اور چھینکوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو عبقری دواخانہ کا الرجی کورس استعمال کرنے کے لئے دیا۔ میرا یہ تجربہ بہت کامیاب رہا، میں نے جن مریضوں کو الرجی کورس استعمال کرنے کا مشورہ دیا تھا انہوں نے اس کی بہت زیادہ تعریف کی اور زیادہ تر مریضوں نے بتایا کہ چند دن میں ہی اس کورس کے استعمال سے ہمارا نزلہ، زکام کا مسئلہ مکمل طور پر ختم ہوگیا۔ ان مریضوں میں میرے پاس ایک ایسا مریض بھی آیا جسے دن میں وقفے وقفے سے مسلسل چھینکیں آتی تھیں۔ انہوں نے مختلف اینٹی بائیوٹک اور ہومیو پیتھک ادویات کا استعمال کرنا شروع کیا مگر ان کا مسئلہ حل نہیں ہورہا تھا۔ انہیں زیادہ چھینکیں آنے کی وجہ سے سردرد کا مسئلہ شروع ہوچکا تھا اور اس کے علاوہ ناک کی ہڈی بھی ٹیڑھی ہوچکی تھی انہیں بھی الرجی کورس استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ انہوں نے صبح و شام الرجی کورس کا استعمال کیا جس کے بعد ان کا چھینکوں کا مسئلہ حل ہوگیا۔ انہوں نے بتایا کہ میری والدہ نزلہ و زکام میں مبتلا تھی انہیں بھی یہ قہوہ استعمال کروایا اور اس کا فوراً رزلٹ ملا، پہلے دن کے استعمال سے ہی ان کو کافی افاقہ ہوا اور دو دن کے بعد وہ بالکل ٹھیک ہوگئیں۔ میں اپنے کلینک میں آنے والے نزلہ و زکام کے مریضوں کو اب عبقری دواخانہ کا الرجی کورس ہی استعمال کرنے کا مشورہ دیتا ہوں جس کے استعمال سے وہ جلد ہی ان امراض سے نجات حاصل کرلیتے ہیں۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں مضر اثرات اجزاء شامل نہیں بلکہ خالص دیسی جڑی بوٹیاں شامل ہیں۔ (ڈاکٹر رضوان، لاہور)

بے اولادی کا روگ ختم!

شادی ہوئے سالہا سال گزر گئے مگر ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم ہیں، علاج کروانے کے باوجود بھی فائدہ نہ ہوا۔ آئیں اس روگ کو ختم کریں اس سال رمضان تسبیح خانہ میں قیام کریں اور اپنی مراد پالیں۔

بے اولادی کیلئے سچی دواء — اسم اعظم سے دم کی ہوئی دواء

ہمارے جاننے والی ایک عورت کو بانجھ پن تھا۔ میں نے اسے عبقری کی سچی دوا استعمال کرنے کو کہا۔ اس نے سچی دوا استعمال کی، اللہ نے اسے امید لگادی۔ (شکیلہ نواز، اسلام آباد)

گڑ اور کالے چنے ملائیے کھائیے! طاقت ہی طاقت پائیے

(عبدالرزاق‘ لاہور)

موسم سرما میں کچھ ایسی غذائیں موجود ہوتی ہیں جن کا استعمال ٹھنڈ کو بھگانے کے لیے فوائد مند ثابت ہوتا ہے۔ ایسی غذاؤں کے استعمال سے سردیوں میں ہونے والی بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے۔ گڑ تاثیر میں گرم اور افادیت میں بہترین غذا کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ گڑ کے ساتھ اگر کالے چنے ملا کر کھائے جائیں تو مجموعی صحت پر ان کے بے شمار فوائد بڑھ جاتے ہیں۔ غذائی ماہرین کے مطابق گڑ پروسیسڈ سفید چینی کے مقابلے میں سوگنا زیادہ بہترین میٹھا ہے۔

موسم سرما کی بیماریوں میں مفید

غذائی ماہرین کے مطابق سردیوں میں جہاں بہت سی مزے دار رنگ برنگی موسمی سبزیوں اور پھلوں کا استعمال بڑھ جاتا ہے وہیں یہ موسم گنے کے رس سے بنے گڑ کھانے کا بھی ہوتا ہے۔ ٹھنڈ کی وجہ سے اگر کان میں درد ہو رہا ہو تو گڑ میں تھوڑا دیسی گھی ڈال کر کھائیں جس سے فوری راحت ملے گی۔ گڑ وٹامن سی کا ایک اچھا ذریعہ ہے جو ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ اس میں کیروٹین، نیکوٹین اور وٹامن اے اور بی بھی موجود ہے۔ گڑ کا استعمال وزن میں کمی کا باعث بنتا ہے۔ جو لوگ موٹاپے سے پریشان ہیں ان کو چاہیے کہ چینی کی جگہ گڑ کا استعمال شروع کر دیں۔ گڑ میں کیلشیم اور فاسفورس پایا جاتا ہے جو کہ ہماری ہڈیوں کو مضبوط بناتا ہے۔ کھانسی میں گڑ کی چائے بنا کر پئیں جس سے کھانسی بہت جلد دور ہو جائے گی۔ گڑ خون کو صاف کرتا ہے جس سے چہرے کا رنگ بھی صاف شفاف ہوتا ہے۔ گڑ بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتا ہے۔ سردرد کو دور بھگاتا ہے۔ خون کی کمی کو دور کرتا ہے۔ تھکاوٹ کا خاتمہ کرتا ہے۔ دمے جیسی بیماری میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

بستر پر پیشاب کی شکایت دور

وہ بچے جو نیند میں بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں ان کو گڑ اور تلوں کا ایک مکسچر بنا کر صبح شام کھلائیں‘ اس سے بچوں میں بستر پر پیشاب کی شکایت کافی حد تک ٹھیک ہو جائے گی۔ ہچکی کو روکنے کے لیے گڑ کو ایک بہترین ٹانک سمجھا گیا ہے۔ ایک چمچ پرانے گڑ کو خشک کر کے پیس لیں اور پھر اس میں پیسی ہوئی سونٹھ ملا کر رکھ لیں۔ اس مکسچر کو سونگھنے سے ہچکی کے مسئلے سے با آسانی سے بچا جاسکتا ہے۔

بلڈ شوگر لیول کا مسئلہ اور ایک چٹکی گڑ

بلڈ شوگر لیول کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے گڑ کھانے سے جسم کے اندر گلوکوز کی سطح پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس لیے کھانے کے بعد ایک چٹکی گڑ کھانا بھی اس بیماری میں مبتلا افراد کے لیے مفید ہے۔

خواتین کے پوشیدہ امراض کا علاج

مخصوص ایام میں خواتین کے پورے جسم میں درد ہوتی ہے اور وہ تب تک ہوتی ہی رہتی ہے جب تک ماہواری کا اپنا وقت نہ ختم ہو جائے۔ بہت ساری عورتوں کو تو اس درد میں انجیکشن بھی لگوانے پڑتے ہیں۔ ایسے مسائل میں خواتین کو چاہیے کہ ماہواری کے دوران سوکھا دھنیا اور گڑ کا سفوف بنا کر استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے خون بہنے کا عمل ٹھیک رہتا ہے اور اس کے علاوہ اگر کسی خاتون کو ماہواری نہ آ رہی ہو تو یہ سفوف استعمال کرنے سے ماہواری کا عمل ٹھیک ہو جائے گا۔

مدافعتی نظام کے لئے اکسیر

رات کو سونے سے پہلے گڑ کھانا مفید ہے رات کو سونے سے پہلے گڑ کا ایک ٹکڑا کھانے سے انسان کا مدافعتی نظام مضبوط ہوتا ہے۔ اگر رات کو سونے سے پہلے گڑ کو دودھ کے ساتھ پیا جائے تو نیند اچھی آئے گی۔ کام میں زیادتی کے باعث لوگوں میں نیند نہ آنا بھی ایک بیماری کی شکل اختیار کر چکی ہے جو کہ صحت کے لیے اچھی چیز نہیں ہے۔ اچھی زندگی کے لیے اچھی صحت کا ہونا بہت ضروری ہے جس میں نیند کا کردار بہت اہم ہے۔ نیند پوری ہونے کی وجہ سے انسان دوبارہ اپنے سارے کام با آسانی سرانجام دے سکتا ہے۔ جن لوگوں کو نیند سے متعلق مسائل ہیں ان کو چاہیے (باقی صفحہ نمبر 59)

حضرت خضرؑ کا خاص تحفہ!

شیخ الوظائف پہلی مرتبہ حضرت خضرؑ کا ایسا خاص الخاص عمل جو سالوں سے اولیائے کرام کی ترتیب میں شامل رہا مخلوق کی راحت کے لئے عام کر رہے ہیں‘ پانے کے لئے اس سال شب برات تسبیح خانہ لاہور میں گزاریں۔

کسوف و خسوف) سورج، چاند گرہن 2023ء

زندگی پر اثرات! (نیا سلسلہ)

2023ء کے سورج چاند گرہن کے اثرات بد سے محفوظ رہنے‘ اپنی نسلوں کو محفوظ رکھنے‘ گھر کاروبار کو محفوظ رکھنے کیلئے نحس لمحات میں آپ کیلئے یہ ماہ فروری 2023ء کیلئے چنا گیا ہے۔

نحوست بھرے لمحات سے نجات (ماہ فروری)

1۔ صبح و شام صرف 19 مرتبہ دیگچی (جس میں سالن پکایا جاتا ہے) میں انگلی سے یَاشَکُوْرُ لکھیں اور ساتھ یہی اسم پڑھتے ہوئے دم کریں۔ اسی میں سالن پکائیں‘ سارا گھر کھائے۔ 2۔ صبح و شام صرف 39 مرتبہ یَادَافِعَ الْبَلِیَّات اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ 3۔ سورج طلوع ہوتے ہوئے جب سورج بالکل ہلکا سرخی مائل ہوتا ہے‘ آنکھیں بند کر کے اس وقت سورج کے سامنے کالے رنگ کا کپڑا پاؤں کے نیچے رکھ کر کھڑے ہوں اور صرف 21 مرتبہ یَارَحِیْمُ یَاکَرِیْمُ سانس روک کر پڑھیں اور جب پڑھ چکیں تو پریشر سے ہوا خارج کریں۔ اسی طرح 3 سے 7 مرتبہ کریں۔ یہ صرف تین عدد وظائف ہیں جو آپ کو اس پورے مہینے میں نحس گھڑیوں سے ان شاء اللہ محفوظ رکھیں گے اور آپ کی آنے والی خوشیوں کے در کھلیں گے۔ نوٹ: کھلی جگہ یا چھت نہ ہو تو آپ اس وقت کمرے میں کھڑے ہو کر تصور کر کے بھی یہ عمل کر سکتے ہیں۔

2023ء کا پہلا سورج گرہن اور آپ

سال کا پہلا مکمل شمسی گرہن پاکستان کے وقت کے مطابق انتہائی نقطہ آغاز 20 اپریل صبح 06 بجکر 34 منٹ 22 سیکنڈ جبکہ مکمل گرہن کا آغاز صبح 06 بجکر 34 منٹ 04 سیکنڈ انتہائی نقطہ عروج و مکمل گرہن 09 بجکر 16 منٹ 49 سیکنڈ خاتمہ گرہن 10 بجکر 56 منٹ 36 سیکنڈ ہو جبکہ مکمل خاتمہ 11 بجکر 59 منٹ پر ہو سکے۔ گرہن کا کل دورانیہ 5 گھنٹے 25 منٹ رہ سکے۔ گرہن پاکستان میں دیکھا جاسکے گا۔

چاند گرہن: سال کا دوسرا قمری گرہن 05 مئی کو لگے گا۔ گرہن کی ابتداء 20 بجکر 14 منٹ 08 سیکنڈ جبکہ انتہائی نقطہ عروج 22 بجکر 22 منٹ 55 سیکنڈ اور خاتمہ گرہن 06 مئی 00 بجکر 31 منٹ 40 سیکنڈ پر ہوگا۔ یہ گرہن 05 اور 06 مئی کی درمیانی شب لگنے والا گرہن برج میزان کے 20.41 درجہ پر لگے گا۔ گرہن کا کل دورانیہ 4 گھنٹے 17 منٹ کا ہوگا۔

میں ہارٹ پیشنٹ ہوں اور وقفے وقفے سے ٹیسٹ کرواتا رہتا ہوں، میرے بلڈ میں کولیسٹرول لیول کنٹرول نہیں ہو رہا تھا۔ کولیسٹرول سے نجات کورس سے یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ (انجینئر محمد نصیر)

جوڑوں کے دردوں میں نہایت مفید ہے
جگر کی اصلاح کر کے صاف خون پیدا کرتا ہے
کولیسٹرول کا لیول جسم کو جتنا درکار ہے وہ مہیا کرتا ہے

کولیسٹرول سے نجات (کورس)

ماہ رجب کی اس تاریخ کو یہ عمل کیجئے' جو مانگو ملے گا

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیرشرعی اعمال کے بجائے نوافل وتسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

احادیث میں ماہ رجب کی بہت فضیلت بیان کی گئی ہے۔ ایک حدیث پاک میں ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ:۔''رجب اللہ تعالیٰ کا مہینہ'' ہے اور شعبان میرا مہینہ ہے''(ماثبت من السنہ)۔

دلی مرادیں پوری ہوں گی

روایات میں آتا ہے جس کا مفہوم ہے کہ جو شخص ماہ رجب کے آخری عشرہ میں دس رکعات دو دو کرکے اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص، سورۂ الکافرون تین بار پڑھیں۔ جب دس رکعات اسی ترتیب سے ادا کرلے تو آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر یوں یہ دعا پڑھیں۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِیْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ حَیٌّ لَّا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ط بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَالطَّاهِرِيْنَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ۔

اس کے بعد اپنی مراد مانگیں ان شاءاللہ دعا قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ بندے اور جہنم کے درمیان ستر 70 خندقیں حائل فرمائے دے گا۔ ہر خندق اتنی وسیع ہوگی کہ جیسے زمین و آسمان کا فاصلہ۔ ہر رکعت کے عوض دس لاکھ رکعتیں لکھی جائیں گی (دس لاکھ رکعتوں کا ثواب ملے گا) جہنم سے آزادی اور پل صراط سے (بغیر کسی خطرے کے) عبور تمہارے واسطے مقرر کردیا جائے گا۔'' حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ:''جب حضور ﷺ یہ فرما چکے تو میں اس عظیم اجر پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے روتا ہوا مسجد سے بھاگ پڑا۔''(غنیۃ الطالبین)

جان ومال کی حفاظت

اگر کوئی شخص ماہ رجب کی 27 ویں شب کو عشاء کی نماز کے بعد بیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کے ساتھ اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ جب بیس نوافل اسی ترتیب کو ساتھ ادا کرلے تو اللہ تعالیٰ کے حضور میں اپنے جان ومال کی حفاظت کے لیے دعا کریں۔ ان شاءاللہ ان نوافل کی برکت سے پڑھنے والے کے جان ومال کی غیبی حفاظت ہوگی۔

27 رجب کے نوافل

جو شخص رجب کی ستائیسویں رات کو دو نفل پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص 21 مرتبہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہوکر دس مرتبہ درود پڑھ کر یہ پڑھیں اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمُشَاهِدَةِ اَسْرَارِ الْمُحِبِّيْنَ وَبِالْخِلْوَةِ الَّتِیْ خَصَّصْتَ بِهَا سَيِّدَ الْمُرْسَلِيْنَ حِيْنَ اَسْرَيْتَ بِهٖ لَيْلَةِ السَّابِعِ وَالْعِشْرِيْنَ اَنْ تَرْحَمَ قَلْبِیَ الْحَزِيْنَ وَتُجِيْبُ دَعْوَتِیْ يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرمائے گا اور جب دوسروں کے دل مردہ ہوجائیں گے اس کا دل زندہ رکھے گا۔

تمام دینوی اور دنیاوی حاجات کے لئے

ماہ رجب کے پہلے جمعہ کو نماز جمعہ کے بعد اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پانچ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور سلام پھیر کر 25 مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ پڑھے اور پھر ایک سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

اس کے بعد سو بار درود شریف پڑھ کر جو بھی حاجت ہو اس کے لیے دعا مانگے خواہ وہ دنیوی ہو یا دینی۔ انشاءاللہ تعالیٰ بارگاہ الٰہی میں ضرور قبول ہوگی۔

مشکلات کا تصور کرتے ہوئے یہ عمل پڑھیں اور رب سے فیصلے کروالیں!

ماہانہ روحانی محفل

پریشان' عاجز' خودکشی پر مجبور! یقین توجہ اور دھیان سے پڑھیں

آپ پریشان ہیں' سالہا سال سے بیمار ہیں' یا آپ کا کوئی عزیز زندگی سے عاجز اور خودکشی کرنے پر مجبور ہے! کاروبار کی بندش ہے یا گھریلو الجھنیں' جھگڑے' بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ گھبرائیے مت! اس ماہ کی یہ مقبول گھڑیاں آپ کیلئے خوشیوں' خوشحالیوں اور برکتوں کا پیغام لائی ہیں:۔

اس ماہ کی روحانی محفل

11 فروری بروز ہفتہ رات 9 بجکر 15 منٹ سے لے کر رات 10 بجکر 35 منٹ تک۔ 19 فروری بروز اتوار عصر تا مغرب۔ 27 فروری بروز پیر دوپہر 2 بجکر 21 منٹ سے لے کر 3 بجکر 55 منٹ تک يَا مَالِكُ يَا رَزَّاقُ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپ کے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیرمسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا' اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں' ان شاءاللہ آپ کی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہوں گی۔

ہر محفل کے بعد صدقہ ضرور کریں (اس ماہ کا صدقہ 43 روپے)

(نوٹ:) 1۔روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن، ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔(ایڈیٹر)

روحانی محفل تسبیح خانہ لاہور میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

گردی مختصر دوائی فائدے بے شمار
کمزور گردے | گردے کی پتھری | یوریا | یورک ایسڈ
میرے گردوں میں تکلیف تھی، ٹیسٹ سے پتہ چلا کہ کریٹینن اور یورک ایسڈ بڑھ چکا ہے۔ میں نے گردی کا استعمال کیا۔ الحمدللہ میرے گردوں کی تکلیف ختم ہوگئی۔(سید حسین شاہ، کراچی)

حضرت ابراہیم بن ادھمؒ کے مستند روحانی وظائف

جادو کا مکمل علاج

اگر کسی شخص پر جادو کے اثرات ہوں اور اس وجہ سے بیماری نہ جاتی ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل آیات گیارہ مرتبہ پڑھ کر تازہ پانی پر پھونک مارے اور اس پانی میں سے تین گھونٹ مریض کو پلادیں اور باقی پانی غسل والے پانی میں ڈال کر مریض غسل کرلے۔ یہ عمل گیارہ دن تک اور اگر افاقہ نہ ہو تو چالیس دن تک کریں، ان شاء اللہ جادو سے نجات اور بیماری دور ہوجائے گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

مال جلد فروخت کے لئے

جس شخص کا مال جلد فروخت نہ ہو رہا ہو تو اسے چاہیے کہ اپنا مال جلد فروخت کرنے کے لیے باوضو مندرجہ کلمات لکھ کر اپنے مال و متاع میں رکھے، ان شاء اللہ تعالیٰ مال جلد فروخت ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

وقت پر بیدار ہونے کی دعا

اگر کسی شخص کی وقت پر آنکھ نہ کھلتی ہو تو اسے چاہیے کہ جب سونے کا ارادہ کرے تو سورہ زلزال کو تین مرتبہ بستر پر لیٹ کر پڑھ لیں، اگر باوضو پڑھا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ اس سورۃ کو تین مرتبہ پڑھنے کے بعد جس وقت بیدار ہونا چاہتے ہوں تو خود کو مخاطب کر کے کہیں کہ میں فلاں وقت میں بیدار ہوجاؤں۔ ان شاء اللہ مقررہ وقت پر بیدار ہوجائیں گے۔

بیماری کا تصور کریں 21 دن میں بیماری ختم

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ کبھی پیشاب کی تکلیف میں مبتلا نہ ہو تو وہ کھانا کھانے سے پہلے ایک مرتبہ سورۃ قریش پڑھ لے۔ ان شاء اللہ اس سورۃ کی برکت سے وہ پیشاب کی تکلیف سے محفوظ رہے گا۔ اس کے علاوہ جو شخص پہلے سے پیشاب کی تکلیف میں مبتلا ہو اور دوران پیشاب خون آتا ہو اور طبی علاج کے باوجود بھی افاقہ نہیں ہو رہا ہو تو اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد سورۃ طارق (پارہ 30) اس طرح پڑھیں کہ جب اس آیت اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ پر پہنچیں تو اپنی بیماری کا تصور کرلے۔ یہ عمل مسلسل 21 روز تک اپنی بیماری کے سخت تصور کے ساتھ کرے، ان شاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر بیماری ختم ہوجائے گی اور مکمل طور پر آرام آجائے گا۔

بے راہ روی کے شکار شوہر یا عزیز کو یہ چیز کھلادیں

اگر آپ یا آپ کو کوئی عزیز بے راہ روی کا شکار ہو چکا ہے یا کسی ایسی علت کا شکار ہے جس سے نکلنے کا کوئی ذریعہ نظر نہیں آرہا اور بندہ اس علت میں ڈوبتا چلا جارہا ہو اور خدشہ ہو کہ وہ شخص خاندان کے لئے رسوائی اور پریشانی کا سبب بن سکتا ہے تو ایسی برائیوں میں مبتلا شخص کو کسی کھانے کی چیز پر سورۃ والضحیٰ کی آیت نمبر 7 ''وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى'' تین دفعہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ تین مرتبہ پڑھ کر دم کرکے کھلائیں۔ یہ عمل کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے جاری رکھیں، اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ وہ شخص بہت جلد راہ راست پر آجائے گا۔

سیب کے بیج، ناریل کا تیل، انڈے کی زردی! انوکھا ٹوٹکہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ میں موجود طبی ٹوٹکوں سے مجھے بہت فائدہ ہوا ہے، ان میں سے چند آزمودہ ٹوٹکے عبقری رسالہ کے لئے لکھ رہی ہوں۔

خشک ہونٹوں کے لئے پیسٹ

سردی کے موسم میں اکثر لوگوں کو بالخصوص جن علاقوں میں خشک سردی پڑتی ہے وہاں خشکی کی وجہ سے اکثر لوگوں کے ہونٹ پھٹنا شروع ہوجاتے ہیں۔ ہونٹوں کی اس خشکی کو دور کرنے کے لئے حسب ضرورت سیب کے بیج پیس کر پانی میں ڈال کر پیسٹ بنالیں اور رات کو سوتے وقت ہونٹوں پر لگا لیں، ان شاء اللہ ہونٹوں کی خشکی ختم ہوجائے گی اور ہونٹ ٹھیک ہوجائیں گے۔

سر کے بالوں کی خشکی کا علاج

اگر سر میں خشکی ہوجائے یا بال گر رہے ہوں تو آملہ، ریٹھا، سکاکائی ہم وزن پانی میں بھگو کر اسے ابال لیں اور پھر ٹھنڈا کرکے اس پانی سے بال دھوئیں۔ اس کے بعد اچھی طرح سے کنگھی کرکے بالوں میں خالص سرسوں یا ناریل کا تیل لگائیں، اس ٹوٹکے سے ان شاء اللہ بال مضبوط اور خشکی ختم ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ انڈے کی زردی میں شہد ملا کر بالوں میں لگالیں اور پھر سر دھونے کے بعد بالوں میں کیسٹر آئل لگائیں۔ اس ٹوٹکے سے بال لمبے ہوجائیں گے۔

چہرے کے دانوں کے لئے

اگر چہرے پر دانے نکل آئیں تو زیتون کے تیل سے چہرے کا مساج کیا جائے، اس سے دانے بھی ختم ہوں گے اور چہرہ بھی شفاف اور چمکدار ہوجائے گا۔ (نبیلہ کرامت، سکھر)

دکھ خدا حافظ! خوشیاں، خوش آمدید

آپ بھی دکھوں کو خدا حافظ اور خوشیوں کو خوش آمدید کہیے! 15 شعبان کی رات برکت والی گھڑیوں میں روحانی جانثاروں کے طاقتور ترین عمل کی اختتامی دعا ہوگی، شامل ہوکر جھولیاں بھرلیں۔ جس نے یہ عمل کیا، اختتامی دعا میں شامل ہوا اس کے دکھ ختم اور خوشیاں نصیب ہوئیں۔

میرے پتہ میں پتھری تھی۔ اس کی وجہ سے پیٹ میں بہت درد رہتا تھا۔ میں نے پتہ پتھری شفاء کا استعمال کیا تو ایک دن میں ہی پتھری ٹکڑے ٹکڑے ہوکر جسم سے نکل گئی۔ (پوشیدہ)

پتہ پتھری شفاء

یہ دوائی صرف ایک رات میں پتھری ختم کرتی ہے

کہیں آپ محروم نہ رہ جائیں!: رمضان المبارک 2023ء تسبیح خانہ لاہور میں گزاریئے کیونکہ دوران رمضان ایسے بابرکت اجتماعی اعمال اور روحانی عملیات کروائے جارہے ہیں جس سے آپ اور آپ کی نسلیں خوشحال ہوجائیںگی۔

ناشتہ میں بیر کھائیں! نسلوں کو پہلوان بنائیں

نور احمد، گوجرانوالہ

بیری کی لاکھ موٹاپا دور کرنے کی حیرت انگیز دوا ہے بیر موسم بہار میں ہمارے بازاروں کی رونق بنا ہوا ہے۔ یہ غذائیت سے بھرپور اور شفا بخش پھل ہے جس کی درجنوں اقسام مارکیٹ میں آتی ہیں۔ قدرت نے اس کے پھل لاکھ اور پتوں میں بہت سے غذائی اور دوائی خواص رکھے ہیں۔ کھانے کے لیے ایسے بیر منتخب کرنے چاہئیں جو خستہ ہوں اور منہ میں چبانے سے ان کا چھلکا اور گودہ جلد حل ہوجائے۔ بیر میں مصفا پانی، نشاستہ وار شکر یلے اجزاء روغنی اور گوشت بنانے والے اجزا کے ساتھ فولاد، کیلشیم، پوٹاشیم اور فلورین موجود ہیں۔ وٹامنز اے، بی اور ڈی بھی اس کے حصے میں آتے ہیں اور وٹامنز بی کمپلیکس کا تو یہ نادر مجموعہ ہے۔ طبی طور پر حیاتین کی کمی پورا کرنے کے لیے سالانہ کروڑوں اور اربوں روپے کے وٹامنز بی کمپلیکس استعمال کیے جاتے ہیں۔ قدرت نے ہمیں اس وٹامن کی کمی پورا کرنے کے لیے بیر جیسی نعمت عطا فرمائی ہے۔ ایک پاؤ بیر میں ایک بڑی چپاتی کے برابر غذائیت ہوتی ہے۔ ایک سیر میں دو اونس کے قریب مکھن جتنی چکنائی ہوتی ہے۔

بال لمبے اور ملائم کرنے کے لئے

بالوں کی کمزوری ہو یا کھردرے ہوں تو بیری کے پتوں کو پانی میں جوش دیں۔ جب یہ پانی نارمل ہوجائے تو اس پانی سے سر کے بال دھولیں ان شاء اللہ بال نرم و ملائم ہوجائیں گے۔

بخار کی شدت میں مفید

ایک چھٹانک بیری کے پتے سیر یا دو سیر پانی میں جوش دے کر ٹھنڈا کر کے سر پر دھارنے یا گرانے اور ٹکور کرنے سے شدت بخار، سردرد، سرسام کے امراض میں بہت مفید ہے۔ اگر ضرورت پڑے تو گرمی میں اس پانی کو ابالنے کے بعد برف سے زیادہ ٹھنڈا کر سکتے ہیں۔ اس سے دماغ تازہ دم ہوتا اور کم نیند کی شکایت دور ہوجاتی ہے۔

موٹاپا سے نجات

موٹاپے کے مرض سے نجات پانے کے لئے بیری کی لاکھ ڈیڑھ ماشہ سے چار ماشے تک چند روز صبح کے وقت عرق مکو اور عرق بادیاں پانچ پانچ تولے کے ساتھ استعمال کریں اس سے بدن کی چربی پگھل جاتی ہے اور بڑھا ہوا پیٹ کم ہونا شروع ہوجاتا ہے۔

قوت مدافعت میں اضافہ

گرم طبیعت والے مرد اور نوجوانوں کے بدن کو کھوکھلا کرنے والی رطوبتوں کے اخراج کو روکنے اور قوت مدافعت بڑھانے کے لیے صبح بطور ناشتہ بیر اور شام کو کشتہ قلعی اور کشتہ سیب دو دو رتی اطریفل کشنیزی چھ سے بارہ ماشہ میں ملا کر چند روز ٹھنڈے دودھ کے ساتھ کھلانا مفید ہے۔

بلڈ پریشر سے نجات

بلڈ پریشر کے مرض سے نجات کے لیے برادہ صندل سفید، خشک دھنیا اور چوب چینی ہم وزن لے کر سفوف بنالیں اور تین سے چھ ماشے تک بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ اس کے علاوہ ترش بیری کے پتے ایک تولہ صبح کے وقت پانی میں بھگو کر رکھ دیں اور شام کو مل چھان کر شکر ملا کر پینے سے ان شاء اللہ بلڈ پریشر کر مرض ختم اور شریانوں کی لچک بحال ہوجاتی ہے۔

چند دن کا مختصر عمل! ہر خواہش پوری ہوگی

بنت کشور، لاہور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند سالوں سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں اس رسالہ میں دیئے گئے وظائف سے میری بہت سے الجھنیں، مشکلیں اور دکھ درد دور ہوئے ہیں۔ اس رسالہ کا یہ کمال ہے کہ جب بھی میں کسی پریشانی یا مشکل میں مبتلا ہوتی ہوں تو رسالہ میں موجود وظائف کے ذریعے ان مشکلات سے نکل جاتی ہوں۔ عبقری رسالہ میں دیئے گئے جن وظائف سے مجھے فائدہ ہوا ان میں سے اپنے چند مشاہدات عبقری قارئین کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں۔

بھائی کی پریشانی ختم ہوگئی

میرے بھائی نے نئی موٹر سائیکل لی ابھی اس کو نمبر الاٹ نہیں ہوا تھا۔ بھائی کسی ضروری کام سے موٹر سائیکل لے کر گئے تو ان کی بائیک کا نمبر نہ ہونے کی وجہ سے پولیس والوں نے موٹر سائیکل روک لی۔ بھائی نے ان کی کافی منت سماجت کی مگر انہوں نے موٹر سائیکل واپس نہ کی اور تھانے میں لے گئے۔ اس دن میں نے بھی بھائی کے ساتھ ایک ضروری کام سے جانا تھا۔ بھائی موٹر سائیکل کی وجہ سے کافی پریشان تھے انہوں نے بتایا کہ پولیس والوں نے اس کا نام اور موبائل نمبر وغیرہ بھی نوٹ کرلیا ہے۔ اب موٹر سائیکل کی واپسی کے لئے قانونی کاروائی کی وجہ سے کافی دن لگ جائیں گے۔ میں نے بھائی سے کہا وہ فوراً مسلسل اول آخر تین بار درود پاک ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھنا شروع کر دے، ان شاء اللہ آج ہی موٹر سائیکل واپس مل جائے گی مگر بھائی نے کہا کہ ایسا ہونا ناممکن ہے کیونکہ موٹر سائیکل کی سپرداری کے لئے چند دن لگتے ہیں۔ مجھے اس عمل پر پورا یقین تھا، میں نے بھائی کو چیلنج کیا کہ ان شاء اللہ آج ہی کام ہوجائے گا اور پھر میں نے بھی یہ عمل شروع کر دیا۔ تقریباً آدھا گھنٹہ گزرا تھا کہ بھائی کو ایک انجان نمبر سے کال آئی۔ جب بھائی نے کال پر بات کی تو ان کے چہرے پر حیرت اور خوشی کے آثار تھے۔ بھائی نے بتایا کہ پولیس والوں کی طرف سے کال تھی انہوں نے بغیر کسی سفارش اور کاروائی کے موٹر سائیکل واپس لے جانے کا کہا ہے۔ تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ بھائی موٹر سائیکل لے کر گھر واپس آگئے۔

چند دن میں ہر خواہش پوری

مجھے جب بھی کسی چیز کی خواہش ہوتی ہے تو اس چیز کا تصور کرتے ہوئے سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 "رَبَّنَآ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوۡنُ لَنَا عِيۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنۡكَ‌ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ" گیارہ بار اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھ کر آسمان پر پھونک مار دیتی ہوں۔ یہ عمل میں دن میں چند مرتبہ چند دن کرتی ہوں۔ اس عمل کی برکت سے میری کوئی بھی خواہش ادھوری نہیں رہتی۔ اسی وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ہمیں نیا ذاتی گھر اور سواری دی۔ گھر میں مختلف ضرورت کی اشیاء بھی اسی عمل کی برکت سے نصیب ہوئیں۔

پٹھوں کا کھچاؤ، تھکاوٹ رہنا جسم میں کمزوری، ٹانگوں کا درد
شوگر کورس
مجھے شوگر کا مرض بہت پرانا تھا۔ میرے پٹھے کمزور ہوگئے اور تمام جسم درد کرتا تھا۔ میں نے عبقری کا شوگر کورس استعمال کیا اس سے شوگر کنٹرول ہے اور جسمانی صلاحیت بہت بہتر ہے (محمد ایوب)

پڑھنا چاہتا ہوں مگر ذہن ساتھ نہیں دیتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایف ایس سی کا سٹوڈنٹ ہوں، میں نے فرسٹ ایئر کا دو مرتبہ امتحان دیا' پہلی بار رزلٹ اچھا نہ آیا۔ اس کے بعد دوبارہ تیاری کی اور امتحان دیے۔ میں پڑھائی کی افادیت و اہمیت کو جانتا ہوں مگر جیسے ہی کتاب کھولوں تو پڑھنے کو دل نہیں کرتا اور نیند آنے لگتی ہے۔ میں بہت کوشش کے بعد تھوڑا سا ہی پڑھتا ہوں' پڑھائی میں ناکامی کی وجہ سے سب رشتہ داروں میں بہت بے عزتی ہوتی ہے۔ میں سوچتا ہوں اب پڑھوں گا لیکن پھر کوشش کے باوجود نہیں پڑھ سکتا۔ مجھے کوئی وظیفہ بتا دیجئے کہ میرا ذہن پڑھائی کی طرف راغب بھی ہو جائے اور پڑھا ہوا مجھے یاد رہے۔ (محمد عبیداللہ، فیصل آباد)

جواب: آپ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے پڑھائی میں دل بھی لگے گا اور آپ کا حافظہ تیز ہوگا۔ اس عمل پر کچھ عرصہ توجہ کرلیں حافظہ ایسا ہوجائے گا کہ جو چیز ایک بار پڑھیں گے کبھی نہیں بھولے گی۔

جی ہاں! جادو، نظر بد اور بندش ٹوٹ سکتی ہے؟ صرف کاغذ قلم اٹھائیے! جادو، دکھ، الجھنیں، پریشانیاں، روحانی بیماریاں ٹلوائیے!

نظر بد بہت لگتی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہمارے رشتہ داروں میں ایک خاتون ہیں۔ ان کی نظر بد بہت زیادہ لگتی ہے۔ جب بھی وہ ہمارے یا کسی کے گھر آئیں۔ کوئی جانور یا گھر کا فرد ضرور بیمار ہو جاتا ہے۔ اس نظر بد کا کوئی حل بتائیے۔ (حسنات گوندل، شورکوٹ)

جواب: بدگمانی گناہ ہے۔ دوسروں کے بارے میں اچھا گمان رکھیں۔ آپ اگر نظر بد سے حفاظت چاہتے ہیں یا اگر کسی کی نظر بد کے اثر کو ختم کرنا چاہتے ہیں تو ایک عمل کریں' اگر نظر بد کا شکار ہیں یا خطرہ ہے تو اپنی نیت کے ساتھ اور اگر کسی شخص کی نظر کسی دوسرے کو لگ جاتی ہے اور وہ اس معاملے میں بے بس ہے تو اس چیز کو ختم کرنے کا تصور کرتے ہوئے ایک تسبیح درود ابراہیمی پڑھ کر مطلوبہ شخص کی آنکھوں کو ہدیہ کریں۔ درود پاک کا نور آنکھوں سے نظر بد کے زہر کو ختم کردے گا اور نظر میں نورانیت پیدا ہوگی۔ ان شاء اللہ

دو دفعہ مس کیرج ہو چکا ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گھر میں بہت سی پریشانیاں اور مشکلات ہیں۔ میرا سب سے بڑا مسئلہ اولاد کا ہے۔ دو دفعہ مس کیرج ہوا ہے، تیسری بار آٹھ ماہ کا بچہ فوت ہوگیا ہے۔ میں سخت پریشان ہوں، گھر میں خیر و برکت اور اولاد کے لئے وظیفہ بتائیں۔ بہت علاج کروایا ہے مگر اب تھک گئے ہیں۔ مجھے کوئی وظیفہ دیں تاکہ اللہ مجھے اس مشکل سے نکال دے۔ (ام حبیبہ، لاہور)

جواب: آپ جس کرب اور غم میں مبتلا ہیں اس کے لئے اگر کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے یَابَدِیۡعُ کا ذکر دن رات کثرت سے کر لیں تو اس وظیفہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ آپ کو اولاد کی نعمت اور گھریلو سکون عطا فرمائیں گے۔

بیٹوں کی شادیوں کا مسئلہ حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دو بیٹے ہیں، ایک کی شادی کی لیکن وہ زیادہ دیر نہ چل سکی اور طلاق ہوگئی، اب ہم اس کی دوسری شادی کرنا چاہتے ہیں لیکن کوئی سبب نہیں بن رہا اور دوسرا بیٹا بھی جوان ہے اور اچھا کما رہا ہے لیکن شادی کی کوشش کے باوجود بہت رکاوٹ آرہی ہے۔ اس کے لئے ایسا وظیفہ بتائیں کہ ان کی شادیاں ہو جائیں اور ان کے نصیب اچھے ہوجائیں۔ (محمد نعیم، لاہور)

جواب: شادی کا مسئلہ اٹکا ہوا ہو اور گھر میں پریشانیاں ہوں تو ھُوَ الۡاَوَّلُ وَ الۡاٰخِرُ وَ الظَّاہِرُ وَ الۡبَاطِنُ ۚ وَ ھُوَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ۔ ہر وقت یہ آیت نہایت کثرت کے ساتھ پڑھیں۔ ورنہ کم از کم دن میں کوئی بھی وقت مقرر کرکے یہ آیت 313 مرتبہ اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ چالیس، نوے یا ایک سو بیس دن میں مراد پوری ہوگی۔ ان شاء اللہ

ازدواجی تعلق میں رکاوٹ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے گھریلو معاملات میں عجیب پریشانی ہے۔ میں صحت مند ہوں اور مجھے کسی قسم کی بیماری نہیں ہے لیکن جب بھی میں اپنے ازدواجی تعلقات قائم کرنا چاہتا ہوں تو جسم بالکل بے جان ہو جاتا ہے اور میں کچھ نہیں کرسکتا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں اور میں بے بس ہو چکا ہوں۔ مجھے اس کا کوئی علاج بتائیں کیا یہ کوئی روحانی مسئلہ یا بندش ہے؟

جواب: آپ بیری کے پتوں سے غسل کریں آپ کی یہ بندش ختم ہوجائے گی۔ بیری کے چالیس پتے لے کر ہر پتے پر تین بار کلمہ طیبہ اور تین بار آیت کریمہ پڑھ کر دم کریں' ان پتوں کو پانی میں ابال لیں اور اس پانی سے غسل کریں۔

میاں بیوی میں دوریاں ختم ہوجائیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے ایک بچپن کی دوست کی چند سال پہلے شادی ہوئی۔ شادی کے بعد وہ بھی اپنے شوہر کے ساتھ بیرون ملک شفٹ ہوگئی' وہاں اس کی اپنے شوہر سے بہت لڑائی رہتی تھی۔ اس کے شوہر کی نوکری ختم ہوگئی تو یہ واپس اپنے ملک آگئے۔ جب باہر سے واپس آئے تو دونوں میاں بیوی کا آپس میں جھگڑا ہوا جس کے بعد لڑکی اپنے میکے آگئی اور ڈر ہے کہ ان کی آپس میں طلاق نہ ہوجائے۔ ایسا عمل بتائیں جس سے ان میاں بیوی کی آپس میں صلح ہوجائے۔ (کنول حبیب، سیالکوٹ)

جواب: کسی کی صلح کروانے کے لئے اتنا فکر مند ہونا بہت بڑی نیکی ہے، اللہ آپ کو اس نیک جذبے میں استقامت دے اور قبول فرمائے۔ آپ' آپ کی دوست یا اس کے گھر والے 40 دن تک تہجد کے وقت اٹھ کر دو نفل حاجت ادا کر کے 101 مرتبہ یَاحَمِیۡدُ یَا مَجِیۡدُ پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے ان کے درمیان صلح ہوجائے گی اور پیار محبت بھی خوب بڑھے گا۔

انوکھی شفاء — چند دنوں کا استعمال ٹوٹی ہوئی ہڈی اور درد کو فوراً ختم کرتی ہے۔ میرا موٹر سائیکل کا حادثہ ہوا۔ چوٹ لگی اور ہڈی ٹوٹ گئی، پلستر ہوا لیکن ہڈی کا جوڑ مضبوط نہیں جڑا' میں نے عبقری کی انوکھی شفاء کا کچھ عرصہ استعمال کیا اس سے یہ مسئلہ حل ہوگیا۔ (راحیل، نارووال)

ہر مراد پوری: 15 شعبان کی رات اولیاء' صالحین کے ایسے خاص قبولیت اور مجوبیت والے اعمال کرائے جائیں گے جو مراد دل میں رکھیں گے وہ پوری ہوجائے گی۔ اب آپ کی کوئی مراد ادھوری نہ رہے گی۔

آپ کی بیماریاں شیخ الوظائف کا علاج

شیخ الوظائف آپ کے طبی مسائل کا حل دینے کو تیار! بس آپ کے خط کا انتظار! ابھی لکھئے! ابھی پائیے!

سورائسز کی بیماری مسلسل بڑھ رہی ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک سفید پوش گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں۔ میرے والد صاحب پچھلے چند سالوں سے سورائسز نامی بیماری میں مبتلا ہیں۔ کوئی دوائی لگائیں تو تکلیف ہوتی ہے، جلن ہوتی ہے۔ پانی پی لیں تو کانپنا شروع کر دیتے ہیں،، کمزوری بھی بہت زیادہ ہے۔ وہ بمشکل ہی کام کرتے ہیں۔ اس وقت والد صاحب دو تین ماہ سے بستر پر لیٹے ہوئے ہیں۔ ہمارے گھر اتنی غربت ہے کہ صبح یا شام کے کھانے کا مسئلہ ہوتا ہے۔ (ا،ب۔ فیصل آباد)

مشورہ: یہ ایک ایسی بیماری ہے جو بنیادی طور پر جلد پر ظاہر ہوتی ہے مگر یہ جسم کے اندرونی نظام دل، دماغ، گردے و دیگر اعضاء کو بھی متاثر کرتا ہے۔ اس مرض سے نجات پانے کے لئے آپ درج ذیل ٹوٹکہ استعمال کریں۔

ھوالشافی: زنک آکسائیڈ 20 گرام، بورک ایسڈ 20 گرام، گندھک آملہ سار 10 گرام، سیلی سلک ایسڈ 20 گرام، کاربالک ایسڈ 5 گرام، ویزلین سادہ 200 گرام۔

۔ان تمام اجزاء کو باریک پیس کر آپس میں ملا کر خوب اچھی طرح حل کر کے کسی ڈبے میں محفوظ کرلیں۔ تھوڑی سی مرہم لے کر جسم پر اچھی طرح ملیں اگر صبح ملیں تو شام کو اگر شام کو ملیں تو صبح غسل کر سکتے ہیں۔ اگر غسل نہ بھی کر سکیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ ان شاء اللہ کچھ ہی عرصہ میں اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

خواتین کی پوشیدہ بیماری کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کافی عرصہ سے لیکوریا کی شکایت ہے۔ میں بہت پریشان ہوں۔ اس کی وجہ سے ہر وقت ناپاک رہتی ہے اور میں ذہنی اذیت کا شکار ہو چکی ہوں۔ ہر وقت سستی کاہلی اور چڑچڑا پن کا شکار رہتی ہوں اس بیماری کی وجہ سے جو کمزوری ہوئی ہے اس سے جسم بے جان محسوس ہوتا ہے۔ (مسز محمد نواز، لاہور)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی خاتون شفاء اور لیکوریا شفاء دوا استعمال کریں۔ آپ کا یہ مرض ٹھیک ہوجائے گا۔ انشاء اللہ

ناک کی الرجی کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے کچھ عرصہ سے الرجی ہے، گرد و غبار، جبس یا تیز خوشبو ٹھنڈی ہوا یا الماری سے بستروں کے نکالنے سے بھی بہت چھینکیں آتی ہیں۔ اس کے بعد پھر زکام شروع ہو جاتا ہے۔ میری ناک کی ہڈی بھی تھوڑی سے ابھری ہوئی ہے۔ ناک پر کسی کا ہاتھ تیزی سے لگ جائے تو تب بھی چھینکیں آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ میں اپنی اس بیماری کی وجہ سے بہت پریشان ہوں۔ تقریباً آٹھ یا نو سال سے اس بیماری میں مبتلا ہوں۔ ہومیو پیتھک، انگلش ادویات سب استعمال کر چکی ہوں۔ مگر ان ادویات کے استعمال سے زیادہ فرق نہیں پڑتا۔ براہ مہربانی کوئی اچھا سا ٹوٹکہ یا دوائی تجویز فرمائیں۔ (عالیہ خاور، ملتان)

مشورہ: آپ پودینہ، خشک اجوائین دیسی دونوں ہم وزن کوٹ کر سفوف تیار کریں اور آدھا چمچ دن میں تین بار پانی یا چائے کے ہمراہ استعمال کریں۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے ان شاء اللہ مرض بالکل ختم ہوجائے گا۔

خواتین کی پوشیدہ بیماری کا علاج

گھٹنوں کا درد برداشت سے باہر ہے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیوی جس کی عمر چالیس سال ہے۔ گزشتہ چار سال سے گھٹنوں کے درد میں مبتلا ہے۔ ڈاکٹر کہتے ہیں آپ کے گھٹنے ختم ہو چکے ہیں ان میں چکنائی ختم ہو چکی ہے۔ جیسے 70 سال کی بڑھیا کے گھٹنے ہوتے ہیں آپ کے گھٹنے بھی ویسے ہو چکے ہیں، اس کا علاج صرف درد کم کرنے والی گولیاں ہیں جو عارضی علاج ہے کوئی مستقل علاج بتادیں۔ (محمد عاقل خان، کراچی)

مشورہ: آپ میتھرے اور سبز الائچی ہموزن لے کر اچھی طرح پیس لیں۔ دن میں دو یا تین مرتبہ چائے والا آدھا چمچ نیم گرم دودھ کے ساتھ لیں۔ اس کے علاوہ آپ عبقری دواخانہ کا کراماتی تیل لے کر گھٹنوں پر اس کی مالش کریں۔ اس سے آپ کے گھٹنوں میں چکنائی بھی پیدا ہوگی اور درد ختم ہوجائے گا۔

سر میں خشکی اور بالوں کا گرنا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چھوٹی بہن کے سر میں بہت عرصے سے خشکی ہے، بہت دوائیاں اور ٹوٹکے استعمال کر چکی ہے لیکن فرق نہیں پڑتا، اس کے علاوہ سر کے بال بھی بہت کمزور ہیں اور بہت گرتے ہیں۔ اس کا علاج بتا دیں۔ (ع۔ک، اٹک)

مشورہ: آپ چقندر کے پتوں کو پانی میں خوب ابال لیں اور اس پانی سے سر کو دھوئیں۔ اس ٹوٹکے سے آپ کے سر کی خشکی ختم ہوجائے گی اور اس کے علاوہ عبقری دواخانہ کا طب نبوی ہیئر آئل اور انمول ہیئر پاؤڈر استعمال کریں آپ کے بال اترنا بھی بند ہو جائیں گے۔ اس سے آپ کے بالوں کی جڑیں بھی مضبوط ہوں گی۔

پیشاب کی نالی میں پتھری

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری بیٹی کی عمر 5 سال ہے۔ اسے کمر میں درد ہوتا تھا، میں ڈاکٹر کے پاس لے گیا، پیشاب اور خون کے ٹیسٹ کیے تو پتہ چلا کہ پیشاب میں پیپ ہے اور گردوں کے نیچے پیشاب کی نالی میں بھی دو پتھریاں ہیں جن کی وجہ سے اسے انفیکشن ہو گیا ہے۔ آپ اس بیماری کا کوئی آسان علاج بتادیں تاکہ میری بیٹی جلد شفاء یاب ہوجائے۔ (حافظ نذیر، کوہاٹ)

مشورہ: آپ بیٹی کو عبقری دواخانہ کا پتھری ڈائیلاسز کورس اور اینٹی بائیوٹک شفاء استعمال کروائیں۔ گردے کی پتھری جسم سے نکل جائے گی اور انفیکشن ختم ہوجائے گا۔

پریشان نہ ہوں، آپ کی رازداری کا خیال رکھا جائے گا!

اس صفحہ پر امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

معدہ کا السر کورس

میری والدہ کو معدہ کی جگہ شدید درد ہوتا تھا، ڈاکٹر کو چیک کروایا تو اس نے السر کی تشخیص کی، میں نے والدہ کو عبقری دواخانہ کا معدہ السر کورس استعمال کروایا تو درد سے نجات مل گئی (ام ہانیہ)

معدہ کا السر | معدہ میں زخم | تیزابیت | معدہ کی جلن

میری زندگی کیسے بدلی؟

مشکوک رزق، بیوی سے جھگڑنا اور گناہوں والی زندگی پر مطمئن تھا

قارئین! حضرت جی! کے درس، موبائل (میموری کارڈ) نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں، انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہو جاتی ہیں، آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں، روزانہ سنیں آپ کے گھر گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں، کسی بھی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اپنی تعلیم مکمل کرنے کے بعد میں نے ایک ایسے روزگار کا انتخاب کیا جو مشکوک تھا۔ میرے اس روزگار کی بنیاد جھوٹ، دھوکہ دہی پر تھی جس کا مجھے ذرہ برابر بھی احساس نہ تھا۔ میری ماہانہ آمدن ڈالروں میں آتی جو ہزاروں نہیں لاکھوں میں تھی۔

ناقابل بیاں گناہوں میں ڈوبا تھا

میں اپنی کمائی اور عیش و عشرت میں مگن تھا۔ نماز، قرآن اور مسنون اعمال سے میں بہت دور تھا۔ میری زندگی ناقابل بیاں گناہوں اور برائیوں میں ڈوبی ہوئی تھی۔ گھر میں بات بات پر بیوی سے جھگڑنا، موبائل اور انٹرنیٹ کا بے دریغ غلط استعمال عروج پر تھا۔ میں اپنی اس گناہوں بھری زندگی پر مطمئن تھا اور اپنی مشکوک کمائی حاصل کرنے کے لئے لوگوں کے ساتھ جو فراڈ اور دھوکہ دہی کرتا تھا اس کا مجھے ذرہ برابر بھی احساس نہ تھا۔ لیکن میری کمائی میں برکت نہ تھی، ہر ماہ کوئی نہ کوئی ایسی آزمائش یا مشکل آجاتی جس وجہ سے میری یہ آمدن بھی کم پڑ جاتی تھی اور مشکل سے گزارہ ہو رہا تھا۔ گھر میں لڑائی جھگڑے اور پریشانیاں عروج پر تھیں

ساری جمع پونجی لگا دی مگر ناکامی مقدر تھی

میری اس مشکوک کمائی کا ہی صلہ تھا کہ والد صاحب کا کسی بات پر جھگڑا ہوا اور انہیں اس جرم کی پاداش میں جیل جانا پڑا جو ان سے سرزد ہی نہیں ہوا تھا۔ یہ واقعہ خاندان اور معاشرے میں بدنامی کا سبب بنا۔ میں نے ان کی رہائی کے لئے تھانے کچہریوں میں اپنی ساری جمع پونجی لگا دی مگر والد صاحب کی رہائی نہ ہو سکی۔ اس کے علاوہ میری اکلوتی بہن پر شیطانی جنات کے اثرات ہو گئے اور اس پر اکثر جنات کی حاضری ہو جاتی جس وجہ سے گھر کے تمام افراد ڈر کر سہم جاتے۔ میں اپنی بہن کے علاج کے لئے بھی مختلف عاملوں کے پاس جا جا کر تھک گیا مگر فائدہ نہ ہوا۔

عرش سے فرش پر آگیا

ان دنوں ایک قریبی دوست نے عبقری رسالہ پڑھنے کے دیا۔ میرا مطالعہ کا ذوق نہ تھا مگر اپنے دوست کے اصرار پر رسالہ پڑھنا شروع کیا اور جیسے جیسے صفحات پڑھ کر پلٹتا گیا حیران ہوتا گیا کہ یہ بھی ایک دنیا اور جینے کا انداز ہے کہ مسائل اور پریشانیاں وظائف اور مسنون اعمال کے ذریعے بھی ختم ہوتے ہیں۔ اس رسالہ کی وجہ سے میرا تسبیح خانہ سے تعارف ہوا اور میں نے شب جمعہ کی محفل میں شرکت کی، اس دن محفل میں مشکوک رزق کی نحوستوں اور حلال کمائی کی برکتوں پر بات ہو رہی تھی۔ مجھے ایسا لگا کہ جیسے یہ ساری باتیں میرے لئے ہی ہیں۔ اس دن مجھے احساس ہوا کہ میرے تمام مسائل اور پریشانیوں کی وجہ میرا مشکوک رزق اور گناہوں سے لبریز زندگی ہے۔ میں نے اپنا مشکوک ذریعہ روزگار ترک کرنے کا فیصلہ کیا۔

آزمائشیں آئیں مگر استقامت نے رنگ دیا

میری جمع پونجی پہلے ہی ختم ہو چکی تھی اور فوری کوئی ذریعہ روزگار بھی نہ تھا۔ چنانچہ میں نے مزدوروں کے ساتھ کام کرنا شروع کر دیا۔ رمضان کا مہینہ تھا اور سارا دن اینٹیں اور بجری اٹھاتا، جسم تھکن سے چور ہو جاتا مگر اس دوران دل ہی دل میں ذکر کو بھی جاری رکھتا اور روحانی محفل میں بھی شرکت کرتا رہا۔ خاندان کے لوگوں اور دوستوں نے مذاق اڑانا شروع کیا مگر اللہ نے مجھے استقامت دی اور میں اپنی حلال کی کمائی پر مطمئن تھا۔ میری اس استقامت اور اعمال کی برکت پر اللہ تعالیٰ نے ایسے کرم کے فیصلے کیے کہ تھوڑے ہی عرصہ میں والد صاحب کی جیل سے رہائی ہوگی اور اعمال کی برکت سے بہن کا شیطانی جنات والا مسئلہ بھی حل ہو گیا۔ میری زندگی سے گناہوں کی تمام نحوستیں ختم ہو چکی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اب مجھے ایسا حلال روزگار عطا کیا ہے جس سے میری آمدن اب دوبارہ لاکھوں میں ہے مگر اس کمائی میں برکت اور وسعت ہے۔

گھر رزق کی بارش کروانے کا نقش

آپ کے رزق میں بندش لگ چکی ہے، گھر میں فاقے ہیں، سو فیصد حل مارچ 2023ء کے شمارہ میں ''جنات کا پیدائشی دوست'' کا عطا کردہ ساتواں لاہوتی نقش ہے۔ گھر رزق کی بارش شروع ہو جائے گی۔ انتظار کیجئے، ضرور لیجئے!

شریر جنات کی خباثتیں

میری کہانی کو پڑھنے کیلئے پہاڑ جیسا حوصلہ چاہیے، شاید کچھ پڑھے لکھے مجھے نفسیاتی مریض کہیں، کچھ دماغی بیمار، کچھ افسانی کہانیاں گھڑنے والی مگر ایک انگریزی کہاوت ہے کہ ''جوتا پہننے والے کو معلوم ہوتا ہے کہ جوتا کہاں لگ رہا ہے'' ''میرا تعلق آزاد کشمیر سے ہے، عمر تقریباً 24 سال ہے اور ہم رہتے لاہور میں ہیں۔ آج سے تقریباً پانچ سال پہلے مجھے محسوس ہونا شروع ہوا کہ میرے ساتھ کوئی چیزیں ہیں جو رات کو میرے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرتی ہیں۔ میں نے اپنا وہم سمجھ کر انہیں جھٹلا دیا۔ مگر یہ حرکات بڑھتی چلی گئیں۔ پھر مجھے جاگتی آنکھوں سے سائے نظر آنا شروع ہو گئے۔ میں ڈر گئی، والدہ کو بتایا، مختلف جگہوں سے دم درود کروائے، چند دن فرق پڑتا مگر بعد میں یہ سلسلہ مزید شدت سے شروع ہو جاتا اور یہ جنات مجھے ناپاک کرتے۔ ہمیں کسی نے تسبیح خانہ کا بتایا۔ ملاقات کا ٹوکن مل گیا، شیخ الوظائف سے ملاقات کی، شیخ الوظائف نے دم کیا اور ساتھ پڑھنے کیلئے وظائف دیئے۔ اللہ کا کرم ہوا، ان غلیظ چیزوں سے میری جان چھوٹ گئی۔ مشکل سے نکلنے کے بعد مجھ سے اور والدہ سے ایک غلطی ہوئی کہ ہم نے وظائف پڑھنا، درس سننا اور تسبیح خانہ میں جانا چھوڑ دیا۔ تقریباً ڈیڑھ سال بعد وہ چیزیں پھر ظاہر ہو گئیں مگر اس بار حملہ بالکل مختلف نوعیت کا تھا، یہ کہتے ہوئے میرے ہاتھ، جسم اور دل کانپ رہے ہیں، شریر جنات نے یہ حملہ کیا کہ میرے سامنے ''شیخ الوظائف کے روپ'' میں ظاہر ہونا شروع ہو گئے اور خباثتوں کا سلسلہ دوبارہ شروع ہو گیا۔ میرے دل میں وساوس کا سیلاب امڈ آیا کہ یہ میرے ساتھ کیا ہو گیا؟ میں نے یہ ذکر اپنی والدہ سے کیا، والدہ نے ماننے سے انکار کر دیا، اب یہ شریر جنات میرے سامنے آتے، تمام کی شکلیں شیخ الوظائف کی ہوتیں، مجھ سے باتیں کرتے، تسبیح خانہ کی باتیں کرتے، مجھے کہتے اب جب ہمارے پاس آنا تو آ کر مجھ سے معافی مانگنا۔ انہی دنوں ہمیں دوبارہ شیخ الوظائف سے ملاقات کا ٹوکن ملا، ماں بیٹی پہنچیں تمام صورتحال شیخ الوظائف کے سامنے رکھی تو شیخ الوظائف نے ہمیں دم کیا اور پڑھنے کو وظائف دیئے۔ یقین کیجئے جب سے یہ دم کروایا ہے تمام چیزیں ختم ہو گئی ہیں، اب وظائف پڑھ رہی ہے، ہر جمعرات کی محفل میں شامل ہوتے ہیں۔ ان تمام خبیث غلیظ چیزوں سے جان چھوٹ چکی ہے۔ اللہ کسی ماں بہن پر ایسا وقت نہ لائے۔ (پوشیدہ)

مجھے مخصوص ایام میں بہت زیادہ خون آتا تھا۔ جسم میں خون کی کمی ہو گئی اور صحت بہت کمزور ہو چکی تھی۔ میں نے خون روک شفاء استعمال کی تو حیض نارمل حالت میں آنا شروع ہو گیا۔ (پوشیدہ)

لیکوریا، رحم اور کمر درد کا بہترین علاج ہے

خون روک شفاء

ہاتھ اٹھاتی ہوں اور رب سے فیصلہ کروالیتی ہوں

ماریہ بی بی، اسلام آباد

محترم شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! آج کے دور میں غم کے ماروں اور دکھوں سے پریشان لوگوں کے لئے عبقری کا کردار کسی مسیحا سے کم نہیں۔ لوگ اپنے مسائل اور پریشانیوں سے نجات کے لئے در بدر بھٹکنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ ان حالات میں اللہ تعالیٰ نے آپ جیسے رہبر کا ساتھ عطا فرمایا ہے جس نے ہمیں اللہ کی ذات پر یقین اور اللہ سے گڑگڑا کر مانگنا اور دعاؤں کے ذریعے اپنے دکھ درد ٹلوانے پر لگا دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عبقری سے جڑا شخص جب بھی کسی مشکل یا مصیبت میں پھنس جاتا ہے تو وہ فوراً اللہ کی ذات کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے' مسنون اعمال اور دعاؤں کی روحانی طاقت سے اللہ سے اپنے حق میں فیصلے کروالیتا ہے۔

شوہر نے گھر سے بے دخل کردیا

آج سے چند سال قبل میں بھی ایک ایسی پریشانی اور مشکل میں مبتلا ہو چکی تھی۔ میرے اپنے سسرال والوں کے ساتھ لڑائی جھگڑا رہتا تھا جس وجہ سے میرے شوہر بھی مجھ سے خوش نہ تھے اور انہی لڑائی جھگڑوں کی وجہ سے سخت ناراض ہو کر مجھے شوہر نے گھر سے نکال دیا۔ خاندان کے چند افراد نے ہمارے درمیان صلح کروانے کی کوشش کی مگر میرے شوہر صلح پر راضی نہ ہو سکے۔ میں اپنے میکہ آگئی اور کافی ماہ وہی مقیم رہی۔ اس دوران مجھے اپنی کمیوں کوتاہیوں کا بھی احساس ہوا۔ میں نے اپنی اصلاح کی کوشش کی مگر میرے شوہر مجھے گھر واپس لے جانے پر رضامند نہ ہو سکے۔

رشتہ ٹوٹنے کے قریب تھا

اس وقت کے حالات وواقعات سے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ بہت جلد میرے شوہر مجھ سے رشتہ ختم کرلیں گے۔ مجھے اپنی باقی زندگی مصائب وآلام میں گزرتی ہوئی نظر آرہی تھی۔ میں نے اور میرے گھر والوں نے تمام اسباب اختیار کرکے دیکھ لئے کہ کسی طرح میرا اجڑتا ہوا گھر بس جائے مگر تمام تر کوششیں بے سود ہو گئیں۔ میں نے شیخ الوظائف کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے دعاؤں کا سہارا لیا۔ میں نے دعاؤں کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنا شروع کیں' اپنی فریادیں اور مرادیں اس رب کریم کے حضور پیش کرنا شروع کر دیں کہ مولا میں تیری گناہ گار بندی ہوں۔ اس وقت دکھوں اور مصائب میں مبتلا ہوں' اس مشکل وقت میں تو ہی میری مدد فرما۔ اس کے علاوہ ایک تسبیح فَسَیَکۡفِیۡکَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ پڑھنا شروع کر دی۔ یہ عمل کرتے ہوئے ابھی چند دن ہی گزرے تھے کہ میری ساس نے مجھے خود کال کی اور میرا حال احوال لیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے دل میں میرے لئے نرمی پیدا کی۔ میں نے اپنے اس عمل کو جاری رکھا' روزانہ ایک تسبیح ہر نماز کے بعد اس آیت کی دعائیہ انداز میں پڑھتی اور پھر تسبیح مکمل ہونے کے بعد رو رو کر گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے اپنا اجڑا گھر بسانے کے لئے دعا کرتی۔ ایک دن میں نماز کے بعد اللہ تعالیٰ سے اسی مذکورہ آیت کا ورد کرتے ہوئے دعائیں مانگ رہی تھی کہ میری ساس نے فون کیا اور پھر شوہر سے رابطہ ہوا۔ میرے شوہر کے دل میں اللہ تعالیٰ نے رحم پیدا کیا اور ان دعاؤں کی برکت تھی کہ وہ چند ہی دنوں میں مجھے گھر واپس لے گئے اور اللہ تعالیٰ نے دعاؤں کی برکت سے میرا اجڑا ہوا گھر بسا دیا۔ میرے سسرال والوں کے حالات بھی بہتر ہو چکے ہیں اور دلوں میں اللہ تعالیٰ نے محبتیں اور وسعتیں پیدا کر دی ہیں۔ مجھے جب بھی کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو فوراً دعاؤں کی طرف متوجہ ہوتی ہوں اور اللہ میرا کام کر دیتا ہے۔

پیٹ کے کیڑوں کا علاج

اکثر بچوں کے پیٹ میں مٹی وغیرہ کھانے سے کیڑے پڑ جاتے ہیں جس وجہ سے وہ پیٹ میں سخت تکلیف کی شکایت کرتے ہیں' اس کے لئے ایک مجرب ٹوٹکہ ہے۔ ایک برتن میں قندھاری انار کے چھلکے پانی میں ڈال کر اس قدر ابالیں کہ پانی آدھا رہ جائے۔ اس پانی میں 1/8 حصہ شہد ملا کر مریض کو پلا دیں۔ یہ نسخہ روز مستقل استعمال کریں' اس سے ان شاء اللہ چند روز میں پیٹ کے کیڑے مر جائیں گے۔ اسی مرض کے لیے ''باتھو'' کا ساگ بھی بہت مفید ہے۔ ساگ کا عرق نکال کر مریض کو پلائیں۔ ان دونوں میں سے کوئی بھی نسخہ استعمال کرلیں' شفاء ہوگی۔ (کوکب خواجہ' کراچی)

شکر کی اہمیت

مولانا وحید الدین خانؒ

چارلس رشٹر (Charless Richter) ایک امریکی سائنس داں ہیں۔ وہ زلزلہ کے ماہرین میں سمجھے جاتے ہیں۔ چارلس رشٹر نے کیلی فونیا کی انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی میں نصف صدی تک زلزلہ کا مطالعہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا: ان سے اکثر پوچھا جاتا ہے کہ زلزلہ کے خطرہ سے بچنے کے لیے آدمی کو کہاں بھاگنا چاہیے۔ ''کیلی فورنیا میں اس کا جواب بالکل سادہ ہے، وہ یہ کہ کہیں نہیں۔ امریکہ کی 78 ریاستوں میں زلزلہ کا سب سے کم خطرہ فلوریڈا اور ساحلی ٹکساس میں ہے۔ مگر پھر میں سوال کروں گا کہ طوفان کے بارے میں ان کا کیا خیال ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر علاقے کے اپنے کچھ خطرات ہیں۔ اس لیے واحد بدل یہ ہے کہ آدمی کسی دوسرے مقام پر چلا جائے اور کسی دوسرے خطرہ کو گوارا کرے۔''

آدمی کا یہ مزاج ہے کہ جو کچھ اس کو ملا ہوا ہے اس پر وہ مطمئن نہیں ہوتا اور جو کچھ نہیں ملا اس کے پیچھے دوڑتا ہے۔ اسی مزاج کا یہ نتیجہ ہے کہ ہر آدمی غیر مطمئن زندگی گزارتا ہے۔ کوئی بظاہر خوش نصیب آدمی جس کو لوگ قابل رشک سمجھتے ہیں وہ بھی اندر سے اتنا ہی غیر مطمئن ہوتا ہے جتنا وہ لوگ جو اس کو رشک کی نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ ہر شخص کو کوئی نہ کوئی نعمت ملی ہوئی ہے مگر جس کے اندر شکر کی نفسیات نہیں ہوتی وہ غیر حاصل شدہ نعمت کی طرف متوجہ رہتا ہے اور جو نعمت ہر وقت اسے حاصل ہے اس کو حقیر سمجھتا ہے۔ ایسے آدمی کے اندر اپنے خدا کے لیے شکر کا جذبہ نہیں ابھرتا۔ وہ عین اسی چیز سے محروم رہ جاتا ہے جس کو اسے سب سے زیادہ اپنے سینہ کے اندر پرورش کرنا چاہیے۔ موجودہ دنیا کو خدا نے اس طرح بنایا ہے کہ یہاں مکمل راحت کسی کے لیے نہیں۔ ایک جغرافیہ کا آدمی وہاں کے مسائل سے گھبرا کر دوسرے جغرافیہ میں چلا جائے تو اس کو دوسرے جغرافیہ میں پہنچ کر معلوم ہوگا کہ یہاں بھی مسائل ہیں۔ اسی طرح اگر کم آمدنی والے کے مسائل ہیں تو زیادہ آمدنی والے کے بھی مسائل ہیں۔ اگر بے زور آدمی کے مسائل ہیں تو اس کے بھی مسائل ہیں جن کو زور وقوت حاصل ہے۔ امتحان کی اس دنیا میں کسی آدمی کو مسائل سے فرصت نہیں۔ آدمی کو چاہیے کہ وہ جن مسائل کے درمیان ہے ان کو گوارا کرتے ہوئے اپنا سفر جاری رکھے۔ اس کی توجہات کا مرکز خدا کی رضا حاصل کرنا ہو نہ کہ مسائل سے پاک زندگی کا مالک بننا، کیونکہ وہ تو آخرت سے پہلے ممکن ہی نہیں۔

خون صفا پاؤڈر

چہرے پر داغ، دھبے، کیل مہاسے، جلدی خرابی، پرانی خارش جلن اور زخم کا خاتمہ ہو جاتا ہے

میرے جسم پر الرجی تھی۔ پھوڑے پھنسیاں نکلتے تھے اور خارش بھی ہوتی تھی۔ مجھے ایک مخلص نے خون صفاء استعمال کرنے کا بتایا اس کے استعمال سے مجھے جلدی امراض سے نجات مل گئی۔

غم روزگار ازدواجی زندگی پر اثر انداز! مگر

محمد زبیر حسن

کسی بھی میاں بیوی کے لیے شادی کے ابتدائی لمحات خوبصورت اور ناقابل فراموش یادوں کے حامل ہوتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اس دورانیے میں دونوں جانب سے یکساں طور پر ایک دوسرے کے جذبات و احساسات کا خیال رکھا جاتا ہے۔ بلاوجہ کی باز پرس اور روک ٹوک نہیں ہوتی۔ چھوٹی موٹی کمزوریوں یا کوتاہیوں کو فراخ دلی سے نظرانداز کردیا جاتا ہے۔ دونوں کا رویہ ہمدردانہ اور دلجویانہ ہوتا ہے۔ ایک ساتھ جینے مرنے کی قسمیں کھانے اور عمر بھر کے لیے ایک دوسرے کی چاہت و محبت کا دم بھرنے کے دعوے کیے جاتے ہیں۔ بیشتر معاملات میں نہ صرف دونوں ایک دوسرے کو رعایت دیتے ہیں بلکہ صدق دل سے ایک دوسرے کی اچھائیوں اور خوبیوں کو بھی سراہتے ہیں لیکن پھر آہستہ آہستہ اور غیر محسوس انداز میں رویے بدلنا شروع ہوتے ہیں۔ عموماً دونوں جانب سے وعدوں کا پاس رکھنا مشکل ہوتا جاتا ہے پھر ایک وقت ایسا بھی آتا ہے کہ وہی افراد جو ایک دوسرے کی تعریف کرتے نہیں تھکتے تھے اب ناقدانہ پن ان کے مزاج کا حصہ بننے لگتا ہے۔ بعض اوقات انتہائی معمولی اور چھوٹی چھوٹی باتوں کو بھی بے وجہ طول دیا جاتا ہے۔ دونوں جانب سے تحمل اور برداشت کے مظاہرے کم ہونے لگتے ہیں اور الزام تراشی کی روش عام ہوجاتی ہے۔ کھانا وقت پر نہ بنے تو شوہر کا پارہ چڑھ جاتا ہے۔ محبت و پیار کے احساسات زندگی کے جھمیلوں میں کہیں دفن ہونے لگتے ہیں۔ خوشی اور قرب کے لمحات محض ترنگ اور موڈ کے مرہون منت ہوکر رہ جاتے ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ کہ ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوششیں بھی کم کردی جاتی ہے دونوں افراد گھر میں اپنی اپنی جگہ وہی کچھ دیکھنا اور سننا چاہتے ہیں جسے وہ ذاتی طور پر درست سمجھتے ہوں۔ اس طرح سمجھوتے کا عنصر کم سے کم ہوجاتا ہے اور معمولی باتیں بھی اختلاف کا باعث بن جاتی ہیں۔ ایک نہیں ایسے سینکڑوں جوڑوں کی مثالیں دی جاسکتی ہیں جنہیں زندگی بھر اسی طرح کے نشیب و فراز کا سامنا رہتا ہے۔

بلاشبہ غم روزگار ہماری ازدواجی زندگی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ ہمیشہ میاں بیوی کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج یا سرد مہری کی وجہ مالی یا معاشی حالات ہی ہوں بلکہ امیر اور خاصے کھاتے پیتے گھرانوں میں بھی ایک دوسرے کو نہ سمجھنے کے رویے بہت عام دیکھنے میں آتے ہیں۔

صبر و تحمل سے کام لیں: ازدواجی زندگی میں عقل و شعور اور ساتھ میں صبر و تحمل سے کام لینا انتہائی ضروری ہے۔ اگر کسی ایک فریق کی طرف سے ناگواری پیش آئے تو ضروری ہے کہ دوسرا فریق اس وقت صبر و تحمل اور عقل مندی سے کام لے اور مناسب وقت آنے پر اپنی ناگواری کا اچھے انداز میں اظہار کرے۔ اعتماد کی فضا کو برقرار رکھیں: تمام رشتوں کی اصل بنیاد باہمی اعتماد ہوتا ہے۔ اگر یہ اعتماد ختم ہوجائے تو رشتہ کو قائم رکھنا مشکل نہیں ناممکن ہوجاتا ہے۔ حتی الامکان کوشش کریں کہ کبھی بھی اپنے جیون ساتھی کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائیں۔

یقین کی بجائے تحقیق کریں: اگر کسی قریبی شخص سے آپ کے جیون ساتھی کے خلاف کوئی بات معلوم ہو تو اس پر یقین کرنے کی بجائے تحقیق کرلے اور اگر بات کی تصدیق ہوجائے تنقید کی بجائے اچھے انداز میں اصلاح کی کوشش کرے۔

معاشرے میں عزت، وقار و مرتبہ! یوں پایا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اکثر اوقات بچے ضد یا نظر بد کی وجہ سے بہت زیادہ چلانا اور رونا شروع کردیتے ہیں۔ جب مسئلہ کچھ بڑھتا ہے تو نوبت یہاں تک آجاتی ہے کہ وہ کھانا پینا بھی بند کردیتے ہیں۔ اس کے کچھ دن بعد ہی ایسے بچے متوازن خوراک نہ ملنے کی وجہ سے بیمار اور کمزور پڑ جاتے ہیں۔ اس مسئلہ کے حل کے لئے میرے پاس ایک دم ہے جو مجھے کسی بزرگ سے ملا تھا۔ میں نے اس عمل کو بارہا آزمایا ہے اور ہر بار مجرب پایا ہے۔ ایسے بہت سے بچے جو دودھ پینا چھوڑ چکے تھے اگر انہیں زبردستی دودھ پلانے کی کوشش کی جاتی تو وہ بچے الٹیاں کرنا شروع کردیتے۔ پھر بچے کے علاج معالجہ کے لئے ادویات کا استعمال کروایا جاتا مگر بچہ مکمل طور پر صحت یاب نہ ہوتا۔ میں نے ایسے بہت سے بچوں کو دم کیا جس سے انہیں شفاء ملی اور ان بچوں نے کھانا پینا اور دودھ پینا شروع کردیا۔ وہ عمل یہ ہے کہ چار بار سورۃ فاتحہ اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھ کر بچے پر یا اس کے فیڈر پر دم کردیا جائے۔ یہ عمل چند بار کرنے سے مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ میرا معمول ہے کہ میں گھر سے نکلتے وقت مسنون دعا بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ سات بار اور گیارہ بار يَا حَفِيظُ يَا سَلَامُ پڑھتا ہوں اللہ تعالیٰ سفر میں آسانی فرماتا ہے‘ سفر کی تکلیف اور مصائب سے نجات رہتی ہے۔ تین تسبیحات (درود پاک‘ استغفار‘ تیسرا کلمہ) پڑھنے کی برکت سے مخلوق میں بہت عزت اور وقار ملا ہے‘ لوگ میری بات غور اور توجہ سے سنتے ہیں اور دل مطمئن ہوتا ہے۔ (جاوید اختر‘ نارووال)

ایک چٹکی ہلدی اور دارچینی سے سر درد یقینی ختم

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند ماہ سے درد شقیقہ کے مرض میں مبتلا تھی۔ اکثر کام کرتے اور بیٹھے بٹھائے اچانک سر کے آدھے حصہ میں درد شروع ہوجاتی جس کی وجہ سے گھر کے کام کرنے میں بھی بہت دقت پیش آتی۔ میں نے اس مرض سے نجات پانے کے لئے کچھ اینٹی بائیوٹک ادویات کا استعمال شروع کیا جن کے استعمال سے سر درد کا مسئلہ تو حل ہوجاتا لیکن مخصوص ایام بے ترتیبی سے آتے اور اس دوران بہت زیادہ تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا۔ میں اس مسئلہ کی وجہ سے کافی پریشانی کا شکار تھی۔ میں چاہتی تھی کوئی ایسی دوا ہو جس سے میرا درد شقیقہ کا مسئلہ بھی حل ہوجائے اور کوئی سائیڈ ایفیکٹ بھی نہ ہو۔ مجھے کسی نے اس مرض سے متعلق ٹوٹکہ بتایا کہ جس وقت سر میں درد ہو تو فوراً ایک چٹکی ہلدی اور ایک ہی چٹکی دارچینی کا پاؤڈر ایک گلاس پانی میں ڈال کر ابال لیں‘ جب پانی آدھے سے کم رہ جائے تو اس میں تھوڑا مزید تازہ پانی ملا کر نیم گرم پی لیں۔ میں نے یہ ٹوٹکہ استعمال کرنا شروع کیا‘ چند بار کے استعمال سے ہی میرے مرض میں نمایاں کمی ہوگئی۔

الرجی اور ہارمونز کا مسئلہ حل

اگر کسی کو الرجی کا مسئلہ ہو یا ہارمونز کا مسئلہ ہو تو ایسی صورت میں میتھی دانہ‘ کلونجی اور سونف ہم وزن ملا کر ایک چٹکی ثابت صبح‘ دوپہر اور شام ہمراہ پانی کے استعمال کریں‘ ان شاء اللہ شفاء ہو گی۔ اس کے علاوہ لوز موشن کے لئے کچھ مقدار میں چائے والی پتی کھانے سے لوز موشن کا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ (پوشیدہ‘ لاہور)

سچا منجن

داڑھ درد، کیڑا لگنا، ٹھنڈا گرم لگنا، مسوڑھوں سے خون آنا

میں کچھ عرصہ سے عبقری کا سچا منجن استعمال کررہا ہوں، پہلے میرے دانت میلے اور مسوڑھے کمزور تھے۔ لیکن اس سے میرے دانت بہت صاف اور مسوڑھے مضبوط ہوگئے ہیں۔ (رشید‘ اوکاڑہ)

سنبل انعام

گھنے لمبے اور چمکدار بالوں کیلئے خالص مہندی کا ٹوٹکہ

موسم سرما اپنے ساتھ کئی مسائل لاتا ہے، خاص طور پر حسن و خوبصورتی کے حوالے سے چھوٹے، چھوٹے مسئلے بھی بڑے بن جاتے ہیں، یہ وقت ہوتا ہے جب جلد اور بالوں کو توجہ زیادہ درکار ہوتی ہے۔ جلد کی حفاظت ٹوٹکے، نسخوں اور ریڈی میڈ سکن کیئر مصنوعات سے استفادہ حاصل کیا جاتا ہے تو بالوں میں تازگی برقرار رکھنے کے لیے شیمپو، کنڈیشنر اور تیل کی خدمات لی جاتی ہیں لیکن مشاہدات سے ثابت ہوا کہ بالوں میں غیر ضروری طور پر شیمپو استعمال کرنے سے سردیوں میں بال مزید روکھے ہوجاتے ہیں۔ اس موسم میں جسم کی جلد کی طرح سر کی جلد بھی خشک ہو کر خشکی کا سبب بنتی ہے۔ خشکی صرف موسم سرما کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ کچھ لوگوں کو سارا سال تنگ رکھتی ہے۔ Malassezia Fungus کی وجہ سے خشکی لاحق ہوتی ہے۔ سر کی کھال کی صحت برقرار رکھنے اور خشکی کے خاتمہ کے لیے کچھ تجاویز دی جارہی ہیں تاکہ اس پریشانی سے بچا جاسکے۔

گھیکوار کا گودا استعمال کریں

ایلوویرا یا گھیکوار لے کر اسے چھیل کر گودا نکال لیں۔ گودے کو بلینڈ کرکے سر کی کھال کا مساج کریں۔ 20 سے 30 منٹ بعد بال دھولیں۔ اس عمل کو ہفتے میں دومرتبہ ضرور دہرائیں۔

سرسوں اور انڈے کا مکسچر

آدھی پیالی دہی میں ایک کھانے کا چمچ سرسوں کا تیل اور ایک انڈے کی سفیدی ملالیں، مکسچر، سر کی کھال پر انگلیوں کے پوروں سے ملیں۔ 15 سے 20 منٹ بعد بالوں کو پہلے سادہ پانی پھر کسی اچھے ہربل شیمپو سے دھولیں۔

شیمپو کی جگہ بال دھونے کے لیے ریٹھا، آملہ اور سکاکائی کا پاؤڈر کا استعمال کیا جائے تو یہ زیادہ مناسب ہے۔ دو کھانے کے چمچ پسے ہوئے آملہ، دو کھانے کے چمچ پسی ہوئی سکاکائی اور ایک چائے کا چمچ پسے ہوئے ریٹھے کا پاؤڈر ملا کر بالوں کی لمبائی کی مناسبت سے اسی تناسب میں یہ پاؤڈر تھوڑے سے پانی میں گھول کر رکھ دیں۔ بال دھونے سے 20 منٹ قبل گاڑھا محلول بالوں کی جڑوں تک لگائیں اور اس کے بعد سادہ پانی سے بال دھولیں۔

بالوں کی قدرتی چمک کے لئے

غسل سے 20 منٹ قبل بالوں کی جڑوں میں املی کا پانی یا سفید سرکہ کا مساج کرنے سے بالوں کی چمک میں اضافہ ہوتا ہے۔ مایونیز، بالوں کے لیے بہترین کنڈیشنر ثابت ہوتا ہے۔ اس کا ماسک لگانے سے بالوں کی مجموعی صحت اچھی ہوتی ہے۔ ہیئر ڈائی سے کئی گنا بہتر مہندی ہے لیکن کوشش کریں مہندی خالص ہو۔

بالوں کو لمبا کرنے کا گھریلو ٹوٹکہ

لمبے بال ہمیشہ سے ہی خوبصورتی کی علامت سمجھے جاتے ہیں۔ مگر بال لمبے اور خوبصورت بنانا انتہائی مشکل کام ہے۔ خصوصاً لڑکیوں کے ساتھ یہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اگر بال چھوٹے ہوں تو گھنے نظر آتے ہیں اور اگر بال لمبے ہوجائیں تو پتلے ہوجاتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بالوں کو کم ٹائم میں بے حد لمبے کرنا چاہتی ہیں تو یہ ٹوٹکا آپ کے لیے بے حد کارآمد ہے۔ ایک چھوٹی پلاسٹک کی بوتل آدھی سے کم پانی سے بھر لیں اب اس میں تین چمچ بیکنگ سوڈا ڈال دیں۔ یہ ایک گاڑھا محلول بن جائے گا۔ اب اس محلول کو پورے سر کے بالوں کی جڑوں اور بالوں کے اوپر نیچے اچھی طرح لگائیں یعنی سر کی مالش کریں اور پھر چار منٹ تک لگا رہنے دیں۔ 4 منٹ بعد بالوں کو سادہ پانی سے اچھی طرح دھولیں۔ اب ایک ٹب لیں پھر اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ آپ کا سر اچھی طرح ڈھل جائے۔ اس میں چار بڑے چمچ سرکہ کے ڈال دیں آپ اس پانی میں ذرا سا لیونڈر آئل بھی شامل کرسکتے ہیں۔ اس سے مزید اچھا رزلٹ ملے گا۔ یہ ٹوٹکہ ہفتہ میں ایک بار ضرور استعمال کریں۔ آپ کے بال انتہائی تیزی سے لمبے ہونگے، بال بے حد پیارے اور چمکدار بھی ہوجائیں گے آزما کر دیکھ لیں۔

لذت سے بھرپور ایسا کھانا کہ سب تعریف کرنے پر مجبور ہوجائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج کے اس جدید سائنسی دور میں دیسی اور خالص غذاؤں کا ملنا کسی کرشمہ سے کم نہیں ہے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس مالک نے اس دور میں بھی عبقری کے ذریعے ہمیں دیسی اور خالص غذاؤں کی افادیت سے روشناس ہی نہیں کروایا بلکہ پہنچا بھی رہا ہے۔ میں عبقری کی مختلف پروڈکٹس استعمال کرچکی ہوں، الحمدللہ اب عبقری پر میرا اور میرے گھر والوں کا مکمل اعتماد بن چکا ہے کہ ان کی پروڈکٹس خالص اور دیسی اجزاء سے تیار کردہ ہیں جو ہر قسم کے سائیڈ ایفیکٹ سے پاک ہیں۔

میں اپنے علاقہ میں موجود عبقری ایجنسی سے کچھ ادویات خریدنے کے لئے گئی تو وہاں میری نظر عبقری دیسی گھی پر پڑی۔ اس سے پہلے مجھے عبقری دیسی گھی کے بارے میں معلومات نہ تھیں کیونکہ زیادہ تر عبقری کی پروڈکٹس میں رسالہ میں دیئے گئے نمبر پر کال کرکے ہی پارسل کے لئے بک کرواتی تھی۔ میں نے ایجنسی ہولڈر سے تصدیق کی جس کے بعد معلوم ہوا کہ یہ گھی واقعی عبقری کا ہے۔ میں نے فوراً ان سے دو ڈبے خرید لئے۔ جب گھر آکر میں نے دیسی گھی کے ڈبہ کو کھولا تو اس کی مہک نے ہی بتادیا کہ یہ واقعی خالص ہے۔ میں نے ناشتہ میں اپنے بچوں کے جب اس گھی سے روٹیاں اور سالن تیار کرکے دیا تو سب نے کھانے کی بہت تعریف کی اور میرے شوہر نے بتایا کہ آج عرصہ دراز بعد خالص دیسی گھی کھانا نصیب ہوا ہے۔ دراصل اس سے پہلے بھی ہم سب گھر والے مارکیٹ میں موجود مختلف کمپنیوں کا دیسی گھی استعمال کرتے رہے مگر ان میں سے کوئی بھی دیسی گھی ایسا نہیں تھا جس کے بارے میں یہ کہا جائے کہ یہ 100 فیصد خالص ہے۔ وہ گھی استعمال کرنے سے محسوس ہو جاتا تھا کہ اس میں ملاوٹ کی گئی ہے لیکن بوجہ مجبوری ہمیں وہ استعمال کرنا پڑتا تھا۔ لیکن جب سے عبقری دیسی گھی گھر میں آیا ہے تب سے ہمارا یہ مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ میرے بچوں کی صحت بھی پہلے سے کافی بہتر ہوچکی ہے۔ اس سے پہلے وہ جب بھی گھی والی روٹی کھاتے تو انہیں اکثر موشن لگ جاتے یا پیٹ میں تکلیف شروع ہوجاتی تھی جس کے بعد انہوں نے گھی والی روٹی کھانا چھوڑ دی تھی۔ اب الحمدللہ وہ جی بھر کے دیسی گھی سے تیار کردہ روٹیاں اور سالن استعمال کرتے ہیں اور انہیں کوئی سائیڈ ایفیکٹ بھی نہیں ہوتا اور ان کا ہاضمہ بھی ٹھیک رہتا ہے۔ (تبسم نذیر، کراچی)

سدا بہار حسن و خوبصورتی پیکیج | داغ دھبے | جھریاں | چھائیاں | اب چھپانے کی ضرورت نہیں
جلد کی خشکی سے پریشان تھا رنگت بھی بجھی بجھی رہتی۔ بہت مالش مساج کیے لیکن کوئی فرق نہیں پڑا، سدا بہار خوبصورتی پیکیج استعمال کیا تو جلد کی خشکی ختم ہوگئی اور میری جلد بہت خوبصورت ہوگئی۔

انوکھی چستی' طاقت اور پھرتی! اگر یہ تیل نہ ملتا تو بستر پر ہوتا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے زیتون کے تیل کے فوائد سنے کہ کھانے پکانے اور لگانے میں زیتون کے تیل کا استعمال بڑی بڑی لاعلاج بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ کھانا بھی اچھی طرح ہضم ہوتا ہے۔ ایسے ہی کچھ لوگوں کے مشاہدات میں نے عبقری رسالہ میں بھی پڑھے اور ایک بڑے سٹور سے زیتون کا تیل خرید لایا جو مہنگا اور امپورٹڈ تھا۔ میں نے جب اس تیل کو اپنے کھانے میں استعمال کیا تو پہلے ہی دن میرا پیٹ خراب ہوگیا۔ میں نے سوچا شاید پہلی بار استعمال کرنے سے یہ مسئلہ ہوا ہے اس لیے مزید چند دن استعمال کرتا رہا مگر میری صحت مزید خراب ہوگئی۔ میرے والد صاحب نے بتایا کہ دکانوں پر سیل ہونے والے اکثر زیتون کے تیل اس قابل نہیں ہوتے کہ انہیں کھانوں میں استعمال کیا جائے۔ انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کا زیتون کا تیل منگوانے کو کہا۔ میں نے عبقری کا زیتون کا تیل منگوایا۔ کھانے میں یہی تیل استعمال کرنا شروع کردیا۔ میری صحت بہت بہتر ہوچکی ہے۔ اس تیل سے میں جسم پر مالش کرتا ہوں جسم میں انوکھی چستی اور طاقت آتی ہے۔ جوڑوں اور ہڈیوں میں بھی مضبوطی آتی ہے۔ اس کے علاوہ میرا کولیسٹرول بھی آئے دن بگڑ جاتا تھا وہ بھی کنٹرول میں ہے۔ (کاشف جمال' کوئٹہ)

دکان پر گاہکوں کی بارش

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرا کاروبار دن بادن تنزلی کا شکار ہورہا تھا۔ ایک دن میں نے عبقری کے فیس بک پیج پر ایک پوسٹ دیکھی جس میں یَامُهَیْمِنُ پڑھنے کے فوائد لکھے ہوئے تھے کہ اس اسم کا ذکر کرنے سے انسان دولت مند ہوتا ہے۔ ان دنوں میں دکان پر زیادہ تر گاہک نہ ہونے کی وجہ سے فارغ بیٹھا رہتا تھا۔ لیکن جب میں نے یہ پوسٹ دیکھی تو اس کے بعد میں نے مسلسل اس اسم الٰہی کا ذکر کرنا شروع کردیا۔ اس ذکر کی برکت چند ہی ہفتوں بعد میری دکان پر گاہک معمول سے زیادہ آنے لگے۔ پہلے دن بھر میں چند گاہک آتے لیکن اب اکثر اوقات اتنا رش ہوجاتا ہے کہ سنبھالنا مشکل ہوجاتا ہے۔ (محمد فاروق، لاہور)

بیوہ کا بیٹا ناحق قتل کیا' اپنے چار بیٹے چلے گئے

محترم شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! ہمارے گھر کے ساتھ والے گھر میں ایک بیوہ عورت رہتی تھی۔ اس کا ایک ہی بیٹا جو چند سال کا تھا اور اس کے بڑھاپے کا سہارا تھا۔ اس علاقے میں ایک شخص تھا جس کے بااثر لوگوں کے ساتھ تعلقات تھے وہ شخص اس بیوہ عورت کی جگہ پر قبضہ کرنا چاہتا تھا۔ لیکن اس عورت کی ساری جمع پونجی وہ مکان ہی تھا جہاں وہ مشکل سے اپنے اکلوتے بیٹے کے ساتھ گزر بسر کر رہی تھی۔ اس لئے اس خاتون نے اپنا مکان دینے سے انکار کر دیا۔ جو شخص زبردستی مکان لینا چاہتا تھا اس نے اس عورت کے انکار پر سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں مگر وہ بیوہ عورت اس کی منت سماجت کرتی رہی کہ مشکل حالات کے باوجود اس نے مکان نہیں بیچا تاکہ آنے والے وقت میں بیٹے کو مشکل پیش نہ آئے۔

ابھی تھوڑا عرصہ گزرا تھا کہ اس شخص نے دوبارہ بیوہ عورت کو مکان خالی کرنے کا کہا لیکن وہ بیوہ عورت اپنی بات پر قائم رہی۔ اس کے بعد وہ ظالم شخص کچھ لوگوں کے ساتھ آیا اور اس بیوہ عورت کے اکلوتے بیٹے کو اٹھا کر اپنے ڈیرے پر لے گیا۔ جب وہ بیوہ اپنا بیٹا لینے کے لئے اس شخص کے ڈیرے پر گئی تو اس ظالم نے بچے کو اس کے سامنے قتل کرکے نیزے پر لٹکا دیا اور کہنے لگا کہ اس بیٹے کے لئے تو نے مجھے مکان دینے سے انکار کیا تھا' اب اس کا انجام بھی خود ہی دیکھ لے۔ اس واقعہ کے بعد وہ بیوہ عورت پاگل ہوگئی اور گلیوں میں سارا دن اپنے بیٹے کا نام لے کر ڈھونڈتی رہتی اور اسی حالت میں وہ خاتون بھی چل بسی۔

اس کے بعد مکافات کا سلسلہ شروع ہوا وہ ظالم شخص جس نے ایک یتیم بچے کا ناحق قتل کیا تھا اس کے چار بیٹے تھے۔ جن میں سے ایک کار ایکسیڈنٹ میں مارا گیا' باقی تین بیٹے نشے پر لگ گئے جن میں سے دو نشہ کرتے کرتے بیمار پڑ کر مر گئے۔ ایک بیٹا جو بچا وہ ہر وقت نشہ میں رہنے کی وجہ سے زندہ لاش بنا ہوا ہے۔ اس شخص کی بہوئیں جائیداد میں اپنا حصہ لے کر میکہ چلی گئیں اور بیٹی ابھی تک بے اولادی کی زندگی گزار رہی ہے۔ اب وہ شخص اکیلا اپنی جائیداد اور اپنے گھر میں محصور ہوکر رہ گیا ہے۔ جس اولاد کے لئے اس نے بیوہ عورت پر ظلم کیا آج وہی اولاد اس کے لئے وبال جان بن چکی ہے۔ اس کی جائیداد' مال و دولت کا کوئی وارث نہیں۔ ایک بیٹا جو ابھی زندہ ہے وہ بھی کثرت سے نشہ کرنے کی وجہ سے زندگی اور موت کی کشمکش میں ہے۔ سب لوگوں کا یہی کہنا ہے کہ اس ظالم شخص کو مظلوم عورت کی آہ لگی ہے۔ (پوشیدہ)

گوالے کی حیران کن پریشانی اور انوکھا حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے کچھ بھینسیں پال رکھی ہیں جن کا دودھ بیچ کر میرا گزر بسر ہوتا ہے۔ چند ماہ پہلے کی بات ہے کہ میری ایک بھینس بیمار ہوئی جو چند دن بعد بیماری کی وجہ سے مرگئی۔ اس کے کچھ ہی ہفتوں بعد میری ایک اور بھینس بیمار پڑگئی۔ میں نے اس بار کسی قسم کی بھی کوتاہی برتنے سے گریز کیا اور اسے متعلقہ ڈاکٹر کو چیک کروایا۔ ڈاکٹر نے کچھ انجیکشن لگائے اور ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا مگر ساتھ ہی یہ بتا دیا کہ اس کی حالت کافی خراب ہے اگر چند دن میں ٹھیک نہ ہوئی تو یہ بھی مر جائے گی۔ میں نے ڈاکٹر کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے بھینس کو باقاعدگی سے چارہ کے ذریعے ادویات استعمال کروائیں مگر اسے کوئی افاقہ نہ ہوا بلکہ بھینس نے کھانا پینا چھوڑ دیا اور کافی کمزور ہوگئی۔ میری بیوی ہر ماہ عبقری رسالہ پڑھتی ہے اس نے مجھے عبقری جانور شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے عبقری دفتر کال کرکے پارسل کے ذریعے جانور شفاء منگوائی اور ادویات کی ڈبی میں موجود پرچی پر جو طریقہ کار لکھا ہوا تھا اس کے مطابق استعمال شروع کروا دیا۔ تین دن مسلسل استعمال کروانے سے کافی بہتری آئی اور الحمدللہ ایک ہفتہ بعد وہ بالکل ٹھیک ہو گئی۔ (اکرم گجر' ساہیوال)

عرق موٹاپا شفاء
جسم کی چربی کو پگھلاتا ہے۔
سانس کا پھولنا ختم ہوجاتا ہے۔
دل پر بوجھ کم ہوجاتا ہے۔
موٹاپے کی وجہ سے میری شادی نہیں ہو رہی تھی۔ میں نے عرق موٹاپا شفاء کا کچھ عرصہ استعمال کیا اور اس کے ساتھ ہدایات کے مطابق پرہیز کیا، میرا دو ماہ میں وزن 15 کلو کم ہوگیا ہے۔ (خاور' علی پور)

کھانے سے پہلے یا بعد متلی آئے تو سفید کاغذ پکڑ لیں!

پیشاب میں خون آنے کا علاج

اگر کسی کو پیشاب میں خون آتا ہو تو سورۃ القریش کھانا کھانے سے پہلے پڑھیں اور جو شخص اس کو معمول بنالے گا اسے یہ مرض لاحق نہیں ہوگا۔ جب کہ مریض کو بھی افاقہ مل جائے گا۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد سورۃ طارق اس طرح پڑھیں کہ جب آیت اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ'' پر پہنچیں تو بیماری کا تصور کریں۔ اکیس یوم تک یہ وظیفہ باقاعدگی سے جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ مکمل طور پر آرام آجائے گا۔

متلی اور قے کا علاج

بعض افراد کو کھانا کھانے سے پہلے یا کھانے کے فوری بعد متلی اور قے کی شکایت رہتی ہے۔ اکثر خواتین بھی اس کا شکار رہتی ہیں۔ ان امراض میں مبتلا افراد اگر یہ آیت کسی سفید کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال کر سات روز نہار منہ وہ پانی پی لیں۔ ان شاء اللہ بیماری دور ہوجائے گی۔ وہ آیت یہ ہے ''وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۔

پیٹ درد کا علاج

پیٹ درد کی صورت میں یہ درج ذیل آیت پانچ مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھوں سے پیٹ ملیں ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اگر درد پھر بھی کم نہ ہو تو گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ آیت یہ ہے۔ وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ۔

اس کے علاوہ پیٹ کے درد کو دور کرنے کے لیے ان کلمات کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں ڈال کر مریض کو پلادیں۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَاَنَا الْمَبْسُوْطُ فَمَنْ يَّدَعُ الْمَبْسُوْطَ اِلَّا الْبَاسِطُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔

جسم میں کہیں بھی تکلیف کی صورت میں سورۃ قصص اور سورۃ لقمان پانی پر دم کرکے مریض کو پلانے سے بھی درد جاتا رہتا ہے۔

ورم کا علاج

اگر کسی کے کان میں ورم یا درد ہو تو یہ آیت سرسوں کے تیل پر دم کرکے کان میں ٹپکائے تو ان شاء اللہ درد جاتا رہے گا۔ آیت یہ ہے: اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا۔

اس کے علاوہ جس کے کان میں درد ہو اس پر اسم باری تعالیٰ ''یَاسَمِیْعُ'' اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ (عبدالجبار، چکوال)

ایک نوجوان اپنے والدین کا بڑا ادب کرتا تھا اور ہر وقت ان کی خدمت میں مشغول رہتا تھا۔ جب والدین کافی عمر رسیدہ ہوگئے تو اس کے بھائیوں نے مشورہ کیا کہ کیوں نہ اپنی جائیداد کو والدین کی زندگی ہی میں تقسیم کرلیا جائے تاکہ بعد میں کوئی جھگڑا نہ کھڑا ہو۔ ہر بھائی نے اپنی اپنی پسند کی زمین قیمتی چیزوں کی تقسیم کرلی لیکن جب اس نوجوان کی باری آئی جو والدین کی خدمت میں دن رات مصروف رہتا تھا تو اس نے اپنے بھائیوں سے اپنی یہ خواہش ظاہر کہ آپ سب بھائی تمام جائیداد کو آپس میں تقسیم کرلیں لیکن والدین کی خدمت میرے سپرد کردیں۔ اس کے باقی تمام بھائیوں میں سے کسی نے بھی اس بات پر اعتراض نہ اور انہوں نے برضا و رغبت یہ کام اس بھائی کے سپرد کردیا۔ یہ نوجوان سارا دن محنت مزدوری کرتا پھر چھوٹے سے گھر میں جہاں اس کے والدین مقیم تھے وہیں آکر بقیہ وقت اپنے والدین کی خدمت اور بیوی بچوں کی دیکھ بھال میں گزارتا۔ والدین بیٹے کی خدمت پر اسے دل سے دعائیں دیتے اور وہ انہی دعاؤں میں ہی اپنی خوشی اور راحت میں محسوس کرتا۔ وقت گذرتا رہا حتیٰ کہ اس کے والدین نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ ایک مرتبہ یہ نوجوان رات کو سورہا تھا کہ اس نے خواب میں دیکھا کہ کوئی کہنے والا اسے کہہ رہا ہے، اے نوجوان! تم نے اپنے والدین کا ادب کیا، ان کو راضی وخوش رکھا اور وہ تمہیں دعائیں دیتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہوئے اس کے بدلے تمہیں انعام دیا جائے گا۔ جاؤ فلاں چٹان کے نیچے ایک دینار پڑا ہے وہ اٹھالو۔ اس میں تمہارے لئے برکت رکھ دی گئی ہے۔ یہ نوجوان صبح کے وقت بیدار ہوا تو اس نے چٹان کے نیچے جاکر دیکھا تو اسے ایک دینار پڑا ہوا مل گیا۔ اس نے دینار اٹھالیا اور خوشی خوشی گھر کی طرف روانہ ہوا۔ راستے میں ایک مچھلی فروش کی دکان کے قریب سے گزرتے ہوئے اسے خیال آیا کہ اس دینار کے بدلے میں ایک بڑی سی مچھلی خریدلی جائے تاکہ بیوی بچے آج اس کے کباب بنا کر کھائیں۔ چنانچہ اس نے دینار کے بدلے ایک بڑی مچھلی خریدلی۔ جب گھر واپس آیا تو اس کی بیوی نے مچھلی کو پکانے کے لئے کاٹنا شروع کیا۔ پیٹ چاک کیا تو اس میں سے ایک بہت قیمتی ہیرا نکلا۔ نوجوان اس ہیرے کو دیکھ کر خوشی سے پھولا نہ سمایا۔ جب بازار جاکر اس ہیرے کو بیچا تو اتنی قیمت ملی کہ اس کی ساری زندگی کا خرچہ پورا ہوگیا۔ (صائمہ شکیل، لاہور)

زندگی کی تمام ضروریات پوری ہوگئیں

آئیں! مردوں (مرحومین) سے باتیں کریں!

میرے والد سے مرحوم دادا دادی کی پیار بھری باتیں

میرے والد صاحب نے بتایا کہ ان کے والدین کا انتقال ہوئے کافی عرصہ ہوچکا مگر آج تک خواب میں ان سے ملاقات نہیں ہوئی۔ انہیں بہت زیادہ تجسس تھا کہ کسی طرح والدین سے خواب میں ملاقات ہو۔ میں نے عبقری رسالہ میں ایک عمل پڑھا تھا کہ اگر فوت شدگان سے خواب میں ملاقات کی خواہش ہو تو پوری امت مسلمہ اور خاص طور پر جس سے ملاقات کی خواہش ہو ان کی روح کو کلمہ کا نصاب ہدیہ کیا جائے۔ (ایک نصاب ستر ہزار کا ہوتا ہے) جس کا طریقہ یہ ہے کہ کلمہ کا پہلا حصہ لا الہ الا اللہ سارا دن پڑھا جائے جب بھی ذکر روکنا ہو محمد رسول اللہ پڑھ کر روکا جائے اور دوبارہ پھر لا الہ الا اللہ پڑھتے رہیں۔ والد نے یہ دو نصاب پڑھے جس دن انہوں نے ہدیہ کیے اس سے چند دن بعد ان سے میرے مرحوم دادا دادی کی خواب میں ملاقات ہوئی۔ دادا دادی نے بتایا کہ ہمارے ساتھ اللہ تعالیٰ نے خیر والا معاملہ فرمایا ہے مزید دادا دادی نے بتایا کہ ہم دونوں آپ کے بچوں سے بہت خوش ہیں کہ انہوں نے کلمہ کے نصاب والا عمل بتایا۔ (شاداب اختر، اوچ شریف)

نوٹ: آپ بھی شیخ الوظائف کی اجازت سے یہ عمل کیجئے اور اپنے مرحومین سے ملاقات کریں اور عبقری میں ضرور لکھیے!

نوٹ: آپ کے پاس کوئی اور عمل ہو جس سے مرحومین سے گفتگو کلام کریں تو ضرور لکھیں، واقعہ ہو تو ضرور لکھیں۔

پتھری ڈائیلائسز کورس
پتھری ڈائیلائسز اور پیشاب کے غدود لاعلاج نہیں
میرے گردوں میں پتھری تھی بعض اوقات اتنی تکلیف ہوتی کہ محسوس ہوتا اب جان نکل جائے گی۔ میں نے پتھری ڈائیلائسز کورس استعمال کیا تو پتھری پیشاب کے ذریعے نکل گئی۔ (پوشیدہ)

خاص وقت اور ساعت میں اعمال کی ترکیب کا ثبوت

عبقری ستاروں اور سیاروں کی حرکات کے مطابق خاص ساعتوں کے اعمال کیوں دے رہا ہے؟ جب علم کامل نہ ہو یا یقین کامل نہ ہو تو ذہن میں یہ سوال اٹھتا ہے۔ یہ حوالہ جات اس لئے پیش کیے جاتے ہیں تاکہ شک اور بدگمانی کی وجہ سے ہم اپنا نقصان نہ کر بیٹھیں۔ شمس المعارف عملیات کی معتبر ترین کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ حتی کہ اس کتاب سے بہت سے عملیات علماء اور مشائخ نے اپنی کتابوں میں نقل کیے ہیں۔ اس مستند کتاب میں ستاروں اور سیاروں کی حرکات کے مطابق اعمال کی ترکیب کا ثبوت ملاحظہ فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنی طاعت اور اپنے اسماء کے اسرار سمجھنے کی توفیق نصیب فرمائے آمین!

شمس اور قمر کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی بزرگ و محترم کتاب یعنی قرآن شریف میں جا بجا فرمایا ہے۔ چنانچہ ایک آیت میں وارد ہے۔ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ یعنی چاند اور سورج دونوں آسمان میں چلتے ہیں۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ جب قمر منزل نطح میں نزول کرتا ہے تب اس کا حرف الف ہوتا ہے۔ اس وقت اس سے الف کے اسرار ظاہر ہوتے ہیں۔ چنانچہ جس وقت قمر منزل مذکور میں ظہور کرتا ہے اسی وقت وہاں سے الف کی روحانیت تجلی کرتی ہے اور عالم میں غضب اور غصہ کا ظہور ہوتا ہے۔ خاص کر اشرف اور بڑے بڑے لوگوں میں ہر ایک اپنی حیثیت اور رتبہ کے موافق اپنے دل میں غصہ اور قہر کا اثر محسوس کرتا ہے۔ اگر تم اس پر غور کر کے دیکھو گے تو تم کو معلوم ہو جائے گا۔ اس ساعت میں انسان کو لازم ہے کہ سکون اور اطمینان اختیار کرے اور طہارت کے ساتھ ذکر الٰہی یاد عا وغیرہ میں اس کو گزار دے کیونکہ بعض اوقات اس ساعت میں طبیعت نہایت مکدر ہوتی ہے اور انسان کو اس کا کوئی سبب معلوم نہیں ہوتا۔ بلکہ اس تکدر سے تعجب کرتا ہے۔ اس کا باعث یہ ہے کہ الف اعداد اور حروف میں پہلا مرتبہ رکھتا ہے اور کوئی حرف اس کے برابر نہیں ہے۔ پس اسی سبب سے عالم میں یہ بے چینی واقع ہوتی ہے۔

اسی ساعت میں جب تم کسی دنیادار ظالم یا متکبر کو بے چین کرنا چاہو تو کر سکتے ہو کیونکہ حرف الف گرم خشک ہے اور سرخ رنگ ہے۔ جب تم گرم و خشک اسماء کے ساتھ دعا کرو گے جس وقت کہ قمر منزل نطح میں افق شرقی پر طالع ہو گا تو عمل مذکور صحیح ہو گا۔ (کتاب: شمس المعارف، مصنف: حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی، ناشر: شبیر برادرز اردو بازار لاہور، صفحہ نمبر 37،38)

بارہ برجوں کے حالات اور ان کا کلمہ طیبہ سے تعلق

چونکہ ستاروں کی منزلیں بارہ برجوں کی محتاج ہیں تاکہ حکمت الٰہی ان کے اندر ظاہر ہو۔ اسی سبب سے بارہ حروف بھی چھ تقطیعوں میں ہیں اور وہ حروف لا الٰہ الا اللہ کے ہیں۔ اسی طرح ل ا ل ہ ا ل ا ا ل ل ہ یہ بارہ حروف ہیں جو بارہ برجوں کے موافق ہیں۔ پھر برج بعض ثابت ہیں، بعض منقلب۔ ایسے ہی ان حروف میں سے جو صرف اثبات کے ہیں وہ ثابت ہیں اور جو نفی کے ہیں وہ منقلب ہیں۔ یہ حروف فلک قمر کے دائرہ سے علیحدہ ہیں۔ کیونکہ قمر بمقابلہ ستاروں کے زمین سے زیادہ قریب ہے کہ یہ حروف قمر سے بھی ہم سے زیادہ قریب ہیں کیونکہ یہ تو ہماری جبلت کے اندر رکھے گئے ہیں۔

قمر کی زیادتی کے ساتھ ہر چیز بڑھتی ہے اور اسکے نقصان کے ساتھ ہر چیز کم ہوتی ہے۔ یہ حکمت ہے جس کو اس کے اندر رکھا گیا ہے اور معرفت ہے جس کو اس نے مرتکب کیا ہے۔ تم نہیں دیکھ سکتے ہو کہ ظلمت وغیرہ کس طرح بڑھتی ہے۔ چونکہ ساتوں ستاروں میں اللہ تعالیٰ نے ہدایت کا راز رکھا ہے اور اس کا قول ہے اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً۔ یعنی بے شک میں زمین میں خلیفہ بنانے والے ہوں اور فرماتا ہے۔ جَاعِلُ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا۔ یعنی خدا فرشتوں کو پیغمبر بنانے والا ہے اور ساتوں ستاروں کی قوتیں انہیں چھ تقطیعوں کی باطنی قوت سے ماخوذ ہیں یعنی لا الٰہ الا اللہ کی۔ پس مقدس تقطیعیں ان کو مدد دیتی ہیں۔ (کتاب: شمس المعارف، مصنف: حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی، ناشر: شبیر برادرز اردو بازار لاہور، صفحہ نمبر 43)

کیا آپ کو ستاروں کی گردش نے تباہ کر دیا ہے؟ (5)

تو آیئے! کلام الٰہی کی برکت سے آنے والی مصیبتوں اور آزمائشوں سے محفوظ رہیے! ہر ماہ شائع ہونے والے وظائف مقررہ اوقات میں پڑھیے!

عمل کا طریقہ: درج ذیل زائچہ میں ماہ فروری / رجب کے مخصوص دن، اوقات اور وظائف لکھے گئے ہیں۔ وظائف کو مقرر کردہ ساعتوں (اوقات) میں اپنے برج کے نیچے لکھی گئی تعداد کے مطابق پڑھیں اور جس دن صدقہ لکھا گیا ہے صدقہ دیں کیونکہ صدقہ بلاؤں، مصیبتوں اور آئے عذاب کو ٹلوا دیتا ہے۔ اگر بوجہ مجبوری کسی دن عمل رہ جائے تو اگلے دن اسی وقت میں قضا کر لیں۔

ستاروں کی چال اور ساعتوں کے مطابق ہر برج کے نیچے وظیفہ پڑھنے کی تعداد لکھی ہے!

فروری	دن	وظیفہ	وظیفہ پڑھتے ہوئے کیفیت (کیفیت کا اثر ستاروں کی گردش پر ہوتا ہے)	وظیفہ ان مبارک ساعتوں کے درمیان پڑھیں	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
7	منگل	یَاحَسِیْبُ	دائیں ہاتھ کی مٹھی بنا کر پڑھیں	صبح 7:25 تا 7:41	55	33	47	41	38	27	61	33	40	51	37	49
12	اتوار	[illegible]	قبلہ رخ کھڑے ہو کر پڑھیں	رات 8:55 تا 9:35	5	9	4	11	27	13	23	15	13	17	11	18
18	ہفتہ	یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَاب	آنکھیں بند کر کے پڑھیں	صبح 7:15 تا 11:48	25	40	43	31	61	39	66	29	45	23	47	28
24	جمعہ	مَعَاذَ اللہ	دونوں ہاتھوں کو ملا کر پڑھیں	رات 7:44 تا 9:20	47	22	37	18	61	40	26	66	41	38	19	21
26	اتوار	دن میں کسی بھی وقت سات روپے پرندوں کا دانہ لے کر پرندوں کو ڈالیں			41	33	27	21	45	25	37	29	55	47	31	39
28	منگل	یَارَءُوْفُ یَارَحِیْمُ	دو زانوں بیٹھ کر پڑھیں	صبح 7:40 تا 8:35	11	27	29	36	51	29	19	09	17	12	40	25

کیا یہ شرک ہے یا بدعت؟ شاہ ولی اللہ کی تحقیق

مکمل حوالہ جات جاننے کیلئے ابھی فیس بک پیج www.facebook.com/akabirparaitmad وزٹ کریں۔ پوسٹ نمبر 613

"قمر اور زہرہ ستارے کی شاہ ولی اللہؒ سے گفتگو" پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔ مزید تفصیلات کیلئے ماہنامہ عبقری اکتوبر 2022ء کا صفحہ نمبر 26 ملاحظہ کیجئے!

نافرمان اولاد کے آگے گھٹنے ٹیکنے والے متوجہ ہوں

نگینہ اکرم بہاولنگر

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں جب بھی کسی بڑی مصیبت یا مشکل میں مبتلا ہوئی ہوں تو آپ کا بتایا ہوا ایک عمل سورۃ والضحیٰ کا جس کے ہر کاف پر 9 بار ''یَاکَرِیْمُ'' پڑھتے ہیں وہ کرتی ہوں۔ اس عمل کی برکت سے اللہ پاک بڑی بڑی پریشانیوں کو ختم کر دیتا ہے۔ میں نے یہ عمل اپنے بہت سے جاننے والوں کو بتایا اللہ تعالیٰ نے اس عمل کے ذریعے ان کی مشکلوں اور مصیبتوں کو ٹال دیا۔ ہمارے ایک قریبی عزیز کا اپنی بیوی کے ساتھ کسی بات پر جھگڑا ہوا جس کے بعد ان کی بیوی اپنے بچوں کو چھوڑ کر میکہ چلی گئی۔ ان کی بیٹی کا مجھ سے رابطہ ہوا' وہ اپنی والدہ کی وجہ سے کافی پریشان تھی اور بتا رہی تھی کہ والدہ اب گھر واپس آنے کے لئے تیار نہیں اور نہ وہ اب والد صاحب کے ساتھ مزید زندگی گزارنا چاہتی ہیں' بات طلاق تک پہنچ چکی ہے۔ خاندان کے کچھ افراد نے ان میاں بیوی کی آپس میں صلح کے لئے کوششیں کیں مگر وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ ان معاملات کی وجہ ان کی بیٹی بہت زیادہ فکر مند تھی اور اس کی حالت قابل ترس تھی۔ میں نے اسے تسلی دی اور اسے سورۃ والضحیٰ کے ہر کاف پر 9 بار ''یَاکَرِیْمُ'' پڑھنے والا عمل بتایا اور ساتھ یہ تلقین کی کہ اس عمل کے دوران اپنے مسئلہ کا سخت تصور رکھیں اور 9 دن مسلسل یہ عمل کر لیں' اس عمل کی برکت سے ان شاءاللہ طلاق نہیں ہوگی۔ انہوں نے میری بتائی گئی ترتیب کے مطابق اس عمل کو شروع کیا اور ابھی 9 دن بھی مکمل نہ ہوئے تھے کہ اس بچی کی والدہ خود گھر واپس آگئیں اور ان کے والدین کی آپس میں صلح ہوگئی۔ وہ بچی اور اس کی والدہ اب بھی اس عمل کو جاری رکھے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے ان کے گھر کے حالات بہت بہتر ہو چکے ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں کہ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے ان کا گھر ٹوٹنے سے بچا لیا اور مجھے اس کا ایک ذریعہ بنا دیا۔ امت کے لئے خیر خواہی اور راہنمائی کا یہ جذبہ مجھے عبقری کے ذریعے ہی ملا ہے۔

نافرمان اولاد فرمانبردار ہوگئی

بچے آپس میں اکثر جھگڑتے رہتے تھے' چھوٹی چھوٹی بات پر ان کی آپس میں لڑائی ہو جاتی تھی۔ ان میں ایک بیٹا ایسا بھی تھا جو اصلاح کرنے پر مجھ سے ہی ناراض ہو چکا تھا اور مجھے بلانا تک بھی گوارا نہ کرتا تھا۔ میں نے اپنے بچوں کی اصلاح کی نیت سے اول آخر تین بار درود پاک' ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر بچوں کو ہدیہ کرنا شروع کر دی۔ میں دن میں چند بار اپنے بچوں کی اصلاح کی نیت سے یہ عمل کرتی رہی اور اللہ نے کرم کیا تھوڑے ہی عرصہ میں تمام بچے جو آپس میں لڑتے جھگڑتے تھے اب ان کی آپس کی نفرتیں اور رنجشیں ختم ہو چکی ہیں' وہ تمام اب اتفاق اور محبت کے ساتھ آپس میں رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ میرا وہ بیٹا جو مجھ سے بات کرنا بھی گوارا نہ کرتا تھا اب میرا بہت زیادہ ادب کرتا ہے اور وہی بیٹا اب سب سے زیادہ میرا فرمانبردار ہو چکا ہے۔

جانور پال حضرات کیلئے خاندانی ٹوٹکہ حاضر ہے!

ماہ نور ابرار شیخ، دبئی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے عبقری رسالہ پڑھ رہی ہوں۔ اس رسالہ میں لوگ اپنے آزمودہ طبی ٹوٹکے اور وظائف لکھ کر بھیجتے ہیں وہ بہت ہی آسان فہم ہوتے ہیں جسے ہر شخص باآسانی سے آزما سکتا ہے۔ ان وظائف اور ٹوٹکوں کو لوگ اپنے روزمرہ کے معمولات میں آزماتے ہیں اور پھر اپنے مشاہدات عبقری رسالہ کے لئے لکھ کر بھیجتے ہیں جس سے دوسرے لوگ بھی مستفید ہوتے ہیں۔ میں نے بھی چند ٹوٹکے اور وظائف آزمائے جن سے بہت نفع ہوا۔ آج اپنا ایک مشاہدہ عبقری قارئین کی خدمت میں تحریر کر رہی ہوں۔ امید ہے اس سے لوگوں کو بہت نفع ہوگا۔

ہم نے گھر میں کچھ مویشی پال رکھے ہیں اور یہ ہمارا خاندانی کام ہے جو کئی پشتوں سے چلا آرہا ہے۔ اکثر جانوروں کو کسی وجہ سے چوٹ لگ جاتی ہے اور ان کے جسم پر زخم بن جاتا ہے۔ ان کے اس زخم کے علاج کے لئے ہمارے پاس ایک خاندانی نسخہ ہے جس سے جانور بہت جلد شفاء پا جاتے ہیں' زخم کی جلن بھی کچھ دیر میں ختم ہو جاتی ہے اور اس کے علاوہ چند دن کے استعمال سے زخم بھی بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔

چند دن میں یقینی شفاء

ابھی چند دن پہلے کی بات ہے ہماری ایک گائے کے سینگ کے پاس چوٹ لگ گئی اور اس زخم کی وجہ سے وہ کراہنے لگی۔ میرے والد صاحب نے اپنا خاندانی ٹوٹکہ اس گائے پر آزمایا جس سے چند ہی دن میں اس گائے کا زخم ٹھیک ہو گیا۔ اس ٹوٹکے کی خاص بات یہ ہے کہ جانوروں کے علاوہ انسانوں کے لئے بھی یہی ٹوٹکہ بہت فائدہ مند ہے۔ اگر کسی شخص کو کوئی مچھر' بھڑ یا کوئی بھی زہریلا کیڑا کاٹ لے تو متاثرہ جگہ پر یہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے جلن کچھ ہی دیر میں ختم ہو جاتی ہے۔ ٹوٹکہ بنانے کی ترکیب انتہائی آسان اور عام فہم ہے جو درج ذیل ہے۔ **ھوالشافی:** سرسوں کا تیل ایک کلو' لونگ ایک چھٹانک' سبز الائچی ایک چھٹانک' نمک ایک چھٹانک۔ ان تمام اجزاء کو سرسوں کے تیل میں ڈال کر جلا لیں۔ جب یہ تمام اجزاء پوری طرح تیل کے اندر مکس ہو جائیں تو اتار لیں اور پھر چھان کر محفوظ کر لیں۔ جب بھی کسی جانور کو چوٹ لگے اور زخم ہو تو حسب ضرورت اس تیل کو متاثرہ جگہ پر لگا دیں' ان شاءاللہ چند دن میں شفاء مل جائے گی۔ اس کے علاوہ انسانوں کے لئے جن مذکورہ مسائل کا ذکر کیا گیا ہے' اس صورت میں بھی یہ ٹوٹکہ استعمال کر سکتے ہیں' ان شاءاللہ فائدہ ہوگا۔

جانور پال حضرات متوجہ ہوں!

جانوروں میں موشن، چارہ نہ کھانا، جگالی نہ کرنا اور سوکھا پن دور کرنے کے لیے ''جانور شفاء'' لاجواب ہے۔ جانور موٹا تازہ اور صحت مند ہوگا اس کا کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں۔ تمام گھریلو پالتو جانوروں کی تمام بیماریوں کا شافی علاج ہے۔

(قیمت -/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

زمیندار حضرات کے نام خوشحالی کا پیغام قارئین! کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی' جانوروں یا فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو' یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھے ہیں تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا جو آپ کے لئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ بنے گا اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

بے اولادی کورس جی ہاں آپ بھی اولاد پا سکتے ہیں

میں عبقری ایجنسی ہولڈر ہوں' میں نے بے اولادی کورس کا بہت اچھا رزلٹ دیکھا ہے۔ میں نے اس کورس کے استعمال سے کئی بے اولاد جوڑوں کو اولاد کی نعمت ملتے دیکھی ہے۔ (محمد عارف)

موٹرسائیکل سے گرنے والے کو یہ ٹانک پلا دیجئے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہے کہ جب سے عبقری سے تعارف ہوا ہے زندگی میں آنے والے مختلف مصائب اور پریشانیوں سے نجات مل رہی ہے۔ عبقری رسالہ ہمیں ایسا نظام دے رہا ہے جس سے انسان کی دنیا و آخرت دونوں کامیاب ہو رہی ہیں۔ اس رسالہ میں شائع ہونے والے ٹوٹکے استعمال کرنے سے طبی مسائل کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ایسے آسان اور مشکل کشاء وظائف دیئے جاتے ہیں جس سے مسائل بھی حل ہوتے ہیں اور زندگی بھی مسنون اعمال اور اذکار سے رنگ جاتی ہے۔

آج سے کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ میں زیر تعمیر سڑک پر گرا جس وجہ سے مجھے کافی چوٹیں آئیں۔ جس سڑک پر حادثہ پیش آیا اس کا کچھ حصہ اس وقت دوبارہ تعمیر ہو رہا تھا اور اس پر پتھر بچھائے گئے تھے۔ پیچھے سڑک بالکل ٹھیک تھی میں موٹرسائیکل پر کافی تیز رفتاری سے جا رہا تھا کہ اچانک پتھر شروع ہوئے اور موٹرسائیکل کو کنٹرول نہ کرسکا' میں ان پتھروں پر بہت شدت سے گرا اور میرے جسم کے مختلف حصوں پر شدید چوٹیں آئیں۔ میں بے بس پتھروں پر پڑا آہ و بکاہ کر رہا تھا' اچانک ادھر ادھر سے لوگ اکٹھے ہوئے' مجھے اٹھایا' سڑک کنارے بٹھا دیا' میری گردن' کمر' ٹانگوں اور بازوؤں میں شدید درد ہو رہا تھا۔ 1122 ایمبولینس کو کسی نے فون کیا' وہ آئے انہوں نے میری بیرونی چوٹوں پر وہیں مرہم پٹی کر دی اور اندرونی چوٹوں کیلئے مجھے کہا کہ آپ کسی ڈاکٹر کو چیک کروالیجئے الحمدللہ آپ کی تمام ہڈیاں بالکل ٹھیک ہیں' بیرونی زخم ہیں اس پر ہم نے مرہم پٹی کر دی ہے۔ میں نے بائیک ایک پٹرول پمپ پر کھڑی کروائی اور رکشہ لے کر گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔ گھر پہنچا تو گھر والے دیکھ کر پریشان ہو گئے' انہوں نے فوراً مجھے گاڑی میں ڈالا اور قریبی ہسپتال لے گئے' وہاں میرا تفصیلی معائنہ ہوا' انہوں نے مجھے انجکشن وغیرہ لگائے اور پین کلر گولیاں دیں' میں واپس گھر آکر سو گیا' جب اگلے دن اٹھا تو پورا جسم درد سے کراہ رہا تھا' میں اٹھنے کوشش کرتا مگر اٹھا نہ جاتا' دردکش دوا کھاتا تو چند گھنٹے ٹھیک گزرتے مگر پھر وہی حال ہوتا۔ عبقری رسالہ میں دودھ ہلدی کے فوائد پڑھے تھے' میری والدہ خالص گرم گرم دودھ میں خالص خود پسوائی ہوئی ہلدی ایک گلاس میں ایک سے ڈیڑھ چمچ ہلدی ڈال کر مجھے پلاتیں رہیں' یقین کیجئے جیسے جیسے یہ ٹانک میں گھونٹ گھونٹ پیتا میرے جسم' میرے دماغ کو سکون ملتا۔ تین سے چار دنوں میں میرے بیرونی زخم تو تھے مگر اندرونی چوٹیں 70 فیصد ٹھیک ہو گئیں۔ حالانکہ مجھے ڈاکٹر نے ایک ماہ تک آرام کرنے' مالش کروانے اور دردکش ادویات کھانے کا کہا تھا۔ دودھ ہلدی نے مجھے ایک ہفتہ میں بالکل ٹھیک کر دیا۔

جج کے سامنے دل ہی دل میں یہ پڑھا' کرم ہو گیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میری زندگی میں کچھ مسائل چل رہے تھے جس سے نجات پانے کے لئے میں نے آپ کا بتایا ہوا وظیفہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ لاتعداد پڑھنا شروع کر دیا۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور میرے الجھے ہوئے مسائل حل ہونے لگے' گھر سے بیماریوں اور مختلف مسائل کا خاتمہ شروع ہو گیا۔ اس وظیفہ کے چند مشاہدات لکھ رہا ہوں۔

میں جس دکان میں اپنا کاروبار کر رہا تھا اس دکان کے مالک کے ساتھ میرا چند سالوں کا معاہدہ طے پایا تھا مگر دکان کے مالک نے اس سے پہلے ہی مجھے بغیر نوٹس دیئے فوری طور پر دکان خالی کرنے کا کہہ دیا۔ میرے لئے اتنی جلدی اپنا سارا سامان شفٹ کرنا اور کہیں دوسری جگہ کام چلانا بہت مشکل تھا۔ میں نے مالک کو اپنے مسئلے سے متعلق آگاہ کیا مگر اس نے میری کوئی بھی بات سننے سے انکار کر دیا۔ میں نے بھی فوری دکان خالی کرنے سے صاف انکار کیا جس پر دکان کے مالک نے دکان سے بے دخلی اور دکان پر قبضہ کا ناجائز مقدمہ درج کروا دیا۔ اس مقدمہ کی وجہ سے محسوس ہو رہا تھا کہ اب ہر ماہ عدالت کے چکر لگانے پڑیں گے۔ چند دنوں بعد عدالت میں پیش ہونا تھا۔ میں نے اسی وظیفہ کو اپنے اس مسئلے کا سخت تصور کرتے ہوئے پڑھنا شروع کر دیا۔ جب عدالت میں پیشی ہوئی تو مقدمہ کی کاروائی کے دوران بھی میں دل ہی دل میں وظیفہ پڑھتا رہا۔ جب وکلاء کی بحث ختم ہوئی تو میں حیران رہ گیا کہ اس وظیفہ کی برکت سے پہلی ہی پیشی پر جج نے اگلی تاریخ دینے کی بجائے میرے خلاف جھوٹا پرچہ خارج کر دیا اور مالک دکان کو میرے ساتھ معاہدہ پورا کرنے کا حکم دیا۔

مہینوں کا مسئلہ دو دن میں حل ہو گیا

میرے والد صاحب نے اپنے بینک اکاؤنٹ میں رقم جمع کروائی ہوئی تھی۔ ان کی وفات کے بعد میں نے بینک سے ان کی رقم نکلوانے کے لئے رابطہ کیا تو مجھے کچھ ضروری کاغذات فراہم کرنے کا کہا گیا۔ میں نے بینک کو مطلوبہ دستاویزات فراہم کر دیں' اس کے بعد مجھے متعلقہ بینک والوں نے ایک ہفتہ کا وقت دیا' میں ہفتہ بعد دوبارہ بینک گیا مگر ہفتہ گزرنے کے بعد بھی مجھے والد صاحب کی بینک میں رکھوائی ہوئی رقم واپس نہیں مل رہی تھی۔ میں نے اپنے مسئلہ سے متعلق عدالت میں کیس کر دیا جس کا فیصلہ بھی میرے حق میں آ گیا مگر اس کے باوجود جب بھی بینک میں رقم لینے کے لئے جاتا تو پیسے ملنے کی بجائے ہر بار ایک نئی تاریخ مل جاتی اور اسی طرح بینک کے چکر لگاتے دو ماہ گزر گئے مگر رقم واپس نہ ملی۔ میں نے اپنے اس مسئلے کی نیت سے لاتعداد آپ کا بتایا ہوا وظیفہ جس کا تذکرہ کر چکا ہوں لاتعداد پڑھنا شروع کر دیا۔ یہ وظیفہ پڑھنے کے چند دن بعد جب متعلقہ افسر سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے اس بار ٹال مٹول کرنے کی بجائے مجھ سے تاخیر پر معذرت کی اور بتایا کہ آپ کی فائل پر ورکنگ مکمل ہو چکی ہوا اور دو دن بعد آپ کو رقم واپس مل جائے گی۔ دو دن بعد جب میں دوبارہ بینک گیا تو مجھے تمام رقم واپس مل گئی۔

آمین کہیے اور مرادیں پالیں! 15 شعبان

اپنی من چاہی مرادیں پانے والا گٹھلیوں کا عمل جو گزشتہ جمعراتوں سے تسبیح خانہ میں ہو رہا ہے اس طاقتور ترین عمل کی اختتامی دعا ہوگی جو شامل ہوگا اس کو تمام عمل کا نور ملے گا اور مرادیں پوری ہوں گی۔ مبارک عمل' مبارک گھڑیاں اور مقبول دعا' کہیں محروم نہ رہ جائیں!

شفاء حیرت سیرپ

نزلہ و زکام | سانس کی تنگی | بخار

دور کرنے کیلئے بہترین ٹانک ہے!

مجھے کھانسی اور بلغم کی اکثر شکایت رہتی اور سانس پھول جاتا تھا۔ میں نے شفائے حیرت سیرپ استعمال کیا اس سے کھانسی' بلغم کی شکایت ختم ہو گئی اور سانس کا مسئلہ بھی حل ہو گیا۔ (محمد شفیق، لاہور)

ایڈیٹر کے قلم سے

کبھی گنے کا رس پیا، نہیں پیا تو میرے مشورے سے پئیں!

بواسیر میں مبتلا ایک گلاس اٹھالیجئے!

میں ایک محفل میں بیٹھا تھا ایک صاحب سامنے بیٹھے' میں نے ایک دو ٹوٹکے بتائے' وہ بہت خوش ہوئے' متاثر ہوئے۔ کہنے لگے: آج کے دور میں بھی ایسے لوگ ہیں جو لوگوں کی خیرخواہی چاہتے ہیں' دوسروں کا نفع اور فائدہ چاہتے ہیں۔ (دوسری مرتبہ پھر وہی الفاظ دہرائے) آج کے دور میں بھی ایسے لوگ دنیا میں موجود ہیں مجھے حیرت ہورہی ہے۔ پھر خود ہی کہنے لگے: ''اب میں آپ کو ایک ٹوٹکہ بتاتا ہوں اور میرا آزمودہ ہے۔ پہلے خود آزمایا پھر میں نے جس کو بتایا اس نے آزمایا' بہت فائدہ ہوا اور اتنا فائدہ ہوا کہ حیرت کی انتہا ہے۔ کہنے لگے: آپ اگر سخت بواسیر میں مبتلا ہیں اور وہ خاندانی ہے' موروثی ہے یا آپ کو بواسیر کسی بدپرہیزی کی وجہ سے ہے تو گنے کے رس والے کی دکان میں جائیں' بہترین گنے کا رس نکلوائیں' نہ لیموں' نہ ادرک' نہ نمک' نہ مرچ اور نہ پودینہ۔ بس شرط یہ ہے کہ گلاس نیچے نہیں رکھنا' ادھر گنے کا رس مشین سے گلاس میں نکلے اور فوراً گھونٹ گھونٹ کر کے پینا ہے' غٹاغٹ کر کے نہیں پینا۔ ایک گلاس، دو گلاس جو آپ کا دل چاہے لیکن شرط ہے خالی پیٹ۔ آپ دن میں ایک بار دو بار تین بار جتنا چاہے پی لیں۔ پہلی خوراک سے ہی آپ کو افاقہ ہوگا اور چند خوراکوں میں بواسیر خونی ہے یا بادی' جتنی تکلیف ہے ختم ہوجائے گی۔ مجھے کہنے لگے یہ تکلیف مجھے خود تھی' میں نے آزمایا شفاء ملی اور لوگوں کو دی بہت فائدہ ہوا۔''

پرانا دائمی نزلہ زکام' بس گلاس نیچے نہ رکھیے

قارئین! گنے کا رس' جس کو بھی میں نے پینے کو دیا اس کو واقعی نفع ہوا۔ اب میں آپ کو اپنے فوائد بتارہا ہوں

ایک صاحب میرے پاس آئے انہیں پرانا دائمی نزلہ تھا' گرم ادویات' مغزیات' گولیاں' اینٹی بائیوٹک ناک میں ڈالنے کے قطرے' ہڈی بڑھ گئی' اس کا آپریشن' یعنی تکلیف در تکلیف' علاج در علاج' فائدہ زیرو۔ میں نے کہا کہ آپ گنے کا تازہ رس نکلوائیں' بس گلاس نیچے نہ رکھیں اور گھونٹ گھونٹ پئیں۔ ایک سے دو جتنا دل چاہے' دن میں دو بار' ایک بار' تین بار لیکن شرط خالی پیٹ اور اس کے بعد دو گھنٹے تک کچھ نہ کھائیں۔ آپ چند دن' چند ہفتے تو ایسا کر کے دیکھیں۔ اس نے چند ہفتوں کے بعد مجھ سے رابطہ کیا' کہنے لگا: میں نے مسلسل یہ عمل کیا اور توجہ سے کیا۔ مجھے جو فائدہ ہوا انہوں نے اس فائدہ کو یوں بیان کیا:۔

گنے کا رس بھی امراض کا علاج ہوسکتا ہے؟

کہنے لگے: میری نظر پہلے بہت کمزور ہورہی تھی' مجھے محسوس ہورہا ہے کہ میری نظر بہتر ہورہی ہے' رات کو سوتے وقت میری ناک بند ہوتی تھی اور آنکھ کھل جاتی تھی اور حتیٰ کہ منہ سے سانس لینے کی وجہ سے زبان پر زخم ہوگئے تھے' ہروقت ناک بند' آواز میری الجھی رہتی تھی' میں منہ سے نہیں ناک سے بولتا تھا' لوگ میرا مذاق اڑاتے تھے' میں زیادہ وقت نہیں بول سکتا تھا' میرے منہ اور ناک میں بلغم جم جاتا تھا جو مجھے بہت برا لگتا تھا۔ میں اسی الجھن میں سالہا سال رہا' میرے وہم وخیال میں بھی نہیں تھا کہ گنے کا رس بھی اس کا علاج ہوسکتا ہے اور مجھے حیرت ہوئی میں نے گنے کا رس پیا اس میں برف' لیموں' ادرک' پودینہ اور نمک وغیرہ کچھ بھی نہیں ڈلوایا' بس تازہ رس مشین سے نکلتے ہی گھونٹ گھونٹ پیا' روزانہ پیا' کبھی دن میں ایک بار' کبھی تین بار' کبھی چار بار لیکن دو بار تو لازم پیا۔ بس! مجھے حیرت انگیز رزلٹ ملا' نزلہ تو جہاں گیا ہی گیا' صحت تندرستی' اعصابی کھچاؤ' تناؤ' کمزوری' نیند بہترین' صحت لاجواب' طبیعت باکمال۔

> میں سارا دن ہشاش بشاش' میرا جسم نہیں پھولا' میرے گھٹنوں ٹانگوں میں درد نہیں' اعصابی کھچاؤ نہیں جب بھی اس کو چھوڑتا ہوں' اپنے آپ کو مطمئن پرسکون کرنے کے لیے ٹینشن کی گولیاں کھانا پڑتی ہیں۔

جگر' معدہ کے امراض' گھونٹ گھونٹ پیجئے

قارئین وہ لوگ جو ہیپاٹائٹس' جگر کے امراض' معدہ کی تیزابیت' جلن' السر کا شکوہ کرتے ہیں جن کو ادویات کھاتے ہوئے ادویات پر اعتماد ہی ختم ہوگیا' جو جسم کو کھوکھلا' دماغ کو کمزور' اعصاب کو بہت زیادہ ڈھیلا محسوس کرتے ہیں انہیں میں نے جب بھی گنے کا رس بتایا میری نظر نے بے شمار لوگوں کا مشاہدہ کیا ہیپاٹائٹس جگر کا کالا پیلا یرقان ختم ہوا۔ طبیعت بحال ہوئی' اعصاب مضبوط ہوئے' جسم میں طاقت' پٹھوں میں قوت اور ایک حیرت انگیز تاثیر کا احساس ہوا۔

سابق وزیراعظم کا پسندیدہ مشروب

ایک بہت بڑے افسر مجھ سے ملاقات کرنے کے لیے آئے' وہ ایک سابق وزیراعظم کے ساتھ رہے' وہ کہنے لگے: میں نے ان کی (سابق وزیراعظم) زندگی میں سب سے زیادہ جس مشروب کو استعمال کرتے دیکھا وہ تازہ گنے کا رس تھا۔ انہوں نے بہترین گنے منگوا کر رکھے ہوئے تھے اور ایک چھوٹی سی خوبصورت مشین بھی تھی' اسی وقت گنے کو مشین میں ڈال کر' رس نکالتے چھلنی سے چھان کر وہ گھونٹ گھونٹ پیتے تھے۔ مشین کے سامنے بیٹھتے' سامنے نکلواتے اور سامنے پیتے تھے۔ میں نے ایک دفعہ ان سے پوچھا اس کے کیا فوائد ہیں؟ کہا کہ میں نے سارا دن سوچنا ہے' ملک قوم اور ورلڈ کے لیے' بس! یہ میرا پٹرول ہے' میری گاڑی کو یہی چلاتا ہے اور میری گاڑی اسی سے چلتی ہے۔

میں نے پوچھا آپ کو یہ کس نے بتایا کہنے لگے: میرے ایک پروفیسر تھے انہوں نے ایک مرتبہ یہ بتایا تھا اور باقاعدہ اس کے فوائد بتائے تھے۔ بس اس دن سے میں نے اس کو اپنی زندگی کا ساتھی بنالیا اور زندگی میں اس کو ساتھ لے لیا۔

صحت مند جسم کا ہائی آکٹین پٹرول

آج وہ دن ہے کہ میں اس کو کبھی بھولا نہیں۔ میں سارا دن ہشاش بشاش' میرا جسم نہیں پھولا' میرے گھٹنوں ٹانگوں میں درد نہیں' اعصابی کھچاؤ نہیں جب بھی اس کو چھوڑتا ہوں' اپنے آپ کو مطمئن پرسکون کرنے کے لیے ٹینشن کی گولیاں کھانا پڑتی ہیں۔ میں یہ پی کر اپنے آپ کو اتنا پرسکون محسوس کرتا ہوں کہ میں کہتا ہوں یہ کام جتنے میں نے آج کیے ہیں' تھوڑے ہیں' میری زندگی میں سفر' ملاقاتیں' فائلیں' کام' فیصلے اور پھر تھوڑا سا وقت اپنی ذات کے لیے۔ میرا یہ پٹرول مجھے بہت چلاتا ہے' اڑاتا ہے' گھماتا ہے لیکن تھکاتا نہیں۔

نوٹ: قارئین اس کے اور فوائد بھی بتاؤں گا آئندہ رسالہ میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں۔

صحت مند بچپن' لاجواب جوانی اور شاندار بڑھاپا چاہتے ہیں

تو ایڈیٹر کے ''تجربات'' سے فائدہ اٹھائیے!

یہ کتب ضرور پڑھیں!

1۔ میرے طبی رازوں کا خزانہ۔
2۔ طبی تجربات ومشاہدات۔
3۔ میرے طبی زندگی کے ثمرات

دائمی ریشہ | منہ میں چھالے | آنتوں کے امراض | بلغم، کیرا

بنفشی قہوہ

میرے ناک کی ہڈی بڑھی ہوئی تھی بنفشی قہوہ کے مسلسل استعمال سے وہ ٹھیک ہوگئی، ایک بار والد صاحب کو چھینکیں بہت زیادہ آرہی تھیں تو یہی قہوہ پلایا تو چھینکیں آنا بند ہوگئیں۔ (احمد ہاشمی، کراچی)

مجرمانہ حاضری: کالے جادو نے زندگی کی تمام بہاریں اور رونقیں چھین لی ہیں تو رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں' مجرمانہ حاضری کا ایسا عمل کروایا جائے گا جس سے جادو جنات کا خاتمہ ہوجائے گا۔

لوگ مجرم سمجھ رہے ہیں
کیوں نہ میں مجرم ہی بن جاؤں

بلاوجہ شک کرنا نقصان دہ ہے

گاؤں سے ہمارا ایک قریبی رشتہ دار ہمارے گھر رہنے آیا ہوا ہے۔ ان کے والدین غریب ہیں، انہوں نے سوچا یہاں وہ کچھ پڑھ لکھ لے گا اور ہمارے گھر کے کام وغیرہ کردے گا۔ اب گھر سے جو چیز بھی غائب ہوتی ہے اس کی طرف دھیان جاتا ہے۔ اکثر ایسا ہوتا ہے کہ گمشدہ چیز دوسری جگہ سے یا گھر میں کسی اور کے پاس سے مل گئی۔ مجھے افسوس ہوا کہ ہم نے خواہ مخواہ اس بیچارے پر شک کیا' گھر میں اور لوگ یہ بات نہیں سمجھ رہے۔ (اسلم علی۔ کوئٹہ)

مشورہ: اگر کسی پر بلاوجہ شک کیا جائے، چوری کا الزام لگادیا جائے تو اس کی عزت نفس مجروح ہوتی ہے اور اس کا منفی اثر ہوتا ہے۔ پھر وہ پہلے کی طرح آپ کا مخلص نہیں رہتا۔ وہ سوچ سکتا ہے کہ الزام تو لگ چکا، لوگ مجھے مجرم سمجھتے ہیں تو میں مجرم ہی بن جاؤں۔ آپ کو اس لڑکے کو اس بات سے بچانا ہے۔ اب تک جو ہوگیا آئندہ نہ ہو۔ اس پر بھرپور اعتماد کریں بلکہ اپنے رویے اور الفاظ سے ظاہر کریں کہ آپ لوگ اس کو گھر کا محافظ اور سب جیسا ہی فرد سمجھتے ہیں۔ اس کے ساتھ نرم رویہ رکھیں' خلوص سے پیش آئیں۔ کسی کو علم سکھانے سے اچھی اور کیا بات ہوسکتی ہے۔

خوفناک واقعات ذہن پر سوار

کسی سے قتل، ڈاکے، اغوا کا واقعہ سن لوں تو دیر تک دل گھبراتا ہے۔ کوئی مہمان آئے تو وہ بھی اپنے علاقے کے قصے سنانے لگ جاتا ہے۔ میں کسی سے ملوں تو وہی قصے دہرانے لگتا ہوں۔ بس میں، سفر کررہا ہوں یا پیدل چل رہا ہوں یہی باتیں دماغ میں گھومتی ہیں۔ مجھے کچھ اچھا نہیں لگتا۔ نہ کھانا پینا اچھا لگتا ہے نہ کسی سیر وتفریح میں دل لگتا ہے۔ گزشتہ چھ ماہ سے میری عجیب سی حالت ہوگئی ہے۔ (راؤ شاہد، کراچی)

مشورہ: حقائق سے انکار نہیں کیا جاسکتا' اور حالات سے باخبر رہنا بھی ضروری ہے۔ ایسے میں کئی لوگ خوف کے خیال اور احساس کو پھیلاتے ہیں۔ وہ جب بھی گفتگو کرتے ہیں ڈرانے والی اور تکلیف دہ باتیں سناتے ہیں۔ اس طرح ایک تکلیف دہ کیفیت دل ودماغ پر مسلط ہوجاتی ہے۔ لہٰذا خود بھی تکلیف دہ باتیں کرنے سے گریز کریں اور لوگوں کو بھی روکیں۔ اگر بات کرنی ہے تو مشکلات کے سدباب اور روک تھام پر بات کی جائے۔ خوشی، اعتماد اور کامیابی کے بارے میں سوچنا اور عمل کرنا ضروری ہے تاکہ مثبت خیالات ذہن میں جگہ بنائیں۔

نیکیاں ہی ضمیر کو مطمئن کرسکتی ہیں!

چھوٹے بھائی کی شادی کی تو ہم لوگ بڑے بھائی سے ناراض تھے۔ اس وقت میں نے امی اور بہنوں ہی میں بیٹھ کر بھائی کو بہت کچھ کہا، جس پر اب شرمندگی ہوتی ہے۔ سوچتی ہوں ان سے اور ان کی بیوی سے معافی مانگ لوں۔ مگر ڈر لگتا ہے کہ ابھی تو وہ اچھی طرح ملتے ہیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں وہ کہیں کہ تم ہی میں خرابی ہے، ہماری ہر وقت برائی کرتی ہو۔ (س۔ خانیوال)

مشورہ: نیکیاں ہی ضمیر کو مطمئن کرسکتی ہیں۔ بھائی اچھی طرح مل رہے ہیں، تعلقات برقرار رہنے دیں۔ اگر ان سے اپنی برائی کردی تو اختلافات کا نیا سلسلہ شروع ہوسکتا ہے۔ لہٰذا ان باتوں کو بھلائی کے ذریعے بھلادیں۔ کبھی کوئی پرانی بات اس ضمن میں نکل بھی آئے تو کہہ دیں کہ مجھے سمجھنے میں غلطی ہوئی تھی' بھائی بہت اچھے ہیں۔

دماغی طور پر الجھے اور اعصابی طور پر تھکے افراد کا
شفاءِ خانہ
بے شمار سنبھل گئے' آپ بھی لکھیے!

نسلوں کا عذاب یا میرے گناہوں کا وبال

میں سات بھائیوں کی اکلوتی بہن ہوں' اپنی ماں کی سب سے چھوٹی اولاد ہوں' ہوش سنبھالی ماں مجھے آبائی گاؤں ماموں کے گھر لے گئی' تھوڑی بڑی ہوئی تو میرے اندر ایک اکڑ تھی کہ سات بھائیوں کی اکلوتی بہن ہوں رعب تھا' لوگوں کو حقیر سمجھتی تھی' قسمتیں بہت کھائی ہیں' مجھے طنز کرنے کی بہت زیادہ عادت تھی۔ غصہ بہت زیادہ آتا تھا یہی وجہ تھی کہ میری کوئی دوست نہ بن سکی۔ میری شادی ماموں زاد سے ہوئی' بس جس جس چیز کے لوگوں کو طعنے دیتی تھی وہ وہ میرے ساتھ بھی ہونا شروع ہوگیا' شوہر نے چند مہینے میرے ساتھ صحیح گزارے پھر اس نے اپنا رنگ دکھانا شروع کردیا' مجھے خرچ نہ دیتا' مارتا' گالیاں نکالتا' میرے بھائی مجھے جو خرچ دیتے وہ بھی مجھ سے چھین لیتا اور جوا کھیلتا' ظلم کرتا' میرے سامنے بیٹھ کر نشہ کرتا۔ چرس کے سگریٹ مجھے لگتا' لمبا کش کھینچ کر دھواں میرے منہ پر مارتا۔ اللہ نے مجھے بیٹی سے نوازا تو مجھے میری ماں کے گھر چھوڑ دیا کہ مجھے بیٹا چاہیے تھا' میری ممانی ساس نے بھی بیٹے کا ساتھ دیا۔ یوں میں اپنے گھر آگئی' خاندان والوں نے صلح کروانے کی کوشش کی مگر میری والدہ نے نہ کی اور طلاق لے لی۔ بس اسی طرح زندگی گزرتی رہی' میری بیٹی جوان ہوگئی۔ اب میرے معاشی حالات بہت خراب ہیں۔ لوگوں کو حقیر سمجھتی تھی' غریب سمجھتی تھی' خود کو بہت اعلیٰ و برتر کہتی تھی۔ مگر جن کو طعنے دیتی تھی' گھر سے دھکے دیکر نکال دیتی تھی' باتیں سناتی تھیں طنز کرتی تھی آج وہ سب اپنے گھروں میں خوشحال ہیں اور میں اپنی بھابھیوں کے ٹکڑوں پر پل رہی ہوں' ان کا دل چاہتا ہے تو مجھے بلالیا جاتا نہیں دل چاہتا تو ہفتوں مجھے کوئی نہیں پوچھتا۔ میری دوسری شادی کی کئی بار بات چلی مگر میری ماں نے نامعلوم کیوں ہر جگہ انکار کیا کہ ہم خود پال لیں گے۔ اب دل پر ہر وقت اداسی چھائی رہتی ہے لگتا ہے کہ کوئی گندی چیز اور شیطان میرے پیچھے پڑے ہوئے ہیں' سخت نظر بد کا سامنا ہے' پریشان ہوں کہ میری زندگی کا اثر میری بیٹی کی زندگی پر نہ پڑ جائے۔ رب سے رو رو کر توبہ کرتی ہوں' میں نے اس کی مخلوق کو دل دکھایا ہے' جھوٹی قسمیں کھائی ہیں' شاید یہ نسلوں کا عذاب ہے یا میرے گناہوں کا وبال اور پستیاں جو میرا پیچھا نہیں چھوڑ رہی۔ (ج، ملتان)

سسرال میں دکھی بیٹیوں کا مقدر سنوارنے کا نقش

مارچ 2023ء کے شمارہ میں "جنات کا پیدائشی دوست" کا عطا کردہ ساتواں لاہوتی نقش شائع کیا جائے گا۔ بس نقش پر کیجئے' اس نقش کی خیر ہمیشہ آپ کی بیٹی کیساتھ رہے گی' زندگی بھر سکھ چین اور سکون رہے گا۔ انتظار کیجئے!

ازدواجی زندگی ناکام ہو کر رہ گئی ہو اٹھتے بیٹھتے جسم دکھتا ہو، حافظہ کمزور
اکسیر البدن
میں نے خود بھی اور اپنے کئی دوستوں کو اکسیر البدن استعمال کروائی، مجھے اس کا بہت اچھا رزلٹ ملا ہے۔ کمزور جسم فربہ ہوجاتا ہے، بھوک بھی اچھی لگتی ہے۔ جسم میں قوت آتی ہے (یاسر نواز، لاہور)

حرف "ص" کا نقش لکھیں اور پھل دار درخت پر لگادیں' جیون ساتھی اور افسر مہربان ہوگا

آئیں عبقری سے عملیات سیکھیں!

جب بھی کسی چیز کو سیکھا جاتا ہے تو ابتداء اس چیز کی 'ABC' 'اب' سے کی جاتی ہے۔ نوری عملیات کی ابتداء اور انتہا حروف تہجی ہے! حروف تہجی کے لفظوں سے مل کر قرآن بنا ہے۔ تمام وظائف، مسنون دعائیں، اذکار اور اسم اعظم بھی انہی حروف کا مجموعہ ہیں۔ اس عملیاتی کلاس میں سب سے پہلے حروف تہجی کے عملیاتی رازوں کو افشاں کیا جائے گا، حروف تہجی کے خاص حروف کے چلے اور باموکل اعمال کی خصوصی اجازت دی جائے گی۔ جو شخص حروف کے ظاہر و باطن سے واقف ہو جائے وہ صدر درجہ یقین اور مرتبہ مقربین تک پہنچے گا۔ حروف تہجی کے بعد پھر عملیات کا اگلا باب شروع کیا جائے گا۔ اس سنہری موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیں! یہ موقع شاید پھر نہ ملے!!!!

حرف "ص" کے عملیات اور منسوبات

"ص" ابجد کا اٹھارواں حرف ہے۔ حکمائے فلاسفہ کے نزدیک حرف ص حرف خاکی ہے جو حروف خاکی سے مل کر تقویت پاتا ہے اور آبی سے مل کر قوی المزاج ہو جاتا ہے۔ حروف باد اس کے دشمن ہیں۔ اس کا مزاج خشک ہے مگر اس کی خشکی پر سردی غالب ہے۔

زکوٰۃ کا طریقہ

اس حرف کی زکات دینا چاہیں تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ جب چاند منزل قلب میں داخل ہو تو اس وقت ادا کریں۔ چاند ہر ماہ منزل قلب میں آتا ہے اور ایک منزل میں (تقریباً) 24 گھنٹے کا ہوتا ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے لئے اسے باموکل اس منزل کے وقت کے اندر اندر 4444 مرتبہ "اَجِبْ یَا اَھْجَمَائِیْلُ بِحَقِّ یَا صَادُ" پڑھ لیں گے تو حرف ص کی زکات اصغر ادا ہو جائے گی۔ علیحدہ پڑھیں اور حصار سے پڑھیں۔ اس عمل سے پہلے گیارہ بار آیت الکرسی پڑھ کر اپنا حصار کر لیں۔ اب عامل کو اختیار ہوگا کہ وہ جب چاہے حرف ص کے عملیات سے صرف جائز مقاصد کے لئے کام لے۔ بخور بوقت زکوٰۃ اور عمل جلانا چاہیے اور اس عمل کا بخور جلوتری ہے۔ اگر جلوتری موجود نہ ہو تو بڑ کی پتی سے بھی کام لے سکتے ہیں۔

بدکلامی سے نجات

اگر کوئی بدکلامی' گالم گلوچ اور فحش گفتگو کرتا ہو اور ان بری عادات سے نجات پانا چاہتا ہو تو اس کے لئے کسی سفید کاغذ پر نوے مرتبہ حرف (صاد) بطریق دائرہ لکھ کر موم میں لپیٹ کر مرد ہو تو بازو سے راست پر باندھے۔ عورت ہو تو بازوئے چپ پر باندھے تو زبان تمام بدگوئیوں سے محفوظ ہو جائے گی۔

ہر قسم کے شر سے حفاظت

جو شخص حرف ص کو مربع خاکی میں پر کرے۔ پھر اس مربع کے گرد دائرہ کے باہر چودہ صاد عربی لکھے اور اپنے پاس رکھے تو سفر وحضر میں چور چکار اور جن وانس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

دشمن منتشر ہو جائیں

اگر ص ہندی کو برگ حنظل پر 14 بار لکھیں اور سایہ میں اس کو خشک کریں اور پھر اسے کسی ایسی جگہ دفن کریں جہاں دشمنوں کا اجتماع ہوتا ہو تو ان میں تفرقہ پڑ جائے اور وہ دشمن منتشر ہو جائیں گے آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

آنکھوں کے امراض کے لئے

اگر آنکھ میں درد ہوتا ہو تو 90 "ص" لکھیں۔ ہر حرف کے بعد لفظ محمد ﷺ لکھیں اور اس کا تعویز بنا کر آنکھ پر باندھیں تو درد دور ہو۔ رات کو سوئیں تو رات بھر میں آرام آجائے۔

شوہر کو راہ راست پر لانے کے لئے

اگر کوئی شخص بے راہ روی کا شکار ہو کر کسی غیر عورت کے ساتھ تعلق کرنا چاہتا ہو یا مبتلا ہو گیا ہو تو ایسے شخص کو راہ راست پر لانے کے لئے جس وقت آفتاب برج عقرب کے 9 درجے پر ہو' اس وقت ایک کاغذ پر نوے مرتبہ حرف "ص" لکھا جائے۔ پھر دونوں افراد کے نام لکھے جائیں' لکھتے وقت ہینگ کی دھونی دیتے رہیں۔ اگر یہ عبارت اور حرف ص ہرن کی کھال پر یا سفید ریشمی کپڑے پر لکھی جائے تو عمل کی طاقت کئی گناہ بڑھ جاتی ہے۔ یہ عمل لکھنے کے بعد اس کو پانی میں پھینک دیں۔ ان شاء اللہ دونوں کے درمیان جلد جدائی واقع ہوگی۔ اس طرح کے اعمال صرف وہاں کیے جائیں جہاں تعلقات ناجائز ہوں۔ اگر کسی کا جائز تعلق ختم کرنے کیلئے یہ عمل کیا جائے تو ایسا عمل کرنے والا شخص عالم قہر خداوندی کا شکار ہو جائے گا۔

اعمال میں تاثیر پیدا ہو

اگر کسی شخص کے عمل میں توجہ اور دھیان کے باوجود بھی تاثیر پیدا نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ نوے مرتبہ نوے دن تک حرف ص کا ورد کرتا رہے تو اس حرف کا عامل بن جائے گا۔ اس کے بعد اس کے عمل میں زبردست تاثیر پیدا ہو جائے گی اور پھر حرف صاد کے ہر عمل میں ان شاء اللہ کامیابی ملے گی۔

عداوت و جدائی کے لیے

جس وقت آفتاب برج عقرب میں ایک درجہ پر آئے اس وقت نوے 90 مرتبہ حرف صاد جن دو اشخاص میں عداوت و جدائی ڈالنی ہو ان دونوں اشخاص کے نام معہ والدہ کے پوست آہو یا حریر پر لکھیں اور پانی میں ڈال دیں' بوقت عمل ہینگ کا بخور جلائیں۔ اس عمل کو صرف جائز مقاصد کے لئے کیا جائے ورنہ عمل الٹا پڑ جائے گا۔

افسر مہربان ہوگا

اگر کوئی شخص یعنی آپ کا افسر یا جیون ساتھی آپ کو توجہ نہ دیتا ہو اور آپ سے بیزاری اختیار کر رہا ہو تو ایسے شخص کے دل میں اپنی قدر و منزلت پیدا کرنے کے لئے حرف "ص" کو نو سو مرتبہ کسی کاغذ پر لکھے اور پھر اسی کاغذ پر طالب و مطلوب کے نام مع اسم والدہ کے لکھ کر کسی پھل دار درخت پر ہرے کپڑے میں پیک کر کے آویزاں کر دیں تو چند ہی دنوں کے بعد مطلوب متوجہ ہوگا اور اس کے دل میں آپ کے لئے قدر و منزلت بھی پیدا ہوگی۔

حرف "ص" کے مؤکل کی تسخیر

اپنے ظاہر و باطن کو پاک کر کے منزل قلب میں حرف "ص" کی دعوت اور اضمار 700 مرتبہ پڑھنے سے مؤکل حاضر ہو کر بحکم الٰہی اطاعت کرے گا۔

(دعوت) یا اھجمائیل یا صائیل بعق صاد یا صاد یا اھجمائیل یا صائیل بعق یا صانع یا یعیائیل بعق یا کریم۔ (اضمار) اجب یا طعیل بعق حطیع سع ستع علطع ستع۔ ل بع بموہ یاہ سلام قوم من رب رحیم۔ اجب وافعل کذا۔

انوکھے راز اور حیرت کا انوکھا جہان

عبقری ویب سائٹ اور یوٹیوب چینل پر شیخ الوظائف کی تمام روحانی کلاسز کی ریکارڈنگز موجود ہیں۔ جس میں شیخ الوظائف نے عملیات کے طالب علموں کیلئے سینے کے راز افشاں کیے ہیں۔ روزانہ سنیں، بار بار سنیں۔ ہر بار انوکھے راز اور حیرت کا انوکھا جہاں آپ پر کھلے گا۔

مسوڑھے صحت مند دانت مضبوط! میرا آزمودہ عمل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے مسوڑھے بہت زیادہ کمزور تھے۔ میں گوشت یا کوئی بھی ثقیل غذا استعمال کرتا تو مسوڑھوں میں تکلیف شروع ہوجاتی۔ میری حالت اس قدر خراب ہوچکی تھی کہ اگر کوئی پھل کھانا بھی شروع کرتا تو مسوڑھوں سے خون بہنا شروع ہوجاتا اور پھل بھی اسی خون سے آلودہ ہوجاتے۔ اکثر کوئی چیز کھانے سے جب منہ سے خون بہتا تو وہ کافی دیر تک ہلکا ہلکا نکلتا رہتا جس وجہ سے مجھے وضو کو قائم رکھنے اور نماز پڑھنے میں بھی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا۔ ان دنوں مجھے آپ کا بتایا ہوا وضو کے تین گھونٹ والے عمل کے بارے میں پتہ چلا۔ اس دن بھی کھانا کھانے کے بعد مسوڑوں سے خون بہہ رہا تھا اور نماز کا وقت بھی ختم ہورہا تھا۔ میں بہت پریشان تھا کہ کس طرح اس مسئلہ سے نجات پاؤں۔ اس دوران مجھے آپ کا بتایا ہوا وضو کے تین گھونٹ والا عمل یاد آیا اور میں نے فوراً وضو کیا اور آخر میں تین گھونٹ پانی پیا' عمل کے مطابق پہلے گھونٹ پر'' یا اللہ شافی'' دوسرے گھونٹ پر'' یا اللہ معافی'' اور تیسرے گھونٹ پر'' یا اللہ کافی'' پڑھا۔ جب یہ عمل کرنا شروع کیا تو میرے منہ سے خون بہنا بند ہو گیا۔ جیسے جیسے یہ عمل کررہا ہوں میرے مسوڑھوں کے مسائل کم ہوکر ختم ہوگئے ہیں۔ میرے مسوڑھے بھی مضبوط ہوگئے اور خون بہنا بھی بند ہوگیا۔ اب کھانے کا بھی مزہ آتا ہے' چبانے کا بھی مزہ آتا ہے۔ اس سے پہلے میں نے علاج کی کافی کوشش کی مگر نا کام رہا مگر اس مختصر سے عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے شفاء دے دی۔

تین طاقتور ترین اشیاء کا ٹانک! جسم صحت مند' زندگی خوشحال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پٹھوں میں کھچاؤ رہتا تھا جس وجہ سے معمول کے کام کاج کرنے سے بھی تکلیف شروع ہوجاتی تھی۔ میں نے آپ کا بتایا ہوا ایک ٹوٹکہ استعمال کیا جس کے چند دن استعمال سے ہی میرے پٹھوں کے کھچاؤ کا مسئلہ حل ہوگیا اور اس کے علاوہ بلغم کا مسئلہ بھی تھا وہ بھی یہی ٹوٹکہ استعمال کرنے سے ختم ہوگیا۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے دو چمچ اسپغول' ایک چمچ زیتون کا تیل اور ایک چٹکی کلونجی ان تینوں چیزوں کو آپس میں مکس کر کے سردیوں میں نیم گرم دودھ اور گرمیوں میں نارمل دودھ کے ساتھ کچھ عرصہ مستقل مزاجی کے ساتھ استعمال کریں' ان شاءاللہ شفاء ہوگی۔ جو لوگ معدے کے امراض میں مبتلا ہوں ان کے لئے بھی یہ ٹوٹکہ بہت لاجواب ہے۔ (پوشیدہ)

کھیتوں میں پانی لگانے گیا اور تکلیف بڑھ گئی

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! آپ لوگوں کو ان کے مسائل اور مشکلات سے نکالنے کے لئے اعمال والی زندگی دے رہے ہیں اس کی مثال کہیں اور نہیں ملتی۔ ان مسنون اعمال کی برکت سے لوگوں کے غم بھی دور ہوتے ہیں اور اعمال سے پلنے' بننے اور بچنے کا یقین بھی پختہ ہوجاتا ہے۔ اس سے پہلے میں اعمال کی طاقت سے نا آشنا تھا۔ ایک بار میں بیت الخلاء میں داخل ہوتے مسنون دعا پڑھنا بھول گیا۔ جب میں بیت الخلاء سے باہر نکلا تو فوراً میرے پاؤں کے گھٹنے میں درد شروع ہوگئی۔ میں اپنے کھیتوں میں پانی لگانے کے لئے چلا گیا لیکن تکلیف کم ہونے کی بجائے مزید بڑھ گئی۔ میں نے ایک تسبیح بیت الخلاء کی دعا کی پڑھی اور اس کے بعد چند بار'' اللہ اکبر'' پڑھ کر اس کا ہدیہ اپنے پاؤں کو کردیا۔ اس عمل کے چند منٹ بعد ہی میرے گھٹنے سے ایسے تکلیف ختم ہوئی جیسے کبھی تھی ہی نہیں۔ اس دن کے بعد میں نے بیت الخلاء کی دعا کا بہت زیادہ اہتمام شروع کر دیا اور دوبارہ کبھی ایسا مسئلہ نہیں ہوا۔

پانچ نام' پانچ انگلیاں' نظر بد' آفات ختم

روحانی محفل' دم اور شفائیہ دعا

17 مارچ 2023ء بروز جمعہ دوپہر 2 بجے شیخ الوظائف کی کوئٹہ آمد

اہالیان کوئٹہ کیلئے خوشخبری! شیخ الوظائف دوران محفل انتہائی طاقتور اعمال' وظائف اور عملیات کروائیں گے۔

کالی چیزیں' بیماریاں' بندشیں' دکھ' تکالیف راکھ

پاک صاف ایک بالشت کے برابر یا اس سے تھوڑا بڑا تولیہ لیں' اس کو گیلا کرکے گھر کے ہر کمرے اور صحن کی مٹی اس پر لگالیں' دھوپ میں خشک کرلیں' پھر اسے 17 مارچ کو محفل میں لے آئیں' خاص عمل ہوگا' پھر اسے جلادیں۔ تمام کالی چیزیں' بیماریاں' بندشیں' دکھ' تکالیف راکھ!

پانچ اللہ کے نام' پانچ انگلیاں' نظر بد' آفات ختم

شیخ الوظائف دوران محفل اللہ کے پانچ طاقتور ناموں کا عمل پانچ انگلیوں پر کروائیں گے' بس عمل کے بعد آپ کی زندگی سے ہر دکھ' غم' مصیبت ختم' خوشیوں کے دروازے کھل جائینگے

سر سے پاؤں تک تمام بندشیں' کاروباری زوال ختم

دو سے تین عدد سر کے بال اور ہاتھ پاؤں کے ناخن ٹشو میں رکھ کر لائیں' عمل ہوگا' جس نے عمل کروالیا وہ رنگا گیا۔ ساری زندگی پرامن' خوشحال اور تونگر رہے گا۔

روحانی وجسمانی بیماریوں کا خاتمہ

دوران پروگرام انگلی سے دل پر ایک اسم لکھوایا جائے گا' بس جس نے لکھ لیا' اس کے تمام روحانی وجسمانی امراض ختم' ٹینشن ڈیپریشن' نفسیاتی الجھنوں سے نجات پاگیا۔

سفلی عمل' جنات' نظر بد کا خاتمہ

نہانے کا صابن ہمراہ لائیں' خاص عمل ہوگا' بس جو اس صابن سے نہائے گا اس کے جسم کے رویں رویں سے سفلی عمل' جادو' نظر بد' شریر جنات کا اثر' بیماری سب ختم ہوجائیگی۔

سفید رنگ کی میٹھی چیز یا مٹھائی لائیں!

آتے ہوئے حسب ضرورت سفید میٹھی چیز (مٹھائی' چینی' رس گلے وغیرہ) لائیں خاص عمل ہوگا۔ بس گھر جاکر استعمال کریں' میاں بیوی کی ناچاقی ختم' گھریلو جھگڑے ختم' بات طلاق تک پہنچ چکی ہو اس عمل سے دوبارہ محبت پیدا ہوجاتی ہے۔

خواتین ہر حالت میں شامل ہوسکتی ہیں!

لانا نہ بھولیے! تیل' چینی' چاول' آٹا' نمک' پانی' صابن (نہانے' کپڑے دھونے) اور ماچس' پھر کرشمے دیکھیں!

نیوطاقتی
کمر درد | قوت باہ کی کمزوری | پٹھوں کا کھچاؤ | ذہنی دباؤ
میری عمر پچاس سال سے تجاوز کرچکی ہے لیکن مجھے نیوطاقتی نے اب تک جوان رکھا ہوا ہے۔ میں کافی عرصہ سے طاقتی استعمال کررہا ہوں' میرے اعصاب مضبوط اور طاقت بہترین ہے۔ (پوشیدہ)

مقدمات میں پھنسے: جو لوگ مقدمات میں پھنسے ہوئے ہیں اور ان کے پاس کوئی چارہ نہیں ہے' بے قصور ہیں۔ وہ خود یا ان کے عزیز تسبیح خانہ شب برات کی دعا میں شامل ہوں اور کرشمہ دیکھیں

چہرہ سے روشنی اور میرے اندر جنات بولتے ہیں

خالد فاروقی' اوکاڑہ

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے ساتھ بچپن میں کچھ جناتی شیطانی مسائل تھے۔ اکثر بیٹھے بٹھائے مجھ پر جنات کی حاضری ہو جاتی اور مجھے دورے پڑنا شروع ہو جاتے تھے۔ اکثر یہ مسئلہ میرا ساتھ دوپہر کے وقت ہوتا تھا۔ جب بھی مجھ پر جنات کی حاضری ہوتی تو میرا رنگ اس قدر سرخ ہو جاتا کہ بعض اوقات گھر میں موجود دوسرے افراد بھی خوف زدہ ہو جاتے اور جب میرے چہرے کو کسی کپڑے وغیرہ سے لپیٹا جاتا تو ایسے محسوس ہوتا جیسے کوئی سرخ روشنی جل رہی ہو۔ میرے اندر جنات حاضر ہو جاتے جو گھر والوں سے گفتگو بھی کرتے اور ان کو سوالوں کے جواب بھی دیتے۔ گھر والے جب ان جنات کو جانے کا کہتے تو وہ اس بات پر رضامند نہ ہوتے اور پھر کافی دیر کے بعد جا کر میرے ہوش وحواس قائم ہوتے۔ اس معاملے نے زندگی کو اجیرن کر دیا تھا۔ ان جنات سے خلاصی کے لئے مختلف علاج کروائے مگر فائدہ نہ ہوا۔

گھر میں پڑی چیزیں اچانک غائب ہو جاتیں

میری والدہ بتاتی ہیں کہ جب میں چھوٹا تھا تو ایک دن والدہ کے ساتھ کھیتوں میں گیا۔ وہاں راستے میں دوپہر کے وقت والدہ نے مجھے ایک درخت کے ساتھ میں لٹا دیا' وہاں قریب ہی حویلی میں ہم نے کچھ بھینسیں پال رکھی تھیں' والدہ انہیں چرانے کے لئے چلی گئیں۔ جب وہ واپس آئیں اور مجھے گھر واپس لے کر گئیں اس دن سے میرے ساتھ یہ جناتی مسائل شروع ہو گئے۔ جہاں ان جنات سے میرے گھر والے پریشان ہوتے وہاں وہ کچھ فوائد پہنچانے کی بھی کوشش کرتے۔ گھر والے مجھے اگر کوئی کام کرنے کے لئے دیتے تو میں وقت سے پہلے اور بہتر طریقے سے وہ کام سرانجام دے دیتا' عام تاثر یہی تھا کہ وہ جنات میرے کاموں میں مدد کرتے ہیں مگر جب مجھے دورے پڑتے اور میری حالت خراب ہو جاتی تو مجھ سمیت تمام گھر والے بہت پریشان ہو جاتے۔ اکثر میرے پاس پڑی چیزیں اچانک غائب ہو کر دو سے تین دن بعد خود بخود مل جاتیں۔ اکثر کمرے میں ایک دنبہ دکھائی دیتا جبکہ ہمارے علاقے میں کسی کے پاس بھی دنبہ نہ تھے۔ جب میں جوانی کی عمر کو پہنچ گیا تو تب بھی میرے ساتھ یہ معاملات چلتے رہے۔ میری والدہ مجھے ایک بزرگ کے پاس لے گئیں جنہوں نے مجھے دم کیا جس سے حاضری والا مسئلہ حل ہو گیا اور اس کے بعد انہوں نے مجھے عمل خود بھی پڑھنے کے لئے دیا جس کے اول و آخر میں گیارہ بار درود ابراہیمی اور درمیان میں 141 مرتبہ سورۃ فاتحہ اس انداز سے پڑھنی تھی کہ جب الحمدللہ رب العالمین پڑھیں تو ''عالمین'' کو تین مرتبہ دہرائیں۔ میں نے یہ عمل شروع کیا جس سے مجھے بہت فائدہ ہوا مگر مکمل نہ کر سکا۔ جس وجہ سے آج بھی اکثر میرے کمرے میں ایک خوف کا سماں رہتا ہے' میرے بیڈ پر اگر کوئی لیٹ جائے تو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے میرا کوئی بیڈ ہلا رہا ہو اور اکثر رات کے وقت بچے ڈر کر اٹھ جاتے ہیں جس وجہ کمرے میں کوئی نہیں سوتا۔ درج بالا عمل جب بھی ترتیب سے کرنا شروع کرتا ہوں' جناتی مسائل کم ہو جاتے ہیں۔

مچھلی کو مہینوں محفوظ رکھنے کا ٹوٹکہ

مچھلی ایک ایسی لذیذ اور صحت بخش غذا ہے جو مزیدار ذائقہ کے علاوہ مختلف بیماریوں سے حفاظت اور نجات کا ذریعہ ہے۔ سردیوں میں مچھلی عام مل جاتی ہے مگر اکثر علاقوں میں گرمیوں کے موسم میں اس کا ملنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جن مریضوں کو معالج مچھلی استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں ان کے لئے گرمی کے موسم میں مچھلی کا استعمال دشوار ہو جاتا ہے' اس کے علاوہ بعض لوگ گرمیوں میں کچھ ڈشز بنانے کے لئے بھی مچھلی کا استعمال کرتے ہیں۔ مچھلی کو زیادہ سے زیادہ عرصے تک فریز کرنا ہو تو مچھلی کے ٹکڑوں کو یا سالم مچھلی کو کسی پلاسٹک کے برتن یا دودھ کے خالی ڈبے میں پانی ڈال کر فریزر میں رکھ دیں۔ پانی، برف بن جائے گا اور اس کے اندر جو مچھلی جمی ہوگی وہ زیادہ دیر درست حالت میں رہے گی اور اگر کئی گھنٹوں کے لیے بھی بجلی چلی جائے تو مچھلی کے گرد جمی برف اسے خراب ہونے سے بچائے رکھے گی۔ مچھلی اور پانی ڈبے میں ڈالے جاسکتے ہیں۔ (نوشین بشیر' اسلام آباد)

چاول، گندم، مکئی کا آٹا مکس کیجئے، لگائیے! حسن لاجواب پائیے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری قارئین کی خدمت میں اپنے چند ٹوٹکے پیش کر رہی ہوں' مجھے یقین ہے جو کوئی شخص بھی ان ٹوٹکوں کو آزمائے گا اسے بھی میری طرح ضرور نفع ہوگا۔ یہ ٹوٹکے میرے بارہا کے آزمودہ ہیں جنہیں میں نے مختلف لوگوں کو بتایا اور انہیں آزمانے کے بعد ان سے نفع ہوا۔

ابٹن بنانے کا آسان طریقہ

ایسے لوگ جو رنگت گوری کرنے کے لئے مختلف بازاری کریموں کا استعمال کرتے ہیں جس سے انہیں وقتی طور پر تو فائدہ ہو جاتا ہے مگر ان کریموں کے اندر جو کیمیکل زدہ اجزاء کا استعمال کیا جاتا ہے اس کی وجہ سے کچھ عرصہ بعد ان کے منفی نتائج بھی شروع ہو جاتے ہیں۔ ان مضر اثرات کی وجہ سے بعض اوقات چہرے پر دانے' چھائیاں اور سیاہ دھبے بننا شروع ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے چہرہ بدصورت نظر آنے لگتا ہے۔ چہرے کی رنگت کو نکھارنے کے لئے ایک بہت ہی آسان اور قدرتی اجزاء سے تیار کردہ نسخہ ہے جس سے چہرہ بھی گورا ہو جاتا ہے اور کوئی مضر اثرات بھی نہیں ہوتے۔ وہ ٹوٹکہ یہ ہے۔ ھوالشافی: چاول کا آٹا، گندم کا آٹا، مکئی کا آٹا، سنگترے کے خشک چھلکے پسے ہوئے' یہ تمام اجزاء ایک ایک کپ لیں اور ان میں دو کپ بیسن اور 50 گرام ہلدی مکس کر لیں۔ اس کے بعد حسب ضرورت عرق گلاب مکس کر کے پیسٹ بنا لیں' چہرے' ہاتھ اور پاؤں پر تقریباً 20 منٹ سے آدھے گھنٹے کے لئے لگا دیں اور پھر پانی سے دھو لیں رنگت نکھر جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

جسمانی گرمی کا علاج

ایسے لوگ جو گرم علاقوں میں رہتے ہوں یا سخت گرمی میں کام کرتے ہوں اور لو لگنے کا خطرہ ہو تو انہیں چاہیے کہ دو عدد کیری لے کر ابال لیں' جب یہ نرم ہو جائے تو اس کا گودا نکال کر گھوٹ لیں۔ اس گودے کو حسب مقدار تھوڑی سی چینی ملا کر استعمال کریں اور اس کے بعد دو سے تین گلاس پانی پی لیں' ان شاء اللہ اس سے بہت فائدہ ہوگا۔ اس ٹوٹکے سے جسمانی گرمی اور لو سے حفاظت رہے گی۔ (بنت عبدالرسول' سکھر)

روشن دماغ
حافظہ مضبوط، دماغی خشکی دور سر درد میں بھی مفید ہے
میں روشن دماغ کافی عرصہ سے استعمال کر رہا ہوں۔ ذہنی طور پر بہت مطمئن ہوں اور میرا حافظہ بہت اچھا ہے۔ واقعی یہ جڑی بوٹیوں کا وہ فارمولا ہے جو دماغ کو توانا رکھتا ہے (حسن نعیم، ملتان)

شادی کی تیاری کریں: عمر بڑھتی جا رہی مگر اچھے رشتہ سے ابھی تک محروم ہیں یا شادی کے لئے اسباب موجود نہیں ہیں تو رمضان المبارک تسبیح میں ہونے والے چند منٹ کے اس عمل میں شامل ہوں۔

ناحق طلاق دینے والا عبرت کا نشان کیسے بنا؟

(پوشیدہ)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! جب میں شادی کی عمر کو پہنچی تو والدین نے میرا رشتہ تلاش کرنا شروع کیا' اس دوران ایک رشتہ آیا' لڑکا بیرون ملک کسی کمپنی میں ملازمت کرتا تھا۔ جب وہ لڑکا پاکستان آیا تو چند بار میرے گھر والے لڑکے کے گھر گئے اور اس کے بعد شادی کی تاریخ پکی کر دی۔ اس کے بعد چند ہی ہفتوں میں میری شادی ہو گئی۔ شادی کے پہلے دن ہی میرے شوہر نے بتایا کہ میں اس شادی سے خوش نہیں ہوں' میرے گھر والوں نے میری زبردستی شادی کی ہے۔ میں ان کی یہ بات سن کر سکتہ میں آگئی۔ میری ساری خوشیاں اسی وقت تباہ ہوگئیں۔ لیکن اس کے باوجود بھی میں نے فیصلہ کیا کہ اپنے شوہر کے ساتھ وفا کی ہر ممکن کوشش کروں گی۔ لیکن میری نندوں نے بھی مجھے قبول نہ کیا ان کا کہنا تھا کہ تم بھائی کی طرح خوبصورت نہیں ہو' ہم جلد تمہیں اس گھر سے نکلوا کر اپنے بھائی کے لئے کوئی خوبصورت دلہن لے کر آئیں گے۔ وہ اکثر ایسی باتیں کرتیں جس سے میرا دل جل جاتا مگر اس کے باوجود بھی میں سب باتیں برداشت کرتی رہی۔ میرے شوہر بھی سارا دن گھر سے باہر رہتے اور مجھے بلانا تک بھی گوارا نہ کرتے۔ یہاں تک کہ میرے شوہر جب چھٹیاں ختم ہونے کے بعد بیرون ملک واپس جارہے تھے تو انہوں نے مجھ سے بات کرنا بھی گوارا نہ کی۔ ان کے جانے کے بعد مجھے سسرال والوں نے مزید تنگ کرنا شروع کر دیا جس کے بعد میں اپنے میکہ چلی گئی۔ میرے شوہر کا کچھ عرصہ بعد مجھے فون آیا اور انہوں نے کہا کہ میں اب مزید تمہارے ساتھ اپنا رشتہ قائم نہیں رکھ سکتا اور بہت جلد تمہیں طلاق دے دوں گا۔ میں نے ان سے کہا کہ میرا قصور بتا دیں مگر انہوں نے میری کوئی بات نہ سنی۔ جب وہ پاکستان واپس آئے تو میرے والدین نے شوہر کی بہت منت ساجت کی' یہاں تک کہ پاؤں پکڑ لئے مگر میرے شوہر نے کوئی بات نہ سنی اور مجھے طلاق دے کر کچھ ہی ہفتوں بعد واپس چلے گئے۔ میں اندر سے ٹوٹ چکی تھی۔ میرے والدین بھی میرے اس دکھ کی وجہ سے پریشان رہنے لگے۔ تقریباً ڈیڑھ سال بعد میرے سابقہ شوہر کا میرے والدین کو فون آیا وہ مسلسل سسکیاں لے کر رو رہا تھا اور مجھ سے معافی کی التجا کر رہا تھا۔ میرے والدین سے بھی مسلسل معافیاں مانگ رہا تھا۔ اس نے میرے والدین کو بتایا کہ (ش) کے ساتھ میں نے جو ظلم کیے ہیں اب وہ سلسلہ میرے ساتھ شروع ہو چکا ہے۔ اس نے بتایا کہ میری زندگی میں مال و دولت اور تمام سہولیات کے باوجود سکون نہیں ہے۔ وہ مزید کہنے لگا آپ کی بیٹی نے میرے ساتھ وفا کی اور گھر بسانے کی آخری کوشش کی مگر میں نے بغیر کسی وجہ کے اس کو ناحق طلاق دی۔ آج میں بھی اپنی دوسری بیوی کے ساتھ اپنا رشتہ قائم رکھنے کی کوشش کر رہا ہوں مگر وہ طلاق پر بضد ہے' جس طرح آپ اور آپ کی بیٹی نے رشتہ بچانے کے لئے میرے پاؤں پکڑے تھے' اب ایسے ہی میں اپنی بیوی اور اس کے گھر والوں کے پاؤں پکڑنے پر مجبور ہو چکا ہوں۔ مگر اس کے باوجود بھی میری بیوی نہیں مانی اور عنقریب میرا گھر اجڑنے والا ہے۔ یہ صرف آپ اور آپ کی بیٹی کو ناحق ستانے اور طلاق دینے کا نتیجہ ہے۔ میں نے اس شخص کو دل پر پتھر رکھ کر صرف رب کی رضا کی خاطر معاف کر دیا مگر اس شخص کی زندگی سے مصیبتیں ختم نہ ہو سکیں اس کا گھر اجڑ چکا اور سب کچھ برباد ہو چکا ہے۔

کھانا' پینا' زندگی کی تمام ترتیب خراب' خدارا میرا بھی کچھ کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں کافی عرصہ سے بواسیر کے مرض میں مبتلا ہوں۔ اس بیماری نے میرا کھانا پینا اور میری زندگی کی ساری ترتیب خراب کر دی۔ اگر کوئی تھوڑی سی بھی مرچ مصالحہ والی غذا کھالوں تو کئی دن تک میرا معدہ میں جلن شروع ہو جاتی اور اس کے علاوہ بیٹھ کر زیادہ سفر کرنے سے بھی عاجز آچکی تھی۔ میں نے اس بیماری کے علاج کے لئے عبقری کا بواسیر کورس استعمال کرنا شروع کیا۔ ایک ہفتہ مسلسل استعمال کیا مگر مجھے کوئی افاقہ نہ ہوا لیکن میں نے بروشر پر یہ بات پڑھی تھی کہ بواسیر سے نجات کے لئے کچھ عرصہ اس کورس کا باقاعدگی سے استعمال کیا جائے۔ میں نے استعمال جاری رکھا اور تین ہفتوں بعد مجھے کچھ افاقہ محسوس ہوا۔ جب میرا ایک کورس مکمل ہو چکا تو کافی بہتری آچکی تھی۔ میں نے عبقری دواخانہ کال کر کے مزید دو بواسیر کورس منگوا لیے۔ یہ کورس استعمال کرنے کے بعد بواسیر کا مرض مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے اور اس بیماری کی وجہ سے میرا آئے دن جو معدہ خراب رہتا تھا' اس دوا کے استعمال سے اس مرض میں بھی کافی بہتری آئی ہے۔ (نورین احسن' راولپنڈی)

دنیا کے سامنے خوشحال ازدواجی زندگی' مگر حقیقت بہت تلخ ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری چار سال پہلے شادی ہوئی' اللہ تعالیٰ نے ایک نیک بیوی عطا فرمائی۔ اللہ تعالیٰ نے معاشی لحاظ سے وسعت دی' ہمارا اچھا گزر بسر ہو رہا اور بظاہر دیکھنے والے یہی سمجھتے کہ ہم دونوں میاں بیوی آپس میں بہت خوش ہیں مگر حقیقت اس کے برعکس تھی کیونکہ میں جسمانی لحاظ سے کمزوری کا شکار تھا جس وجہ سے حقوق زوجیت ادا کرنے سے قاصر تھا اور اسی وجہ سے ہم میاں بیوی اولاد کی نعمت سے بھی محروم رہے۔ میری بیوی نے تو مجھ کبھی اس بات کا شکوہ نہ کیا اور میرا بھرپور ساتھ دیا۔ میں نے مختلف ایلوپیتھک اور دیسی ادویات کا استعمال کیا مگر مجھے عارضی طور پر بھی کوئی افاقہ نہ ہوا۔ میں اپنی زندگی سے مایوس ہو چکا تھا اور ڈر تھا کہ کہیں میری بیوی میرا ساتھ نہ چھوڑ دے کیونکہ اسے خاندان کے لوگ اولاد نہ ہونے کی وجہ سے بہت طعنے دیتے تھے مگر وہ چپ کر کے یہ سب سہہ رہی تھی۔ ایک دن میں نے ہمت کر کے اپنے ایک قریبی دوست کو اپنا مسئلہ بتایا تو اس نے مجھے عبقری دواخانہ کی ''معجون مراد'' اور طاقتی گولیاں استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے دو ماہ مسلسل ان ادویات کو استعمال کیا۔ ان ادویات کی وجہ سے میری زندگی کی مایوسیاں ناکامیاں اور پریشانیاں ختم ہوگئیں۔ اس دوا کو استعمال کرنے کے بعد میں اب ایک خوشگوار ازدواجی زندگی گزار رہا ہوں اور میری بیوی کو بھی امید لگ گئی ہے اور وہ دن رات عبقری کو دعائیں دیتی ہے۔ (ج'ا' ڈیرہ غازی خان)

فٹنس فولاد ٹانک
خون کی کمی کو پورا کرے
حاملہ خواتین کیلئے لاجواب
عبقری کا فٹنس پیکیج واقعتاً بہت طاقتور جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے۔ میرا جسم بہت ناتواں اور کمزور تھا۔ جب سے فٹنس پیکیج استعمال کیا ہے الحمدللہ جسم میں طوفانی طاقت آئی ہے۔ (فیضان انصاری)

رزق کی بارش ہو جائے: جو شخص اخلاص، ادب اور سچی طلب کے ساتھ شب برات میں تسبیح خانہ حاضری دے گا اس پر رزق کی بارش ہو جائے گی۔ جس شے کو ہاتھ لگائے گا سونا ہو جائے گی۔

(انتخاب) علامہ ابوعون حید نقوی المعروف کمی احمدپوری

آل محمد سلام اللہ رضوانہ علیہ سے بانجھ پن ختم کرنے کا لذیذ نسخہ لیجئے!

فرمان حضرت امام موسیٰ کاظم سلام اللہ و رضوانہ علیہ

"جس شخص کا نطفہ متغیر (مردانہ بانجھ پن) ہو جائے یعنی اس سے اولاد پیدا نہ ہوتی ہو اُس کو چاہیے کہ دودھ میں شہد ملا کر پیا کرے۔"

دودھ اور شہد پر میڈیکل سائنس کی ریسرچ

طبی ماہرین کے مطابق گرم دودھ میں دو چمچ شہد ملا کر پینے سے کمزوری ختم ہو جاتی ہے اور تولیدی مادہ گاڑھا ہوتا ہے۔ دودھ! خاص قوت میں اضافہ کرتا ہے، بدن کی خشکی کو دور کرتا ہے مادہ منویہ پیدا کرتا ہے، چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے۔ شہد! Prebiotics کا ایک اچھا ذریعہ ہے۔ شہد مفید بیکٹیریا کی ترقی کو فروغ دیتا ہے، خاص قوت میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ دودھ میں امینو ایسڈ پائے جاتے ہیں جو کہ سیروٹین اور میلاٹونین بناتے ہیں جو کہ دماغ کے لئے بہت مفید ہوتا ہے جبکہ شہد میں ایسے کاربوہائیڈریٹس پائے جاتے ہیں جو کہ ایسے ہارمونز کے اخراج کو روکتا ہے جس کی وجہ سے انسولین بننے کی مقدار کم یا زیادہ ہوتی ہے۔ اگر ان دونوں اجزاء کو ملا کر استعمال کیا جائے تو جسم کو اس کا بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے، کمزوریاں دور اور طاقت انگ انگ میں سرایت کر جاتی ہے۔ لہٰذا! مردانہ بانجھ پن کے خاتمے کیلئے شہد اور دودھ سے ضرور استفادہ کریں۔

جسم اور روح دونوں کے لئے مفید

طبی ماہرین نے واضح کیا ہے کہ انسانی جسم اور روح دونوں کیلئے شہد اور دودھ مفید ہیں۔ صبح کے وقت شہد ملا کر گرم دودھ کا ایک گلاس پینے سے بچوں، بڑوں، دلہنوں کو 10 زبردست فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ برداشت کی قوت بڑھتی ہے، ہاضمے میں مدد ملتی ہے، ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں، قبض ختم ہوتا ہے، بے خوابی بند ہوتی ہے، بڑھاپے کا عمل رک جاتا ہے، کھانسی میں مفید ہے، تکان میں کمی آتی ہے، ذہنی توجہ بڑھتی ہے اور معدے کے امراض کا بھی علاج ہے۔

فوری توانائی کا ذریعہ

کچھ لوگ خاصے محنت و مشقت کے کام کرتے ہیں جس سے اکثر ان کو کمزوری ہونے لگتی ہے، اس کے علاوہ اسپورٹس مین یا جم کے شوقین جن کو فوری انرجی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر وہ ٹھنڈے دودھ میں شہد ملا کر استعمال کریں تو یہ غذا ان کے لئے توانائی کا فوری ذریعہ ہے۔ اس کے علاوہ پٹھوں کی تھکاوٹ دور کر کے انہیں طاقت بخشنے کا ذریعہ ہے۔

وزن میں کمی لائے

وزن کم کرنا آج کل سب سے سنگین مسئلہ بنا ہوا ہے، ہر شخص اسمارٹ بننا چاہتا ہے اور اپنا وزن کم کرنا چاہتا ہے لیکن اس کے لئے طرز زندگی میں تبدیلی لانے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ ایسے افراد دودھ اور شہد کو آپس میں ملا کر استعمال کریں تو اس سے انہیں بہت فائدہ ہوگا کیونکہ دودھ اور شہد کے پینے سے آپ کا میٹابولک سسٹم ٹھیک ہوتا ہے، جس سے بہت سے طبی مسائل کے خاتمے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے پینے سے دیر تک پیٹ بھرے رہنے کا احساس ہوتا ہے جس کی وجہ سے آپ کھانا کم کھاتے ہیں۔ اس سے آپ کے وزن میں بھی کمی ہوتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس نسخہ کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیا جائے۔

مال کی زکوٰۃ دینے والے تاجر کی انوکھی داستان

(بختاور ظہور، بہاولپور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ پاک سے خصوصی دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو، آپ کے اہل وعیال کو اور آپ کی تا قیامت آنے والی نسلوں کو اور آپ سے وابستہ تمام لوگوں کو سدا زمین و آسمان کی تمام تر آفات و بلیات سے محفوظ رکھے اور عبقری کے ذریعے سدا خیریں پھیلانے والا بنائی رکھے۔ (آمین)

عبقری سے جڑنے کے بعد زندگی میں ایسی تبدیلیاں آئی ہیں کہ ناقابل بیان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اعمال کی برکت سے دنیا بھی سنوار دی ہے اور آخرت کا بھی سامان پیدا کر دیا ہے۔ آپ کی ایک روحانی محفل میں زکوٰۃ دینے کے فضائل سنے اور اس پر عمل شروع کر دیا۔ میرے بھائی نے جب سے زکوٰۃ ادا کرنا شروع کی ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے مال اور کاروبار میں بہت زیادہ برکت دے دی ہے۔ وہ سال کے بعد جب بھی زکوٰۃ ادا کرتے ہیں تو انہیں اکثر خواب آتا ہے جس میں ان کی دکان کے تالے ٹوٹے ہوتے ہیں مگر اس کے باوجود بھی ان کی دکان چوری اور ڈکیتی سے محفوظ رہتی ہے۔ یہ بات واقعی سچ ہے' میرے بھائی کا ایک جنرل سٹور ہے اور ان کی دکان پر کئی بار چوری اور ڈکیتی کی کوشش کی گئی ہے مگر اس کے باوجود بھی ان کی دکان کی اللہ تعالیٰ نے غیب سے حفاظت فرمائی ہے۔ میرے بھائی کی دکان کے قریب دوسری دکانوں پر کافی بار چوری کے واقعات ہو چکے ہیں لیکن مال کی زکوٰۃ دینے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے انوکھی حفاظت فرمائی ہے۔ ایک بار میرے بھائی دکان کھولنے کے لئے گئے تو دیکھا ان کی دکان کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ بہت پریشان ہوگئے کیونکہ دکان میں کافی سامان اور رقم موجود تھی مگر جب وہ دکان کے اندر داخل ہوئے تو انہوں نے ایک ایک چیز مکمل طور پر چیک کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام مال کی حفاظت فرمائی۔ اپنے مال کی زکوٰۃ دینے کی برکت سے چوروں کو ان کی دکان کے اندر کچھ نظر نہ آیا اور دکان میں موجود تمام قیمتی سامان اور رقم محفوظ رہی۔ اس کے علاوہ بھی کئی بار ایسا واقعہ پیش آ چکا ہے مگر اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کے نقصان سے حفاظت فرمائی ہے۔

قد دراز کورس — قد یک دم بڑھتے بڑھتے رک گیا ہو، ہڈیاں کمزور ہوگئی ہوں، کیلشیم کی کمی ہو

میرا اور میری اہلیہ کا قد ٹھیک ہے لیکن ہمارے بچوں کا قد چھوٹا تھا، میں نے سب بچوں کو کچھ عرصہ قد دراز کورس کا استعمال کروایا اس سے بچوں کے قد میں بہت واضح فرق پڑا ہے۔ (اکرم نیاز)

آل محمد سلام اللہ رضوان اللہ علیہ سے بانجھ پن ختم کرنے کا لذیذ نسخہ لیجئے!

انتخاب: علامہ ابوعون حیدر نقوی المعروف کمی احمد پوری

فرمان حضرت امام موسیٰ کاظم سلام اللہ و رضوانہ علیہ

”جس شخص کا نطفہ متغیر (مردانہ بانجھ پن) ہو جائے یعنی اس سے اولاد پیدا نہ ہوتی ہو اس کو چاہیے کہ دودھ میں شہد ملا کر پیا کرے۔“

دودھ اور شہد پر میڈیکل سائنس کی ریسرچ

طبی ماہرین کے مطابق گرم دودھ میں دو چمچ شہد ملا کر پینے سے کمزوری ختم ہو جاتی ہے اور تولیدی مادہ گاڑھا ہوتا ہے۔ دودھ! خاص قوت میں اضافہ کرتا ہے، بدن کی خشکی کو دور کرتا ہے مادہ منویہ پیدا کرتا ہے، چہرہ کا رنگ سرخ کرتا ہے۔ شہد! Prebiotics کا ایک اچھا ذریعہ ہے۔ شہد مفید بیکٹیریا کی ترقی کو فروغ دیتا ہے، خاص قوت میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ دودھ میں امینو ایسڈ پائے جاتے ہیں جو کہ سیروٹین اور میلاٹونین بناتے ہیں جو کہ دماغ کے لئے بہت مفید ہوتا ہے جبکہ شہد میں ایسے کاربوہائیڈریٹس پائے جاتے ہیں جو کہ ایسے ہارمونز کے اخراج کو روکتا ہے جس کی وجہ سے انسولین بننے کی مقدار کم یا زیادہ ہوتی ہے۔ اگر ان دونوں اجزاء کو ملا کر استعمال کیا جائے تو جسم کو اس کا بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے، کمزوریاں دور اور طاقت انگ انگ میں سرائیت کر جاتی ہے۔ لہٰذا! مردانہ بانجھ پن کے خاتمے کیلئے شہد اور دودھ سے ضرور استفادہ کریں۔

جسم اور روح دونوں کے لئے مفید

طبی ماہرین نے واضح کیا ہے کہ انسانی جسم اور روح دونوں کیلئے شہد اور دودھ مفید ہیں۔ صبح کے وقت شہد ملا کر گرم دودھ کا ایک گلاس پینے سے بچوں، بڑوں اور بوڑھوں کو 10 زبردست فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ برداشت کی قوت بڑھتی ہے، ہاضمے میں مدد ملتی ہے، ہڈیاں مضبوط ہوتی ہے، قبض ختم ہوتا ہے، بے خوابی بند ہوتی ہے، بڑھاپے کا عمل رک جاتا ہے، کھانسی میں مفید ہے، تکان میں کمی آتی ہے، ذہنی توجہ بڑھتی ہے اور معدے کے امراض کا بھی علاج ہے۔

فوری توانائی کا ذریعہ

کچھ لوگ خاصے محنت و مشقت کے کام کرتے ہیں جس سے اکثر ان کو کمزوری ہونے لگتی ہے، اس کے علاوہ اسپورٹس مین یا جم کے شوقین جن کو فوری انرجی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر وہ ٹھنڈے دودھ میں شہد ملا کر استعمال کریں تو یہ غذا ان کے لئے توانائی کا فوری ذریعہ ہے۔ اس کے علاوہ پٹھوں کی تھکاوٹ دور کر کے انہیں طاقت بخشنے کا ذریعہ ہے۔

وزن میں کمی لائے

وزن کم کرنا آج کل سب سے سنگین مسئلہ بنا ہوا ہے، ہر شخص اسمارٹ بننا چاہتا ہے اور اپنا وزن کم کرنا چاہتا ہے لیکن اس کے لئے طرز زندگی میں تبدیلی لانے کی کوشش نہیں کی جاتی۔ ایسے افراد دودھ اور شہد کو آپس میں ملا کر استعمال کریں تو اس سے انہیں بہت فائدہ ہوگا کیونکہ دودھ اور شہد کے پینے سے آپ کا میٹابولک سسٹم ٹھیک ہوتا ہے، جس سے بہت سے طبی مسائل کے خاتمے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے پینے سے دیر تک پیٹ بھرے رہنے کا احساس ہوتا ہے جس کی وجہ سے آپ کھانا کم کھاتے ہیں۔ اس سے آپ کے وزن میں بھی کمی ہوتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس نسخہ کو کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کیا جائے۔

مال کی زکوٰۃ دینے والے تاجر کی انوکھی داستان

بختاور ظہور، بہاولپور

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ پاک سے خصوصی دعا ہے کہ اللہ پاک آپ کو، آپ کے اہل و عیال کو اور آپ کی تاقیامت آنے والی نسلوں کو اور آپ سے وابستہ تمام لوگوں کو سدا زمین و آسمان کی تمام تر آفات و بلیات سے محفوظ رکھے اور عبقری کے ذریعے سدا خیریں پھیلانے والا بنائی رکھے۔ (آمین)

عبقری سے جڑنے کے بعد زندگی میں ایسی تبدیلیاں آئی ہیں کہ ناقابل بیان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اعمال کی برکت سے دنیا بھی سنوار دی ہے اور آخرت کا بھی سامان پیدا کر دیا ہے۔ آپ کی ایک روحانی محفل میں زکوٰۃ دینے کے فضائل سنے اور اس پر عمل شروع کر دیا۔ میرے بھائی نے جب سے زکوٰۃ ادا کرنا شروع کی ہے اللہ تعالیٰ نے ان کے مال اور کاروبار میں بہت زیادہ برکت دے دی ہے۔ وہ سال کے بعد جب بھی زکوٰۃ ادا کرتے ہیں تو انہیں اکثر خواب آتا ہے جس میں ان کی دکان کے تالے ٹوٹے ہوتے ہیں مگر اس کے باوجود بھی ان کی دکان چوری اور ڈکیتی سے محفوظ رہتی ہے۔ یہ بات واقعی سچ ہے 'میرے بھائی کا ایک جنرل سٹور ہے اور ان کی دکان پر کئی بار چوری اور ڈکیتی کی کوشش کی گئی ہے مگر اس کے باوجود بھی ان کی دکان کی اللہ تعالیٰ نے غیب سے حفاظت فرمائی ہے۔ میرے بھائی کی دکان کے قریب دوسری دکانوں پر کافی بار چوری کے واقعات ہو چکے ہیں لیکن مال کی زکوٰۃ دینے کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے انوکھی حفاظت فرمائی ہے۔ ایک بار میرے بھائی دکان کھولنے کے لئے گئے تو دیکھا ان کی دکان کے تالے ٹوٹے ہوئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ بہت پریشان ہو گئے کیونکہ دکان میں کافی سامان اور رقم موجود تھی مگر جب وہ دکان کے اندر داخل ہوئے تو انہوں نے ایک ایک چیز مکمل طور پر چیک کی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے تمام مال کی حفاظت فرمائی۔ اپنے مال کی زکوٰۃ دینے کی برکت سے چوروں کو ان کی دکان کے اندر کچھ نظر نہ آیا اور دکان میں موجود تمام قیمتی سامان اور رقم محفوظ رہی۔ اس کے علاوہ بھی کئی بار ایسا واقعہ پیش آ چکا ہے مگر اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کے نقصان سے حفاظت فرمائی ہے۔

قد دراز کورس
قد رک دم بڑھتے بڑھتے رک گیا ہو، ہڈیاں کمزور ہوگئی ہوں، کیلشیم کی کمی ہو
میرا اور میری اہلیہ کا قد ٹھیک ہے لیکن ہمارے بچوں کا قد چھوٹا تھا، میں نے سب بچوں کو کچھ عرصہ قد دراز کورس کا استعمال کروایا اس سے بچوں کے قد میں بہت واضح فرق پڑا ہے۔ (اکرم نیاز)

کان درد سے کراہتے اور اونچا سننے والے حل لے لیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تین ماہ پہلے میرے کان میں اچانک درد شروع ہوئی‘ میں نے اس کی زیادہ پرواہ نہ کی کہ خود ہی ٹھیک ہو جائے گی۔ اگلے ہی دن یہ تکلیف شدت اختیار کرگئی اور اس تکلیف کی وجہ سے میں پوری طرح نڈھال ہوگیا۔ میں نے ڈاکٹر کو چیک اپ کروایا تو انہوں نے مجھے ایک ڈراپر اور کچھ پین کلر ادویات استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے ڈاکٹر کی ہدایات کے مطابق ڈراپر کے قطرے کان میں ڈالے مگر اس سے کوئی افاقہ نہ ہوا۔ جب پین کلر ادویات استعمال کیں تو اس سے چند گھنٹوں کے لئے درد میں کمی ہوئی مگر کچھ دیر گزرنے کے بعد دوبارہ کان میں تکلیف شروع ہوگئی۔ اس تکلیف کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ مجھے کھانا کھانے میں بھی مشکل ہونے لگی اور کوئی بھی کام کرنا دشوار ہوگیا۔ اس تکلیف کی وجہ سے میں ساری رات درد سے کراہتا رہتا اور ساری رات جاگ کر گزارتا۔ میں نے ایک اسپشلسٹ ڈاکٹر کو چیک اپ کروایا۔ انہوں نے معائنہ کرنے کے بعد بتایا کہ کان میں کافی عرصہ سے ریشہ تھا جس کا بروقت علاج نہیں کروایا گیا اور وہ ریشہ اب جم چکا ہے۔ اس کے علاوہ جو ادویات استعمال کیں ہیں اس سے عارضی طور پر افاقہ تو ہوا مگر وہ ریشہ مزید پختہ ہوگیا ہے۔ اگر چند دن میں علاج نہ ہو سکا تو اس کا واحد حل آپریشن کی صورت میں ہی نظر آرہا ہے۔ میں نے ان کی تجویز کی ہوئی ادویات استعمال کر کے دیکھ لیں مگر فائدہ نہ ہوا۔ میں نے عبقری دواخانہ لاہور میں حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ صاحب کو چیک اپ کروایا‘ انہوں نے مجھے عبقری دواخانہ کی دوا کان شفاء استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔

میں نے عبقری دواخانہ سے کان شفاء کو خرید کر استعمال شروع کر دیا۔ ایک ہفتہ مسلسل استعمال کرنے سے کچھ افاقہ محسوس ہوا۔ میری درد کی شدت میں کچھ کمی واقع ہوئی۔ میں نے استعمال جاری رکھا تو کان سے کچھ ریشہ بہنا شروع ہو گیا‘ مجھے یقین ہوگیا کہ یہ وہی ریشہ جو ڈاکٹر صاحب کے مطابق کافی عرصہ سے جما ہوا تھا اور اسی کے لئے ڈاکٹر نے آپریشن کروانے کا مشورہ دیا تھا۔ جیسے جیسے میرے کان سے ریشہ نکلتا رہا میرے کان کا درد کم ہوتا رہا اور آخر کار تین ہفتے کان شفاء مسلسل استعمال کرنے سے میرا ریشہ نکلنا بند ہو گیا اور میرے کان میں ہونے والا درد بھی مکمل طور پر ختم ہو گیا۔ الحمدللہ اس دن کے بعد میرے کان میں دوبارہ تکلیف نہ ہوئی اور مجھے آپریشن کی اذیت سے بھی نجات مل گئی۔ (رانا وقاص‘ لاہور)

مشکل کا تصور کر کے مٹھی بند کریں! کھولیں‘ مشکل حل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں سرکاری نوکری کرتی ہوں جس میں اکثر اپنے سینئر افسر اور سٹاف کی طرف سے پریشانی کا سامنا رہتا تھا۔ اکثر بلاوجہ کاموں میں روک ٹوک کی جاتی اور آئے دن کوئی نہ کوئی میرے کام میں رکاوٹ کھڑی کر دیتا جس وجہ سے دوران نوکری مجھے مختلف مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا۔ میں نے عبقری رسالہ میں **کھیعص** کا ایک عمل پڑھا۔ اب جب بھی کسی شخص کی طرف سے رکاوٹ یا مشکل پیش آنے کا خطرہ ہوتا ہے تو عمل کے مطابق ک پڑھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی بند کرتی ہوں‘ اس کے بعد ہ پڑھ کر اس کے ساتھ والی ی پڑھ کر درمیان والی انگلی ع پڑھ کر شہادت کی انگلی اور ص پڑھ کر انگوٹھا بند کر لیتی ہوں۔ اس کے بعد جیسے ہی مطلوبہ شخص سامنے آتا ہے تو اس کی طرف رخ کر کے مٹھی کھول دیتی ہوں۔ اس کے علاوہ صبح وشام ایک تسبیح ”بِسْمِ اللّٰہِ مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ“ کی پڑھتی ہوں۔ میں نے جب سے یہ عمل پڑھنا شروع کیا ہے ان کی برکت سے دفتر کا سارا سٹاف اور افسران میرے ساتھ بہت شفقت کے ساتھ پیش آتے ہیں‘ دوران نوکری جو رکاوٹیں اور مشکلیں آتی تھی وہ ختم ہو چکی ہیں اور اس کے علاوہ اب میں حاسدین کے حسد بھی محفوظ رہتی ہوں۔ (یاسمین‘ لاہور)

آئیے! تسبیح خانہ میں موجود ”گوشہ طلسمات“ کی سیر بالکل مفت کیجئے‘ مشکلات ٹلوائیے

تسبیح خانہ لاہور کے ہال نمبر ایک میں مردوں کیلئے اور تسبیح خانہ لاہور ہال نمبر دو میں خواتین کیلئے ”گوشہ طلسمات“ بنایا گیا ہے۔ جس میں اولیاءؒ کے 8 آزمودہ عمل دیئے گئے ہیں۔ بندش توڑ تالے کا انوکھا عمل‘ چابی گھمائیں اور بندش کھلوائیں۔ عملیاتی چرخہ اور حیرت انگیز طلسمات جس سے مشکلیں‘ بندشیں چند لمحوں میں دور۔ صبح و شام لوگ بغیر کسی اپوائنٹمنٹ کے بالکل مفت اپنے روحانی مسائل کا حل پائیں۔ گوشہ طلسمات روزانہ صبح 8 تا شام 6 بجے تک کھلا رہے گا۔ (اجازت عام ہے۔)

سردیوں میں پاؤں کی تکلیف لمحوں میں ختم

سردیوں کا موسم میرے لئے کسی آزمائش سے کم نہ ہوتا تھا کیونکہ جب بھی سردی کا موسم آتا تو میرے پاؤں کی انگلیاں خشک ہوکر گلنا شروع ہو جاتیں۔ اس کے بعد میں ان انگلیوں پر تیل کے ذریعے مالش کرتی جس سے درد میں تو کچھ افاقہ ہوتا مگر جب تک سردی کی شدت رہتی تو پاؤں کی انگلیاں ٹھیک نہ ہوتی۔ میں نے اینٹی بائیوٹک ادویات کا استعمال کیا اور چند ادویات لگانے کے طور پر بھی استعمال کیں مگر میرا مسئلہ حل نہ ہوا۔ بلکہ ہر سال یہ مسئلہ بڑھتا جا رہا تھا۔ ایک دن میں عبقری رسالہ پڑھ رہی تھی‘ ایک صفحہ پر میں نے کسی کا مشاہدہ پڑھا جسے میری طرح یہی مسئلہ تھا اور اس کا یہ مسئلہ عبقری دواخانہ کی مرہم سکون استعمال کرنے سے حل ہوگیا۔ میں نے رسالہ میں دیئے گئے نمبر پر کال کی اور دو مرہم سکون کی ڈبیاں آرڈر کردیں جو مجھے چار دن بعد موصول ہوگئیں۔ میں نے مرہم سکون کو صبح وشام اپنے پاؤں کی انگلیوں پر لگانا شروع کر دیا۔ اس مرہم کو چند دن مستقل استعمال کرنے سے میرے پاؤں کی انگلیوں میں جو خارش ہوتی تھی اور جس کی وجہ سے زخم بن جاتے تھے وہ خارش آہستہ آہستہ ختم ہوگئی۔ میں نے اس مرہم کا استعمال جاری رکھا اور ابھی ایک ہی ڈبی ختم ہوئی تھی جس سے خارش اور خشکی کی وجہ سے ہونے والے زخم بھی مکمل ٹھیک ہوگئے جو مہنگی ادویات استعمال کرنے کے باوجود بھی ٹھیک نہیں ہو رہے تھے۔ (عظمیٰ اشتیاق‘ کوٹ ادو)

عبقری شہد سو فیصد خالص! موسمی تبدیلی کی وجہ سے شہد کا جم جانا فطری عمل ہے‘ مصنوعی اور ملاوٹ نہ سمجھی جائے۔ قارئین اعتماد سے عبقری کی ادویات استعمال کررہے ہیں ہم قارئین کے مشکور ہیں۔ (ادارہ عبقری)

بھوک نہ لگتی ہو تو: اجوائن میں لیموں کا رس ڈال کر سکھائیں، سات بار یہی عمل دہرائیں پھر خشک کر کے سفوف بنالیں اور تھوڑا تھوڑا استعمال کریں۔

نہار منہ 7 گریاں کھائیے' 7 امراض بھگائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اکثر سرد موسم میں کچھ لوگوں میں زکام کے مرض کا مسئلہ عام ہو جاتا ہے۔ میرے ساتھ بھی کچھ عرصہ سے یہی مسئلہ چل رہا تھا۔ بعض اوقات زکام کا مسئلہ اتنا زیادہ ہو جاتا تھا ناک میں اتنا ریشہ بن جاتا کہ ایک بار صاف کرنے کے بعد پھر ناک دوبارہ سے ریشے سے بھر جاتا اور ریشے کی باقاعدہ ایک ریل بن جایا کرتی۔ میں ان دنوں اگر کسی شادی وغیرہ میں شرکت کرتا یا سفر کرتا تو یہ مسئلہ میرے لیے بہت پریشانی کا باعث بنتا تھا جو ہفتوں جاری رہتا تھا۔ میں نے اس مرض سے نجات کے لئے مختلف ادویات استعمال کیں جس سے مجھے افاقہ ہو جاتا۔ لیکن جیسے ہی سردی کی شدت میں کچھ اضافہ ہوتا تو دوبارہ یہی مسئلہ شروع ہو جاتا جو پھر ہفتوں جاری رہتا۔ زکام کے اس مرض سے نجات پانے کے لئے مجھے کسی نے روزانہ 7 گریاں بادام نہار منہ کھانے کا مشورہ دیا۔ مزید انہوں نے بتایا کہ یہ سات بادام آپ کے سات امراض کا علاج ہیں۔ دماغی کمزوری' جسمانی کمزوری' نزلہ زکام' اعصاب کی کمزوری' جسمانی سستی' یادداشت کی کمی' نظر کی کمزوری شامل ہے۔ میں نے جب اس نسخے پر عمل کیا تو ٹھیک تین دن بعد زکام بالکل ختم ہو گیا۔ اب اگر کبھار زکام کا خطرہ محسوس ہو تو میں یہی نسخہ استعمال کرتا ہوں جس کی وجہ سے میں زکام کے مرض سے محفوظ رہتا ہوں۔

پوشیدہ امراض کے لئے: میرا ایک دوست تھا جو جریان کے مرض میں مبتلا تھا۔ اس نے اپنے مرض کا بہت علاج کروایا۔ چار سال مسلسل مہنگی ادویات استعمال کرنے کے باوجود بھی اس کو کوئی فائدہ نہ ہوا۔ وہ اپنے اس مرض کی وجہ سے سخت مایوسی کا شکار ہو گیا۔ جب اس نے مجھے اپنے مرض کے بارے بتایا تو میں نے اسے درج ذیل نسخہ بتایا جو مجھے ایک حکیم سے ملا تھا۔ جب اس نے یہ نسخہ بنا کر استعمال کیا تو 6 دن میں اسے شفاء مل گئی۔ اس کے علاوہ کمزوری کی وجہ سے اس کی کمر میں جو درد رہتا تھا وہ بھی ختم ہو گیا۔ **ھوالشافی:** موصلی سفید انڈین 2 تولہ، بہمن سرخ 2 تولہ، اجوائن خراسانی 2 تولہ، چھلکا اسپغول 2 تولہ، موصلی سیاہ 2 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ اور الائچی خورد 2 تولہ، ان تمام اجزاء کا سفوف بنالیں۔ اس سفوف کا ایک چمچ رات کے کھانے کے بعد نیم گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔ اپنا رات کا کھانا کم کھائیں' کھٹی ترش اور تلی ہوئی اشیاء سے مکمل طور پر پرہیز کریں۔ چند دن کے مستقل استعمال سے شفاء مل جاتی ہے۔

فیصلہ آپ کے حق میں!

اگر آپ یا آپ کا کوئی پیارا کسی ناجائز مقدمہ میں پھنس گیا ہے اور نجات کا کوئی ذریعہ نہیں مل رہا تو شب برات کی رات تسبیح خانہ میں گزاریں اور اپنے حق میں فیصلہ کروالیں۔

ہندو نے اسم اعظم کا روحانی دم کروایا' شفاء یاب ہوا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں میڈیکل کا سٹوڈنٹ ہوں، میرے تمام گھر والوں کا روحانی تعلق تسبیح خانہ سے ہے۔ کالج میں میرا ایک ہندو دوست ہے' یہ بہت شریف النفس انسان ہے۔ میری دلی خواہش ہے کہ اس کا دل بھی ایمان کے نور سے منور ہو جائے۔ اللہ کی کرنی ایسی ہوئی کہ اس کو ایک روحانی یا نفسیاتی مسئلہ بن گیا۔ جس کی وجہ سے وہ بہت الجھا ہوا رہتا تھا۔ میں نے اسے تسبیح خانہ میں ہونے والے ماہانہ اسم اعظم کے دم کے بارے میں بتایا تو وہ یہاں آنے کے لئے تیار ہو گیا۔ میں اسے لے کر اسم اعظم کے دم میں شریک ہوا، دم کروانے کے بعد اس کے تاثرات بہت دلچسپ تھے۔ مجھ سے کہنے لگا کہ مجھے ایسا سکون پہلے کبھی نہیں ملا جو دم کروانے کے بعد ملا ہے اور اس نے عہد کیا کہ میں ہر ماہ یہاں ضرور آؤں گا۔ یہاں جو روحانی پیکیج کروائے جاتے ہیں اس سے مجھے اور میرے گھر والوں کو بہت فائدہ ہوا ہے جن کی تفصیل یہ ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 1:** خوشبودار روحانی پھوار جس سے نظر بد کا خاتمہ ہوتا ہے اور اگر جادو کے اثرات ہوں تو زائل ہو جاتے ہیں۔ **روحانی پیکیج نمبر 2:** اسم اعظم کا دم شدہ شفائیہ نمک! تھوڑا سا دم والا یہ نمک گھر لے جا کر ہر پکانے کی چیز میں یہی نمک استعمال کرنے سے شفاء اور برکت ملتی ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 3:** جادو شکن ماچس! یہ ماچس جلانے سے انسان کے گرد منفی قوتوں کا حصار ٹوٹ جاتا ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 4:** حزب البحر کے چلہ کا دم شدہ شفائیہ پانی! یہ پانی استعمال کرنے سے جسم میں کوئی بیماری ہو تو ختم ہو جاتی ہے اور انسان ہمیشہ صحت مند رہتا ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 5:** نورانی عمل شدہ آٹا، چاول، چینی! یہ چیزیں راشن میں مکس کرنے سے بہت زیادہ برکت ہوتی ہے۔ **روحانی پیکیج نمبر 6:** بے اولادی اور پوشیدہ امراض کیلئے خاص عمل شدہ 16 چھوہارے بے اولا جوڑوں کے لئے نئی زندگی ثابت ہوتے ہیں۔ **روحانی پیکیج نمبر 7:** چار رنگی بدنی تعویذ! لاعلاج بیماری ہو یا کالے جادو کے وار ہوں بس یہ تعویز جسم پر پھیریں اور شفاء اور راحت پائیں۔ **روحانی پیکیج نمبر 8:** اسم اعظم کی دم شدہ روحانی اگربتی گھر میں لگائیں اور رزق عافیت برکت گھر میں بارش کی طرح برسے گی۔ حلقہ کشف المحجوب میں شامل ہونے سے بہت زیادہ روحانی ترقی ہوتی ہے۔ مجھے امید ہے یہاں آنے کی برکت سے اللہ تعالیٰ میرے دوست کو ایمان کی دولت سے نواز دے گا۔ (طلحہ محمود، لاہور)

اسم اعظم کے دم میں آنیوالوں کیلئے خوشخبریاں

☆ ارطغرلؒ کے مرشد شیخ ابن عربیؒ کے شجرہ کا خاص عمل۔ شجرہ کے عمل سے ہر دعا قبول۔ ☆ لنگر دل کھول کر لائیں۔ مسائل کے حل کیلئے یہ لنگر اسی مجمع میں تقسیم کر دیں ☆ دعا کے بعد شفائیہ نمک پر خاص دم' پھر یہ نمک ہر سعادت مند اور خوش قسمت اپنے ہمراہ لے جائے۔ استعمال کریں اور دکھوں کو مٹتے دیکھیں۔ ☆ دایاں ہاتھ سر پر رکھوا کر چند لمحوں کا طاقتور ''ہجویری چلہ'' ہر مصیبت سے حفاظت۔ ☆ خاص عمل' پیاروں کی مغفرت، درجات کی بلندی اور آخری وقت میں کلمہ نصیب۔ یہ خاص الخاص عمل بھی ہوگا۔

فروری بروز اتوار کی صبح بعد نماز فجر تسبیح خانہ لاہور میں اسم اعظم کا روحانی دم ہوگا۔ اسم اعظم کے دم کے فوری بعد حلقہ کشف المحجوب' محفل' شفائیہ دعا' مراقبہ اور پوری دنیا میں مختلف شعبوں کی خدمت کرنے والوں کا مذاکرہ ہوگا۔

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کر سکتے ہیں۔ خواتین ہر حال میں شامل ہو سکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں' اجازت عام ہے۔ 7، 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی' بیماری' گھریلو الجھن' کاروباری مسائل کا سو فیصد حل ہے۔

میں نے بچپن سے کچھ غیر فطری زندگی گزارنے کی وجہ سے کمزور ہو چکا تھا شادی شدہ زندگی تباہ ہو چکی تھی۔ میں نے جب سے قوتی گولیاں استعمال کی ہیں' مجھے نئی زندگی ملی ہے۔ (نجم الدین، کراچی)
جریان | سستی | لاغری
بے طاقتی | بے رغبتی
قوتی گولیاں

برکتی نوٹ پائیں: کاروبار عروج پر ہے یا معقول تنخواہ ہونے کے باوجود بھی رزق میں بے برکتی ہے تو رمضان تسبیح خانہ میں گزار کر ایسا برکتی نوٹ پائیں جس کی برکتیں آپ کی نسلوں میں چلیں گی۔

بے زار' پریشان' الجھی خواتین پوچھیں!

مٹھی بھر آملے لیجئے' سکون پائیے

میرے سر میں بہت خشکی ہے' میں بہت سے تیل استعمال کر چکی ہوں لیکن خشکی ختم نہیں ہو رہی۔ براہ مہربانی اس کا علاج بتائیں۔(سمیہ انور، فیصل آباد)

مشورہ: بالوں کا مسئلہ عجب نوعیت کا ہے جو چیز بالوں کو موافق آجائے وہ ٹھیک ہے بعض دفعہ اچھی چیزیں بھی موافق نہیں آتیں۔ آپ رات کو مٹھی بھر آملے تھوڑے سے پانی میں بھگوئیے۔ صبح تک وہ پھول جائیں گے، ان کو پیس لیجئے۔ اس میں تھوڑا سا لیموں کا رس اور چینی ملا کر سر میں لگائیے، ان شاء اللہ خشکی سکری ختم ہو جائے گی۔

بے اولادی کا غم

میری شادی کو 22 سال گزر چکے ہیں، اللہ تعالیٰ نے سب نعمتیں عطا کی ہیں مگر اولاد کی نعمت سے محروم رکھا ہے۔ میرے ساتھ جن لوگوں کی شادیاں ہوئیں تھیں ان کے بچے جوان ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ میں اپنے آپ کو بہت کمزور محسوس کرنے لگی ہوں، یوں لگتا ہے میرا کوئی نہیں ہے۔ بے اولادی کا غم مجھے کھائے جا رہا ہے۔ میں نے بہت علاج کروائے لیکن کچھ فائدہ نہ ہوا، اس عمر میں مجھ پر تنہائی کا بوجھ بڑھتا جا رہا ہے۔(مسز شہزاد، کراچی)

مشورہ: اللہ تعالیٰ کے اختیار میں سب کچھ ہے، آپ نے اپنی کوشش کر کے دیکھ لی، اس میں بھی یہی سمجھیں کہ کوئی نہ کوئی مصلحت ہے۔ اگر آپ کا بچہ ہوتا اور جوانی میں ختم ہو جاتا تو وہ آپ کے لئے زیادہ تکلیف کا باعث ہوتا یا ایسا کوئی ابنارمل بچہ ہوتا جسے آپ پال نہ سکتیں جو آپ کے لئے مزید دکھ کا سبب ہوتا اور ایسی مائیں بھی دیکھیں ہیں جوان مسائل کی وجہ سے صدق دل سے ایسے بچوں کے لئے کہتی ہیں اللہ ان کو اٹھا لے ہم سے یہ تکلیف نہیں دیکھی جاتی، آپ کے بہن بھائیوں کے بچے ہیں ان میں سے کسی کو اپنے پاس رکھ سکتی ہیں اس سے آپ کی تنہائی دور ہوگی اور دل بھی لگا رہے گا۔

والدین نے کبھی محبت نہ دی

میں اپنے والدین کے رویے سے بہت پریشان ہوں' وہ ہم پر بالکل بھی توجہ نہیں دیتے۔ ہم چار بہن بھائی ہیں لیکن والدین نے کبھی ہمیں وقت نہیں دیا اور نہ ہی وہ محبت دی ہے جو ماں اور باپ اولاد کو دیتے ہیں۔ یہ سب دیکھ کر میرا دل چاہتا ہے میں خودکشی کرلوں۔(پوشیدہ، کراچی)

مشورہ: آج کے دور میں والدین پر بے حد ذمے داریاں ہیں۔ آپ کو تو شکایت ہے، ہو سکتا ہے آپ کی والدہ کو بھی آپ سے گلہ ہو۔ آپ پڑھائی سے فارغ ہو کر اپنی والدہ کے پاس بیٹھیے۔ گھر کے کام کاج میں ان کا ہاتھ بٹائیے۔ ماں کی خدمت میں بہت اجر ہے۔ کبھی ان کے سر میں تیل ڈالیے، کبھی پاؤں دبا دیجئے، اس سے آپ کی عزت بڑھے گی۔ والد کے ساتھ ادب و احترام سے پیش آئیں۔ والدین کو بھی احساس ہوگا کہ بیٹی کو ہم سے محبت ہے اس سے وہ بھی اپنی کمیوں پر غور کریں گے۔

چہرے پر نشانات سے تنگ

میرے چہرے پر پہلے بہت زیادہ دانے نکلتے تھے، میں نے علاج کروایا تو اب دانے نکلنا کم ہو گئے ہیں لیکن ان کے نشانات جلد پر اب بھی ہیں۔ براہ مہربانی مجھے ان کا کوئی حل بتائیے کہ جلد خوبصورت ہو جائے۔(علینہ کاظمی، لاہور)

مشورہ: آپ خشک آلو بخارا ایک پاؤ لیں۔ دو دانے رات کو آدھی پیالی میں بھگوئیے صبح مل کر گٹھلیاں نکالیے۔ ایک چمچ چینی اور تھوڑا سا مزید پانی ملا کر ناشتہ کرنے کے تقریباً دو گھنٹے بعد پی لیں۔ ایک ماہ یہ نسخہ استعمال کرنے سے افاقہ ہوگا۔ گھیکوار یا کنوار گندل کی ایک شاخ لیجئے۔ تھوڑا سا ٹکڑا کاٹ کر اس کا گودا اور لیس دار لعاب چہرے پر ملیے۔ وہ دس منٹ میں سوکھ جائے گا یہ رات کو سوتے وقت لگائیے۔ ایک گھنٹے بعد منہ دھوئیے یا رات بھر لگا رہنے دیجئے۔ اس نسخہ کو مسلسل ایک ماہ استعمال کیجئے' ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اگر افاقہ نہ ہو تو ایک ماہ بعد دوبارہ خط کے ذریعہ اپنے مسئلہ سے متعلق آگاہ کیجئے۔ اس کے علاوہ اگر نماز نہیں پڑھتی تو آپ پانچوں وقت نماز پڑھنی شروع کر دیجئے۔ پانچ وقت وضو کرنے سے آپ دیکھیں گی کہ چہرے پر رونق آجائے گی۔ اس سے آپ کو دلی سکون بھی ملے گا۔ سکون اور طمانت سے آپ کی یہ ساری پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

چہرے پر اتنا تیل کہاں سے آتا ہے؟

میری جلد بہت آئلی ہے اور میں جب بھی میک اپ کرتی ہوں میرے چہرے پر آئل آنے کی وجہ سے میک اپ بھی خراب ہو جاتا ہے' میں کیا کروں کہ میری جلد پر اتنا آئل نہ آئے اور مجھے ایسی غذائیں بتائیں جو جلد کے لئے اچھی ہیں۔(کرن نوید)

مشورہ: کچی سبزیاں اور سلاد کھانے میں شامل کیجئے۔ ٹینڈے، گھیا، ساگ، پالک اور موسمی سبزیاں استعمال کیجئے۔ آپ کو بہت فرق محسوس ہوگا۔ گاجر کا جوس پیجئے۔ موسمی پھل اور کینو کھائیے۔ آپ کے لیے ابٹن کی ترکیب لکھ رہی ہوں۔ آپ ابھی سے ابٹن تیار کر کے لگائیں، اس سے آپ کی جلد نکھر آئے گی اور چکنائی بھی دور ہو جائے گی۔ پودینے کے پتے بھی جلد کو نکھارتے ہیں۔ انہیں سلاد میں شامل کیجئے۔ بادام کی کھل دو کپ (نہ ملے تو مجبوراً چنبیلی کی کھل استعمال کیجئے)، مکئی کا آٹا ایک کپ، جئی کا آٹا ایک کپ، لیموں کے خشک چھلکے پسے ہوئے ایک چوتھائی کپ۔ ان سب کو ملا کر محفوظ کرلیں۔ صبح شام تھوڑا سا سفوف لیجئے اور اس میں صرف اس قدر پانی ملائیں گاڑھا پیسٹ بنائیے۔ ابٹن کی طرح آہستہ آہستہ ہاتھوں اور چہرے پر نیچے سے اوپر کی طرف مساج کریں۔ پیسٹ خشک ہونے پر بتیاں بن کر اتر جائے گا۔ تازہ پانی سے منہ دھوئیے۔

ماضی کی غلطیاں مستقبل کا ڈر

میں اپنے ماضی کو لے کر بہت پریشان ہوں میں نے ماضی میں کچھ ایسی غلطیاں کی ہیں جن کی وجہ سے میرا مستقبل اثر انداز ہو سکتا ہے۔ لیکن اب میں سچے دل سے توبہ کر چکی ہوں۔ مجھے مشورہ دیجئے کہ میں اس صورتحال میں کیا کروں۔(پوشیدہ)

مشورہ: اگر کسی کو اپنی غلطی کا احساس ہو جائے تو یہ اس کے راہ راست پر آنے کا پہلا قدم ہے۔ آپ اللہ سے دعا کریں کہ کامل ہدایت عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ کے نام بہت پیارے ہیں۔ آپ سارا دن بکثرت "یارحمٰن" پڑھتی رہیں۔ ان شاء اللہ اس نام کی برکت سے سارے کام بہتر ہو جائیں گے۔ آپ کا ڈر اور خوف بھی دور ہوگا۔

فشاری ہائی بلڈ پریشر کا آزمودہ علاج

میرے بھائی کا بلڈ پریشر ہائی رہتا تھا۔ میں نے اسے حضرت حکیم صاحب کے اسسٹنٹ کے مشورے سے فشاری استعمال کروائی۔ اب اس کا بلڈ پریشر نارمل ہو گیا ہے۔(یوسف، پشاور)

لہسن کو دھاگے میں پرو کر گلے میں ڈالیں! شفاء پائیں

لہسن شروع دن سے ہی انسان کی خوراک کا لازمی حصہ رہا ہے۔ یہ نہ صرف ہمارے مشرقی کھانوں کا اہم جزو ہے بلکہ طب قدیم اور طب جدید دونوں اس کے فوائد کے قائل ہیں۔ معدے اور جوڑوں کی زائد رطوبات کو تحلیل کرنا اس کا بنیادی کام ہے۔ لہسن فالج، لقوہ، نسیان (بھولنے کی بیماری)، رعشہ (ہاتھ یا سر وغیرہ کا کانپنا)، دمہ، پیٹ کے امراض، گیس، ورم اور سوجن وغیرہ کو دور کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوا ہے۔ اس میں زہریلے اثرات دور کرنے کی صلاحیت بھی ہے۔ زہریلے جانوروں کے کاٹنے پر بھی پرانے زمانے میں لوگ اسے مریض کو کھلاتے تھے۔ زمانہ قدیم میں اور بعض گاؤں دیہات میں ابھی تک لہسن کو دھاگے میں پرو کر مریضوں کے گلے میں ڈال دیا جاتا ہے۔ ایک عام خیال ہے کہ اس سے جراثیم مرجاتے ہیں۔ لہسن کا استعمال مختلف بیماریوں کے علاج کے طور پر بھی کیا جاتا ہے۔

کالی کھانسی کا علاج

جو لوگ کالی کھانسی میں مبتلا ہوں انہیں چاہیے کہ لہسن کے جوے چھیل کر دھاگے میں پرو کر گلے میں ڈال لیں۔ اس کی بو ناک کے ذریعے پھیپھڑوں میں جاتی ہے تو کالی کھانسی کے مرض میں حیران کن طور پر افاقہ ہوتا ہے۔

پھوڑے پھنسیوں کا علاج

اگر کسی شخص کو پھوڑے یا پھنسیاں نکلی ہوں تو ایسی صورت میں لہسن کا لیپ بے حد فائدہ مند ہے۔ اگر کان میں پھنسی ہوگئی ہو تو لہسن کا پانی کان میں ٹپکا لینے سے افاقہ ہو جاتا ہے۔

لہسن کا جوشاندہ

دانت کے درد میں لہسن کے جوے کو گرم کر کے دانتوں میں دبالیں تو تکلیف کم ہو جاتی ہے۔ اس کے جوشاندے سے کلی کرنا بھی دانتوں کے درد میں مفید سمجھا جاتا ہے۔

امراض قلب میں مفید

لہسن کا روزمرہ کی غذاؤں میں استعمال قلب اور شریانوں پر بہت مفید اثر ڈالتا ہے۔ لہسن سے نہ صرف بلڈ پریشر کم ہوتا ہے بلکہ خون بھی پتلا ہوتا ہے اور شریانوں میں خون کے ذرات جمنے یا Clot بننے کا خطرہ ختم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح امراض قلب سے بچاؤ میں بھی لہسن اہم کردار ادا کرتا ہے۔

ہسٹریا اور پیٹ کی خرابی

دودھ میں لہسن ابال کر پینے سے ہسٹریا اور پیٹ کی خرابی کا مرض ختم ہو جاتا ہے۔ لہسن سے بادی اور مرغن غذائیں زود ہضم ہو جاتی ہیں اور خون ان کے (باقی صفحہ نمبر 59 پر)

دونوں بہنیں شادی کے بعد بہت خوش ہیں! یہ عمل دیا تھا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے گھر میں کرایہ دار رہتے تھے جن کی دو جوان بیٹیاں تھیں۔ ان دونوں بہنوں کی عمر ڈھلتی جا رہی تھی مگر کہیں سے بھی شادی کا کوئی پیغام نہیں آ رہا تھا۔ ان کے گھر والوں نے رشتہ داروں اور غیروں میں شادی کے لئے کوششیں کیں مگر کہیں بھی ان کا رشتہ پکا نہ ہو سکا۔ اس وجہ سے وہ دونوں بہنیں احساس کمتری اور مایوسی کا شکار ہو چکی تھیں۔ میں نے انہیں عبقری رسالہ پڑھنے کے لئے دیا تو رسالہ میں موجود لوگوں کے اعمال کے مشاہدات پڑھنے کے بعد ان کے اندر بھی امید پیدا ہوئی۔ انہوں نے مجھ سے کہا کہ شادی کے لئے کوئی وظیفہ بتاؤ جس سے ہم دونوں بہنوں کا گھر بس جائے۔ میں نے انہیں ہر نماز کے بعد ایک تسبیح ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' کی پڑھنے کے لئے بتائی۔ ان دونوں بہنوں نے یہ وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس وظیفہ کو جاری رکھے ہوئے ابھی چند ہفتے ہی گزرے تھے کہ ان دونوں بہنوں کے ایک اچھی فیملی میں رشتہ ہو گیا۔ وہ دونوں بہت خوش تھیں۔ میں نے انہیں وظیفہ جاری رکھنے کی تلقین کی اور انہوں نے بھرپور توجہ کے ساتھ عمل کو جاری رکھا جس کی برکت سے دو ماہ کے اندر بڑی بہن کی شادی ہوگئی اور اس سے اگلے سال چھوٹی بہن کی شادی کے بھی اسباب بن گئے۔ وہ دونوں بہنیں شادی کے بعد بہت خوش ہیں اور مجھے جب بھی ملتی ہیں تو بہت زیادہ دعائیں دیتی ہیں۔ (بیٹا شفیق، اسلام آباد)

روحانی عاملوں کے حیران کن معالجات

بھینس کے منہ سے دوران جگالی نکلنے والی جھاگ کے شفائیہ کرشمے

قارئین السلام علیکم! گزشتہ شمارہ میں دردشقیقہ کے مرض کا علاج تحریر کیا۔ مجھے یقین ہے کہ قارئین کو اس سے بہت زیادہ نفع ہوا ہوگا۔

اس ماہ کے شمارہ میں عبقری قارئین کے لئے ایک ایسا مرض جس میں پچھلے کچھ عرصہ سے کافی اضافہ ہوا اس مرض کا علاج قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہوں گا۔ وہ مرض سوکھا پن یعنی دق الاطفال جسے مسان کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ یہ بچوں کا ایک مخصوص قسم کا مرض ہے جس کے علاج کی جانب فوری توجہ نہ دینے کے سبب اس کا شکار بچے عموماً مرجاتے ہیں۔

سوکھے پن کا شکار عام طور پر وہ بچے ہوتے ہیں جو بھوک کی کمی، کسی بیماری یا پیدائشی طور پر سوکھے پن کا شکار ہوتے ہیں۔ اگر بیماری پر جلد قابو نہ پایا جائے تو بچے مستقل اس بیماری میں مبتلا رہتے ہیں اور آئے دن کوئی نہ کوئی بیماری ان کو چمٹی رہتی ہے۔ سوکھے پن کا شکار بچے سست اور کمزور ہونے کی وجہ سے مختلف بیماریوں میں مبتلا رہتے ہیں۔

سوکھے پن کا علاج: کتاب خواص الاشیاء میں سوکھے پن کے تحریر شدہ علاج کے مطابق ایسے بچے جو سوکھے پن کے مرض میں مبتلا ہوں ان بچوں کو سات روز تک روزانہ صبح و شام دودھ پلانے کے بعد گائے، بکری یا بھینس کی جگالی کے پانی کے سات سات قطرے پلاتے رہیں۔ اس علاج کی بدولت اس مہلک مرض کے آخری درجہ میں بھی جبکہ بچہ کی بچنے کی امید بہت ہی کم ہو جاتی ہے، سوکھتا ہوا بچہ صحت یاب ہو جاتا ہے۔ برصغیر کے ایک بہت بڑے معالج لکھتے ہیں کہ یہ طلسماتی علاج اس خاکسار کا سینکڑوں بار کا آزمودہ و مجرب ہے۔ وہ بتاتے ہیں کہ انہوں نے بہت سے سوکھے پن کے مرض میں مبتلا بچوں کا اسی نسخہ سے کامیاب علاج کیا ہے۔ (جاری ہے)

مارچ 2023ء کے شمارہ میں

''روحانی عاملوں کے حیران کن معالجات''

میں سانپ کے کاٹے کا علاج جانیے! مریض بے ہوش ہو چکا ہو، چہرے پر مردنی چھا چکی ہو تو ایسی حالت میں ایسا طلسماتی یہ عمل و علاج تریاق کا حکم رکھتا ہے۔

میرا بیٹا جس کی عمر سترہ سال ہے اس کا رجحان غلط چیزوں کی طرف ہو رہا تھا، میں نے اس چیز کو پرکھ لیا اور اسے جوانی گولیاں استعمال کروائیں، اب اس کی طبیعت میں ٹھہراؤ آگیا ہے۔ (پوشیدہ)
جوانی کو جوش جنوں کا اعتدال پر لانے والی بے ضرر گولیاں
جوانی گولیاں

اولاد کی نعمت سے محروم ماموں کی مراد پوری

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں کچھ عرصہ سے عبقری رسالہ پڑھ رہا ہوں' اللہ تعالیٰ نے اس رسالہ کے ذریعے بہت سے دکھی اور پریشان گھرانوں کو خوشیاں اور راحتیں عطا کی ہیں۔ میں نے بھی عبقری کے ذریعے بہت برکتیں اور خوشیاں سمیٹیں ہیں۔ میں بھی آج عبقری کے قارئین کے لئے مشاہدہ لکھ رہا ہوں تا کہ جو بھی یہ عمل کرے اسے جب فائدہ ہو تو وہ میرے لئے بھی اللہ تعالیٰ عافیت اور برکت کا ذریعہ بنا دے۔ ہر انسان کی شادی کے بعد یہ خواہش ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے اولاد کی نعمت سے نوازے لیکن دور حاضر میں بے اولادی کا مسئلہ بہت زیادہ بڑھ چکا ہے اور لوگ اس کے لئے مختلف طبی و روحانی علاج کروا رہے ہیں مگر اس کے باوجود بھی بہت سے جوڑے بے اولادی کے مرض سے نجات پانے میں ناکام رہتے ہیں۔

میرے ماموں کی شادی کو ہوئے کافی سال بیت چکے تھے مگر اس کے باوجود وہ اولاد کی نعمت سے محروم رہے۔ انہوں نے اپنے طور پر کچھ علاج معالجہ کی کوشش کی مگر اس کے باوجود بھی انہیں فائدہ نہ ہوا۔ ان کی اہلیہ نے حصول اولاد کے لئے قرآنی آیت کا یہ حصہ "رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ" ہر نماز کے بعد اول و آخر 3 بار درود پاک کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھنا شروع کر دیا۔ انہوں نے کامل یقین اور توجہ کے ساتھ کے اس وظیفہ کو مستقل جاری رکھا جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور انہیں ایک خوبصورت اور صحت مند بیٹا عطا کیا۔ (فواد علی، مالاکنڈ)

ناف ٹلنے کا علاج خود کیجئے، سکون پائیے!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ کے ذریعے آپ لوگوں کی خیرخواہی اور دکھوں میں پھنسے ہوئے پریشان حال مخلوق کو جو راحت و سکون پہنچا رہے ہیں' اللہ سے دعا ہے کہ آپ کے اس نظام میں مزید برکت دے اور ہر قسم کے فتنے اور رکاوٹوں سے بچائے۔ اس صدقہ جاریہ کے عظیم مشن میں اپنا حصہ شامل کرنے کے لئے اپنا آزمودہ ٹوٹکہ تحریر کر رہا ہوں' مجھے یقین ہے اس سے لوگوں کو نفع ہوگا۔

اکثر لوگوں کی ناف ٹل جاتی ہے جس وجہ سے قے اور جسم میں درد شروع ہو جاتی۔ اس مسئلہ سے نجات پانے کے لئے مختلف ادویات کا استعمال کیا جاتا ہے مگر ان سے عارضی فائدہ ہی ہوتا ہے اور تھوڑی ہی دیر بعد دوبارہ مسئلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اس بیماری سے نجات کے لئے میرے پاس ایک بہت ہی لاجواب ٹوٹکہ ہے۔ اگر کسی شخص کی ناف ٹل جائے تو انگوٹھے کے ذریعے چیک کر لیں کہ مسئلہ بائیں طرف ہیں یا دائیں طرف۔ جب معلوم ہو جائے تو ناف کو انگوٹھے کے ذریعے دبا کر اپنی جگہ پر لانے کی کوشش کریں۔ اس کے بعد دونوں رانوں کو مٹھی کے ذریعے خوب دبائیں اور آہستہ آہستہ مٹھی کو مارتے جائیں تا کہ دونوں رانیں سخت ہو جائیں، مریض کے جسم کے اعتبار سے سختی کرتے جائیں۔ اس کے بعد دونوں ٹانگوں کی ران اور پنڈلیوں کی خوب مالش کریں۔ یہ عمل تین دن مستقل دن میں ایک یا دو مرتبہ کر لیں۔ ان شاء اللہ تین دن میں ناف اپنی صحیح جگہ پر آجائے گی اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ان شاء اللہ دوبارہ ناف بھی نہیں ٹلے گی۔ (عبداللہ خان، ڈیرہ اسماعیل خان)

رحم کی رسولیاں ختم! بس ناف پر انگلی رکھ کر یہ پڑھیے!

محترم حضرت شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! ہماری ایک قریبی رشتہ دار خاتون تھی جن کے رحم میں رسولیاں تھیں۔ وہ کافی عرصہ سے اپنی اس بیماری کے لئے مختلف معالجوں سے علاج کروا یا مگر انہیں افاقہ نہ ہوا۔ انہوں نے رسولیاں نکلوانے کے آپریشن بھی کروایا جس سے ان کی پہلے سے موجود رسولیاں نکل گئیں مگر کچھ ہی عرصہ بعد نئی رسولیاں بن گئیں اور ہر بار ایسا ہی ہوتا وہ ایک رسولی کا علاج کرواتی تو دوسری نکل آتی۔ وہ اپنی اس بیماری کی وجہ سے مایوسی کا شکار ہو چکی تھیں۔ میں نے عبقری سے پچھلے دھرکی بیماریوں سے نجات کے لئے ہر نماز کے بعد بعد گیارہ بار ناف پر انگلی رکھ کر گیارہ بار اللہ تعالیٰ کے اسمائے الحسنیٰ میں سے "اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ" پڑھنے کا عمل سنا۔ میں نے یہی عمل انہیں پڑھنے کے لئے بتایا۔ اس کے علاوہ سارا دن کثرت سے یہی وظیفہ پڑھنے کی تلقین کی۔ انہوں نے اس وظیفہ کو پڑھنا شروع کر دیا۔ چند ماہ بعد جب ایک موقع پر ان سے ملاقات ہوئی تو وہ مجھے دیکھتے ہی میرے پاس چلی آئیں اور بہت گرمجوشی کے ساتھ میرا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے بتایا کہ جو وظیفہ آپ نے پڑھنے کے لئے بتایا تھا اللہ تعالیٰ نے اس وظیفہ کی وجہ سے میری تمام رسولیاں بغیر آپریشن کے ہی ختم کر دی ہیں۔ میں نے اب بھی روزانہ کی بنیاد پر اس عمل کو مسلسل جاری رکھا ہوا ہے جس کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے میری اس مرض سے نجات کے علاوہ حفاظت بھی فرمائی ہے۔ میں اب بالکل صحت مند ہو چکی ہوں اور مجھے دوبارہ رسولی نہیں بنی۔ یہ سب اس عمل کی وجہ سے ہی ممکن ہوا ہے۔ ایک اور عمل جو میرا بار ہا کا آزمودہ ہے۔ مجھے جب بھی کوئی چوٹ لگ جائے یا بچے گر جائیں اور انہیں کوئی تکلیف آئے تو فوراً اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ پڑھ لیتی ہوں' اس عمل سے زیادہ نقصان نہیں ہوتا اور جلد شفا مل جاتی ہے۔

کچن میں موجود حشرات اور چوہوں کا حل

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! ہمارے کچن میں بہت زیادہ چوہے تھے جو اکثر نقصان پہنچاتے رہتے تھے۔ کھانے وغیرہ کی کوئی بھی چیز اگر ڈھانپنا بھول جاتے تو اسے خراب کر دیتے اور اس کے علاوہ کچن میں موجود فرنیچر کو بھی کاٹتے رہتے۔ ہم نے چوہے ختم کرنے کے لئے مختلف ادویات کا استعمال کیا مگر اس کے باوجود بھی ان کی تعداد اتنی زیادہ تھی کہ ان سے مکمل نجات نہ ملی۔ میں نے آپ کی روحانی محفل میں چوہوں اور کیڑوں مکوڑوں سے نجات پانے کے لئے سورۃ ماعون کا عمل سنا۔ میں نے روزانہ اپنے کچن میں ہلکی اونچی آواز میں سورۃ ماعون سات مرتبہ پڑھنا شروع کر دیا اور چند دنوں میں ہی چوہوں کی تعداد کم ہونے لگی۔ یہ عمل میں نے مستقل کچھ عرصہ مسلسل جاری رکھا اور صبح و شام سورۃ ماعون کو سات مرتبہ پڑھنا شروع کر دیا۔ اس عمل کی برکت سے چوہوں سے مکمل نجات مل گئی اور آج تک دوبارہ کچن میں کوئی چوہا نہ آیا۔ (اہلیہ رحمٰن، ٹنڈو آدم خان)

زرغوانی نقرائی

شادی کے چند سال بعد میں کچھ عرصہ بیمار رہا جس کے بعد کمزور پڑ گیا۔ میں نے چند ماہ پہلے زرغوانی نقرائی کا استعمال کیا اس سے میری جسمانی طاقت بہت بہترین ہو گئی ہے۔ (رانا اکرم، لاہور)

زرغوانی جسمانی اور اعصابی طاقتوں کو بیدار کرے اور صحت کو سدا بہار رکھے

تسبیح خانہ میں موجود اعمال کا نور' شیطانی جن جل کر راکھ

ساجدہ پروین' سیالکوٹ

تسبیح خانہ میں رمضان گزارنے والوں کے حیران کن مشاہدات! آپ بھی رمضان تسبیح خانہ گزاریئے مشکلات ٹلوایئے!

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ چند سالوں سے عبقری تسبیح خانہ سے وابستہ ہوں۔ جب سے میں عبقری کے ساتھ جڑی ہوں جینے کا انداز ہی بدل گیا ہے۔ گھر میں بے چینی' پریشانیاں اور بیماریوں کی بھرمار تھی۔ ہر آئے دن کوئی نہ کوئی مسئلہ یا نئی مصیبت کا سامنا رہتا تھا۔ ایسا لگتا تھا جیسے یہ مسائل اب زندگی کا مستقل حصہ بن چکے ہیں۔ ایک دن عبقری رسالہ میں رمضان المبارک تسبیح خانہ میں گزارنے کے فوائد کے بارے میں پڑھا تو مجھے بہت تجسس ہوا کہ کاش تسبیح خانہ میں رمضان المبارک گزارنے کا موقع مل جائے۔ مگر گھر کے کچھ حالات ایسے تھے کہ میرے اور میرے شوہر کے لئے اس سال رمضان تسبیح خانہ میں گزارنا مشکل تھا۔ چنانچہ میں نے فیصلہ کیا کہ اپنے بیٹے کو رمضان المبارک کے ماہ میں قیام کے لئے بھیجا جائے۔ کیونکہ میرے اس بیٹے پر بھی کچھ جناتی شیطانی اثرات تھے جس وجہ سے وہ سارا دن پریشان رہتا تھا۔

ایک بہترین روحانی سماں

میں نے اپنے بیٹے سے اس معاملے پر بات کی تو وہ فوراً راضی ہوگیا اور رمضان المبارک آنے سے دو دن قبل ہی اپنا بستر لیا اور تسبیح خانہ لاہور کے لئے روانہ ہوگیا۔ مجھے یقین تھا کہ اس رمضان کی برکت سے اللہ پاک فضل و کرم والا معاملہ فرمائیں گے۔ جب رمضان المبارک کا مہینہ شروع ہوا تو تیسرے ہی روزے میرے بیٹے کی کال آئی۔ وہ بہت زیادہ خوش تھا اس نے بتایا کہ یہاں بہت پرسکون اور روحانی ماحول ہے۔ سحری و افطاری سادہ مگر لذیذ ہوتی ہے۔ صبح و شام کے اذکار کی ایک ترتیب ہے جس میں تمام مقیم شامل ہوتے ہیں' ایک بہترین روحانی سماں ہوتا ہے۔ بیٹے کی باتیں سن کر بہت خوش ہوئی اور اللہ سے اس کی استقامت کی دعا کی۔

خطرناک جن کا حملہ

اللہ پاک نے ایسا غیبی نظام بنایا کہ جب سے بیٹا رمضان گزارنے کے لئے تسبیح خانہ گیا ہمارے ایسے مسائل جو سالوں پرانے تھے وہ حل ہونا شروع ہوگئے۔ گھر میں ایسا سکون آگیا جو پہلے کبھی میسر نہ تھا۔ رمضان کے آخری عشرہ میں بیٹے کی کال آئی' اس دن وہ بہت زیادہ خوش تھا' اس نے بتایا کہ صبح و شام تسبیح خانہ میں جو اجتماعی اعمال کروائے جارہے ہیں' ایک دن وہ یہ اعمال کرکے رات کو سویا تھا کہ خواب میں دیکھا کہ ایک خطرناک جن ہے جو مجھ پر حملہ کرنا چاہتا ہے مگر تسبیح خانہ میں ہونے والے اجتماعی اعمال کا نور اس شیطانی جن کو مجھ سے دور دھکیل دیتا ہے لیکن وہ دوبارہ آنے کی کوشش کرتا ہے اور اعمال کا نور اس جن کو ختم کردیتا ہے۔ اس کے بعد میری آنکھ کھل جاتی ہے۔ جب سے خواب آیا ہے اس وقت سے مجھے اپنا جسم ہلکا پھلکا محسوس ہورہا ہے اور میری طبیعت بھی کافی بہتر ہے۔ جب رمضان کا مہینہ ختم ہوا تو میرا بیٹا گھر واپس آگیا۔ اس رمضان المبارک کی برکات آج بھی مل رہی ہیں۔ میرے بیٹے پر جو شیطانی اثرات تھے وہ مکمل طور پر ختم ہوچکے ہیں۔ گھر کے تمام افراد کی آپس میں سلوک اور محبت پیدا ہوئی ہے۔ گھر میں بیماریوں اور مسائل کی جو بہتات تھی اس میں بھی الحمدللہ واضح کمی آئی ہے۔ ان شاء اللہ 2023ء کا رمضان المبارک بھی تسبیح خانہ میں گزارنے کی نیت ہے۔

شرمندگی سے دوچار افراد کیلئے خصوصی دوا' طاقت کا خزانہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں حکمت کے شعبہ سے وابستہ ہوں۔ عبقری رسالہ گزشتہ کئی سالوں سے پڑھ رہا ہوں' اس رسالہ میں شائع مختلف ٹوٹکے آزمائے جن سے بہت نفع ہوا۔ آج اپنے بھی کچھ آزمودہ ٹوٹکے عبقری رسالہ کے لئے تحریر کررہا ہوں۔ یہ ٹوٹکے کافی عرصہ سے اپنے مطب میں آنے والے مریضوں کو استعمال کروارہا ہوں جن سے انہیں بہت فائدہ ہوا ہے۔ امید ہے جو لوگ ان امراض میں مبتلا ہیں جب وہ استعمال کریں گے تو انہیں بہت فائدہ ہوگا۔

سیلان رحم کے لئے ایک ٹوٹکہ تین سال سے مختلف مریضوں کو استعمال کروا رہا ہوں۔ انتہائی کامیاب اور تیر بہدف ٹوٹکہ ہے۔ سنگ جراحت 2 تولہ' مائیں خورد 1 تولہ' پٹھانی لودھ 6 ماشہ' چینا گوند 6 ماشہ' مصری 6 ماشہ۔ ان سب اجزاء کو پیس کر سفوف بنالیں۔ صبح و شام 6 ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ بہت ہی مجرب نسخہ ہے گزشتہ تین سالوں سے میں یہی مختلف مریضوں کو استعمال کروارہا ہوں' الحمدللہ بہت سے مریض اس نسخہ سے شفاء یاب ہوئے ہیں۔

طاقت کا خزانہ: آپ کی کتاب حکما کی زندگیوں کا طبی نچوڑ میں ایک بہت ہی کمال کا نسخہ ہے۔ ایسے مرد حضرات جو بچپن میں غلط صحبت میں بیٹھنے کی وجہ سے اپنی صحت برباد کرچکے ہوں' شرمندگی سے دوچار ہونے والوں کیلئے یہ خصوصی دوا ہے۔ اس نسخہ کے استعمال سے مادہ تولید بکثرت اور جراثیم (Sperms) پیدا ہوئے۔ اس سے حدت رقت دور ہوجاتی۔ شادی شدہ حضرات کے لئے یہ طاقت کا خزانہ ہے۔ جس کو بھی استعمال کرنے کے لئے یہ نسخہ دیا وہ لوگ بہت خوش اور مطمئن ہوئے۔ میرا یہ دعویٰ ہے کہ جو بھی یہ نسخہ استعمال کرے گا وہ بازار میں بکنے والے قیمتی نسخوں اور دواؤں کو بھول جائے گا۔ نسخہ یہ ہے۔

ھوالشافی: تالمکھانہ، بیج بند، تخم اوٹنگن' یہ تمام اجزاء ایک ایک تولہ، پھول مکھانہ 4 تولہ، آرد سنگھاڑہ 4 تولہ، کمرکس 6 تولہ، کھانڈ سب کے برابر علیحدہ علیحدہ باریک کرکے یکجان کریں۔ خوراک: چائے کا چمچ' صبح و شام ہمراہ پانی (حکیم آصف جمیل' کراچی)

روکھے الجھے بال ہیں تو یہ آئل استعمال کیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے بالوں میں بہت زیادہ روکھا پن تھا جس کی وجہ سے میں نے کچھ شیمپوز کا استعمال کیا جس سے بالوں کا مسئلہ عارضی طور پر ٹھیک ہوگیا مگر مسلسل بازاری اور غیر معیاری شیمپو استعمال کرنے کی وجہ سے میرے بال تیزی کے ساتھ گرنا شروع ہوگئے۔ میں نے بالوں کے لئے مختلف تیل استعمال کیے مگر میرے بال ٹوٹنا بند نہ ہوسکے۔ آخر مجھے کسی نے عبقری دواخانہ کا طب نبوی ہیر آئل اور انمول ہیر پاؤڈر استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے عبقری کے ادویات بکنگ والے نمبر پر کال کرکے طب نبوی ہیر آئل اور انمول ہیر آئل کا آرڈر بک کروایا۔ ان دونوں پروڈکٹس کے استعمال سے ایک ہی ماہ میں میرے بال گرنا بند ہوگئے اور بال پہلے سے زیادہ مضبوط ہوگئے۔ اس کے علاوہ بالوں کا روکھا پن بھی دور ہوگیا اور چمکدار بھی ہوگئے ہیں۔ (شاہزیب' اسلام آباد)

قبض کشاء گولیاں

دائمی قبض' پیٹ میں ڈھکنی ڈکاریں' مقعد میں جلن کیلئے باکمال

میری آنتوں میں بہت خشکی تھی، اس کی وجہ سے اکثر قبض رہتی تھی۔ میں نے عبقری دواخانہ کی قبض کشاء گولیاں استعمال کیں اب قبض کا مرض مکمل طور پر ختم ہوچکا ہے۔ آپ کا شکریہ (شمائلہ جاوید)

گرما گرم دودھ میں ڈوبی جلیبی کے شفائیہ کارنامے

(حکیم احسن کلیم، راولپنڈی)

جلیبی کی حیثیت پاکستان کی قومی مٹھائی کی سی ہے یہ سال کے بارہ مہینے بنائی جاتی ہے اور اس کو کھانے والوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہی ہو رہا ہے، چینی کے شیرے میں ڈوبی بل کھاتی جلیبی جب حلوائی کی کڑھائی سے باہر نکلتی ہے تو اس کی لذت کے بارے میں سوچ کر دیکھنے والے کے منہ میں پانی بھر آتا ہے۔ سردی کے موسم میں یہی جلیبی جب گرم گرم دودھ میں ڈبو کر کھائی جاتی ہے تو اس کی حیثیت صرف ایک مٹھائی کی نہیں رہتی ہے بلکہ یہ یونانی حکماء کے مطابق ایک طاقت فراہم کرنے والے کشتہ میں تبدیل ہو جاتی ہے اور بیش بہا طبی فوائد کی حامل غذا بن جاتی ہے دودھ جلیبی کو کھانے کے اہم طبی فوائد کچھ اس طرح سے ہوتے ہیں۔

1: سردی سے بچاتی ہے

دودھ اور جلیبی کا ملاپ کیلشیم، پروٹین اور کاربوہائیڈریٹ سے بھرپور ہوتا ہے جو کہ جسم کو فوری توانائی فراہم کرتی ہے اور جسم میں گرمی مہیا کرتی ہے جو کہ سردی کے اثرات کا خاتمہ کرتی ہے اور جسم کو سردی سے مقابلہ کرنے کی طاقت فراہم کرتی ہے۔

2: جسم کے درد کو دور کرتی ہے

سردی کے موسم میں ہڈیوں میں درد ہونا ایک عام سی بات ہوتی ہے خاص طور پر جوڑوں کے درد کے مریض اس موسم میں ان دردوں سے بہت پریشان نظر آتے ہیں۔ ایسے مریض دن میں ایک بار دودھ جلیبی کا استعمال کریں اس سے ان کی ہڈیوں کی سوزش میں نہ صرف کمی واقع ہوگی بلکہ دودھ جلیبی کی گرمی سے دردوں میں بھی آرام ملے گا۔

3: پٹھوں کے کھچاؤ کو ختم کرتی ہے

انسانی جسم میں پٹھے جسم کو نہ صرف حرکت دینے میں استعمال ہوتے ہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ تمام اہم افعال میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مگر سردی کے موسم میں ان میں سوزش اور سختی کے باعث شدید درد کی شکایت ہو سکتی ہے اس صورت میں دودھ جلیبی کا ایک پیالہ نہ صرف ان پٹھوں کی سوزش کا خاتمہ کرتا ہے بلکہ ان میں گرمی فراہم کر کے ان کی نقل و حرکت میں آسانی پیدا کرتا ہے۔

4: نزلہ زکام میں افاقہ

ناک کا بند ہو جانا یا پھر نزلہ کا بہنا بخار اور سردرد کا سبب بن سکتا ہے اس صورت میں گرم چیزوں کا استعمال نہ صرف اس کیفیت کا خاتمہ کرتا ہے بلکہ دودھ جلیبی کا روزانہ استعمال اس سے محفوظ رکھنے میں بھی مدد دیتا ہے۔

5: ڈپریشن سے نجات

جلیبی کی مٹھاس انسان کے خوش ہونے والے ڈوپامائن کے افراز کا سبب بنتی ہے جس سے انسان کا موڈ بہتر ہوتا ہے اور اس کے استعمال سے وہ خوشی محسوس کرتا ہے اور اس کو ڈپریشن سے بھی نجات ملتی ہے۔

موسم سرما نہیں موسم گرما میں بھی استعمال کیجئے

دودھ جلیبی صرف موسم سرما کی غذا نہیں' آپ اسے موسم گرما میں ٹھنڈے دودھ میں بھگو کر بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ موسم گرما میں امراض سے بچاؤ اور حیران کن طاقت کا انوکھا خزانہ ہے۔ اگر دودھ جلیبی کا ناشتہ کیا جائے سارا دن نہ تھکاوٹ ہوتی ہے نہ سستی' شام تک انسان بالکل تازہ دم رہتا ہے۔

احساس کمتری میں مبتلا کر دینے والی بیماری کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بچپن سے میرے چہرے پر کچھ جگہوں پر سیاہ نشان تھے جو کافی بدنما دکھائی دیتے تھے۔ میں نے ان نشانات کو ختم کرنے کے لئے کچھ ادویات اور کریموں کو استعمال شروع کیا جس کے بعد وہ سیاہ نشان تو ختم نہ ہوئے مگر چہرہ دانوں سے بھر کر بدصورت دکھائی دینے لگا۔ میں نے مختلف ٹوٹکوں اور ادویات کا استعمال کیا جس کے بعد چہرے سے دانوں کا تو خاتمہ ہو گیا مگر وہ بدنما سیاہ داغ چہرے پر بدستور موجود تھے۔ اپنے اس مسئلہ کی وجہ سے میں احساس کمتری کا شکار ہو چکی تھی اور مختلف علاج کروانے کے باوجود بھی فائدہ نہ ہونے کی وجہ سے مایوس ہو چکی تھی۔ میں نے مختلف ٹوٹکے اور ادویات استعمال کر کے دیکھ لیں مگر فائدہ نہ ہو سکا۔ ایک دن میں انٹرنیٹ پر اپنے مرض سے متعلق علاج کے لئے سرچ کر رہا تھا تو میرے سامنے عبقری کی ویب سائٹ اوپن ہو گئی وہاں میں نے ادویات کی لسٹ میں جا کر اپنے مرض سے متعلق دوا کو تلاش کرنا شروع کیا تو میری نظر ''چہرہ شفاء'' پر پڑی۔ میں نے آن لائن اس دوا کو آرڈر کر دیا جو مجھے تین دن بعد موصول ہو گئی۔ میں نے اس دوا میں موجود بروشر پر دی گئی ہدایات کو بغور پڑھا اور اس کے مطابق استعمال شروع کر دیا۔ میں دو ماہ سے دوا کا استعمال کر رہی ہوں جس سے کافی نشانات ختم ہو چکے ہیں۔ (نبیلہ' کراچی)

کالی دنیا' کالے روگ' کالے لوگ

شیخ الوظائف کی زیرنگرانی کیجئے 11 جمعراتوں پر مشتمل انتہائی طاقتور عمل۔ 11 مئی 2023 بروز جمعرات سے آغاز

''کالی دنیا' کالے لوگ' کالے روگ'' کالا جادو' شریر جنات کا سفلی عمل' حاسدین اور ہر طرح کی بندشوں' روگوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا' عمل کا طریقہ: موٹے کالے کپڑے کی ایک چھوٹی تھیلی بنا کر اس میں پچاس گرام کالی مرچ' 50 گرام کالے ماش' 50 گرام کلونجی' 50 گرام ہرمل ڈالیں اور 11 مئی 2023ء کو اپنے ہمراہ تسبیح خانہ لائیے۔ شیخ الوظائف اس پر خاص عمل کروائیں گے۔

آپ بھی یقیناً ایسی نسلیں چاہتے ہیں! (نیا سلسلہ)

میں اب جھوٹ نہیں بولتا

اپنی ماما کے ساتھ ہر جمعرات کو تسبیح خانہ میں آتا ہوں۔ فور کلاس میں پڑھتا ہوں۔ کلاس میں موجود بچوں کو باتھ روم میں جانے کی دعا کے فضائل سناتا ہوں' گھر سے نکلنے کی دعا کا بتاتا ہوں کہ جو بندہ گھر سے نکلتے وقت مسنون دعا پڑھتا ہے اللہ پاک اس کی حفاظت فرماتے ہیں' اسے گندے انکل نہیں اٹھاتے۔ رات سوتے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر میری ماما اور میں گیارہ مرتبہ یَابَاعِثُ یَانُوْرُ پڑھتے ہیں۔ پہلے میں بستر پر پیشاب کر دیتا تھا مگر اب میں بڑا ہو گیا ہوں اور باتھ روم میں جاتا ہوں۔ درس میں آنے کی برکت سے اب میں جھوٹ نہیں بولتا۔ درس کی باتیں اپنی ٹیچر کو بھی بتاتا ہوں' انہوں نے میری ماما سے اس ماہ کا عبقری رسالہ بھی لیا ہے' ساری ٹیچرز مجھ سے اب بہت پیار کرتی ہیں۔ مجھ سے مسنون دعاؤں کے فضائل پوچھتی ہیں۔ (شایان' لاہور)

قارئین! آپ نے پڑھا تسبیح خانہ کیسے نسلوں کی تربیت کر رہا' ہر ماہ ایسے بچوں کی من کی باتیں پڑھنا ہرگز نہ بھولیں! اگر آپ بھی اپنی نسلوں میں نیکی' تربیت' مسنون اعمال' ذکر مصلیٰ لانا چاہتے ہیں تو نہیں ہر جمعرات کی محفل میں تسبیح خانہ لانا ہرگز نہ بھولیں!

کمر کا درد' سر چکراتا ہو اعصابی کمزوری بے اولادی کا مرض

لیکوریا شفاء

مجھے کافی عرصہ سے لیکوریا کی شکایت تھی' جس وجہ سے جسم میں درد اور اکثر کمزوری کی وجہ سے بخار بھی ہو جاتا تھا۔ لیکوریا شفاء کے استعمال سے مجھے ان تمام امراض سے شفاء مل گئی۔ (عائشہ مجید)

دردر کا بھکاری کبوتر باز خوشحال کیسے ہوا؟

محمد طاہر صدیق، لاہور

میں اس شخص کو گزشتہ دس سال سے جانتا ہوں' اس کے حالات گاہے بگاہے مجھ تک پہنچتے رہتے ہیں' یہ میرے سسرالی رشتہ دار ہیں۔ آج میری عیادت کرنے میرے گھر آئے تھے۔ ان کی موجودہ حالت بیان کرنے سے پہلے ان کا پس منظر بیان کرنا ضروری سمجھوں گا۔

شروع سے عیاش قسم کے ہیں' شادی سے پہلے ہی جواء، چیزیں قسطوں پر لے کر بیچ کر کھا جاتے تھے' پولیس ہر دوسرے دن دروازے پر آتی تھی' ان کے والد نے آج تک ان کو سنبھالا ہوا تھا۔ اپنا کاروبار شروع کیا' رب نے رنگ لگا دیئے' شادی ہوئی' کرائے پر رہتے تھے' رب نے اپنا بہترین دومنزلہ خوبصورت گھر عطا کردیا۔ ان کو پھر کبوتر بازی کی لت بھی لگ گئی' گھر کی چھت پر کبوتر رکھ لیے۔ دن رات ایسے ہی عیاشی میں گزر رہے تھے۔ پھر حالات نے پلٹا کھایا' دن بدن کاروبار زوال پذیر ہونا شروع ہوگیا۔

گھر فاقے' بچے دودھ کو ترس گئے

اس شخص نے سود پر رقم لی اور کھانا شروع کردی' ایک وقت آیا کہ اتنا قرض اور سود چڑھ گیا کہ لوگ گھر آکر دھمکیاں دینا شروع ہوگئے۔ سب بہن بھائیوں نے مل کر قرض اتارنے کی کوشش کی مگر نہ اتر سکا۔ بالآخر اندرون لاہور کی مارکیٹ میں موجود اپنی دکان بیچنا پڑی' تمام مال بیچنا پڑا اور پھر قرض اترا۔ مگر گھر فاقے شروع ہوگئے۔ بچے دودھ کو ترس گئے۔ اسی مارکیٹ میں کسی شخص کے ہاں بالکل معمولی تنخواہ پر نوکری کرلی۔ ان پر ترس بھی آتا تھا مگر جب ان کے گزشتہ حالات سامنے آتے تو رب کی بے آواز لاٹھی کی جھلک دیکھ کر منہ سے خود بخود استغفار جاری ہوجاتا۔ بیوی کا سارا زیور بک گیا' ٹی وی فریج تک بک گئے۔ چند ماہ پہلے اس شخص سے راہ گزر میں ملاقات ہوئی تو ان کی حالت دیکھ کر بہت ترس آیا۔

مگر آج! آج تو ان کی حالت بالکل بدلی ہوئی تھی' بچوں نے بہترین کپڑے پہنے ہوئے' ہاتھوں میں پھلوں سے بھرے شاپر' خود بھی بہترین کپڑے اور قیمتی جوتا پہنا ہوا۔ بڑی خوشی ہوئی' پرتپاک انداز سے ملے۔ کھانا وغیرہ کھانے کے بعد کافی دیر گپ شپ چلتی رہی تو بات کبوتروں کی چل نکلی۔ میں نے ایسے ہی پوچھ لیا کہ بھائی آپ نے تو بہت کبوتر رکھے ہوئے تھے آپ کے کبوتروں کا کیا حال ہے؟

تجھے کبوتروں کی بددعائیں کھا گئیں!

میری بات سن کر ان کی ٹھنڈی آہ نکلی۔ کانوں کو ہاتھ لگایا اور کہنے لگے کہ میرے ساتھ گزشتہ سالوں میں جو کچھ بھی ہوا تو انہی "کبوتروں کی بددعاؤں کا نتیجہ تھا" میرے لیے یہ بات انتہائی حیران کن تھی' میں چونک اٹھا' میں نے ان کی ہی بات دہرائی "کبوتروں کی بددعاؤں کا نتیجہ" مگر کیسے؟

کہنے لگے: میرے حالات بہت خراب تھے' دردر کا محتاج ہوگیا تھا' کریانہ والا مجھے دیکھ کر منہ دوسری طرف کرلیتا تھا کہ کہیں میری دکان پر نہ آجائے۔ میرے اپنے پرائے سارے میری شکل دیکھنا گوارا نہ کرتے تھے' مارکیٹ جاکر سارا دن مزدوری کرتا' بہت ہاتھ پاؤں مارے مگر کہیں بھی میرا کام نہ بنتا تھا' صرف اتنا گھر لا پاتا کہ ہم میاں بیوی اور بچے روکھی سوکھی رات کو کھالیتے اور صبح کی فکر ساری رات سونے نہ دیتی تھی۔ پھر ایک جگہ نوکری لگی' صبح بھاگم بھاگ جاتا اور رات کو آتا۔ میں نے زندگی میں کبھی اتنی محنت نہیں کی جتنی ان گزشتہ مہینوں میں کی مگر کچھ بھی حاصل نہ ہوتا تھا۔

ایک دن ایک دکان سے ادھار کبوتروں کا دانہ لے رہا تھا تو وہیں ایک بزرگ بیٹھے تھے انہوں نے مجھ سے پوچھا یہ تم ادھار دانہ لیتے ہو' تمہارے حالات کیسے ہیں؟ میں نے ان کی آنکھوں میں دیکھا نجانے مجھے کیا ہوا؟ میں رونا شروع ہوگیا اور اپنا تمام دکھڑا ان کو سنادیا۔ انہوں نے تسلی سے میری بات سنی اور صرف اتنا کہا کہ "تجھے کبوتروں کی بددعائیں کھاگئیں" میں نے آنسو پونچھے اور پوچھا وہ کیسے؟ کہنے لگے: تو کبوتروں کو کتنا وقت دیتا ہے؟ میں نے کہا: میں تو صبح ان کے جنگلے میں دانہ پھینک پانی ڈال چلا جاتا ہوں اور اگلے دن دوبارہ آکر ڈال دیتا ہوں۔ بس! اس کے علاوہ تو میرے پاس وقت ہی نہیں۔ وہ ہروقت بند رہتے ہیں' اور ان کا جنگلا بھی اتنا چھوٹا ہے کہ وہ پر بھی نہیں کھول سکتے۔

کہنے لگے: میں نے صحیح کہا ہے تجھے کبوتر کھاگئے۔ بیٹا یہ پرندے توجہ مانگتے ہیں' وقت مانگتے ہیں' آزادی مانگتے ہیں' وقت پر کھانا' وقت پر پینا مانگتے ہیں۔ یہ غیرت مند ہوتے ہیں' ان کی تذلیل کی جائے تو ناراض ہوجاتے ہیں' بددعائیں دیتے ہیں' تم نے ان کو قید رکھا ہوا ہے' اگر رکھنے ہیں تو ان کے لاڈ اٹھا' ان کا خیال رکھ' ان کو آزاد چھوڑ' آزاد فضاء میں گھومیں' ان کے دانہ پانی کا حد سے زیادہ خیال رکھ۔ اگر یہ نہیں کرسکتا تو انہیں چھوڑ دے یا کسی ایسی جگہ رکھ جہاں ان کے دانہ پانی کا خیال رکھا جائے' ان کو توجہ دی جائے۔ اس بزرگ کی باتیں تیر کی طرح میرے سینہ میں پیوست ہوگئیں۔ میں گھر آیا کبوتروں کو دانہ پانی ڈالا اور ان سے ہاتھ جوڑ کر معافی مانگی۔ اندرون لاہور میں میرے رشتہ داروں نے کبوتر رکھے ہوئے ہیں اور ان کی دیکھ بھال کے لیے ملازم رکھے ہوئے ہیں جو چوبیس گھنٹے ان کے پاس رہتے ہیں' پھر میں نے تمام کبوتر ایک ڈبہ میں ڈالے اور جاکر ان کو ہدیہ دے آیا۔

جانور ہو یا انسان' بددعائیں تعاقب کرتی ہیں!

دانتوں میں ٹوتھ پک سے خلال کرتے ہوئے وہ مزید بولے کہ بس اس سے اگلے دن سے میری ایک اور جگہ نوکری لگ گئی انہوں نے مجھے تنخواہ کے ساتھ کمیشن پر بھی رکھ لیا' کام مجھے پہلے ہی سارا آتا تھا' میرے گاہک لگے ہوئے تھے' بس انہی گاہکوں کو میں نے ان کا مال فروخت کرنا شروع کردیا میری اتنی تنخواہ نہیں جتنی میری کمیشن بن جاتی ہے' اللہ نے دوبارہ کرم کردیا ہے۔ اب بھی کبھی کبھی ان کبوتروں کا شکریہ ادا کرنے جاتا ہوں کہ انہوں نے مجھے معاف کردیا۔

قارئین! شیخ الوظائف اکثر ایک بات فرماتے ہیں کہ دعائیں تعاقب کرتی ہیں اور بددعائیں بھی تعاقب کرتی ہیں۔ وہ دعا یا بددعا کسی انسان کی ہو یا جانور کی۔ مختلف کتب احادیث' صحابہؓ اور اولیاء کرامؒ کے واقعات ہیں جن میں کسی جانور کو صرف پانی پلانے پر مغفرت کا پروانہ ملنا ثابت ہے مزید جانور کے ساتھ برے سلوک پر فوری سزا ملنے کے بے شمار واقعات کتب میں بھرے پڑے ہیں۔

پرندے' جانور پالنے کا شوق ہے تو توجہ کریں!

آپ کو پرندے پالنے کا' جانور رکھنے کا شوق ہے' رکھیں! پودے لگانے کا شوق ہے لگائیے' مگر اس بات کو معمولی نہ سمجھیں' ان کا خیال ایسے رکھیں جیسے اپنے بچوں کا رکھتے ہیں' ان کے کھانے پینے' موسمی حالات' بیماری' ان کی آزادی' ان کے لاڈ اٹھائیے' پیار دیجئے۔ پیار لیجئے۔ ایسا نہ ہو کہ آپ کا شوق ہی آپ کو اور آپ کی نسلوں کو لے ڈوبے اور کسی بے زبان کی بددعا آپ کی دنیا بھی برباد کردے اور آخرت بھی۔

میرے ہاتھ پر پھلبہری کے نشان بن رہے تھے، میں نے برص پھلبہری کورس کا استعمال کیا تو برص کے نشان بہت ہلکے ہوگئے ہیں جو ان شاء اللہ جلد ختم ہوجائیں گے۔ (رانیل سرور)

برص پھلبہری کورس

برص | خارش | چنبل | کوڑھ

سلسلہ وار آپ بیتی

قسط نمبر 158

جنات کا پیدائشی دوست

علامہ لاہوتی پراسراری

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیا، جنات کی سرپرستی میں ہے اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اسرار پر بے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس بڑا اسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور علم چاہیے۔

جناتی جیلوں کے سپرنٹنڈنٹ سے ملاقات

گزشتہ دنوں اچانک عبدالسلام اور باورچی جن مجھے ملے۔ بڑے عرصہ کے بعد ملاقات ہوئی ان کے ساتھ کچھ جنات اور بھی تھے۔ ان میں ایک بہت ہی بوڑھا جن تھا۔ ملاقات ہوئی ضیافت ان کو کھلایا پلایا۔ بڑی دیر تک بیٹھے رہے۔ میں نے سب کا تعارف پوچھا انہوں نے سب کا تعارف کروایا۔ باباجی کا تعارف کروایا کہ یہ وہ ہیں جو بہت عرصہ جنات کی جیلوں کے انچارج رہے ہیں۔ اب بوڑھے ہوگئے ہیں اب انہوں نے اپنے آپ کو گھر تک محدود رکھا ہوا ہے مگر آج آپ کا تذکرہ ہوا تو باباجی کہنے لگے: میں بھی ساتھ چلتا ہوں جبکہ یہ عمومی طور پر سفر نہیں کرتے' ان کی طبیعت بڑھاپا اجازت نہیں دیتا۔ مجھے خوشی ہوئی کہ ایک بوڑھا بابا میرے پاس آیا ہے' کچھ سیکھ لوں گا' تجربات لے لوں گا۔

باباجی! کوئی جناتی وارداتیں سنائیں!

میں نے فوراً سوال کیا باباجی! کوئی جنات کی وارداتیں بتائیں اور ان کے انداز بتائیں' کس شکل میں' کس انداز میں' کس طریق پر وہ واردات کرتے ہیں۔ باباجی بولے: سب سے پہلے جنات الو کی شکل اختیار کرتے ہیں' جنات خود اس بندے کے خلاف ہوجائیں یا اس سے شرارت کریں یا پھر کسی کے بھیجے ہوئے جنات جادو کے ذریعے اس کا یہ نقصان ہوتا ہے کہ اس گھر کو الو گھیر لیتے ہیں حتیٰ کہ انہیں دن میں بھی الو نظر آتے ہیں یا پھر وہ جہاں جاتے ہیں الو ان کا پیچھا کرتے ہیں یا وہ جادو زدہ یا جنات کا ڈسا ہوا ہوتا ہے۔ الوصرف اسی کو نظر آتے ہیں بعض اوقات پورے گھر کو بھی نظر آتے ہیں اگر ایسا ہو تو سمجھ لیں پورا گھر کالی چیزوں اور جنات کے اثرات میں ہیں۔

جنات شرارت کے ماہر ہوتے ہیں

یہ جنات شرارت کرنے کے ماہر ہوتے ہیں اور ان کو شرارت میں مزہ آتا ہے انہوں نے اپنی زندگی شرارت کے لیے وقف کی ہوئی ہوتی ہے۔ یہ لوگوں کو تکلیف دے کر سکون محسوس کرتے ہیں۔ میں نے ساری زندگی جیل میں ایسے جنات کو قید بھی کیا ان کو سخت کڑی سزائیں بھی دیں۔ بہت سے تو اپنے اس کام سے باز آگئے اور بہت سے ایسے تھے جو باز نہیں آئے اور وہ اپنے فعل پر ویسے کے ویسے رہے۔

جنات الو بن کر گھر نحوست پھیلاتے ہیں

الو بن کر ان کے گھر میں نحوست پھیلانا اور الو بن کر گھر کے نظام کو تہس نہس کردینا اور ان کی ہر چیز کو برباد کرنا یہ جنات اور کالے جنات کا شیوہ ہے۔ کالے جنات اس چیز پر بہت زیادہ خوش ہوتے ہیں کہ ہم لوگوں کو برباد کررہے ہیں ان کے گھر کا کھانا' پینا' راشن چیزیں یہ سب چرا کرلاتے ہیں' کسی کے کپڑے کاٹتے ہیں کسی کے گھر میں خون کی چھینٹیں پھینکتے ہیں' کسی پر پانی کے قطرے اور چھینٹیں گراتے ہیں۔ کہیں جھگڑے کہیں لڑائیاں اور ایک ان کا بہترین مشغلہ یعنی وہ جنات جو الو کی شکل میں آتے ہیں حمل گرانا ہے اور خاص طور پر وہ حمل جس میں بیٹا ہو اور خوش ہوتے ہیں کہ ہم انسانوں کی تعداد کم کررہے ہیں' انسان آخر کیوں بڑھ رہے ہیں؟ جنات کی تعداد زیادہ ہے انسانوں کی تعداد زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ اس پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔

الو کی بیٹھ اور لعاب کی ظلمت اور نحوست

الو بن کر گھر میں آکر بولتے ہیں' چیختے ہیں' اپنے پر پھینکتے ہیں اپنے منہ کے لعاب اپنی بیٹھ اور اس کے قطرے قطرے اور ذرے ذرے میں ذلت' ظلمت اور نحوست ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے گھر کا ہر فرد بیمار اس کو تکالیف اور اس کو پریشانیاں اور مسائل ہوتے ہیں۔ کوئی اس کا حل میڈیکل کا علاج سمجھتا ہے کوئی حکمت کا کوئی اس کو ذہنی الجھنیں' نفسیاتی مسائل' کوئی کیا تعبیر' کوئی کیا تشخیص' ہر شخص اپنے انداز سے اس کو سلجھانے کی آخری تعبیر کرتا ہے لیکن سلجھا نہیں سکتا۔ معاملات الجھتے چلے جاتے ہیں اس الو کی نحوست کی وجہ سے جو لوگ الو پر عمل کرتے ہیں وہ دراصل الو پر نہیں کرتے۔ ان کے ہاتھ میں وہ کالا جن ہوتا ہے' اس جن کی وجہ سے وہ الو یعنی اس جن کو اپنے قابو میں کرلیتے ہیں اور پھر اس سے نحوست اور پریشانی کے عملیات اور عمل وارداتیں یہ سب چیزیں کرواتے ہیں۔

بوڑھا باباجن کہنے لگا: میں نے کتنے ایسے لوگوں کو پکڑا جو الو بن کر مخلوق خدا کو تکلیف دیتے ہیں اور خاص طور پر انسانوں کو اور انسانوں میں خاص طور پر بچوں اور عورتوں کو اور ایک انوکھی بات بتائی کہ یہ الو بن کر انسانوں کو پتہ ہی نہیں چلنے دیتے کہ خواتین کے بال اپنی چونچ اور پنجوں میں لے آتے ہیں اور اپنے چونچ اور پنجوں میں لاکر ان کو اپنے پاس رکھتے ہیں اور پھر ان بالوں پر اپنا کالا اور گندا جادو کرتے ہیں لیکن جادو کرنے سے پہلے اپنی بیٹھیں مسلسل ان بالوں پر کرتے ہیں اس پر اتنی بیٹھیں کرتے ہیں۔ بال آپس میں جکڑ اور چپک جاتے ہیں۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جتنی زیادہ وہ بالوں پر بیٹھیں کرتے رہیں گے اور اتنا زیادہ وہ انسان جس کے وہ بال ہیں وہ بیماری' تکالیف' نفسیاتی الجھنیں ذہنی تناؤ' اعصابی کھچاؤ' جسے آپ انسان آج کل ڈیپریشن' ٹینشن کہتے ہیں یا پھر وہ معدہ' جگر' کمر' ٹانگیں اور اعصاب کی تکلیف میں مبتلا ہوتا ہے۔

جنات خواتین کے بال چوری کیوں کرتے ہیں؟

میں اس جن بابے کی باتوں کو بہت غور سے اور حیرت سے سن رہا تھا۔ میرا جی چاہ رہا تھا کہ وہ بولے اور بولے اور اپنے زندگی بھر کے تجربات بتائے جو میں انسانوں کو بتاؤں اور پھر انسان اس میں احتیاط کریں۔ وہ بوڑھا جن مزید کہنے لگا جو خواتین ننگے سر ہوتی ہیں' کھلے بال ہوتی ہیں' الو جنات ان خواتین کے بالوں کا انتخاب کرتے ہیں پھر اس طاق میں رہتے ہیں کہ یہ خواتین کنگھا کرکے اپنے بال کہاں رکھتی ہے؟ اس لیے حکم ہے کہ بالوں کو دفن کردیا جائے' دفن شدہ بال وہ نہیں نکال سکتے' وہاں کائنات کی کوئی طاقت ہوتی ہے جو ان بالوں کو نکلنے نہیں دیتی۔ پھر ان بالوں کو لے جاتے ہیں اور ان پر کالا جادو کرتے ہیں اپنی بیٹھوں کو ان بالوں پر اتنا کرتے ہیں' اتنا کرتے ہیں کہ ان کو گندا کردیتے ہیں اور گندا کرنے کے بعد پھر ان پر ایک عمل ہوتا ہے' عمل یہ کرتے ہیں کہ اس کے اردگرد وہ چکر لگاتے ہیں اور اس دوران ایک کالا علم پڑھتے ہیں اور مسلسل چکر لگاتے ہوئے کالا علم پڑھتے ہیں جب دیکھتے ہیں ان بالوں پر کالا علم پورا ہوگیا ہے' پھر وہ ان بالوں کو کوئلوں کے درمیان رکھتے ہیں یعنی لکڑی کے کوئلے اتنے کوئلے اس کے اردگرد کہ وہ بال جو پہلے سے الو کی بیٹھوں پر لتھڑے اور الجھے ہوئے ہوتے ہیں وہ ان بیٹھوں کے درمیان کوئلوں کے

معدہ اور جگر کیلئے بہترین پیکیج
اصلاح معدہ و جگر پیکیج
میرا ہاضمے کا نظام بہت خراب ہوچکا تھا۔ سینے میں جلن ہوتی تھی اور پاخانہ بھی ٹھیک سے نہیں آتا تھا۔ میں نے اصلاح معدہ و جگر پیکیج استعمال کیا اس سے ہاضمے میں بہت بہتری ہے۔ (جمشید، بھکر)

درمیان آجاتے ہیں پھر الو اس کوئلے کے اوپر بیٹھتا ہے اور چونچوں سے اس کوئلے کو ٹکڑے ٹکڑے کرتا ہے اور ان بالوں کو ان کوئلوں کے اندر بالکل چھپا دیتا ہے۔ پھر وہ بہت عرصہ بال پڑے رہتے ہیں اب صرف اس نے یہ کرنا ہوتا ہے کہ اپنا پیشاب اور پاخانہ انہی کوئلوں پر کرنا ہے اور وہ اتنا کرتے ہیں ایک نہیں سارے الو اور بھی کالے جنات ان بالوں پر اور ان کوئلوں پر اپنی بیٹھیں اور پیشاب کہ وہ کوئلے بھی نظر نہیں آتے اور یہی نظر آتا ہے کہ شاید ان کی ساری بیٹھیں ہیں۔ بوڑھا جن بتانے لگا کہ پھر وہ آخری وار یہی کرتے ہیں کہ ان بیٹھوں اور کوئلوں کو آگ لگا دیتے ہیں ان کی آگ کے شعلے اتنے زیادہ ہوتے ہیں کہ دور دور تک نظر آتے ہیں وہ فوراً نہیں جلتے کوئی دو ماہ تک جلتے رہتے ہیں کوئی دو سال تک' کوئی تین سال تک' کوئی چند ہفتوں تک' کوئی کچھ دنوں تک' کوئی کچھ گھنٹوں تک' جتنا وہ جلتا جاتا ہے وہ عورت جس کے بال وہ لاتے ہیں یا جس کے بال کھلے ہوتے ہیں اس کو روگ' بیماریاں' تکالیف اور ہر طرف سے ناکامیاں' ہر دروازے بند' مسلسل الجھنیں اور پریشانیاں رہتی ہیں اور وہ شخص انہی بیماریوں' تکالیف' الجھنوں اور ناکامیوں میں مسلسل گھرتا چلا جاتا ہے اور دبتا چلا جاتا ہے۔ پھر وہ لاکھ تدابیر کرتا ہے لیکن کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی اور پھر آہستہ آہستہ آگ بڑھتی جاتی ہے پھر آہستہ آہستہ بجھتی ہے اور پھر جب آگ سو فیصد بجھ جاتی ہے اسی وقت وہ بندہ مرجاتا ہے۔

واقعی بالوں پر جادو ہوتا ہے!

وہ شخص یعنی بوڑھا جن مجھے یہ بات بتا رہا تھا اور میرا ذہن مسلسل سوچ رہا تھا کہ واقعی بالوں پر جادو ہوتا ہے۔ مشرکین مکہ نے اللہ کے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بال مبارک پر جادو کیا تھا۔ ایک مرتبہ مجھے ایک اور جن نے بھی بتایا تھا جو پہلے کالا جادوگر تھا پھر اس نے توبہ کرلی تھی پھر اس کی زندگی میں رب نے تبدیلی اور اس نے پھر بہت اعترافات کیے تھے اور اس میں ایک یہ بھی تھا کہ ہم نے جس کو ذلیل خوار کرنا ہو جس کو پریشان اور اس کو ہم بہت زیادہ کالے جادو میں ڈالتے ہیں لیکن اس کے لیے بال ہونا ضروری ہیں ہم اس بندے کے بال تلاش کرتے ہیں اور ہمیں بال مل جاتے ہیں اور ہم الو کی شکل میں رات کی تنہائیوں میں گھروں سے بال لے آتے ہیں یا پھر جو خواتین اپنے بالوں کی احتیاط نہیں کرتیں یا ننگے سر رہتی ہیں ان کے بال ہمارے لیے بہت کام کے ہوتے ہیں اسی

علامہ لاہوتی کا عطا کردہ "لاہوتی نقش نمبر 7" مارچ 2023ء کے شمارہ میں شائع کیا جائے گا۔ نوٹ: یاد رہے پہلا نقش ستمبر 2021ء دوسرا نقش دسمبر 2021ء اور تیسرا نقش مارچ 2022ء اور چوتھا نقش جون 2022ء اور پانچواں نقش ستمبر 2022ء کے شمارہ میں شائع ہو چکا ہے۔ **کُل 12 نقوش کا طاقتور عمل ہے۔** ہر تین ماہ کے بعد ایک نقش ترتیب سے شائع کیا جاتا ہے۔ اگر آپ نے پہلا، دوسرا، تیسرے' چوتھے اور پانچویں نقش کا عمل نہیں کیا تو آج ہی ستمبر 2021ء، دسمبر 2021ء، مارچ 2022ء، جون 2022ء' ستمبر 2022ء اور دسمبر 2022ء کا شمارہ کسی بھی ایجنسی ہولڈر یا کریا دفتر ماہنامہ عبقری سے طلب فرمائیے اور اس خاص عمل میں شامل ہو کر ہر قسم کی پریشانی سے نجات پائیے تاکہ آپ تمام نقوش کی برکات لے سکیں۔ (نوٹ: **نقش کے ساتھ اس کی خاص ہدایات بھی شائع ہوتی ہیں ضرور پڑھیں ورنہ فوائد سے محروم رہ جائیں گے۔ گھر کے ہر فرد کیلئے الگ سے نقش ہوگا جو وہ خود پُر کرے گا اگر نہیں کرسکتا تو گھر کے کسی دوسرے فرد سے پُر کروا لے۔ نقش کی فوٹو کاپی ہرگز نہ کروائیے ورنہ فوائد سے محروم رہیں گے۔**)

کالے جادوگر جن نے ایک بات اور بھی بتائی تھی کہ جو عورت سر کو ڈھانک کر رکھتی ہے نامعلوم کون سی قوتیں ایسی ہیں جو ہمیں ان کے بالوں تک نہیں پہنچنے دیتی اور ہم ان کے بالوں تک ہاتھ نہیں ڈال سکتے' نہ ان کے بالوں پر جادو' نہ بیٹھیں' نہ پیشاب' نہ اس پر چکر لگا کر کرنے کا کالا عمل' نہ اس کے اوپر کوئلے' نہ پھر کوئلوں کو باریک کرنا اور پھر کوئلے کے اوپر مسلسل بیٹھیں کرنا اور اس کو آگ لگانا' پھر شعلے پھر سلگتے سلگتے آخر آگ بجھے تو انسان کی سانسیں ختم ہو جائیں۔

لوگوں کی بربادی کا ذریعہ

کالا جادوگر حیرت سے کہنے لگے (جس نے توبہ کی تھی) ہم کچھ نہیں کرسکتے۔ بالکل یہی بات یہی بوڑھا بابا کہنے لگا کہ میں نے جیل میں جتنے بھی جنات دیکھے ہیں جنہوں نے الو کی شکلیں دھار کر وارداتیں کی ہیں اور وہی جنات جو الو بن کر لوگوں کی بربادی کا ذریعہ بن کر انہی جنات نے کہا کہ ڈھکے سر کی عورت کے بال ہم نہیں لا سکتے اور اس کا اعتراف کیا اور اس بات پر حیرت کا اظہار کیا کہ نامعلوم کون سی زبردست طاقت ہوتی ہے جو ہمیں اس کے قریب جانے سے روکتی ہے ہم ان کے بال نہیں لے سکتے۔ جنات نے بالوں پر عمل کا جو طریقہ بتایا یہی طریقہ انسان بھی کرتے ہیں لیکن انسان وہ طاقتور جادو نہیں کرسکتے جو کالے جنات کرتے ہیں میں بوڑھے بابے جن کی باتوں سے حیرت کی کیفیت میں بیٹھا متاثر ہو رہا تھا اور وہ بابا اپنے واقعات سنا رہا تھا کہ کس طرح ہم جیل میں جنات کو اذیت دیتے ہیں اور کس طرح وہ ہماری گرفت سے نکلنے کی کوشش کرتے ہیں اور ہماری جنات کی کون کون سی افواج ہیں جو ان کا پیچھا کرتی ہیں۔

بوڑھا بابا جن کہنے لگا جنات کے بڑے کبھی نہیں چاہتے کہ ہمارے جنات انسانوں کو اذیت دیں' تکالیف دیں' ان کا جسم لوٹیں' ان کا گھر لوٹیں' ان کی صحت برباد کریں' ان کو بے اولادی کے داغ میں مبتلا کریں ان کے بیٹے ماریں' ان کے حمل گرائیں ان کے کپڑوں گھروں کو آگ لگائیں' ان کے گھروں میں جگہ جگہ پیشاب کریں اپنی تھوکیں پھینکیں جو پانی کی چھینٹوں کی طرح ہوتی ہیں۔ ہم ہرگز نہیں چاہتے۔

الو ہمیشہ اندھیری راتوں میں آتا ہے

لیکن! ہمارے شریر جنات جو کہ پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں وہ کوئی راستہ تلاش کرلیتے ہیں اور انسانوں کو بہت تکلیف دیتے ہیں وہ تو جنات کو بھی تکلیف دیتے ہیں لیکن انسان چونکہ انہیں دیکھ نہیں سکتے اور جنات جنات کو دیکھ سکتے ہیں اس لیے وہ ان سے بچ کر رہتے ہیں اور انسان نہ دیکھنے کی وجہ سے بچ نہیں سکتے۔ ہاں! ایک بات ہے کہ اگر عورتیں اپنے سر کو ڈھانکیں اور مجھے بوڑھے بابا جن نے بتایا کہ ہم تو یہاں تک ان جنات سے سن چکے ہیں جنہوں نے جیل میں اعتراف کیا کہ مردوں کے بال بھی ہم لے جاتے ہیں لیکن جن کے سر ڈھکے ہوں ان کو کبھی نہیں لے جاسکے۔

الو ہمیشہ اندھیری راتوں میں آتا ہے' چاندنی راتوں میں کم یا ایسی راتیں جس میں نحوست' ظلمت ہو اور سے عذاب برس رہا ہو' الو جنات ان راتوں میں آکر گھروں میں وارداتیں کرتے ہیں' نسلوں کو اجاڑتے ہیں' نسلوں کا نقصان کرتے ہیں' ان کی زندگی کو تلخ اور انہیں خوشحالی سے فاقوں اور مشکلات میں مبتلا کرتے ہیں۔ میں بوڑھے بابا کی باتیں سن رہا تھا کہ جنات کون کون سی شکلیں اختیار کرکے کس کس طریقے سے لوگوں کو دکھ اور اذیت دیتے ہیں اور مجھے حیرت اور دکھ کی ملی جلی کیفیت میں دیکھ کر بابا جی کہنے لگے: میں نے تمہیں ابھی کچھ بھی نہیں بتایا میں آپ کو اس سے بھی زیادہ انوکھی اور بھیانک باتیں بتاتا ہوں۔ (جاری ہے)

اس سے بھی زیادہ پراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے!

بے بی ٹانک — ناک بند ہونا یا بہنا، بچوں کی چھاتی کا جکڑنا، نمونیہ میں یکساں مفید
میرے بچے اگر باہر سے کچھ چکنائی والا غذا کھالیں اور پیٹ میں درد ہو جائے یا موسمی بیماری کا حملہ ہو تو میں فوراً عبقری کا بے بی ٹانک استعمال کرواتی ہوں اس سے فوراً شفا ملتی ہے (زینب، سکھر)

برج	نحوست پریشانی کیلئے صدقہ	اس ماہ کی مفید خوراک	معاش کاروباری ترقی صحت یابی دولت کیلئے صدقہ
حمل 21 مارچ تا 19 اپریل	صرف سفید رنگ کے کبوتروں کو حسب توفیق دانہ ڈالیں' دن پیر	گاجر کا جوس کشمش' کھجور	کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ)۔ گھر میں کبوتر کی پرورش نیک ہے
ثور 20 اپریل تا 20 مئی	قبرستان میں موجود کالے کیڑوں کو شکر اور چاول مکس ڈالیں۔ دن جمعرات	سیب' کیلا یا دودھ گندم کا دلیہ	روزانہ کی آمدن اڑھائی فیصد نکال کر تیس دن کے اکٹھے کر کے مسجد کے مؤذن کو دیجئے
جوزا 21 مئی تا 21 جون	کیڑے مکوڑوں کو میوہ (کشمش) ڈالیں' دن منگل	بادام' کشمش اور دودھ	طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) کاروباری مقام پر روزانہ سورۂ رحمٰن کی تلاوت کیجئے!
سرطان 22 جون تا 22 جولائی	مچھلیوں کو سمندر' دریا' جھیل یا فارم میں اجناس ڈالیں' دن پیر	دودھ اور شہد جو کا دلیہ	گھر میں سفید مرغ کی پرورش نیک ہے آزاد درندوں کو گوشت ڈالیں۔ دن اتوار
اسد 23 جولائی تا 22 اگست	گائے' بھینس یا بکری کو سبز چارہ یا پالک ڈالیں۔ دن بدھ	مصری الائچی اور دودھ	کوؤں کو 3 انڈے ڈالیں۔ دن بدھ صبح و شام 11 بار سورۂ قریش پڑھیں
سنبلہ 23 اگست تا 22 ستمبر	بکرا' مرغی یا حسب توفیق بڑا گوشت صدقہ دیں' دن منگل	سیب' انگور یا پھر دودھ شہد	گائے' بھینس' بلی' کتے کو پسندیدہ خوراک ڈالیں۔ دن منگل۔ سفید کبوتر گھر میں رکھیں۔
میزان 23 ستمبر تا 22 اکتوبر	چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں۔ دن بدھ	کھجور' مکھن اور دودھ	کیڑے مکوڑوں کو میٹھی چیز شکر وغیرہ ڈالیں۔ دن پیر۔ صبح و شام 11 بار درود شریف پڑھیں
عقرب 23 اکتوبر تا 21 نومبر	چیل' کوا' باز کو ان کی پسندیدہ خوراک ڈالیں۔ دن جمعرات	سیب' شہد اور دودھ تلبینہ	مسجد میں رکھے قرآن پر سبز غلاف چڑھایئے۔ دن جمعرات۔ چیل کو گوشت ڈالیں
قوس 22 نومبر تا 22 دسمبر	سفید رنگ کے مرغے کو دودھ میں گوندھے آٹے کی روٹی ڈالیں' دن اتوار	زیتون۔ آملہ کا مربہ سیب کا مربہ	مسجد کے پانی کا بل اپنے ذمے لیجئے۔ روزانہ 21 مرتبہ درود شریف پڑھیے!
جدی 23 دسمبر تا 19 جنوری	کتے یا بلی کو ان کی پسندیدہ خوراک ڈالیں۔ دن اتوار	شہد' سبز الائچی اور دودھ	متفرق پرندوں کو گھر کی چھت یا میدان میں دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ۔ سونے سے پہلے سورۂ مزمل پڑھیں
دلو 20 جنوری تا 18 فروری	آزاد کبوتروں کو گندم اور باجرہ مکس ڈالیں۔ دن جمعرات' جمعہ	بیر۔ انجیر اور شہد	سمندری مخلوق خصوصاً کچھوے کو عام خوراک ڈالیں۔ دن پیر۔ سورۂ رحمٰن' صبح و شام ایک مرتبہ
حوت 19 فروری تا 20 مارچ	کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے' گائے کو پالک کھلائیں' دن جمعہ	سبز الائچی ملا نیم گرم دودھ	نیا جھاڑو لیکر مسجد کی صفائی کیجئے اور جھاڑو وہیں چھوڑ آئیں۔ دن جمعہ۔ 41 روپے صدقہ

حدیث مبارکہ: ''صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے''۔ صدقہ انسان کو بری موت سے بچاتا ہے۔ صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ ستر قسم کی بری اموات سے بچاتا ہے۔ جو شخص صبح کو صدقہ دے گا اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ اگر رات کے پہر صدقہ دے تو اس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ درج بالا صدقات علم النجوم کے حساب سے آپ کے برج کو سامنے رکھتے ہوئے رکھے گئے ہیں۔ ہر ماہ اپنے صدقہ کی تفصیل شمارہ عبقری میں پڑھنا ہرگز نہ بھولیے۔ صدقہ ہمیشہ حسب توفیق دیجئے۔ چاہے پانچ روپے ہو اس دن ضرور دیں۔

نوٹ: شیخ الوظائف سے بیعت ''سلسلہ قادری جویری'' کا شجرہ طیبہ پڑھنے کا صبح و شام معمول بنالیں' ہر بیماری' الجھن' پریشانی' تکلیف' جادو جنات سے پورا سال محفوظ رہیں گے۔ یہ صدیوں سے آزمودہ عمل ہے' نسلوں کو ویرانی' بربادی سے بچاتا ہے۔

انگوٹھے پر سیاہی لگائیں' کمال پائیں!

شیخ الوظائف کی گوشہ درود و سلام کراچی آمد

12 مارچ 2023ء بروز اتوار صبح 10 بجے

الحسبتم کے سالانہ طاقتور چلہ کی اختتامی دعا اور نئے چلہ کا آغاز۔ جادو جنات' بندشیں' مسائل' مشکلات ختم۔

21 اگست 2022ء کو گوشہ درود و سلام میں ہونے والی محفل میں شیخ الوظائف نے دو عمل عطا فرمائے تھے۔

پہلا عمل: سورۂ کوثر 129 مرتبہ روزانہ 129 دن تک۔

دوسرا عمل: دو نفل حاجت کے بعد تین مرتبہ سورۂ یٰسین روزانہ ستر دن تک ان دونوں چلہ کی اختتامی دعا اور عمل کی زکوٰۃ بھی اسی دن بتائی جائے گی۔ مزید 9 طاقتور روحانی پیکجز بھی کروائے جائیں گے۔

1۔ عبقری نورانی حفاظتی کڑا: ہمراہ لائیں۔ شیخ الوظائف پہلی دفعہ کڑا کا خاص الخاص عمل کروائیں گے۔ جسمانی' روحانی بیماریوں کا علاج' لڑائی جھگڑے ختم۔ (پہنا نظر آئے)

2۔ کالا دھاگہ سے کالی چیزیں ختم: کالا دھاگہ لائیں' خاص اسم کا عمل کروایا جائے گا۔ سر کے بالوں سے لیکر ناخنوں تک جادو ختم' کالی چیزوں' بیماریوں کا خاتمہ

3۔ 21 چھوہارے اور ایک عدد ناریل: 21 عدد چھوہارے اور ایک عدد ناریل لائیں' ناریل کے 21 ٹکڑے کریں' بے اولادی ختم۔ انتہائی آسان اور کامیاب عمل۔

4۔ انگوٹھے پر سیاہی لگائیں' کمال پائیں: مارکر ہمراہ لائیں۔ شیخ الوظائف عمل کروائیں گے۔ ٹینشن' ڈپریشن' گھبراہٹ' وساوس' بیماری' جادو' جنات' نظر بد ختم ہوتی جائیگی۔

5۔ دولت میں حیرت انگیز اضافہ کا عمل: پانچ عدد کوڑی (کوڑی) لائیں۔ عمل ہوگا۔ رزق' دولت اور برکت پائیں۔

6۔ پڑھائی کمزور بچے ٹاپ پوزیشن لینگے: اکیس عدد ڈنکی مرچ' 21 عدد بادام کی گریاں' پیس کر کسی شیشے کے جار میں لے آئیں' ٹاپ پوزیشن جانے والے ہمیشہ کامیاب۔

7۔ گڑ سے زندگی کی کڑواہٹ ختم: ڈلی گڑ ہمراہ لائیں۔ عمل ہوگا۔ بس یہ گڑ آپ کی زندگیوں سے تمام کڑواہٹیں ختم' مٹھاس اور مسکراہٹیں بھر دے گا۔

8۔ روئی کا عمل: محفل میں اتنی روئی لائیں کہ اس کے دو پھایہ بن جائیں۔ عمل ہوگا۔ روحانی جسمانی بیماریاں ختم

نوٹ: درج بالا پیکجز میں استعمال ہونے والی تمام چیزیں ''گوشہ درود و سلام'' سے بھی مل جائیں گی' چاہیں تو گھر سے لے آئیں۔ لانا نہ بھولیے! تیل' چینی' چاول' آٹا' نمک' پانی' صابن (نہانے' کپڑے دھونے) اور ماچس' پھر کرشمے دیکھیں۔

کیا یہ شرک ہے یا بدعت؟ مکمل حوالہ جات جاننے کیلئے ابھی فیس بک پیج www.facebook.com/akabirparaitmad وزٹ کریں۔ پوسٹ نمبر 613

عبقری ہر عمل مستند دیتا ہے' غیر شرعی نہیں۔ حوالہ جاننے کیلئے اسی شمارہ کے صفحہ نمبر 21 اور فیس بک پر ''اکابر پر اعتماد'' پیج آپ کے ذہن کو مطمئن کرے گا۔

ڈیلیوری کے بعد بڑھا ہوا پیٹ 5 طریقوں سے کم کریں اسمارٹ نظر آئیں

عام طور پر حمل کے دوران ہر ماں کے وزن میں دس سے بارہ کلو اضافہ ہوتا ہے۔ یہ اضافہ ڈلیوری کے دوران مختلف وجوہات کی وجہ سے ہوتا ہے جس میں سب سے پہلی وجہ حمل کے دوران کھانے کی اشتہا میں اضافہ ہوتی ہے اور دوسرا سبب حمل کے دوران نقل وحرکت کا دشوار ہونا شامل ہے۔ حمل کے بعد بھی ایک خاص وقت تک ماں عام روزمرہ کے کاموں کو نارمل انداز میں شروع نہیں کر پاتی ہے۔ جس کی وجہ سے بیٹھ کر کھانے کے سبب نہ صرف وزن بڑھ جاتا ہے بلکہ اس کے ساتھ ساتھ پیٹ بھی باہر نکل آتا ہے۔ یہاں تک کہ بعض خواتین کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ڈلیوری کے بعد بھی وہ حمل سے ہیں۔

حمل کے بعد پیٹ اندر کرنے کا طریقہ

حمل کے بعد اگر خواتین ڈائٹنگ کر کے وزن کسی حد تک کم بھی کر لیں تو اس کے باوجود پیٹ کی چربی کو اور باہر نکلے پیٹ کو کم کرنا آسان نہیں ہوتا ہے جس کو کم کرنے کے پانچ ایسے طریقے آج ہم آپ کو بتائیں گے جن کو اپنا کر جسم کو دوبارہ سے سڈول کیا جا سکتا ہے۔

1: بچے کو اپنا دودھ پلائیں

جو ماں ڈلیوری کے بعد بچے کو اپنا دودھ پلاتی ہے اس کے نتیجے میں وہ 500 کیلوری توانائی روزانہ خرچ کرتی ہے جس سے اس کے وزن میں تیزی سے کمی واقع ہوتی ہے اور یہ طریقہ دوہرے فوائد کا سبب ہوتا ہے۔ اس سے ایک جانب تو بچے کی صحت بہتر ہوتی ہے اور ماں کے دودھ کا کوئی نعم البدل نہیں ہوتا ہے اور دوسری طرف اس دودھ کو پلانے سے قدرتی طور پر نہ صرف ماں کا وزن کم ہوتا ہے بلکہ قدرتی طور پر اس کا پیٹ بھی اندر ہو جاتا ہے۔

2: متوازن غذا کا استعمال

ایک دودھ پلانے والی ماں کو ہر روز 1800 سے 2200 کیلوری توانائی کی ضرورت ہوتی ہے جس کو پورا کرنے کے لیے اس کو متوازن غذا کی ضرورت ہوتی ہے جس میں کیلشیم، پروٹین اور کارب کا استعمال ضروری ہوتا ہے۔ اس وجہ سے حمل کے فوراً بعد دودھ پلانے والی ماں کے لیے ڈائٹنگ کا عمل ناممکن ہوتا ہے اور میڈیکل ماہرین اس کا مشورہ نہیں دیتے ہیں لیکن وہ یہ مشورہ ضرور دیتے ہیں کہ ایسی ماؤں کو ایک وقت میں بہت سارا کھانا پیٹ بھر کر کھانے کے بجائے تھوڑی تھوڑی دیر بعد کھانے کی عادت اختیار کرنی چاہیے۔ اس کی غذا میں تازہ سبزیاں اور پھل کا شامل ہونا بہت ضروری ہے اس کے ساتھ ساتھ دودھ کا استعمال بھی اس کے لیے ضروری ہوتا ہے تاہم اس کو چکنی اور ثقیل غذا سے پرہیز کرنا چاہیے جو کہ اس کا وزن بڑھانے کا سبب بن سکتی ہیں۔

3: اجوائن والے پانی کا استعمال

حمل کے بعد پیٹ کو کم کرنے کے لیے صدیوں سے یہ طریقہ استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی افادیت ثابت شدہ ہے اس طریقہ میں ایک جگ پانی کے اندر دو چائے کے چمچ اجوائن شامل کر کے اس کو ابال لیں۔ اس کے بعد اس کو ٹھنڈا کر لیں اور ماں اس پانی کا استعمال دن بھر میں ایک جگ ضرور کرے۔ اس سے نہ صرف اس کا بڑھا ہوا پیٹ اندر ہو جائے گا بلکہ بچے کا اور ماں کا ہاضمہ بھی درست رہے گا۔

4: سبز چائے کا استعمال

سبز چائے کے اندر یہ خاصیت ہوتی ہے کہ یہ چربی کو پگھلانے میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے اس وجہ سے ہر کھانے کے بعد ایک کپ باقاعدگی سے سبز چائے کا استعمال بڑھے ہوئے پیٹ کو نہ صرف اندر کرتا ہے بلکہ ماں کی صحت کو بھی بہتر بناتا ہے۔

5: پھکی کا استعمال

اس خاص پھکی کا ایک چمچ صبح اور ایک چمچ شام میں سبز چائے کے قہوے کے ساتھ کھانے سے بھی پیٹ کی چربی پگھل جاتی ہے اور اس کے کچھ مضر اثرات بھی نہیں ہوتے ہیں۔ سونٹھ، سوکھا پودینہ، کلونجی، دیسی اجوائن، کالا زیرہ، سونف، چھوٹی سبز الائچی ان سب چیزوں کو ایک ایک چائے کا چمچ لے لیں اور ان کو اچھی طرح مکس کر کے پھکی کی صورت میں پیس لیں اور اس کا استعمال دن میں دو بار کریں اس سے بھی پیٹ اندر ہو جائے گا۔

بیوی کا مشورہ اور میری پریشانی ختم

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں زمانہ طالب علمی سے مختلف مضامین پر مشتمل کتابیں پڑھنے کا ذوق رکھتا تھا۔ میری یہ ترتیب شادی کے بعد بھی جاری رہی۔ میں نے اپنے کمرے میں موجود ایک الماری کتابوں کے لئے مختص کی ہوئی تھی۔ مجھے جب بھی وقت ملتا تو کتابیں پڑھنی شروع کر دیتا۔ میرا ایک اکلوتا بیٹا تھا جو کاروبار کے سلسلے میں مستقل طور پر باہر شفٹ ہو چکا تھا۔ میری عمر کے ساتھ نظر بھی کافی کمزور ہو چکی تھی اور گھر میں کتابوں کا ڈھیر لگا تھا مگر اب عمر کا تقاضہ تھا اور نظر بھی کافی خراب ہو چکی تھی جس وجہ سے کتابیں پڑھنے سے عاجز آچکا تھا مگر یہ کتابیں میری زندگی کا سرمایہ تھا انہیں کسی بھی صورت ردی کی نظر نہیں کرنا چاہتا تھا۔ میری بیوی نے مجھے مشورہ دیا کہ یہ تمام کتابیں عبقری کے دفتر لاہور بلٹی کروادیں' وہاں یہ کتابیں خیر کے کاموں میں استعمال ہوں گی۔ میں عبقری کے بارے میں جانتا تھا اس لئے تمام کتابیں عبقری کے دفتر لاہور بلٹی کروادیں جس سے میری پریشانی ختم ہو گئی۔ (پروفیسر شاہد نواز، ملتان)

پنساری سے بیماری کا نسخہ مل گیا!

میرے والد صاحب کو دل کا عارضہ ہے' ان کے معالج نے انہیں ادویات کے ساتھ ساتھ شہد کا استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے انہیں ایک دکان سے شہد لا کر دیا جن کا دعویٰ تھا کہ یہ خالص شہد ہے۔ میرے والد صاحب نے جب یہ شہد استعمال کیا تو انہوں نے بتایا کہ خالص نہیں بلکہ اس میں چینی کی ملاوٹ کی گئی ہے اور پھر انہوں نے مجھے شہد کی وہ ڈبی خالی کر کے دکھائی جس کے نیچے واقعی چینی کے ذرات صاف دکھائی دے رہے تھے۔ میرے ایک کزن جن کی دوسرے شہر میں پنساری کی دکان تھی ان سے میں نے خالص شہد کے بارے میں بات کی تو انہوں نے بتایا کہ اگر آپ خالص شہد استعمال کرنا چاہتے ہیں تو وہ آپ کو عبقری دواخانہ سے ہی ملے گا۔ انہوں نے مجھے کال پر آرڈر کے لئے نمبر دیا اور میں نے ایک کلو شہد پارسل کے ذریعے منگوالیا۔ والد صاحب کو عبقری کا شہد استعمال کروانا شروع کیا۔ والد صاحب نے جب پہلی مرتبہ شہد استعمال کیا تو وہ مطمئن ہو گئے کہ یہ شہد خالص ہے۔ مسلسل ادویات استعمال کرنے سے والد صاحب کا معدہ اور جگر کمزور ہو رہا تھا۔ الحمدللہ عبقری کا شہد استعمال کرنے سے ان کا یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے اس کے علاوہ ان کے چہرے پر بھی رونق آگئی اور بھوک کی کمی کا مسئلہ بھی حل ہو گیا ہے۔ (مجتبیٰ جاوید، ٹھٹھہ)

الرجی کورس

دائمی نزلہ الرجی' ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل کیلئے انتہائی آزمودہ اور موثر ہے

مجھے الرجی تھی جس کی وجہ سے ہر وقت چھینکیں آنا اور ناک پر خارش ہوتی تھی۔ میں نے کچھ عرصہ مستقل الرجی کورس استعمال کیا جس سے مجھے اس مصیبت سے نجات مل گئی۔ (احمد نعیم)

گھر میں فاقے آئے تو رشتہ دار بھی ساتھ چھوڑ گئے

(عامرہ رانی، لاہور)

محترم شیخ الوظائف صاحب اسلام علیکم! چند سال پہلے کی بات ہے زندگی میں اچانک آزمائش کا ایک سلسلہ شروع ہوا۔ میرے شوہر کا جو کاروبار تھا وہ تنزلی کا شکار ہو کر ختم ہو گیا۔ ہم کرائے کے مکان میں رہتے تھے' اس مکان کا کرایہ زیادہ تھا مگر آمدن کم تھی۔ پیسے نہ ہونے کی وجہ سے مکان خالی کرنا پڑا۔ اس دوران ایک جاننے والے کے گھر کرایہ پر شفٹ ہو گئے جہاں کرایہ پہلے کی نسبت کم تھا۔ یہاں بھی بہت مشکل کے ساتھ کرایہ کی رقم پوری ہوتی۔ گھر میں دو وقت کا کھانا بھی بہت مشکل سے میسر ہوتا تھا۔ اس دوران شوہر پر ان کے جاننے والے نے ناجائز مقدمہ درج کروادیا جس وجہ سے وہ بچوں اور گھر سے دور ہو کر نامعلوم جگہ پر منتقل ہو گئے۔ اس کے بعد ہمارے معاشی حالات اس قدر خراب ہو گئے کہ اس سال جب رمضان المبارک کا مہینہ آیا تو بچے گھر کی بجائے مسجد میں جا کر افطاری کرتے کیونکہ گھر میں افطاری کے لئے کھانا بھی میسر نہ تھا۔ ہماری سحری بھی اکثر پانی سے ہی ہوتی تھی۔ ہمارے جتنے بھی قریبی رشتہ دار تھے سب نے ان مشکل حالات میں ہمارا ساتھ چھوڑ دیا۔ بچوں کی یہ حالت مجھ سے دیکھی نہ جاتی تھی۔ ہمارے اوپر مصائب کا ایک پہاڑ ٹوٹ چکا تھا۔

شوہر پر ناجائز مقدمہ

اسی دوران کسی نے مجھے عبقری رسالہ پڑھنے کے لئے دیا۔ میں نے عبقری رسالہ سے دیکھ کر برکت والی تھیلی اور صبح وشام 129 بار سورۃ کوثر والا وظیفہ پڑھنا شروع کیا۔ یہ عمل پڑھتے ہوئے ابھی چند ہی دن گزرے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی تاثیر کھولنا شروع کردی' تھوڑے ہی عرصہ میں میرے شوہر پر جو ناجائز مقدمہ کیا گیا تھا انہیں اس سے خلاصی مل گئی۔ اس کے بعد میرا اس عمل پر مزید یقین پختہ ہو گیا۔ میں نے مزید توجہ ودھیان کے ساتھ صبح وشام برکت والی تھیلی اور سورۃ کوثر والا عمل پڑھنا شروع کردیا۔ اس کے علاوہ سورۃ مائدہ کی آیت نمبر 114 گیارہ بار اول آخر درود پاک کے ساتھ پڑھ کر افطاری سے پہلے آسمان پر پھونک مارتی اور اپنی حاجت کا اللہ تعالیٰ سے سوال کرتی۔ اس عمل کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے وسعت وبرکت کے دروازے کھول دیئے۔

کسی کی محتاج نہیں رہی

سورۃ کوثر کے عمل نے میری اور بچوں کی تمام محرومیاں دور کردیں۔ ابھی تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ میرے شوہر کو اچھا روزگار مل گیا اور ہمارے گھر کے حالات بدلنے لگے۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل میں استقامت کی برکت سے گھر سے فاقوں کا خاتمہ کردیا۔ شوہر کو جو تنخواہ ملتی ان پیسوں پر سورۃ کوثر کا عمل پڑھ کر دم کرتی ہوں اور اللہ تعالیٰ نے ان پیسوں میں اتنی برکت دے دی ہے کہ گھر کی تمام ضروریات پوری ہو جاتی ہیں اور اب کوئی محتاجی نہیں رہی۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی وجہ سے رشتہ داروں میں بہت عزت دی ہے جو رشتہ دار ہمارے سخت آزمائشی حالات کی وجہ سے دور ہو گئے تھے اب وہ بھی اچھے طریقے سے ملتے ہیں۔ یہ سب عبقری کی وجہ سے ہی ممکن ہوا' اب ہم ہر شب جمعہ کو ہونے والی روحانی محفل میں شرکت کرتے ہیں۔ اللہ کا شکر ہے کہ زندگی کی باقی پریشانیاں اور مسائل بھی حل ہو رہے ہیں۔ مجھے بواسیر کا مرض تھا اسم اعظم کے دم میں شامل ہوئی تو اس کی برکت سے میرا وہ مرض ختم ہو گیا۔ اس کے علاوہ عبقری ادویات استعمال کرنے کی وجہ سے مجھے باقی بیماریوں سے بھی شفاء مل گئی۔ عبقری نے مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے بہت کام کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دن رات یہ دعائیں کرتی ہوں جس طرح ہمیں عبقری سے فائدہ ہوا لوگ بھی ایسے ہی نفع اٹھائیں۔

جب گھر سے راشن ختم ہوتا ہے تو کیا حالات ہوتے ہیں؟ سچی تحریریں

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں ''ان کی مشکلات' فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں مبتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا یا سنا واقعہ ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

دوسروں تک خیر پہنچائی تو کینسر سے نجات پائی

ہمارے باپ دادا سے ہی ان کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں۔ وہ ہمارے آبائی علاقے کے ایک بڑے زمیندار اور سیاسی شخصیت ہیں۔ ان کی ہمشیرہ کو کینسر ہو گیا۔ وہ انہیں لے کر کراچی آئے اور ہمشیرہ کو شہر کے مشہور ہسپتال میں داخل کروایا۔ مجھے علم ہوا کہ وہ یہاں آئے ہوئے ہیں تو میں ان سے رابطہ کر کے ہسپتال گیا اور ان کا خوب اکرام کیا۔ انہیں کسی چیز کی ضرورت ہوتی تو میں اکثر لے جایا کرتا۔ جب میں نے دیکھا کہ ان کا دل مجھ سے مانوس ہو گیا ہے تو میں نے سوچا اب انہیں خیر کے کام کی دعوت دیتا ہوں۔ میں نے انہیں عبقری کے بارے میں بتایا کہ کیسے پورے عالم میں عبقری کی وجہ سے خیر کا کام پھیل رہا ہے' اگر آپ بھی اس مشکل سے نکلنا چاہتے ہیں تو اس خیر کے کام میں حصہ شامل کریں۔ آپ عبقری کا کتابچہ ''آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل'' منگوا کر کثیر تعداد میں تقسیم کروائیں۔ انہوں نے اسی وقت اپنے بھتیجے کی ڈیوٹی لگائی کہ تم یہ کتاب لے کر تقسیم کروا دو۔ انہوں نے عبقری دفتر سے ایک ہزار کتابچہ منگوا کر تقسیم کروادیا۔ حیرانگی کی بات ہے جس دن انہوں نے یہ کتابچہ تقسیم کیا اس دن سے ان کی ہمشیرہ کی طبیعت سنبھلنا شروع ہو گئی اور ڈاکٹروں نے بھی حیرت کا اظہار کیا کہ یہ مریض اتنی جلدی صحتیاب ہو رہا ہے' بہت کم مریض ہیں جو اس مرض میں اتنی جلدی صحتیاب ہوتے ہیں۔ جب میری دوبارہ ان سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے بہت شکریہ ادا کیا اور کہنے لگے یہ اسی خیر کے کام کا نتیجہ ہے جسکی طرف آپ نے ہماری توجہ دلائی (سید منصور، کراچی)

آزمودہ وظائف سے گھریلو الجھنوں کا حل
شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی

عروسی سہاگ کورس
کمزور شادی شدہ اور غیر شادی شدہ مرد حضرات کیلئے لاجواب
میں شادی کا نام سن کر پریشان ہو جاتا تھا، مجھے ایک مخلص نے عروسی سہاگ کورس استعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ اس کے استعمال سے میری جسمانی صلاحیت مجھے واپس مل گئی۔ (قاسم خانزادہ' پشاور)

میاں بیوی میں سرد مہری! نتیجہ صرف علیحدگی

عذرا جبیں، لاہور

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں تہہ دل سے آپ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ آپ نے ہمارے لئے ہجویری محل بنوایا۔ ہجویری محل کی برکت سے مخلوق خدا کے قدم اپنے مسائل اور مشکلات کے حل کے لئے اللہ کی طرف اٹھتے ہیں نہ کہ غیر اللہ کی طرف۔ اس سے پہلے لوگ اپنے مسائل کے حل کے لئے یا خواہشات کی تکمیل کے لئے جعلی پیروں کے پاس یا کالے عاملوں کے پاس جا کر اپنا پیسہ بھی لٹوا دیتے اور ایمان سے بھی خالی اور ویران ہو جاتے یعنی نہ دین کے رہتے نہ ہی دنیا کے۔ میری زندگی بھی بچپن سے بہت غموں اور دکھوں میں ڈوبی ہوئی تھی، جب عبقری سے تعارف ہوا تو مجھے امید کی کرن نظر آئی کہ اللہ مجھے ان غموں سے نکال دے گا کیونکہ جب میں نے درس سنے اور درس میں زندگی گزارنے کا صحیح ڈھنگ اور طریقہ سنا اور اللہ کی طرف سے آنے والی آزمائش یا عذاب کے دوران کیا طریقہ اور زندگی کی ترتیب اختیار کرنی ہے اس کا علم اور ادراک ہوا۔ پھر تسبیح خانہ کو جو مقام اور مرتبہ ملا اور جو خیر کا عالمی کام عبقری سے لیا گیا ہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ عبقری تسبیح خانہ اللہ کے ہاں محبوب اور مقبول ہے' یہ سو فیصد سچ اور حقیقت ہے کیوں کہ اس کے پیچھے اولیاء کاملین کا ایک سلسلہ جڑا ہوا ہے۔ میں یہ سارا نظام دیکھ کر عبقری سے بے پناہ محبت اور عقیدت رکھتا ہوں۔ میں عبقری قارئین کے لئے ایک مشاہدہ بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے خاندان میں زمین کا تنازعہ چل رہا تھا جس میں کئی رشتہ دار ایک دوسرے کی جان کے دشمن بن چکے تھے۔ اس زمین پر سب کا حق تھا لیکن کچھ شریر اور لالچی لوگ ساری زمین پر قبضہ کرنا چاہتے تھے۔ زمین کا کیس بھی چل رہا تھا لیکن جن کے پاس پیسہ' ذرائع اور اثر و رسوخ تھے وہ فیصلے میں رکاوٹیں ڈال رہے تھے۔ میں نے یہ سب حالات دیکھے تو دل میں سوچا کہ یہ انسان ہیں اگرچہ کتنے بھی طاقتور ہوں لیکن میرے اللہ کے سامنے ان کی کوئی حیثیت نہیں اور کوئی وقعت نہیں، میں اللہ کی عدالت میں اپنا فیصلہ رکھوں گا۔ میں نے رسالے میں پڑھا تھا کہ اپنے دکھ درد ٹلوانے کے لئے چند دن چند ہفتے یا چند مہینے تسبیح خانہ میں خدمت یا عبادت کی نیت سے گزاریں۔ میں بستر اور ضروری سامان لے کر تسبیح خانہ آ گیا یہاں پہنچا تو فجر کی نماز کے بعد اعلان ہوا کی ہجویری محل میں خدمت والوں کی ضرورت ہے جو احباب وہاں کی برکات سمیٹنا چاہتے ہیں اپنا نام لکھوا دیں۔ میں نے فوراً اپنا نام لکھوایا اور اسی دن ہجویری محل پہنچ گیا۔ میں نے تین دن وہاں خدمت کی، یہ میری زندگی کا بہترین وقت تھا جو میں نے ہجویری محل کی خدمت میں گزارا، اس میں عجیب لذت اور چاشنی تھی۔ جب میں گھر واپس آیا تو چند دن میں ہی ہمارے مخالف جنہوں نے زمین کے فیصلے میں رکاوٹ ڈالی ہوئی تھی ان پر اللہ کی پکڑ آئی اور وہ آناً فاناً پولیس کیس میں جیل چلے گئے۔ ان دنوں زمین کے کیس میں مزید پیش رفت ہوئی اور فیصلہ ہمارے حق میں ہو گیا۔ ہمارا حق بھی ہمیں مل گیا اور تمام رکاوٹیں بھی ختم ہو گئیں۔ سالہا سال سے پھنسا کیس کیسے حل ہوا اور فیصلہ ہمارے حق میں کیسے ہوا کچھ خبر نہیں' بس خدمت کی برکت سے یہ کوئی غیبی مدد ہوئی ہے۔

بیماریوں' پریشانیوں اور جادو سے نجات!

شب برات کی رات تسبیح خانہ میں مرد حضرات ایک عدد نیلے رنگ کی بنیان اور خواتین نیلے رنگ کی شمیز لے کر آئیں' ایسا خاص عمل کروایا جائے گا جس سے ان شاء اللہ تمام بیماریوں' پریشانیوں اور جادو سے نجات مل جائے گی۔

نوٹ: ہجویری محل میں ترقی' کامیابی پانے' مسائل مشکلات اور الجھنوں سے چھٹکارے کیلئے چند دن' چند ہفتے وہاں عبادت اور خدمت کیلئے ہمراہ بستر جائیں۔

نام نہاد کمپنیوں کے آئل استعمال کیے مگر فائدہ نہ ہوا

ہمارے گھر میں گزشتہ تین سال سے عبقری رسالہ پڑھا جا رہا ہے۔ میں نے گزشتہ ماہ کے شمارہ میں عبقری زیتون آئل کے فوائد کے بارے میں جب پڑھا۔ اس سے پہلے میں بازار سے نام نہاد زیتون کے آئل استعمال کر چکا تھا مگر ان میں سے کوئی بھی ایسا نہ تھا جو بالکل خالص اور کھانوں میں استعمال کرنے کے قابل ہو۔ میں نے رسالہ میں آرڈر کے لئے دیئے گئے نمبر پر کال کی اور دو زیتون کی بوتلوں کا آرڈر کر دیا۔ سردیوں کے موسم میں میرے والد صاحب کی کمر میں اکثر درد رہتا تھا۔ میں نے پہلے سب سے اس تیل کے ساتھ والد صاحب کی کمر کی مالش کی۔ اس تیل نے اپنا اثر دکھایا اور چند ہی دنوں میں والد صاحب کو کافی بہتری محسوس ہوئی۔ اس کے بعد میں نے عبقری زیتون آئل کا اپنے کھانوں میں استعمال کیا جس سے کھانا بھی مزیدار اور صحت سے بھرپور بنتا۔ جو بھی کھانا کھاتا وہ تعریف کیے بغیر نہ رہتا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ یہ تیل واقعی خالص ہے جس کا فوراً اثر ہوتا ہے۔ عبقری کا زیتون آئل اب ہر وقت ہمارے گھر میں موجود ہوتا ہے جس کا ہم مختلف ٹوٹکوں میں استعمال کرتے ہیں۔ عبقری مخلوق خدا کو جو خالص غذائیں اور ادویات فراہم کر رہا ہے اس کی مثال آج کے اس دور میں کہیں اور نہیں ملتی۔ (عظیم انور' کمالیہ)

بچوں کی قبض اور بدہضمی کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا بیٹا دو سال کا ہے جسے دودھ یا کچھ ٹھوس غذا کھانے کو دیتی تو وہ تھوڑی دیر بعد قے کر دیتا۔ جبکہ پہلے اسے بھوک لگی ہوتی تو ٹھوس چیز بھی کھا لیا کرتا تھا۔ ڈاکٹر کو دکھایا اس نے بھی دوا لکھ دی جو میں نے ڈاکٹر کی ہدایات اور ترتیب کے مطابق استعمال کروائی لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ بیٹا مکمل غذا نہ لینے کی وجہ سے دن بہ دن کمزور پڑتا جا رہا تھا جس وجہ سے میں بہت زیادہ پریشان ہو چکی تھی۔ میں امی کے گھر گئی تو امی اور بھابھی کو بتایا کہ بیٹے کی طبیعت بہت خراب ہے کچھ بھی ٹھیک سے کھا پی نہیں رہا۔ میری بھابھی نے مجھے عبقری کے بے بی ٹانک کے بارے میں بتایا اور کہا کہ بچوں کو کوئی بھی مسئلہ ہو تو اس سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ بچوں کو بدہضمی اور قبض وغیرہ بھی ہو تو میں یہی ٹانک دیتی ہوں۔ اس دوا کی وجہ سے مجھے اب روز بروز ڈاکٹروں کے پاس چکر لگانے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ میں نے بھابھی سے کہا کہ مجھے بھی یہ دوا دے دیں۔ میں نے بیٹے کو عبقری بے بی ٹانک استعمال کرنے کے لئے دیا تو اس نے تھوڑی دیر بعد وہ بھی اگل دیا۔ لیکن کچھ دیر بعد میں نے دودھ پلایا' اس نے دودھ پی لیا۔ مجھے کچھ تسلی ہو گئی۔ میں نے استعمال جاری رکھا اور کچھ ہی دن بعد بیٹے نے کھانا پینا بھی شروع کر دیا اور اس کی طبیعت پہلے سے بہت بہتر ہو گئی۔ میں نے اللہ کا لاکھ شکر ادا کیا۔ (عظمیٰ انور، بہاولنگر)

کراماتی تیل

جوڑوں' پٹھوں' دردوں اور پیدائشی کمزور بچوں کیلئے لاجواب کرشمہ

میری کمر میں بہت درد تھی، مہروں کا مسئلہ تھا۔ میں نے کراماتی تیل دودھ میں ڈال کر پینا شروع کیا اس سے میری کمر مضبوط ہوئی اور جسم میں ایک انوکھی طاقت پیدا ہوئی۔ جزاک اللہ خیر (مجاور علی)

کانپتے ہاتھ اور زبان پر ذکر الٰہی آنکھوں دیکھا منظر!

(ماریہ اختر، لاہور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ میں پہلے بھی چند بار اپنے آزمودہ طبی و روحانی مشاہدات و تجربات تحریر کرچکی ہوں جو عبقری کے ذریعے ہی ملے تھے۔ آج قارئین کی خدمت میں اپنا آنکھوں دیکھا واقعہ تحریر کررہی ہوں۔

میری نانی اماں ایک نیک اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ میں نے اپنی والدہ سے بھی ان کی زندگی کے کچھ حالات و واقعات سنے اور چند بار ان کی زبانی بھی سننے کو ملے۔ میری نانی کی جب شادی ہوئی تو ان پر کسی نے جادو اور تعویذات کروادیئے جس وجہ سے وہ آئے دن کسی نہ کسی مصیبت میں مبتلا رہتی تھیں۔ ان کے شوہر یعنی میرے نانا کا رویہ بھی ان کے ساتھ مناسب نہ تھا۔ بعض اوقات گھر کے حالات جب زیادہ خراب ہوجاتے تو وہ رشتہ داروں کے آگے ہاتھ پھیلانے کی بجائے صبر سے کام لیتی اور اپنے طور پر گھر بیٹھ کے ہی رزق حلال کے لئے کوشش کرتی۔ اپنی پریشانیوں اور مصیبتوں پر کسی سے بھی کوئی شکوہ نہ کرتیں بلکہ اللہ تعالیٰ سے ہی اپنے دکھوں اور مصیبتوں سے نجات کی فریاد کرتیں۔

وہ پانچ وقت کی نماز ادا کرنے کے ساتھ تہجد کی نماز بھی باقاعدگی سے ادا کرتی تھیں۔ وہ دن کا زیادہ تر حصہ قرآن پاک بالخصوص سورۂ یٰسین کی تلاوت میں مشغول رہتی تھیں۔ اس کے علاوہ گھر کے کام کاج میں بھی جہاں تک ممکن ہوتا وہ ہاتھ بٹاتیں اور ذکر و تسبیحات بھی جاری رکھتیں۔ ان کا یہ ماننا تھا کہ یہ ذکر اذکار ہی ان کی زندگی کا سرمایہ ہیں جو ان کے آخری وقت اور مرنے کے بعد بھی کام آئے گا۔ اسی وجہ سے وہ دن کا زیادہ تر حصہ تلاوت میں مشغول رہتی۔

نانی کی چہرے پر طمانت اور خوشی کے آثار

کچھ عرصہ پہلے نانی کی طبیعت اچانک خراب ہوگئی انہیں کچھ ادویات استعمال کروائیں جس کے چند دن بعد ان کی طبیعت سنبھل گئی۔ اس کے کچھ دن بعد نانی فجر کی نماز کے بعد سورۂ یٰسین کی تلاوت کرنے کے بعد کہنے لگی کہ دل میں کچھ گھبراہٹ محسوس ہورہی ہے اور اس کے بعد ذکر اذکار کرنے کے لئے والدہ سے تسبیح مانگی مگر والدہ نے آرام کرنے کا مشورہ دیا۔ نانی اماں تھوڑی دیر کے لئے لیٹ گئیں اور پھر دوبارہ والدہ کو تسبیح دینے کے لئے کہا جب نانی اماں نے تسبیح لینے کے لئے ہاتھ آگے بڑھایا اور اس دوران منہ سے بھی ذکر جاری رکھا۔ کمزوری کی وجہ سے انہوں نے کانپتے ہوئے ہاتھ سے تسبیح کو تھاما اور ذکر کرتے ہوئے ایمان کی حالت میں ہی وہ خالق حقیقی سے جاملیں۔ ان کے چہرے پر طمانت اور خوشی کے آثار تھے۔ ہمیں ایسا محسوس ہوا جیسے وہ گہری نیند میں سو رہی ہوں۔ لیکن ہمیں تھوڑی دیر بعد خبر ملی کہ وہ تو ہمیشہ کیلئے میٹھی نیند سوگئی ہیں۔ یہ انجام ہے پاکیزہ زندگی گزارنے کا۔ مرتے وقت انہیں کوئی تکلیف یا بیماری نہیں تھی اللہ تعالیٰ نے نیک اعمال، پرہیزگاری اور زندگی میں آنے والے مصائب پر صبر کرنے کا صلہ یہ دیا کہ ان کی روح آسانی کے ساتھ اور ذکر کی حالت میں قبض ہوئی۔ ساری زندگی وہ اپنے ذکر اذکار اسی نیت کے ساتھ کرتی رہیں کہ ان کا خاتمہ بالخیر ہو اور یہ ذکر اللہ تعالیٰ قبول کرکے اسے آخرت میں بخشش کا ذریعہ بنادے۔ ان کا خاتمہ بالخیر ان کی قبولیت کا واضح ثبوت ہے۔

نام حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فوائد و کمالات صدیوں سے آزمودہ آج بھی اتنے ہی مؤثر، ہر ماہ انوکھے سچے واقعات ضرور پڑھیں!

خوشیاں دینے والا بھائی خود دکھوں میں مبتلا

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا نقش لکھا عمل کیا اجڑا گھر بس گیا

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میرے بچپن میں ہی والدین وفات پاچکے تھے۔ میری پرورش بڑے بھائی نے والدین کی طرح کی۔ اعلیٰ تعلیم دلوائی۔ جب میں شادی کی عمر کو پہنچی تو انہوں نے ایک اچھے گھرانے میں میری شادی کردی۔ میری زندگی اپنے شوہر اور سسرال والوں کے ساتھ اچھی گزر رہی تھی۔ سسرال والوں نے بھائی کے اچھے اخلاق سے متاثر ہوکر اپنے قریبی رشتہ داروں میں ایک لڑکی کے ساتھ شادی کی پیشکش کی۔ میرے سسرال والوں کی کوششوں سے رشتہ پکا ہوگیا اور آخرکار بھائی کی شادی ہوگئی۔ ان دونوں میاں بیوی کا آپس میں کافی سلوک تھا اور ایک سال بعد اللہ تعالیٰ نے انہیں اولادِ نرینہ سے نوازا۔ لیکن شادی کے دو سال بعد بھائی اور بھابھی کا آپس میں نوک جھوک شروع ہوگئی جو آہستہ آہستہ بڑھتی گئی۔ آخرکار بھابھی بیٹے کو لے کر میکہ چلی گئی۔ جب مجھے یہ بات پتہ چلی تو بھائی کو صلح کے لئے کہا' آخرکار میرے اصرار پر انہوں نے صلح کی حامی بھرلی اور میں اپنے شوہر اور بھائی کے ہمراہ بھابھی کو منانے ان کے گھر پہنچ گئے۔ بھائی نے بھابھی سے معذرت کی اور ساتھ چلنے کا کہا مگر بھابھی نے جانے سے صاف انکار کردیا۔ میں نے بھابھی کو کافی سمجھانے کی کوشش کی جس میں بھابھی کے والدین نے کافی ساتھ دیا مگر بھابھی کچھ بھی سننے کو تیار نہ تھی۔ انہوں نے صاف کہہ دیا کہ اب وہ کسی صورت بھی بھائی کے ساتھ نہیں رہے گی۔ آخرکار ہم مایوس لوٹ آئے۔ بھائی بھی بھابھی کے اس رویے سے کافی پریشان ہوگئے۔ میرے شوہر ہر ماہ کا عبقری رسالہ پڑھتے تھے۔ انہوں نے مجھے بھائی کا گھر بسانے کیلئے عبقری جولائی 2022ء کے شمارہ میں شائع ہونیوالے نقش حضرت عمرؓ پُر کرنے کا مشورہ دیا' ساتھ حضرت عمرؓ کو 200 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر روزانہ ہدیہ کرنے کا کہا۔ میں نے نقش حضرت عمرؓ کو نہایت یقین اور توجہ کے ساتھ پُر کیا اور روزانہ 200 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر حضرت عمر فاروقؓ کی روح پاک کو ہدیہ کیا۔ نقش پُر کیے ابھی چند دن ہی گزرے تھے کہ بھائی کا فون آیا' وہ بہت زیادہ خوش تھے انہوں نے بتایا کہ آج تمہاری بھابھی کا خود فون آیا اور وہ اپنے رویے پر پشیمان تھی اور گھر جانے کا کہہ رہی تھی۔ الحمدللہ اس دن کے بعد بھائی اور بھابھی آپس میں ہنسی خوشی زندگی بسر کررہے ہیں اور دوبارہ ان کا جھگڑا بھی نہیں ہوا۔ (بختاور مدثر، اسلام آباد)

نوٹ: شیخ الوظائف سے بیعت "سلسلہ قادری ہجویری" کا شجرہ طیبہ پڑھنے کا صبح وشام معمول بنالیں ہر بیماری، الجھن، پریشانی، تکلیف، جادو جنات سے پورا سال محفوظ رہیں گے۔

70 حاجات کا تعویذ اور ہر ماہ کا خاص عمل

70 حاجات کا تعویذ جولائی 2022ء کے رسالہ میں شائع ہوا۔ لاکھوں لوگوں نے اس تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں اور مرادیں پائیں۔ اگر آپ نے ابھی تک یہ تعویذ کا عمل نہیں کیا تو آج ہی قریبی بک سٹال یا عبقری ایجنسی ہولڈر سے جولائی کا رسالہ طلب فرمائیں اور تعویذ میں اپنی حاجات لکھیں۔

11 خالی خانوں کا خاص عمل: یکم محرم صبح دس بجے عبقری سوشل میڈیا پرلائیو پروگرام میں شیخ الوظائف نے اس تعویذ کا خاص عمل عطا فرمایا۔ اس تعویذ میں کل 70 خانے ہیں، 11 خانے ایسے ہیں جن کے سامنے کوئی حاجت نہیں لکھی گئی وہ خالی ہیں۔ ہر ماہ چاند کی پہلی تاریخ کو دن میں کسی بھی وقت ایک خانے میں اپنی دو تین حاجات لکھیں جو ناممکن ہوں۔ جیسے خانہ نمبر 1 میں یکم صفر کو اپنی حاجتیں لکھیں۔ خانہ نمبر 2 میں ربیع الاول کو۔ خانہ نمبر 3 میں ربیع الثانی کو۔ خانہ 9 میں جمادی الاول کو۔ خانہ 10 میں جمادی الثانی کو۔ خانہ 16 میں رجب کو۔ خانہ 17 میں شعبان کو۔ خانہ 22 میں رمضان کو۔ خانہ 38 میں شوال کو۔ خانہ 46 میں ذی القعدہ کو۔ خانہ 51 میں ذی الحج کو۔ نوٹ: اگر آپ تک یہ تعویذ تاخیر سے پہنچا ہے اور خانہ پُر کرنے کا وقت گزر چکا ہے تو پریشان نہ ہوں۔ شیخ الوظائف کی طرف سے خصوصی اجازت ہے۔ پورا سال جب چاہیں تعویذ پُر کرسکتے ہیں۔ جتنے چاہیں اتنے تعویذ لے کر پُر کرسکتے ہیں۔ جتنے زیادہ تعویذ پُر کریں گے اتنی جلد مرادیں پوری ہوں گی۔ 70 حاجات کے تعویذ سے جو فوائد حاصل ہوں، ہمیں لکھ کر ضرور بھیجیں صدقہ جاریہ ہے۔

آپ کے خواب اور شیخ الوظائف کی روشن تعبیر

خواب میں خانہ کعبہ کی تلاش

خواب: میں نے دیکھا کہ میں حج پر گئی ہوں، وہاں پر میرے چچا گاڑی چلا رہے ہیں، میں یہ سمجھ رہی ہوں کہ مکہ مکرمہ میں ہوں۔ ہم لوگ مکہ کی گلیوں میں مسجد الحرام تلاش کر رہے ہیں۔ پھر ایک دیوار آتی ہے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ مسجد الحرام کی دیوار ہے اور میں اس دیوار پر چڑھ کر دیکھتی ہو تو دیوار کے اس پار خانہ کعبہ ہوتا ہے لوگ طواف کر رہے ہوتے ہیں۔ کوئی دعا مانگ رہا ہے۔ میں اپنے چچا سے کہتی ہوں کہ یہی مسجد الحرام ہے، میں نے خانہ کعبہ دیکھا ہے۔ وہاں دادی بھی ہمارے ساتھ موجود ہوتی ہیں۔ (ج۔ راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کی دلی مراد پوری ہوگی اور آپ کو اچھی ازدواجی زندگی نصیب ہوگی۔ واللہ اعلم۔ آپ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح ''یَا نَافِعُ'' کا ورد کیا کریں اس سے زندگی میں بہت وسعتیں اور خیریں پائیں گی۔

نبی پاک ﷺ کی زیارت

خواب: میں درود پاک کثرت سے پڑھتا ہوں۔ ایک مرتبہ میں نے خواب دیکھا کہ ایک باغ ہے۔ میں اندر داخل ہوتا ہوں۔ میرے رشتے دار اندر بہت خوبصورت چار پائیوں پر بیٹھے ہیں۔ میں اپنے ایک رشتہ دار کے ساتھ بیٹھتا ہوں۔ دور ایک تخت ہے اس پر بہت نورانی ہستی جلوہ افروز ہیں۔ وہاں کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ وہ دیکھو حضور اکرم ﷺ یہاں تشریف لائے ہیں۔ میں بہت خوش ہوتا ہوں کہ آج جی بھر کے حضور اکرم ﷺ کی زیارت کروں گا۔ میں اٹھ کر تخت کے قریب جاتا ہوں۔ میرا حضور ﷺ سے تھوڑا سا فاصلہ ہوتا ہے تو آپ ﷺ میرا نام پکارتے ہیں۔ میں بہت خوش ہوتا ہوں کہ آپ ﷺ میرا نام جانتے ہیں۔ پھر میری نیند کھل جاتی ہے اور اٹھنے کے بعد میں نے محسوس کیا کہ ہر طرف خوشبو پھیلی ہوئی ہے۔ (محمد کامران، لاہور)

تعبیر: آپ کا خواب بہت ہی مبارک اور بابرکت ہے۔ ان شاء اللہ آپ کو دینی و دنیاوی ترقیاں اور کامیابیاں نصیب ہوں گی۔ آپ کثرت سے درود شریف پڑھتے رہا کریں۔

والدین کا ادب

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنے والد صاحب سے بہت لڑ رہا ہوں اور ان سے کہتا ہوں کہ آپ کیا کر رہے ہیں، آپ کے پاس بہت پیسہ ہے اور آپ ایسے ہی ضائع کر رہے ہیں اور کہتا ہوں کہ ہم دن بدن پیچھے چلے جا رہے ہیں۔ مگر میرے والد صاحب چپ سنتے رہتے ہیں اور بعد میں کہتے ہیں کہ تم لوگوں کو نہیں پتا لوگ ہمارے دشمن ہیں اور گاؤں سے شہر مت جایا کرو کوئی قتل نہ کردے۔ میرے دل میں بہت خوف ہونے لگتا ہے اور میں ان کے گلے لگ کر رونے لگتا ہوں اور والد صاحب سے کہتا ہوں میں نے آپ کا بہت دل دکھایا ہے مجھے معاف کر دیں۔ تو وہ مجھے معاف کر دیتے ہیں۔ میری والدہ بھی ساتھ ہوتی ہیں۔ (عبدالستار، سکھر)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کی طرف آپ کو متوجہ کیا گیا ہے کہ والدین کی خدمت اور ان کا ادب و احترام آپ کو دنیا اور آخرت میں کامیابی دلا سکتا ہے۔ آپ پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے دن میں چند بار یہ عمل کریں۔ اول آخر تین بار درود پاک ایک بار سورۃ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر دعا کر لیا کریں ان شاء اللہ نفع ہوگا۔ واللہ اعلم!

خوبصورت طوطے پکڑنے کے دو موقع

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنے برآمدے میں بیٹھی ہوں۔ وہاں پر دو طوطے آتے ہیں۔ پرندوں کا وہ جوڑا نہایت خوبصورت اور بالکل سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔ میں ان میں سے ایک طوطا پکڑتی ہوں اور کہتی ہوں کہ اب میں اسے اپنے پاس رکھوں گی یہ مجھے بہت اچھا لگا ہے۔ مگر میرے والد مجھ سے لے لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ بیٹا یہ تو آزاد ہیں اور یہ کہہ کر طوطے کو چھوڑ دیتے ہیں۔ میں اداس ہو جاتی ہوں۔ (قسیم ناظم، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ کامیابی کے دو اہم مواقع آپ کو حاصل ہوں گے لیکن آپ ان سے پورا فائدہ نہ اٹھا پائیں گی۔ آپ صبح و شام اکیس بار سورۃ کوثر کا اہتمام کریں ان شاء اللہ نفع ہوگا۔ واللہ اعلم

عبایہ جیسی قمیض

خواب: میں نے خواب میں دیکھا کہ ہمارے کمرے میں بڑا صندوق رکھا ہوا ہے اس میں سے ایک قمیض لٹک رہی ہے۔ میں اسے نکالتی ہیں تو وہ جبے اور عبایہ جیسی بہت لمبی اور بہت ڈھیلی قمیض ہوتی ہے۔ امی ہم سے پوچھتی ہیں کہ یہ قمیض کس کی ہے۔ میں امی سے کہتی ہوں کہ یہ میں نے بنوائی ہے۔ جب عمرہ کرنے جاؤں گی تو میں یہ پہنوں گی۔ (صائمہ۔ راجن پور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ ان شاء اللہ آپ کو حرمین شریفین کی حاضری کی سعادت جلد نصیب ہوگی۔ آپ ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ یَا وَاسِعُ کا ورد کیا کریں۔

باتھ روم میں گندگی

خواب: میں نے دیکھا کہ میں اپنے گھر کے واش روم میں گیا وہاں بے تحاشہ گندگی و غلاظت تھی۔ جسے میں نے دھونے کی کوشش کی تو وہ صاف نہیں ہوئی۔ پھر میں بغیر رفع حاجت کے واپس آگیا۔ پھر منظر بدلہ۔ میں نے دیکھا کہ میں کسی لائبریری جیسی جگہ پر ہوں اور ایک خاتون وہاں موجود ہیں وہ بتاتی ہیں کہ جہاں وہ پہلے جاب کر رہی تھیں وہاں کا ماحول کچھ اچھا نہیں تھا۔ (انصر نوید، کراچی)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے کاموں میں بندش کی وجہ سے رکاوٹیں ہیں۔ آپ پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد 21 مرتبہ ''یَا مُہَیْمِنُ'' پڑھ کر دعا کیا کریں۔ اس کے علاوہ بیت الخلاء کی مسنون دعا پڑھنا ہرگز نہ بھولیے۔ واللہ اعلم۔

خانہ کعبہ کی تلاش | والدین کا ادب | نبی ﷺ کی زیارت | عبایہ جیسی قمیض

دردی ہربل بام — موچ آجانا، پٹھوں کا درد، فالج، رعشہ، کمر کا درد
شوہر کو موچ آئی تو انہوں نے دردی ہربل بام منگوا کر لگائی تو ان کی موچ بہت جلد ٹھیک ہوگئی۔ میرے جوڑوں اور گھٹنوں میں درد تھا۔ میں نے یہی بام لگایا تو بہت راحت ملی۔ (شازیہ اکرم، اسلام آباد)

بچے کو ڈاکٹر انجینئر بنانا چاہتی ہیں تو ذرا ٹھہرئیے!

فروری میں پیدا ہونیوالے بچوں کے نصیب مقدر اور روشن مستقبل کیلئے!

شیخ الوظائف پہلی مرتبہ اس علم سے پردہ اٹھا دیا علم العداد اور علم النجوم کے حساب سے پورا مہینہ ہر دن کے حساب سے بچے کی فطرت احتیاطیں علم اور وظیفہ

نوٹ: والدین کو بچے کیلئے دیا گیا وظیفہ بچہ خود بھی پڑھ سکتا ہے۔ یہ وظیفہ زندگی بھر کے لئے ہے' مزید دیگر اعمال و وظائف کے ساتھ اگر اس وظیفے کو بھی جاری رکھا جائے تو عمر بھر مسائل' مشکلات' مصائب و بیماری سے حفاظت رہے گی۔

1۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے کسی قدر سخت اور مشکل زندگی گزاریں گے، انہیں کفایت شعاری سکھائیں، تعلیمی معاملات میں ان کی رہنمائی کریں اور دھاتوں کو زمین سے نکالنے اور ان کی صفائی سے متعلق کوئی پیشہ اختیار کرنے کی تلقین کریں۔صبح و شام **27** بار یاھادی یارحیم پڑھ کر دم کریں۔ایک نیا جھاڑو مسجد میں صفائی کیلئے رکھ دیں۔

2۔اس دن پیدا ہونے والے بچوں کی آخری عمر اچھے حالات کے تحت نہیں گزرے گی۔اس لیے ان میں کفایت شعاری پیدا کریں اور تعلیمی معاملات میں ان کی رہنمائی کریں اور تعلیم ایسی دلائیں کہ آئندہ وہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔ایسے بچوں کے والدین صبح و شام گیارہ مرتبہ ''سورۂ اخلاص'' پڑھ کر دم کریں۔**23** روپے شکر لیکر کالے مکوڑوں کو ڈال دیں۔

3۔ اس دن پیدا ہونے والے بچے زراعت یا سول انجینئرنگ سے متعلق کسی پیشے کو اختیار کرکے کامیاب زندگی گزاریں گے تعلیم کا شوق ان کے دل میں پیدا کریں۔صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر بچے پر دم کریں۔**5** پیکٹ بسکٹ بچوں میں بانٹ دیں۔

4۔اس دن پیدا ہونے والے بچے مہذب اور شائستہ اطوار کے مالک ہوں گے، انہیں عالم دین بنایئے' خوشحال زندگی گزاریں گے۔تعلیمی معاملات میں ان کی حوصلہ افزائی کریں اور سکول کی رپورٹ اچھی آنے پر تعریف کریں۔ صدقہ **9** ٹافیاں بانٹ دیں۔

5۔اس دن پیدا ہونے والے بچوں کو خطرے والی مدات میں روپیہ لگانے کے خطرات اور بچت کے فوائد سے ضرور آگاہ کریں۔کنسٹرکشن کا پیشہ ان کیلئے بہتر رہے گا۔والدین بچے پر روزانہ ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کریں اور دم شدہ پانی پلائیں۔لال رنگ کی مٹھائی حسب توفیق بانٹ دیں۔

6۔اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو اخراجات پر کنٹرول رکھنے کی ہدایت کریں۔اس کے علاوہ دکانداروں کی باتوں میں ہرگز نہ آنے کی ہدایت بھی کریں۔صبح و شام ''یَاھَادِیُ یَارَحِیۡمُ'' **41** مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کریں۔پیلے رنگ کی مٹھائی حسب توفیق بانٹ دیں۔

7۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے کچھ آرٹسٹک صلاحیتوں کے مالک ہوں گے۔بچوں سے متعلق کسی پیشے کو اختیار کرکے کامیاب زندگی گزاریں گے۔اول آخر تین بار درود پاک کے ساتھ **1** بار سورۃ فاتحہ تین بار سورۃ اخلاص پڑھیں' یہ عمل اسی ترتیب کے ساتھ صبح و شام **7** بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ایک گلاس دودھ صدقہ کردیں۔

8۔اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو مالی مشکلات میں محتاط رہنا سکھائیں، تعلیمی معاملات میں ان کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کریں اور الیکٹرک انجینئرنگ میں کیریئر بنانے کی تلقین کریں۔صبح و شام **29** مرتبہ سورۂ شمس پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ایک کپ چائے یا دودھ کا گلاس کسی کو پلا دیجئے۔

9۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے بہ حیثیت ادیب یا صحافی اچھا کیریئر بنا سکیں گے تاریخ اور اردو ادب کے مطالعے کی ترغیب دیں۔صبح و شام **41** مرتبہ یاعزیز یافتاح پڑھ کر بچے پر دم کریں۔بھنے ہوئے چنے کم از کم چار مٹھیاں زیادہ سے زیادہ ایک کلو بانٹ دیں۔

10۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے زندگی میں بے شمار اتار چڑھاؤ دیکھیں گے۔انہیں کفایت شعاری کی تعلیم دیں۔تعلیمی معاملات میں رہنمائی کریں اور کسی ہنر یا پیشے کی تعلیم ضرور دلائیں تاکہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۂ فلق و ناس پڑھ کر بچے پر دم کریں۔ایک پیکٹ سفید ٹافیوں کا بچوں میں بانٹ دیں۔

11۔ اس دن پیدا ہونیوالے بچوں کو روپے پیسے کے معاملات میں محتاط رہنے کی تعلیم ضرور دیں اور تجارتی مضامین یا کامرس کی تعلیم حاصل کرنے کی ہدایت کریں۔والدین صبح و شام **19** مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِیۡثُ پڑھ کر دم کریں۔**41** روپے صدقہ کردیں۔

12۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے بے خوف اور مہم جو ہوں گے۔فوج میں شمولیت اختیار کرکے اچھا کیریئر بنا سکیں گے۔ ریاضی اور جغرافیہ کی تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب دیں۔نظر بد اتارتے رہیں اور صبح و شام گیارہ مرتبہ سورۃ قلم (پارہ **29**) کی آخری دو آیات پڑھ کر دم کریں۔ایک کلو سیب کسی سفید پوش کو ہدیہ دیدیں۔

13۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے سرگرم، قوت متخیلہ کے مالک اور آرٹسٹک ہوں گے۔انہیں تاریخ اور ادب کے مطالعے کی ترغیب دیں۔صبح و شام **29** مرتبہ سورۂ کوثر پڑھ کر دم کریں۔بچے کی نیت سے کہیں پھل دار درخت لگا دیجئے۔

14۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے کسی قدر مشکل زندگی گزاریں گے۔چنانچہ انہیں کفایت شعاری اور دور اندیشی اور موقع محل دیکھ کر بات کرنے کی ہدایت کریں۔تعلیمی معاملات میں رہنمائی کریں اور کسی ہنر یا پیشے کی تعلیم ضرور دلائیں تاکہ کسی کے محتاج نہ رہیں۔بچے پر والدین صبح و شام اکیس مرتبہ یَاحَلِیۡمُ یَاعَلِیۡمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیۡمُ پڑھ کر دم کریں۔ایک روٹی ہمراہ سالن کسی فقیر کو کھلا دیں۔

15۔اس دن پیدا ہونیوالے بچے زندگی کا بیشتر حصہ خوش قسمت حالات کے تحت گزاریں گے تاہم ہمہ وقت محتاط رہنے کی ہدایت ضرور کریں۔''سَلٰمٌ عَلٰۤی اِلۡ یَاسِیۡنَ'' صبح و شام گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ایک گلاس دودھ صدقہ۔

16۔اس دن پیدا ہونے والے بچوں کا رجحان سائنس اور ریاضی کی طرف ہوگا انہیں مضامین میں اعلیٰ تعلیم دلوائیں۔صبح و شام **41** بار ''یَا لَطِیۡفُ یَا عَلِیۡمُ یَا خَبِیۡرُ'' پڑھ کر دم کریں۔صدقہ **7** ٹافیاں بانٹ دیں۔

17۔اس دن پیدا ہونے والے بچے مضبوط قوت متخیلہ کے مالک ہوں گے اور انجینئرنگ سے متعلق کسی پیشے کا اختیار کرکے کامیاب زندگی گزار سکیں گے۔صبح و شام **21** مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر دم کریں۔تین عدد چھوٹے بسکٹ کے (باقی صفحہ 63 پر)

نوٹ: عبقری ہر عمل مستند دیتا ہے' غیر شرعی نہیں۔حوالہ جاننے کیلئے اسی شمارہ کا صفحہ نمبر 26 پڑھنا ہرگز نہ بھولیے!

کیا یہ شرک ہے یا بدعت؟ مکمل حوالہ جات جاننے کیلئے ابھی فیس بک پیج www.facebook.com/akabirparaitmad وزٹ کریں۔ پوسٹ نمبر 613

بستر پیشاب شفاء نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج مثانہ کی کمزوری بار بار پیشاب آنا میرا چھوٹا بھائی بچپن سے بستر پر پیشاب کرنے کا عادی تھا۔وہ جوانی کی عمر کو پہنچ رہا تھا لیکن اس کے باوجود بھی وہ اسی مرض میں مبتلا تھا۔میں نے حضرت حکیم صاحب کے مشورہ سے بستر پیشاب شفاء کا استعمال کروایا جس کے بعد اس کا یہ مرض ختم ہوگیا۔(ارشد بھٹہ' وہاڑی)

گھر ٹوٹنے اور بچوں کو فاقوں سے بچالیں! قسط 2

قارئین! میرا غم ضرور پڑھیے! گزشتہ پندرہ سال سے مسائل میں گھری ہوئی ہوں' سمجھ نہیں آتا کیا کروں' میں آج خط صرف اپنے بچوں کی ایک وقت کی روٹی کیلئے لکھ رہی ہوں' اللہ کا واسطہ مجھے کچھ بتا دیجئے۔ میرے شوہر سعودیہ گئے' گھر کے حالات بالکل ٹھیک تھے' بس نا معلوم وہاں کیا ہوا' اچانک بیمار ہوئے' انہوں نے واپس بھیج دیا' ایئرپورٹ سے سیدھا ہسپتال لے گئے' اس حادثہ کے بعد ہمیں معلوم بھی نہ ہوا کہ ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے' دن بدن نیچے سے نیچے جاتے گئے' پانچ سے چھ لوگوں سے معلوم کروایا تمام نے یہی بتایا کہ آپ کا یہ مسئلہ 14 سے 15 سال سے چل رہا ہے۔ سعودیہ سے شوہر صرف اتنا کما کر بھیج رہے تھے کہ دال دلیہ چل رہا تھا اور بچوں کی پڑھائی ہو رہی ہے' پاکستان میں میرے شوہر نے جو کام بھی شروع کیا اس میں رکاوٹ آگئی' اب نوبت یہ آگئی تھی کہ 20 روپے کا پتی کا پیکٹ' 20 روپے کا دودھ کا ڈبہ' ایک پاؤ گھی تو کوشش کرتی ہوں کہ ایک ہفتہ نہیں تو چار سے پانچ دن نکل جائیں۔ آج کے دور میں بچوں کو ڈیڑھ روپے کی چیز بھی بڑی مشکل سے ملتی ہے تو میں پانچ روپے کا بسکٹ ان کو لے کر دیتی ہوں کہ دن کو لنچ میں کھالینا' بچے پوچھتے ہیں امی سارے بچے اتنی چیز بھی لاتے ہیں اور لنچ بھی اور پاکٹ منی بھی' تو کیا ہم غریب ہیں؟ آپ ہمیں صرف پانچ روپے دیتی ہیں۔ تو میرا کلیجہ پھٹ جاتا ہے' میرے معصوم بچوں کا کیا قصور ہے؟۔ آپ نے ایک مرتبہ درس میں فرمایا کہ سٹابری (پھل) بہت سستا ہے' صرف سو روپے کلو تو میں حیران ہو رہی تھی کہ سو روپے کلو اسٹابری کو سستا فرما رہے ہیں' میرے پانچ بچے ہیں' میں نے ایک دن ان کو تیس روپے بمشکل جمع کر کے اسٹابری لے کر بانٹ دی تاکہ بچے چکھ لیں۔ میاں کبھی کسی سے قرض' کبھی کسی سے قرض لے کر آتے ہیں تو ہم بچوں کو ایک وقت کی روٹی پوری کرتے ہیں' نہ آمدن کا کوئی ذریعہ نہ رہنے کا مکان۔ ہمارے ساتھ کیا ہوا؟ کہاں سے ہوا؟ اور اس کا حل کیا ہے؟ سکول کی فیس ادا نہ کرنے کی وجہ سے سکول والوں نے بچوں کو نکال دیا' دو لاکھ میاں نے قرض لیا' دکان شروع کی' چھ ماہ بیٹھے رہے' پانچ ہزار بھی نہ کمایا اور بالآخر دکان بھی بند کر دی اور دو لاکھ کے مزید قرض دار ہو گئے۔ ایک دن کوئی کام پر بلاتا ہے تو اگلے دن کہتا ہے کہ نہ آنا' آپ کی ضرورت نہیں۔ ہمارا روزی کا مسئلہ حل ہی نہیں ہو رہا' نوبت فاقوں تک آگئی ہے۔ ہماری راہیں کہاں سے بند ہیں' جس کام میں ہاتھ ڈالتے ہیں رکاوٹ آجاتی ہے یہ مسلسل پندرہ سال سے ہے۔ میرے گھر کا کوئی نہ کوئی فرد کسی نہ کسی تکلیف میں مبتلا رہتا ہے' کبھی بڑا بیٹا بیمار' کبھی میں' کبھی دوسرا بیٹا' بس کچھ سمجھ نہیں آتی۔ میں کلو کھیرے منگوا کر رکھ لیتی ہوں وہ سستے میں بیس یا تیس روپے کے کلو مل جاتے ہیں' جب بچے کھانے کیلئے کچھ مانگتے ہیں ایک ایک کھیرا ان کو پکڑا دیتی ہوں۔ اب تو نوبت یہ ہے کہ بچوں کی بھوک نہیں دیکھی جاتی۔ صحت' روزی دونوں کی سخت بندش لگی ہوئی ہے۔ خدارا اس بندش کو توڑنے کا عمل بتائیے' میرے گھر کو ٹوٹنے سے بچالیجئے' میرے بچوں کو فاقوں سے بچالیں۔ ہمارے گھر روزانہ جھگڑا روٹی نہ ملنے کا ہوتا ہے' بچے بھوک کی وجہ سے کچھ مانگتے ہیں اور ہم ان کا پیٹ نہیں بھر سکتے۔ میں ایک ایک روٹی ان کو دے کر کہتی ہوں اب شام تک کچھ نہیں مانگنا۔ سارے جتن کر لیے' گھر کے اندر رہ کر کوئی کام ہی کر لوں' چلو میاں کو نہ ملے' میں ہی بچوں کو کھلا لوں لیکن کوئی کام نہ دیتا ہے نہ کرواتا ہے۔ ہر کام میں رکاوٹ' بندش' بندش اور بندش ہے۔

ایسے بھیانک جادو اور لرزہ خیز حالات اور فاقوں سے نکلنے اور محفوظ رہنے کا وظیفہ

یَاوَاسِعُ یَارَزَّاقُ یَامُهَيْمِنُ صبح و شام 59 مرتبہ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک ماریں اور یہ اسم انگلی سے گھر کا ہر فرد اپنی پیشانی پر روزانہ صبح لکھے۔ جو چیز بھی کھانے لگیں اس پر بھی انگلی سے یہ اسم لکھ کر اور 11 بار یہی اسم پڑھ کر کھائیں۔ کم از کم 41 دن یہ عمل لازم کریں۔ مہینے میں ایک مرتبہ پیلے رنگ کی کوئی چیز صدقہ کریں' گنجائش ہو تو پیلے رنگ کی مٹھائی یا ایسا بسکٹ جس کا کور پیلے رنگ کا ہو بچوں میں بانٹ دیں۔

لاعلاج روگوں کا مارا جسم صحت مند ہو گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے تین سال پہلے عبقری رسالہ ملا تو مجھے ایسے لگا جیسے دنیا میں مجھے جینے کا سہارا مل گیا ہے۔ میں اس قدر بیماری اور دکھوں میں الجھا ہوا تھا کہ مایوسی اور نا امیدی میں اکثر خودکشی کے خیالات آتے۔ مجھ پر بہت پرانے سفلی جادو کے اثرات تھے۔ میں روحانی علاج کے لئے جگہ جگہ گیا ہوں' ہر جگہ سے دم کروایا۔ جہاں مجھے کوئی کسی عامل کا بتاتا میں وہاں پہنچ جاتا۔ جادو کی وجہ سے میرے دماغ پر ہر وقت بوجھ رہتا جیسے میرے دماغ کو کسی چیز نے جکڑ لیا ہے۔ میرا معدہ بھی ٹھیک سے کام نہیں کرتا تھا۔ معدہ کے لئے میں نے بہت سی ڈاکٹری ادویات استعمال کیں مگر آرام نہ آیا۔ مجھے ایک ہمدرد نے عبقری کا رسالہ دیا اور کہا کہ آپ اتنی جگہوں پر جا کر دھکے کھا چکے ہیں لیکن آپ کو آرام نہیں ملا۔ میرے کہنے پر ایک بار عبقری رسالہ پڑھ کر دیکھیں ان شاء اللہ آپ کے تمام غم ختم ہو جائیں گے۔ میں نے رسالہ پڑھا' اس میں جادو جنات سے نجات پانے والے لوگوں کے واقعات پڑھے۔ میں نے فیصلہ کیا کہ لاہور جا کر حضرت حکیم صاحب سے علاج کروایا جائے۔ میں نے رسالے پر دیے گئے نمبر پر کال کر کے ملاقات کا وقت لیا۔ جس دن ملاقات تھی اس سے ایک دن پہلے میں لاہور تسبیح خانہ پہنچ گیا۔ مجھے بہت روحانی سکون ملا۔ میں نے کلینک میں آپ سے ملاقات کی تو آپ نے استخارہ کر کے بتایا کہ بیس سال پرانا جادو ہے اور چند علامات کی طرف اشارہ فرمایا' تمام علامات ہو بہو وہی تھیں جو میرے مسائل تھے۔ آپ نے مجھے کالی کڑوی شفاء لکھ کر دی اور فرمایا کہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی کے ساتھ استعمال کرو۔ میں نے عبقری دواخانہ سے کالی کڑوی شفاء خریدی اور واپس اپنے گھر آگیا۔ میں نے جیسے ہی کالی کڑوی شفاء استعمال کرنا شروع کی میرے پسینے میں سے اور پاخانے میں سے بہت غلیظ بدبو آنا شروع ہو گئی۔ مجھے احساس ہو گیا کہ میرے اندر کی بیماری باہر نکل رہی ہے۔ آہستہ آہستہ یہ بدبو کم ہونا شروع ہو گئی اور میرا جسم صحت مند ہونا شروع ہو گیا۔ (پوشیدہ، جڑانوالہ)

حاسدین اپنی چالوں میں کامیاب ہو گئے

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! دفتر میں موجود کچھ ساتھیوں کی طرف سے میرے کاموں میں بار بار رکاوٹ کھڑی کرنے پر جب میں نے اپنے سینئر افسر سے شکایت کی تو انہوں نے معاملے کو سلجھانے کی بجائے الٹا مجھ سے جھگڑا شروع کر دیا اور نوکری سے نکال دیا۔ میں نے کافی منت سماجت کی مگر اس کے باوجود بھی وہ مجھے نوکری میں رکھنے پر راضی نہ تھے۔ میں نے افسران بالا کو اپنے اس سارے مسئلے سے متعلق درخواست لکھی مگر وہاں سے بھی فی الوقت کوئی جواب نہ ملا۔ میری اہلیہ نے مجھے آستانہ مراد میں روحانی اعمال کرنے کا مشورہ دیا۔ میں اور بیوی لاہور شیخوپورہ روڈ نزد قلعہ ستار شاہ کے قریب ہجویری محل آستانہ منت مراد پہنچ گئے اور وہاں جا کر اصحاب کہف کے ناموں والا عمل کیا اور حاجتی نقش پر اپنی حاجت لکھی' اس کے علاوہ ٹھوٹھیوں اور لاہوتی رومال والا اور اسمائے الحسنیٰ والا عمل کیا اور اللہ سے خوب گڑگڑا اپنی حاجت کا سوال کیا۔ میں اعمال کر کے گھر واپس آ رہا تھا کہ مجھے کمپنی کی طرف سے کال آگئی اور بتایا گیا کہ تمام معاملے کی چھان بین کرنے کے بعد میری نوکری بحال کر دی گئی ہے اور جو لوگ رکاوٹیں ڈالتے تھے ان کا رویہ بھی ٹھیک ہو گیا۔ (احتشام رزاق' بالاکوٹ)

شاہی مغل اعظم معالج آٹا
شوگر کولیسٹرول، موٹاپا، ہائی بلڈ پریشر یورک ایسڈ، امراض قلب، جوڑوں کا درد اور اعصابی و جسمانی کمزوری کیلئے انتہائی مفید

معالج آٹا ایک بہترین ٹانک ہے۔ میں نے جب سے معالج آٹا استعمال کیا۔ گھر سے دوائیں نکل گئی ہیں۔ معدے کا نظام بھی اچھا ہو گیا اور گھر کا ہر فرد صحت مند رہتا ہے۔ (کلیم اللہ، فیصل آباد)

غربت کا خاتمہ: تمام کوششیں کر کے دیکھ لیں مگر زندگی سے غربت کا خاتمہ نہ ہوا' 2023ء کا یہ رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں اور ایسے اعمال میں شریک ہوں جس کے بعد مال و دولت کی کمی نہ ہو گی۔

سارا سال اس مبارک رات کا انتظار کرتی ہوں!

(ز'خ۔گوجرانوالہ)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! اللہ سے دن رات آپ کے لئے اور آپ کی ٹیم کے لئے دعائیں کرتی ہوں۔آپ انسانیت کے لئے خیر کا جو مشن لے کر چل رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس میں دن دگنی اور رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔تسبیح خانہ کے تعارف سے پہلے بھی میرا یہ معمول تھا کہ جب بھی شب برات آتی تو نوافل اور تسبیحات کا اہتمام کرتی تھی۔لیکن تسبیح خانہ سے تعارف کے بعد اب ہر سال شب برات کا انتظار رہتا ہے۔میں ہر سال شب برات کے موقع پر اپنے خاوند کے ساتھ تسبیح خانہ قیام کرتی ہوں' اعمال میں شامل ہوتی اور اس کے بعد رات کو جو دعا ہوتی ہے اس میں شامل ہوتی ہوں' اس کی برکت سے میرے ناممکن مسائل حل ہوئے ہیں اور ہو رہے ہیں۔میں ایک پوشیدہ بیماری کا بہت سخت شکار تھی۔ہر ماہ جب بھی مخصوص ایام آتے تو سخت ناقابل برداشت حد تکلیف ہوتی اور پھر یہ معاملہ ہفتوں میرے ساتھ جاری رہتا۔میں نے اپنے ٹیسٹ کروائے جس کے بعد ڈاکٹر کے مشورہ پر کچھ ادویات کا استعمال بھی شروع کیا لیکن اس کے باوجود بھی میرا مسئلہ حل نہ ہوسکا۔آخری بار جب میں نے ڈاکٹر کو چیک اپ کروایا تو انہوں نے بتایا کہ مسئلہ دن بہ دن بڑھتا چلا جارہا ہے۔اگر چند دن میں بہتری نہ ہوئی تو مجبوراً آپریشن کرنا پڑے گا لیکن آپ کی اس وقت جو حالت ہے اس دوران آپریشن کرنا بھی خطرہ سے خالی نہیں ہے۔میں ڈاکٹر کی بات سن کر مزید پریشان ہوگئی۔اتفاق سے اسی ہفتے شب برات تھی۔ میں نے اپنے شوہر سے بات کی اور ان کے ساتھ تسبیح خانہ لاہور آگئی۔شب برات کی محفل میں آکر سورۃ یٰسین والا عمل کیا اور اس کے علاوہ باقی اجتماعی اعمال بھی اپنے مسئلہ کی نیت سے کیے۔اس کے بعد جب رات کو شیخ الوظائف نے سسکیوں بھری جو دعا کروائی اس میں اللہ سے رو رو کر اپنی بیماری سے متعلق دعا کی۔اس کے بعد جب میں گھر واپس آئی تو مجھے اپنی طبیعت میں کچھ بہتری محسوس ہوئی اور آہستہ آہستہ کچھ ہی عرصہ میں بالکل ٹھیک ہوگئی۔میں نے اپنی ادویات کا استعمال بھی جاری رکھا اور ایک ماہ بعد جب دوبارہ چیک اپ کروایا تو تمام ٹیسٹ ٹھیک آئے۔اب ہر سال شب برات کی محفل میں شریک ہوتی ہوں اور پھر میرے مسائل حل ہوجاتے ہیں۔

خشک ہاتھ' پھٹے ہونٹ جیسے مسائل کا حل ہم بتاتے ہیں

(گلشن خان' ایبٹ آباد)

موسم سرما کی سرد ہوائیں جلد خراب کر کے آپ کی خوب صورتی و دلکشی کو ماند کرسکتی ہیں۔خشک جاڑے کے موسم میں جلد کی حفاظت کے لئے چند مشورے آزمایئے جس سے آپ کی جلد تر و تازہ' نرم و ملائم رہے گی اور خشکی سے آپ کی مکمل حفاظت رہے گی۔

ہفتہ میں ایک بار آئل باتھ لیں

خشک ہاتھ' پھٹے ہونٹ' دھبے دار رخسار اور پھٹی ہوئی ایڑیاں وہ مسائل ہیں جو ہمیں سرد موسم سے تحفے میں ملتے ہیں۔خصوصاً شمالی علاقوں میں جاڑے کا موسم انتہائی خشک ہوتا ہے جو ہماری جلد کو بھی روکھا کر دیتا ہے جس کے باعث خشکی نظر آنے لگتی ہے اور جلد جا بجا پھٹی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔اس خشکی سے محفوظ رہنے کا آئیڈیل طریقہ یہ ہے کہ جاڑے کی آمد سے ایک ماہ قبل ہی آپ اپنی جلد کو کسی چکنائی سے تر کرتی رہیں۔لیکن اگر آپ ایسا نہیں کرسکے تو اب ہفتے میں ایک مرتبہ آئل باتھ لیں' رائی یا زیتون کے روغن کو گرم کر کے پورے بدن کا مساج کریں۔بازوؤں پر خصوصی توجہ دیں اور مضبوط انگلیوں سے ان پر مالش کریں۔اگر رائی کا تیل چہرے پر جلن پیدا کرتا ہے تو اس کی جگہ ناریل کا تیل استعمال کر سکتے ہیں البتہ چہرے اور گردن کا مساج نرم انگلیوں سے کریں' انگلیوں کی حرکت نیچے سے اوپر کی سمت ہو اور اس کے لئے صرف انگلیوں کے پوروں کا استعمال کریں۔مساج کے بعد تھوڑی دیر آرام کریں اور پھر نیم گرم پانی یا شاور سے غسل کرلیں۔صابن کا زیادہ استعمال نہ کریں ورنہ بدن کی ساری چکنائی نکل جائے گی۔

صابن کی جگہ دودھ اور بیسن کا استعمال

خشک جلد والی خواتین کے لئے آئل باتھ بہترین ثابت ہوتا ہے تاہم دوسروں کے لئے بھی یہ کم مفید نہیں ہے۔اگر آپ کی جلد زیادہ چکنی ہے تو ہر مہینے میں ایک مرتبہ بے بی آئل کے ذریعے ہی آئل باتھ لے سکتے ہیں جو آپ کی جلد کو زیادہ چکنا نہیں ہونے دے گا۔سردی کے موسم میں ایسے صابن استعمال کریں جن کے اندر کریم یا چربی کی مقدار زیادہ ہو۔لیکن اس موسم میں زیادہ خشک جلد (باقی صفحہ نمبر 59)

سالوں پرانی درد کا خاتمہ ہوگیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج سے پانچ سال پہلے میرا موٹر سائیکل پر ایکسیڈنٹ ہوا جس سے میرے پاؤں پر سخت چوٹ آئی۔میں نے ڈاکٹر کے مشورہ پر جب ایکسرا کروایا تو معلوم ہوا کہ پاؤں کی ہڈی بری طرح متاثر ہوئی جسے ٹھیک کرنے کے لئے ایک چھوٹا سا آپریشن کرنا پڑے گا۔میں نے ڈاکٹر کے مشورے پر عمل کرتے ہوئے اپنے پاؤں کا آپریشن کروالیا۔اس آپریشن کے چند ہفتوں میرا پاؤں بالکل ٹھیک ہوگیا اور میں چلنے پھرنے کے قابل ہو گیا۔لیکن میں جب بھی زیادہ پیدل چلتا یا بند جوتے پہنتا تو مجھے دوبارہ تکلیف محسوس ہونا شروع ہوجاتی جس کے لئے مجھے پین کلر ادویات کا استعمال کرنا پڑتا۔لیکن وقت کے ساتھ ساتھ یہ درد ختم ہونے کی بجائے مزید بڑھتا چلا جار رہا تھا۔درد اس قدر بڑھ چکا تھا کہ مجھے چلتے پھرتے بھی بہت زیادہ دشواری محسوس ہونے لگی تھی۔میں نے اپنی اس درد کا علاج کروانے کے لئے مختلف جراحوں کو چیک اپ کروایا جنہوں نے تیل مالش کرنے کے بعد پٹیاں کیں مگر ان سے بھی صرف عارضی طور پر ہی افاقہ ہوا۔ایک دن میں اپنے بھائی کو جو دوسرے شہر سے مجھ سے ملاقات کے لئے آرہے تھے ریلوے اسٹیشن گیا۔وہاں کسی نے مجھے عبقری رسالہ تھما دیا۔ٹرین بھی لیٹ تھی اس لئے میں نے رسالہ کا مطالعہ شروع کر دیا۔اس میں موجود مختلف طبی اور روحانی مضامین تھے مگر کہیں بھی مجھے میرے مرض سے متعلق کوئی دوا یا ٹوٹکہ نہیں مل رہا تھا۔میں نے کچھ صفحات کو پلٹا اور ایک صفحہ پر عبقری زرغوانی نقرائی کے بارے میں پڑھا۔میں نے ادویات کی بکنگ والے نمبر پر کال کر کے یہ دوا منگوالی۔اس دوا نے اپنا اثر دکھایا اور تین دن میں ہی مجھے کافی افاقہ محسوس ہوا۔میں نے اس دوا کا استعمال جاری رکھا اور ایک ماہ کے مسلسل استعمال سے مجھے اس تکلیف سے نجات مل گئی۔(افتخار'سبی)

11 رمضان' رات پانچ ایٹمی طاقتور عمل رشتوں کی بندش کیلئے

11۔12 نوافل کا عمل (1) نوافل کا عمل' سالہا سال کا آزمودہ (2) شادی' بے اولادی' رزق کی بندش کیلئے صرف ایک تسبیح پڑھوائی جائے گی' تینوں مسائل حل (3) شادی کی بندش ختم' سبز رنگ کا کپڑا ہمراہ لائیں' خاص عمل بتایا جائے گا۔ (4) شادی نہیں ہو رہی' کاروباری بندش' جادو جنات' نافرمان اولاد' تمام مسائل کیلئے خاص روحانی طلسم پڑھوایا جائے گا (5) حضرت فاطمۃ الزہرا اور حضرت علی رضی اللہ عنہم اجمعین جیسی شادی شدہ زندگی' شیخ الوظائف خاص عمل بتائیں گے۔

تو پھر 11 اور 12 رمضان المبارک کی درمیانی شب تسبیح خانہ آنا ہرگز نہ بھولیے!

(بقیہ: آپ کی نوکری ختم ہونے وا . . ہے!)

کریں۔ ماضی میں جو کچھ ہو چکا ہے اس کے بارے میں زیادہ نہ سوچیں اور نہ یہ یہ سوچیں کہ آئندہ کل کیا ہوگا، حال میں زندہ رہیں اور جو مسئلہ ہے اس کو کیسے حل کرنا ہے، یہ سوچیں۔ **دوسروں کی حیثیت اور مقام کو تسلیم کریں:** اپنے آپ کو تسلیم کریں اور آپ کے اردگرد جو لوگ ہیں ان کو ان کی ہی حیثیت اور مقام میں تسلیم کریں۔ یہ ہرگز نہ سوچیں کہ آپ خود کو تبدیل کرکے اونچی سوچ کے مالک بن سکتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ آپ خود کو جس قدر تبدیل کریں گے اسی قدر بے چینی اور بے اطمینانی کا شکار رہیں گے جس سے آپ کے اندر احساس کمتری پیدا ہوگا۔ ہوسکتا ہے آپ نے ہزار بار خود سے آئندہ غصہ نہ کرنے کا وعدہ کیا ہو، لیکن اچانک ہی کوئی شخص بہت ہی غیر اخلاقی حرکت کر دیتا ہے اور آپ اس پر اپنا غصہ نکال دیتے ہیں اور آپ کا وعدہ دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے۔ غصہ دراصل اس عمل کا ردعمل ہوتا ہے جس کو ہم ذاتی طور پر پسند نہیں کرتے۔ عمل کو تو ہم روک نہیں سکتے، لیکن ردعمل ہمارا اختیار ہوسکتا ہے۔ یہ چند تجاویز اور نکات ہیں جن پر عمل کرنے سے غصہ ختم کیا جاسکتا ہے۔ **اپنی غلطیوں اور کمیوں کی خود اصلاح کیجئے:** حقیقت تو یہ ہے کہ اچھا کھانا، پابندی سے ورزش، آرام، غلطیوں پر غور اور پرسکون نیند غصے سے بچاتی ہے اس لیے کوشش کریں کہ وقت پر کھانا کھائیں تاکہ بھوکے پیٹ نہ ہوں، ورزش کی پابندی سے جسم اور ذہن ایکٹو رہتا ہے اور یہ غصے کی طرف متوجہ نہیں ہوتا، دن بھر کیے جانے والے کاموں اور ان پر نظر آنے والی غلطیوں پر شام کو بیٹھ کر غور کریں اور اگلے دن کے لیے ان کو درست کرلیں۔ **ہمیشہ صبر و تحمل سے کام لیں:** غصہ ختم کرنے کے اسلام نے جو طریقہ کار واضح کیے ہیں وہ سب سے بہترین ہیں۔ پہلا یہ کہ غصہ آئے تو "اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم" پڑھ لیا جائے کیونکہ غصے کا ناروا استعمال شیطانی عمل ہے۔ دوسرا یہ کہ غصہ آئے تو فوراً وضو کرلیا جائے۔ غصہ ایک طرح کی آگ ہے جو جذبات سے بھڑکتی ہے۔ تیسرا یہ کہ اگر کھڑا ہے تو بیٹھ جائے اور بیٹھا ہے تو لیٹ جائے۔ چوتھا یہ کہ موقع سے ہٹ جائے اس کے سامنے نہ رہے جس پر غصہ آرہا ہو۔ سچ تو یہ ہے کہ غصہ پر قابو پانے کے لیے بڑے صبر و تحمل کی ضرورت ہوتی ہے۔ **غصہ منفی جذبہ ہے:** غصہ، ہر انسان کو آتا ہے مگر اچھا یہی ہوگا کہ اس سے قبل کہ غصہ آپ پر حاوی ہو، آپ غصہ کو قابو میں کرلیں۔

قے روکنے کا انوکھا ٹوٹکہ

کزن کی قے نہیں رک رہی تھی' گھر والے بہت پریشان تھے' ہماری ہمسائی آئی اور اس نے گھر والوں سے کالے رنگ کا کپڑا مانگا' اس سے ایک ٹکڑا کاٹا اور کزن کے دونوں بازو اس کالے کپڑے سے باندھ دیئے۔ قے رک گئی' اس دن یقین آیا کہ ٹوٹکے واقعی کام کرتے ہیں۔ (ک' لاہور)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ نوٹ: ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کے راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

(بقیہ: گڑ اور کالے چنے ملائیے' کھائیے)

کہ رات کو گڑ کھا کر سوئیں اس سے معدہ سکون میں رہے گا اور نیند بھی پوری ہوجائے گی۔ گڑ ہڈیوں کی سوزش کو کم کرتا ہے۔ آتھرائٹس یا گھٹنے کے درد اور سوزش میں مبتلا افراد 5 گرام گڑ اور 5 گرام ادرک کا پاؤڈر استعمال کریں۔ اس کے استعمال سے نہ صرف گھٹنے کے درد سے نجات ملے گی بلکہ ہڈیوں میں پڑ جانے والی سوزش سے بھی نجات مل جائے گی۔ **ماؤں کے لیے مفید:** بچوں والی مائیں جن کا دودھ بچوں کو پورا نہ ہوتا ہو وہ سفید زیرے کا سفوف اور گڑ صبح، شام دودھ کے ساتھ استعمال کریں انکا یہ مسئلہ حل ہوجائے دودھ بڑھ جائے گا۔ وہ لوگ جن کو پیشاب کے قطرے آتے ہیں وہ گڑ اور تل کے بنے لڈو بنا کر کھائیں تو ان لوگوں اس بیماری سے نجات مل سکتی ہے۔ دودھ پلانے والی خواتین کے لیے گڑ اور گوند کا مرکب اچھا سمجھا جاتا ہے۔ یہ خواتین میں دودھ بڑھانے والے ایجنٹ کے طور پر کام کرتا ہے۔ یہی نہیں گڑ اور گوند کے استعمال سے خواتین کی ہڈیاں بھی مضبوط ہونگی۔ دماغ کے لیے گڑ کا استعمال بہترین ہے اگر اس میں دماغ تیز کرنے والی دوسری چند اشیا بھی شامل کی جائیں جیسا کہ گڑ میں بادام، سونف الائچی وغیرہ ڈال کر پھر اس میں دیسی گھی ڈال کر اسکا سفوف بنا کر بچوں کو لازمی دیں اس سے انکا حافظہ تیز ہوجائے گا۔

(بقیہ: غیر مسلموں سے کشیدگی امیر المومنینؓ کا تاریخ ساز فیصلہ)

جو عمرؓ نے ان کو عراق سے دلوائی تھی۔ اور اس کے علاوہ لوگوں کو اچھی طرح سمجھا دو کہ ان کے ساتھ ہمدردی سے پیش آئیں کیونکہ یہ ذمی ہیں جن کے ساتھ حسن سلوک کا ہم نے ذمہ لیا ہے۔ اس کے علاوہ میری ان لوگوں سے پرانی واقفیت بھی ہے، تم وہ تحریر خود بھی دیکھنا جو عمرؓ نے ان کو لکھ دی تھی اور جو وعدہ اس میں کیا گیا ہے اس کو پورا کرنا۔ پڑھنے کے بعد یہ تحریر نجرانیوں کو لوٹا دینا (تاکہ وقتِ ضرورت ان کے کام آئے) (والسلام)"۔ (کتاب الخراج ص ۴۳، بحوالہ حضرت عثمانؓ کے سرکاری خطوط ص ۱۳۳)

(بقیہ: پھولوں کی خوشبو سے پیچیدہ بیماریوں کا علاج)

عطر گھنات کی رانی: یہ خوشبو ذہنی تھکاوٹ، اعصابی تناؤ اور دل کی گھبراہٹ کو دور کرکے ذہنی و قلبی سکون پیدا کرتی ہے۔ اس کو سونگھنا اور کپڑوں میں لگانا مفید ہے۔ **عطر بیلا:** اس کی خوشبو دوران خون کو تیز کرتی ہے اور جسم میں چستی لاتی ہے۔ **عطر چنبیلی:** اس کی خوشبو سرسام کے مریضوں کے لیے سونگھنا بہت مفید ہے۔ اگر کسی کو سکتہ ہوجائے تو پھر چنبیلی سونگھنا مفید ہے۔ اس کی خوشبو دل کی کمزوری کو دور کرتی ہے اور جسم کی قوت مدافعت بڑھاتی ہے۔ **عطر نیلوفر:** یہ اعصاب کو سکون بخشتا ہے اور نیند آور ہے۔ بے خوابی کے مریض اگر اسے لگائیں تو پرسکون نیند سوسکتے ہیں۔ آنکھوں کی بیماریوں میں بھی نیلوفر کی خوشبو شفاء بخش ثابت ہوتی ہے۔ **عطر زعفران:** یہ اعصاب اور پٹھوں پر اچھا اثر ڈالتا ہے اور بھولنے کے مرض میں مفید ہے۔ یادداشت کو بڑھاتا ہے اور جسم و دماغ کو تازہ دم کرتا ہے۔ **عطر املتاس:** یہ خوشبو نزلہ، زکام، سینے کی جکڑن میں آرام دیتی ہے۔ اس کے علاوہ معدے کی جلن اور گرانی دور کرنے میں بھی مفید ہے۔ **عطر گل داؤدی:** جن لوگوں کو درد شقیقہ کی شکایت ہو تو اگر وہ گل داؤدی کا عرق لگائیں یا اسے غسل میں استعمال کریں یا سونگھیں تو انہیں فائدہ پہنچتا ہے۔ **عطر جوہی:** ذیابیطس کے مریضوں کے لیے یہ خوشبو سونگھنا اور لگانا مفید ہے۔ پیشاب کی تکلیف اور گردہ و مثانہ کے درد میں اسے سونگھنا اور لگانا مفید ہے۔ یہ خوشبو بے خوابی بھی دور کرتی ہے۔

عطر مشک: یہ خوشبو پاگل پن یا دماغی امراض کو ٹھیک کرتی ہے۔ اسے اعصابی کمزوری اور مالیخولیا میں لگانا اور سونگھنا مفید ہے۔ مرگی، رعشہ، تشنج، نمونیا، فالج اور لقوہ میں بھی اس کی خوشبو مفید ہے۔

(بقیہ: لہسن کو دھاگے میں پرو کر گلے میں ڈالیں! شفاء پائیں)

زہریلے اثرات سے پاک ہوجاتا ہے۔ بدہضمی، گیس وغیرہ دور کرنے میں بھی لہسن بے حد مفید ہے۔

آدھے سر کا درد: اگر آدھے سر کا درد ہو تو درد والی جانب لہسن کو پیس کر لگانا بہت مفید ہے۔ **ہائی بلڈ پریشر:** جدید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ لہسن میں سلفر، گندھک کے بعض مرکبات اور کچھ تناؤ دور کرنے والے جوہر بھی پائے جاتے ہیں، اسی لیے لہسن بلند فشار خون (ہائی بلڈ پریشر) میں بھی مفید سمجھا جاتا ہے۔ **اس کے علاوہ:** لہسن کھانے سے بدن میں آکسیجن جذب کرنے کی صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے جس کی وجہ سے دل اور دماغ روشن اور طاقت ور ہوجاتے ہیں۔ لہسن کے استعمال سے پیشاب کے ذریعے زہریلے مادے جسم سے خارج ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور بلڈ پریشر، مالیخولیا اور اعصابی کمزوری اس کے استعمال سے دور ہوجاتی ہے۔

نوٹ: اکثر ادویات یا غذاؤں کے اثرات مختلف لوگوں پر مختلف بھی ہوسکتے ہیں۔ اگر کوئی شخص پہلے ہی کسی مرض کا شکار ہے اور ڈاکٹر سے اس کا علاج کروا رہا ہے تو بہتر ہے کوئی بھی تجربہ کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کرے، کیونکہ علاج معالجے میں حتمی رائے بہرحال ایک مستند ڈاکٹر ہی دے سکتا ہے۔

(بقیہ: خشک ہاتھ' پھٹے ہونٹ جیسے مسائل کا حل ہم بتاتے ہیں)

کے لئے صابن کا زیادہ استعمال مناسب نہیں ہے۔ اس کے لئے کوشش کریں کہ صابن کی جگہ بیسن اور دودھ سے اپنے بدن کو دھوئیں' خصوصاً چہرے پر بھی اسی کا استعمال کریں۔ اس سے آپ کی جلد بہتر اور تنی ہوئی محسوس ہوگی۔ **خشک جلد کے لئے بہترین فشل ماسک:۔** ایسی جلد جو بہت زیادہ خشک ہوتی ہے وہ جھریوں سے بھری نظر آنے لگتی ہے اور چہرے سے باقاعدہ خشکی اترتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ اس مسئلے کے حل کے لئے فشل ماسک بہترین چیز ہے۔ ایسے افراد ہفتے میں ایک یا دو مرتبہ فشل ماسک ضرور استعمال کریں۔ اس کے لئے ضروری نہیں کہ آپ مارکیٹ میں موجود مختلف مہنگے قسم کے فشل ماسک کا استعمال کریں بلکہ خشک جلد کے لئے شہد اور دودھ کا ماسک بہترین ثابت ہوتا ہے۔ آدھا کپ دودھ لیں اور اس میں ایک چمچ شہد ملا کر اچھی طرح مکس کر لیں۔ اس ماسک کو تقریباً بیس منٹ تک چہرے پر لگا رہنے دیں اور پھر تازہ پانی یا نیم گرم پانی سے دھو لیں۔ یہ قدرتی اجزاء نہ صرف خون کی گردش کو بہتر کرتے ہیں بلکہ حیرت انگیز طور پر جلد کو چکنا اور ہموار بھی کرتے ہیں۔ **ہاتھوں اور پیروں کی حفاظت پھلوں سے کیجئے:** موسم سرما میں ہمیں تازہ پھلوں اور سبزیوں کی ضرورت شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ قدرت ہمیں یہ اشیاء وافر مقدار میں مہیا کرتی ہے۔ اس میں تھوڑی سی احتیاط اور دیکھ بھال سے آپ بھی اپنی جلد کی خوبصورتی کو قائم رکھ سکتے ہیں اور سب کو خوب صورت نظر آسکتے ہیں۔ ایک تازہ خوبانی لیں اور اسے پیس کر پیسٹ بنا لیں' پھر اس میں دو انڈے (زردی سمیت) اور چند پسے ہوئے بادام ملا لیں۔ اسے اچھی طرح پھینٹنے کے بعد چہرے پر مل لیں اور نصف گھنٹے تک لگا رہنے دیں۔

سندھ کے تاریخی مقامات' شیخ الوظائف کی حاضری

صوبہ سندھ میں جتنے تاریخی مقامات ہیں یا ہاتھ کی لکھی ہوئی قلمی کتب ہیں' آپ کے علم میں ہیں' ہمیں ضرور خط یا ٹیلی نار کے نمبر پر اطلاع دیں اور تفصیل سے بھیجیں۔ ان شاء اللہ دسمبر میں شیخ الوظائف کا اندرون سندھ کا سفر ہوگا اور وہ وہاں تشریف لائیں گے۔ عبقری سے عشق و محبت کرنے والے ہی توجہ کریں گے۔ 03438710009

صرف ایس ایم ایس یا واٹس ایپ کریں۔

کشف المحجوب سے فیض

اگر آپ روحانیت کے شہسوار اور ولایت کے راز پانا چاہتے ہیں تو شیخ الوظائف کے حلقہ کشف المحجوب کی 90 محافل عبقری ویب سائٹ اور عبقری یوٹیوب چینل پر سنیں۔

علت' قلت اور ذلت سے نجات: آپ اگر کسی ایسی علت' قلت اور ذلت میں مبتلا ہیں جس سے چھٹکارا پانا ناممکن نظر آرہا ہے تو مایوس نہ ہوں یہ رمضان تسبیح خانہ میں گزاریں اور نجات پائیں۔

جنات کے پیدائشی دوست نے کالی چڑیل سے چھٹکارا دلادیا

(اورنگزیب، پشاور)

محترم شیخ الوظائف صاحب السلام علیکم! میں اللہ کا اس بات پر شکر ادا کرتا ہوں کہ آپ جیسے مخلص رہبر کا ساتھ عطا فرمایا ہے کہ ایسے دور میں بھی جہاں روز کوئی نہ کوئی فتنہ سر اٹھا رہا ہے اور لوگ اپنے جسمانی و روحانی مسائل کے لئے دربدر بھٹکنے پر مجبور ہیں۔ ایسے نازک حالات میں عبقری رسالہ مخلوق خدا کو کلام الٰہی کے ذریعے مصیبتوں اور مشکلوں سے نکال کر راحت پہنچا رہا ہے۔ ان اعمال ہی کی برکت ہے کہ لوگ دربدر خوار ہونے کی بجائے اللہ کے ساتھ اپنا تعلق جوڑ لیتے ہیں جس سے وہ گمراہی سے بھی بچ جاتے ہیں اور ان کے مسائل بھی یقینی طور پر حل ہونے لگتے ہیں۔

مایوس اور بے بس ہوگیا

